پروفیسر ثریا حسین

گارسیں دتاسی

اردو خدمات، علمی کارنامے

اترپردیش اردو اکادمی

سلسلۂ مطبوعات: ۱۶۹

گارسیں د تاسی

اُردو خدمات، علمی کارنامے

پروفیسر ثریّا حسین

اُتّر پردیش اُردو اکادمی لکھنؤ

Marfat.com

© اتر پردیش اردو اکادمی

130118

گارسیں دتاسی

اردو خدمات، علمی کارنامے

پروفیسر ثریا حسین

سنہ اشاعت ۱۹۸۴
تعداد ۱۰۰۰
قیمت تیس ۳۰ روپے

سرورق:
اظہر

ستیش چندر سریواستو، سکریٹری اتر پردیش اردو اکادمی نے میسرس کلاسیکل پرنٹرس، چاوڑی بازار، دہلی سے چھپوا کر اکادمی کے دفتر بلہرہ ہاؤس، قیصر باغ، لکھنؤ سے شائع کی۔

Marfat.com

گارسین دتاسی

اردو خدمات ، علمی کارنامے

Marfat.com

انتساب

پروفیسر لوئی رینو اور
پروفیسر ژاں فلیوزا کی یاد میں
جنھوں نے فرانس میں ہندشناسی
کی روایت کو منوّر کیا۔

Marfat.com

مصنّف کے بارے میں

نام: ثریا حسین (پروفیسر و صدر شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ)

وطن: نہٹور ضلع بجنور (یو۔ پی)

تعلیم: ایم۔ اے۔ (اردو)، ایم۔ اے (فارسی)
بی۔ ایڈ۔ ایل ایل بی (مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ)
ڈاکٹر آف لٹریچر (سوربون یونیورسٹی، پیرس)

قیام: "پھول بن"، خواجہ عبدالمجید روڈ، علی گڑھ

تصانیف:
۱۔ گارسین دتاسی۔ حیات اور اس کی تصانیف کا تنقیدی تجزیہ (بزبان فرانسیسی) (سنہ ۱۹۶۲ء)
۲۔ جمالیات اور ادب (سنہ ۱۹۷۹ء)
۳۔ جمالیاتِ شرق و غرب (سنہ ۱۹۸۳ء)
۴۔ مولیئر اور اس کے دو ڈرامے (سنہ ۱۹۸۳ء)
۵۔ پیرس و پارس (سفرنامہ) (سنہ ۱۹۸۴ء)
۶۔ سید سجاد حیدر یلدرم (ترتیب) (سنہ ۱۹۸۴ء)
۷۔ انتخاب یلدرم (سنہ ۱۹۸۴ء)
۸۔ حسرت موہانی (ترتیب) (سنہ ۱۹۸۴ء)

Marfat.com

ترتیب

Marfat.com

Marfat.com

تصاویر

۱۔ گارسین دتاسی
(بشکریہ موسیو محمد لائبریرین انڈولوجی
انستی تیوت ناسیونال، دے لانگ اے
سویلی زاسیوں اور ینتال، پیرس)

۲۔ مزار گارسین دتاسی۔ مارسیلز
(عکاس: ش۔ ح۔)

۳۔ چند خطوط اور سرورق

Marfat.com

پیش لفظ

علمی، تحقیقی اور سائنسی ترقیاں، ماضی قریب میں بلاشبہ مغربی اقوام کی رہین منت رہی ہیں اور اس دانش وری کی قیادت کا پرچم، برابر فرانسیسی قوم کے ہاتھوں میں رہا۔

فرانسیسی دانش وروں میں پروفیسر گارسیں دتاسی (۱۷۹۴ء سے ۱۸۷۸ء تک) ہندستانیوں کے لیے خصوصی توجہ کے حق دار اس لیے قرار پاتے ہیں کہ انھوں نے فرانس میں رہ کر ہندستان کی ادبی تاریخ پر اس درجہ توجہ کی اور اپنی اس سرگرمی میں ایسی جاں فشانی دکھائی کہ وہ ہندستان میں رہنے والے ادب کے طالب علموں کے لیے بھی "مستند حوالہ" قرار پا گئے۔

اس زمانے میں "ہندستانی" کے نام سے یاد کی جانے والی زبان 'اردو' کے عہد بہ عہد ارتقا پر پروفیسر دتاسی کے سالانہ خطبات، اتنی دور رہ کر، نو بہ نو معلومات کے حصول کے پہلو سے خاصے کی چیز ٹھہرے، یہ خطبات جو فرانسیسی زبان میں دیے گئے تھے، تقریباً نصف صدی قبل اردو میں منتقل ہو کر، ۱۸۵۷ء سے پہلے اور اس کے کچھ برسوں بعد تک کی اردو تاریخ کا ایک اہم ماخذ بن چکے ہیں۔

پروفیسر دتاسی کی 'ہندستانی زبان کی تاریخ' ایک ایسی شمع ثابت ہوئی جس سے ہندوستانی مصنفین نے اپنے اپنے چراغ روشن کیے۔ اردو شعرا کا وہ تذکرہ جسے کریم الدین نے ۱۸۴۸ء میں "طبقات شعرائے ہند" کے نام سے مرتب اور مشتہر کیا،

Marfat.com

حقیقی معنوں میں "تذکرہ" اس لیے قرار پایا کہ اس نے پروفیسر دتاسی کی دکھائی ہوئی راہ پر چل کر بلکہ بڑی حد تک اس کی "تاریخ" سے اخذ کر کے اُسے تقریظ یا تنقیص کی پرانی ڈگر سے ہٹا کر "تاریخ" کا مرتبہ دیا۔

پروفیسر ثریا حسین (صدر شعبۂ اردو علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی) نے پروفیسر دتاسی کے ایسے محسن اردو کی حیات اور اس کے کارناموں کو اپنی تحقیق کا موضوع بنا کر قابل قدر خدمت انجام دی ہے۔

اتر پردیش اردو اکادمی اس تحقیقی مقالے کو منصۂ شہود پر لاتے ہوئے پروفیسر ثریا حسین کی شکر گزار بھی ہے اور پروفیسر دتاسی کی ان خدمات کو خراج عقیدت بھی پیش کرنا چاہتی ہے جو انھوں نے 'اردو' کی اس وقت انجام دیں جب یہ زبان تکمیل کے مراحل طے کر رہی تھی۔

امید ہے کہ اکادمی کی دیگر مطبوعات کی طرح اس کتاب کو بھی حسن قبول حاصل ہوگا۔

محمد رضا انصاری
چیرمین

۱۱ر جولائی ۷۴ء
اتر پردیش اردو اکادمی
لکھنؤ

Marfat.com

گارسیں دتاسی

(۱۷۹۴ء — ۱۸۷۸ء)

Marfat.com

حرفِ آغاز

پروفیسر گارسین دتاسی (۱۷۹۴ء-۱۸۷۸ء) نے فرانس میں رہ کر اور ہندوستان آئے بغیر نامساعد حالات میں نہایت محنت اور ذوق وشوق سے اُردو زبان و ادب کا تحقیقی مطالعہ کیا۔ اپنے خطبات و مضامین کے ذریعے وہ یورپ کے اہل دانش کو جتنی تندہی کے ساتھ اس غیر معروف مشرقی زبان کے علمی و ادبی خزانوں سے روشناس کراتا رہا وہ اپنی مثال آپ ہے۔

دتاسی کی تصانیف سے آج بھی مستفید ہوا جا سکتا ہے بالخصوص اس لیے کہ اس حیرت انگیز فرانسیسی مستشرق کے ماخذوں کا بڑا حصہ ۱۸۵۷ء سے لیکر دورِ حاضر کے انقلابات کی نذر ہو چکا ہے۔

زیر نظر مقالہ راقم الحروف نے ۱۹۵۷ء سے ۱۹۶۰ء تک پیرس یونیورسٹی (سوربون) میں دتاسی پر ڈاکٹریٹ کے لیے تیار کیا تھا۔ اس سلسلے میں وہاں تین ماہرین شرقیات سے استفادہ کیا۔

میری ریسرچ کے نگراں پروفیسر لوئی رینو سوربون میں ہند شناسی کے استاد اور ادارۂ ثقافت ہند کے ڈائرکٹر تھے۔

پروفیسر ژان فلیوزا کولیژ دفرانس (پیرس) میں انڈولوجی پڑھاتے تھے اور پروفیسر آنری ماسے مدرسۂ شرقیہ پیرس کے ناظم تھے اور فارسی ادب اُن کا خاص موضوع تھا۔

Marfat.com

افسوس کہ یہ تینوں حضرات آج اس دنیا میں موجود نہیں، پروفیسر لوئی رینو کا انتقال ۱۹۶۷ء میں ہوا۔ پروفیسر آنری ماسے کی موت اندوہناک تھی۔ وہ ریٹائر ہو چکے تھے۔ ایک دن گھر سے نکلے سڑک پر کار سے کچلے گئے اور جانبر نہ ہوسکے۔ ژان فیلوزا نے میرے حالیہ قیام پیرس کے دوران ۲۷ اکتوبر ۱۹۸۲ء کو بعارضہ قلب وفات پائی۔

گذشتہ بیس سال میں شرقیات پر فرانس میں مزید گراں قدر کام ہوچکا ہے۔ پچھلے دنوں میں نے پیرس نیشنل لائبریری، مدرسۃ الالسنۃ شرقیہ اور انسٹی ٹیوٹ ثقافتِ ہند میں متعلقہ مضامین کا مطالعہ کیا اور اس کی روشنی میں اپنے فرانسیسی مقالے کو (جو بعنوان
"Garcin de Tassy Biographie et Etude Critique de Ses Oeuvres"
فرنچ انسٹی ٹیوٹ پانڈیچری سے ۱۹۶۲ء میں شائع ہوا تھا) اُردو میں منتقل کرکے پیش کررہی ہوں۔

اس کتاب میں لفظ "ہندوستانی" سے مراد اُردو ہے۔ انیسویں صدی میں برطانوی ماہرینِ لسانیات کے ہاں بھی اُردو کے لیے یہی اصطلاح رائج تھی۔ خود گارساں دتاسی نے اپنے زمانے کے رواج کی مطابقت کے علاوہ ہندوستان کی قومی وحدت کے استحکام کی خواہش میں "ہندوستانی" کی اصطلاح استعمال کی۔ اس لحاظ سے وہ مہاتما گاندھی کا پیشرو تھا۔

میں قاضی عبدالودود مرحوم اور ماہر اسلامیات ڈاکٹر حمیداللہ کی مشکور ہوں جنھوں نے اپنے مفید مشوروں میں کبھی کوئی کمی نہیں کی۔

ثریا حسین

شعبۂ اُردو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

مئی ۱۹۸۴ء

Marfat.com

مقدمہ

شرقیات

مغرب میں وہ یورپین اور امریکن علماء orientalists کہلاتے ہیں جنھوں نے مشرقی ممالک کی زبانوں، ثقافتوں اور دوسرے متعلقہ علوم میں مہارت حاصل کی ہو، اور جنھوں نے تحقیق و مطالعے کے ذریعہ ان علوم میں نئی راہیں کھولی ہوں یا نئے گوشے دریافت کئے ہوں۔ اُردو میں اس اصطلاح کا ترجمہ ماہر شرقیات یا مستشرق کیا گیا ہے۔

عام طور پر Orient سے مراد ایشیا و شمالی افریقہ ہے۔ یورپ اور امریکہ کو Occident کہا جاتا ہے۔ ابتداً صلیبی جنگوں اور یورپین سیاحوں مارکوپولو وغیرہ کے مبالغہ آمیز سفرناموں سے اہل یورپ کو مشرق میں دلچسپی پیدا ہوئی۔ لیکن اس دلچسپی میں علمی جستجو شامل نہ تھی۔ عہد عتیق میں یونانی اور رومن مورخوں ہیروڈوٹس اور جغرافیہ داں بطلیموس وغیرہ نے مشرق کی طرف توجہ کی۔ قرون وسطیٰ میں عرب اور ایرانی دانش وروں نے علم و تحقیق کی نت نئی شمعیں روشن کیں جن کی ضیاپاشی سے مستفید ہوکر یورپی نشاۃ ثانیہ کا کارواں آگے بڑھا۔

البیرونی آج کی اصطلاح میں وہ حیرت انگیز ہند شناس ہے جس نے تقریباً ایک ہزار سال قبل اپنی تصنیف کتاب الہند ایک ایسی دنیا کے سامنے پیش کی جسے عربوں ہی کے پھیلائے ہوئے فن کاغذ سازی نے کتابوں اور کتب خانوں کے دور میں

Marfat.com

لاکھڑا کیا تھا۔ عربوں نے یونانی علوم کو نہایت اعلیٰ پیمانہ پر عربی میں منتقل کر کے مہذب دنیا کو ان سے روشناس کیا اور سنسکرت کتابوں کے ترجمے کیے۔

چینی فن طباعت ایجاد کر چکے تھے۔ عہدِ سلجوقیہ میں کندہ کرنے کے بجائے حروف جوڑ کر عبارت چھاپنے کا آغاز نہیں ہوا تھا۔ اور یہ افتخار پندرہویں صدی یورپ کے حصے میں آیا۔ پرنٹنگ کی ایجاد نے مغربی ذہنوں کی کایا پلٹ دی۔ نشاۃ ثانیہ نے دور جدید کا آغاز کیا۔ مسلمان مختلف سیاسی اور عمرانی وجوہ کی بنا پر پچھڑ گئے۔ مغرب میں مطبوعہ بائبل کی مقبولیت اور فراوانی کی وجہ سے مشنری تبلیغ دین کے لئے ساری دنیا میں نکلے۔ نشاۃ ثانیہ کے علوم سے آراستہ نئی اور جوشیلی اقوام یورپ نے مشرق میں تجارتی منڈیاں حاصل کرنے کے لئے بحری راستے دریافت کئے جن پر اب تک عربوں اور ترکوں کا تسلط تھا۔ تجارت کے بعد اگلی اسٹیج سیاسی یلغار کی تھی اور بہت جلد مشرقی ممالک اپنے مجموعی تنزل اور پس ماندگی کے باعث یورپ کے زیرِ نگیں آتے گئے۔ اہل یورپ اب اقوام مشرق کو عیسائی بنانا چاہتے تھے اور ان پر تجارتی اور سیاسی تسلط حاصل کرنا ان کا اصل مقصد تھا۔ لہٰذا ان ممالک کے مذاہب تہذیبوں اور زبانوں کے متعلق واقفیت حاصل کرنا ضروری تھا۔ مشرقی علوم و ادبیات میں دلچسپی کی بڑی وجہ یہی تھی۔

اس کے علاوہ گوئٹے (۱۷۴۹ء تا ۱۸۳۲ء) پشکن (۱۷۹۹ء تا ۱۸۳۷ء) یا وکٹر ہیوگو (۱۸۰۲ء تا ۱۸۸۵ء) اور دوسرے اہل قلم جو مشرق سے متاثر ہوئے ان کی دلچسپی محض علمی و ادبی تھی۔

مشرق پر یورپ کی سیاسی بالادستی کا ایک اور نتیجہ جو ہمارے لئے نقصان دہ اور ان کے لئے سودمند ثابت ہوا وہ یہ تھا کہ روس و ایران، برطانیہ و ہندوستان، فرانس اور الجیریا وغیرہ کی جنگوں میں ان مشرقی ممالک کی شکست کے بعد ان کے نادر کتب خانے اور مخطوطات اور فنی و علمی ذخائر سینٹ پیٹرز برگ، لندن اور پیرس پہنچا دیئے گئے۔ ان فاتح ممالک کے ماہرین شرقیات نے ان سے استفادہ کیا اور نہایت

Marfat.com

مستند و قابل ذکر کتابیں لکھیں جن کی بنیاد پر مستشرقیات کا کام آگے بڑھا۔ لیکن سب مستشرقین یکساں نہیں نہ ان کے خیالات اور مرتب کردہ نتائج ایک سے ہیں۔ یہ ہی وجہ ہے کہ مستشرقین کی کارگزاریاں ان گنت خیالات کی حامل ہیں۔ بعض اپنی بات منوانے کے لئے اپنا ذاتی نقطۂ نظر پیش کرتے ہیں۔ ان کی توضیحات بھی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ سیاسی نظریات بھی ان پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر سوویت یونین، پاکستان، ہندوستان اور امریکہ میں ایک ہی موضوع پر مختلف زاویوں سے ریسرچ کی جارہی ہے کسی ماہر شرقیات کو حرف آخر نہیں سمجھا جا سکتا لیکن اس کے پیش کردہ نتائج کی روشنی میں مزید کام کیا جا سکتا ہے۔

آج بھی محقق یا اسکالر کو یورپ، امریکہ اور سوویت یونین میں شرقیات کے ان عظیم الشان ذخائر سے رجوع کرنا پڑتا ہے جہاں مغربی مستشرقین کی ایک بڑی تعداد اس وقت بھی اپنی بصیرت افروز تحقیقات میں منہمک ہے۔

یہ ماہرین اس درخشاں روایت سے تعلق رکھتے ہیں جس کو انیسویں صدی یورپ کے مستشرقین نے استوار کیا تھا۔

گارسین دتاسی بھی پچھلی صدی کے ان بلند پایہ ماہرین میں شامل تھا وہ اس لحاظ سے اور بھی زیادہ قابل ذکر ہے کہ اس نے ہزاروں میل دور بالکل مختلف کلچر اور ماحول میں رہ کر اردو زبان و ادب کے عصری حالات پر لکھنے کے علاوہ ایسے گوشے ڈھونڈھ نکالے جو خود اہل زبان کی نگاہوں سے پوشیدہ تھے اور اس زمانے میں جب بحری ڈاک مدتوں بعد ہندوستان سے فرانس پہنچتی تھی دتاسی نے اردو سے بہت قریب کا رابطہ قائم کیا۔

ہندوستان کا تعارف مغرب میں

ہندوستان بہت قدیم زمانہ سے اہل یورپ کی دلچسپی اور تجسس کا باعث

Marfat.com

رہا ہے ۔ براعظم امریکہ کی دریافت کولمبس کے ہندوستان آنے کے شوق و تلاش کی مرہونِ منت ہے۔

یورپ سے ہندوستان کے اقتصادی تعلقات دیرینہ ہیں ۔ ایک زمانہ میں رومیوں نے ہندوستان سے تجارت اس لئے بند کردی کہ وہاں سے صرف درآمد ہوتی تھی کوئی چیز برآمد نہیں کی جاسکتی تھی ۔ پانیکرؔ کے خیال میں "چار سو اسّی سال قبل مسیح میں ہندوستانی سپاہی ایرانی جھنڈے تلے یونان کی سرزمین پر لڑے اور سکندر سے بہت پہلے یونان و ہندوستان کے مابین دوستانہ تعلقات موجود تھے ۔ رومن جہاز مصر سے برابر ہندوستانی بندرگاہوں پر آتے رہے ۔ آرکامیڈو کی کھدائی سے اس بات کی تصدیق ہوجاتی ہے کہ پہلی صدی عیسوی میں سلطنت روما اور جنوبی ہند کی ریاستوں کے درمیان اچھی خاصی تجارت ہوتی تھی ۔ یونانی اور رومی جغرافیہ داں ہندوستان کے ساحلوں سے واقف تھے"[۱]

ہخامنشی عہد میں داراؔ نے وادئ سندھ کو فتح کیا جو مصر، شام، ایشیائے کوچک اور عراق کی طرح دو صدیوں تک سلطنت ایران کے ماتحت رہا۔ "سائرس کے عہد (۵۵۸ تا ۵۲۸ ق م) میں وادئ سندھ کا سرحدی منطقہ ایران سے متعلق ہوچکا تھا"[۲] سکندر اعظم کے حملہ نے ہخامنشی حکومت کا شمال مغربی ہندوستان میں خاتمہ کر دیا ۔ وہ ۳۲۶ ق م کے موسم بہار میں ہندوستان آیا جہاں ٹکسلا کے راجہ نے اس کا خیر مقدم کیا مہاراجہ پرشوتم یعنی پورس سے جہلم کے کنارے گھمسان کی لڑائی ہوئی جس میں سکندر فتح یاب ہوا مگر اسی سال وہ واپس چلا گیا ۔ حالانکہ اس کا قیام بہت مختصر رہا مگر اس کی وجہ سے یہ معلوم ہوگیا کہ یونانی مورخوں کا Sanorakottos سندراکوٹو وہی ہے جو ہندوستان میں چندرگپت موریہ کہا جاتا ہے۔

---

[۱] K.M. Panikar: Asia and Western Dominance; 3rd Ed., London, 1955, p. 23.

[۲] J. Filliozat: Relations Exterieures de 1' Inde, Pondichery, 1956, p. 3.

Marfat.com

سکندر اعظم کے استاد اور مشیر ارسطو (۳۸۴-۳۲۲ ق م) نے دنیا کے بہت سے ملکوں کے دستور اساسی یکجا مرتب کئے جس میں ہندوستان بھی شامل تھا[1] بدقسمتی سے آج یہ تصنیف ناپید ہے اور معلوم نہیں ہندوستان کی کس سلطنت سے متعلق تھی۔ سکندر اعظم کی واپسی کے بعد سیلوکس نائب فرمانروا رہا۔ اس نے میگاس تھینز کو چندر گپت موریہ کے دربار میں بطور سفیر بھیجا جو پانچ سال مقیم رہا۔ مورخ و جغرافیہ داں میگاس تھینز نے چندر گپت کے عہد حکومت کے حالات اور چشم دید واقعات قلم بند کئے ہیں لیکن اس کی تصنیف انڈیکا Indica اب گم ہو گئی ہے۔ البتہ حوالے اور اس کے اقتباسات اس کے ہمعصر یونانی مورخوں کی کتابوں میں ملتے ہیں چنانچہ میگاس تھینز کو پہلا یورپی ہند شناس کہنا بے جا نہ ہوگا۔

قرون وسطیٰ میں یورپ و ہندوستان کے درمیان وسائل آمد و رفت بہت محدود تھے۔ مارکو پولو اور دوسرے سیاحوں نے ہندوستانی تہذیب و کلچر کا کوئی ذکر نہیں کیا۔ اس سلسلے میں مسلمانوں کی غیر معمولی خدمات کا یہاں ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ مارکو پولو کے برخلاف ابن بطوطہ (۱۳۰۴ء تا ۱۳۷۷ء) نے سلاطین تغلق کے زمانے میں شمالی اور جنوبی ہند نیز مالدیپ جیسے ہمسایہ جزیروں کا بھی تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ اس کی شخصیت نے حاکم وقت کو اتنا متاثر کیا کہ اسے دو سال کے لئے دہلی کا قاضی مقرر کیا گیا۔ پھر تغلق سلطان کے سفیر کے طور پر چین روانہ ہوا اور سماٹرا وغیرہ سے گزرا وہ جزائر مالدیپ میں بھی ڈیڑھ سال تک قاضی رہا۔ البیرونی (۹۷۳ء تا ۱۰۴۸ء) نے ہندوستان کا سفر کیا اور سنسکرت کی تحصیل شوق سے کی۔ اس کی تصنیف "کتاب الہند" ہندوستان پر اہم عمرانی دستاویز ہے۔

الادریسی (۱۰۹۹ء تا ۱۱۶۶ء) کی ولادت مسبطہ میں ہوئی۔ اس نے اپنا مشہور جغرافیہ اور اس کے نقشے ۱۱۵۴ء میں صقلیہ کے حکمراں روجر دوم کیلئے تیار کئے اس میں ہندوستان کا بھی ذکر ہے۔ اس تصنیف سے اس وقت کے مسلمانوں کی روشن خیالی اور بلند علمی کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس کتاب کا ہندوستان سے متعلق حصہ علی گڑھ کے پروفیسر مقبول احمد نے شائع کیا۔ واسکوڈیگاما اپنے مہاں ملاح ابن

---

[1] Aristotle on the Constitution, Part XV,
Encyclopaedia of Social Sciences, Vol. I, p. 27.

Marfat.com

ماجد کی رہنمائی میں راس امید کی طرف سے ہوتا ہوا ۱۴۹۸ء میں کالی کٹ پہنچا۔ لیکن بدقسمتی سے ابن ماجد شراب کے نشے میں مدہوش تھا۔ ہندوستان کی اس دریافت کا سہرا واسکوڈی گاما کے سر بندھا۔

پروفیسر آرنلڈ ٹوائن بی کا کہنا ہے کہ مغرب میں عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ کسی غیر یورپی علاقے میں ایک مغربی قوم کا اقتدار قائم ہونے کے بعد وہاں کا داخلی نظام کھوکھلا ہو جاتا ہے اور بیرونی حکمران بھی وہاں اپنے قدم نہیں جما پاتا۔ مگر ہندوستان پر یہ بات پوری نہیں اترتی کیوں کہ واسکوڈی گاما کے تیجپیس سال بعد بابر ہندوستان آتا ہے اور اپنی حکومت قائم کرتا ہے اور مغل تہذیب کے اشتراک سے انڈومغل تہذیب کی تخلیق ہوتی ہے جو آج تک برقرار ہے اور بابر سے صدیوں قبل محمد بن قاسم اور سلاطین دہلی و دکن و بنگال کے زمانے سے اس مشترکہ تہذیب کی آبیاری ہو رہی ہے۔ لیکن واسکوڈی گاما اور شہنشاہ بابر کے زمانے سے جدید یورپ کے ہندوستان سے براہ راست تعلقات ملتے ہیں۔ یورپی تاجروں، سیاحوں، عیسائی مشنریوں اور سفیروں نے ہندوستان کا سفر کیا، وہاں قیام کیا۔ اور اس کی تفصیلات دی ہیں۔ یورپ کے لئے سلطنت مغلیہ کی صنعتی ترقی، دولت و مرتبت پرکشش تھی جس نے ہندوستان کو قریب سے جاننے کی خواہش پیدا کی۔ پرتگالی، ولندیزی، فرانسیسی، انگریز اور جرمن قوموں نے اس میں اہم حصہ لیا۔ یورپ میں یہ دور مذہبی ہونے کے ساتھ ساتھ علمی بھی تھا۔ اہل یورپ کو اپنے دور کے ہندوستان سے دینی دلچسپی تھی۔ کیونکہ وہاں تک پیغام عیسائیت کو پہونچانا عین فلاح انسانی سمجھا جاتا تھا۔ اس کے علاوہ ہندوستان کی تاریخ اور ماضی سے ان کی دلچسپی سائنٹفک تھی کیوں کہ نشاۃ ثانیہ نے ان کے اندر سائنٹفک اسپرٹ پیدا کر دی تھی۔ بعد میں سیاسی اغراض اور ملک گیری کی خواہشات بھی اس دلچسپی میں شامل ہو گئی۔

یہاں ان مخصوص ہندشناسوں کا ذکر ہوگا جنھوں نے ہندوستان کی عام زندگی و معاشرت اور موجودہ زبانوں پر کام کیا ہے۔ گویا یہ گارسین دتاسی کے پیش رو تھے اور ہندشناسی کے بانی و قدرداں۔ اس لئے ان کا مختصر مطالعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

حروب صلیبیہ کے اختتام سے لے کر عہد اصلاح دین تک یورپ عام طور پر مذہبی

130118

Marfat.com

جذبات سے لبریز تھا۔ اور مذہبی سرگرمیوں نے بیحد اہمیت اختیار کرلی تھی۔ جنوبی امریکہ کی ہسپانوی نو آبادیوں میں عیسائیت کو پھیلانے میں بڑی خونریزی کے بعد کامیابی حاصل ہوئی تھی۔ ہندوستان میں آبادی کے تناسب سے بہت کم ہندوؤں نے دین مسیحی قبول کیا تھا اور اس سے کم مسلمانوں نے۔ اس کی وجہ یہ نہ تھی کہ انگریز حاکموں نے تبلیغ عیسائیت میں سعی کم کی ہو۔ عیسائی مشنریوں نے ملکی زبانوں کو سیکھا۔ زبان اردو کی گرامریں لاطینی، پرتگالی اور ولندیزی زبانوں میں لکھی گئیں اور تبلیغی کتابیں ملکی زندہ زبانوں میں لکھی جانے لگیں۔ ہندوستان میں بھی مذہبی کتب کی کمی نہیں۔ مغلوں کے عہد میں درباری و ملکی زبان فارسی تھی۔ بائبل کے متعدد ترجمے پہلے فارسی میں ہوئے پھر اردو میں کیے گئے۔ اس کے علاوہ دین مسیحی پر بحث و مناظرے کے بہت سے رسالے بھی نکلتے تھے۔

یورپی اقوام جن کی ہندوستان سے وابستگی زیادہ استوار رہی ان میں پرتگالی، انگریز، ولندیزی اور فرانسیسی قابل ذکر ہیں۔ واسکوڈی گاما ۱۴۹۸ء میں جب کالی کٹ پہنچا تو وہاں کے راجہ سامری Zamorin نے اس کا خیر مقدم کیا۔ اس کے دو سال بعد الوارز کبرال A. Cabral (۱۴۶۰ء تا ۱۵۲۶ء) ایک کمک حصول سلطنت کے خیال سے لے کر آیا اور سامری کو بعد مقابلہ پسپا کیا۔ اس نے جنوبی ہند میں سکونت اختیار کی۔ جہاں سے پھر الفونس البرآق Alphonse Albuquerque (۱۴۵۳ء تا ۱۵۱۵ء) نے حملہ آوری کی۔ ۱۵۱۱ء میں وہ گوا پر قابض ہو گیا۔ بہمنی وزیر محمود گاواں نے پرتگالیوں کو مار بھگایا مگر وہ واپس آگئے[1]۔ پرتگالی مقبوضات میں ملیالم، مراٹھی، کوکنی اور گجراتی بولی جاتی تھی دکنی اردو بھی تھوڑی بہت سمجھی جاتی تھی۔ سولہویں صدی کے ہندوستان کے متعلق پرتگالی تصانیف ہمارے ملک کی تاریخ کا ایک بیش قیمت ماخذ ہیں۔ پرتگالی ہند کے حالات پر مالابار کے

---

[1] ۱۹۶۱ء میں آزاد ہندوستان نے پرتگالی حکومت کا خاتمہ کیا مگر ان کے تہذیبی اثرات آج تک گوا اور بمبئی وغیرہ میں موجود ہیں۔ اور آبادی کا ایک خاصا بڑا حصہ رومن کیتھولک عیسائیوں پر مشتمل ہے۔

Marfat.com

زین العابدین معبریؒ کی عربی کتاب "فتح المجاہدین فی اخبار البرتگالین" ایک کلاسیکل تصنیف ہے۔
روشن خیال اور وسیع المشرب مغل شہنشاہ اکبر اعظم (۱۵۵۶ء تا ۱۶۰۵ء)
کے دربار میں مذہبی مذاکرے منعقد کئے جاتے جن میں مسلمان، ہندو، یہودی اور عیسائی
حصہ لیتے۔ گوا کے پادری جو اکبر کو عیسائی کرنے کے ارادے سے بطور خاص آگرے پہنچے
تھے ان مناظروں میں پیش پیش رہتے۔ انہوں نے اکبر کے لئے بائبل کا فارسی
میں ترجمہ بھی کیا۔[۲]

۱۵۳۴ء میں علم پرست لیسوعی Jesuit جماعت کی بنیاد پڑی اس نے مشرق میں
جارحانہ قسم کی تبلیغ مسیحیت کا علم اٹھایا۔ ان رومن کیتھولک مشنریوں میں رابرٹ دلوبلی
Robert de Nobili اور بیشی Beschi وغیرہ نے سترہویں اٹھارہویں صدی میں
ہندوستانی زبانوں کی ادبیات کا گہرا مطالعہ کیا۔ لیسوعیوں کی ساری توجہ حصولِ علم پر مرکوز
رہی۔ انہوں نے بنگال اور مدراس میں چھاپے خانے قایم کئے۔ کتابیں شایع کیں۔ اور ساحلی
شہروں میں اسکول اور کالج کھولے جو آج تک قائم ہیں اور ملک کی بہترین درسگاہوں
میں شمار کئے جاتے ہیں۔[۳]

تبلیغ مسیحیت کے میدان میں یورپین پروٹسٹنٹ مشنریوں نے کیتھولک مبلغوں سے
سبقت لیجانے کی کوشش کی اس سلسلے میں پروٹسٹنٹ ممالک کے مستشرقین اور مشنریوں
نے کام شروع کیا۔ جرمن مبلغین میں کیتھولک اور پروٹسٹنٹ دونوں شامل تھے۔ اٹھارہویں
صدی کی ابتدا میں ساحل کارومنڈل پر جرمنی اور ڈنمارک کے مشنریوں نے سکونت

---

[۱] عربوں نے مالابار کو معبر کہا۔ چنانچہ معبری سے مُراد مالاباری ہے۔

[۲] Barthold : la decouverte de 1' Asie, Payot, Paris, 1947, p. 113.

[۳] بمبئی کے سینٹ زیویرز کالج کا ہیراز انسٹی ٹیوٹ آف انڈین ہسٹری اینڈ کلچر ایک کیتھولک مستشرق کی یادگار میں قائم ہے۔

Marfat.com

اختیار کی۔ ان لوگوں میں شولز Schultze اور تسی گن بالگ Zieganbalg نے ہندستانی کلچر اور زبانوں پر قابل قدر تحقیقات کیں۔

ہالینڈ کے مستشرقین کی بیشتر تصانیف ان کی نوآبادی ڈچ ایسٹ انڈیز یعنی مجمع الجزائر انڈونیشیا کے متعلق ہیں مگر ولین ٹائن اور وانسٹ شوٹن نے سترہویں صدی میں ہندوستان سے متعلق اپنے دلچسپ سفرنامے شایع کئے۔ علاوہ ازیں ایک ڈچ حاکم فان رود کے حکم سے سترہویں صدی میں Hortus Malabaricus کے عنوان سے ہندوستانی نباتات کی پہلی تفصیلی فہرست ہندوستانی ناموں کے ساتھ پیش کی۔

جان جوشوا کیٹلر ۱۷۱۱ء میں ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی کا ڈائرکٹر مقرر ہوا۔ اس نے تین سال سورت میں قیام کیا۔ آگرے کا ڈچ کارخانہ سورت کی ولندیزی فیکٹری کے ماتحت تھا۔ کیٹلر ۱۷۱۲ء میں شاہ عالم کے دربار میں باریاب ہوا اس کے بعد جہاندار شاہ کے دربار میں حاضری دی۔ وہ دلی اور آگرے میں رہا ۱۷۴۳ء میں اس نے لاطینی زبان میں اُردو صرف ونحو کی اولین کتاب شایع کی۔

شرقیات کے سلسلے میں روسی خدمات کا تذکرہ بھی ضروری ہے۔ ایک روسی تاجر تھا ناس نیکتن کو ایران پہنچ کر ہندوستان کی دولت اور تجارت کا پورا اندازہ ہوا۔ وہ ۱۴۶۹ء میں بندرگاہ ہرمز کے بحری راستے سے ہندوستان وارد ہوا۔ جہاں وہ سب سے پہلے دیو پہنچا پھر کولا (چولا) اور وہاں سے دریائے کرشنا کے کنارے کنارے جُنیر اور بیدر سے ہوتا ہوا اندرونی خطوں تک گیا۔ ہندوستان میں کچھ عرصہ رہنے کے بعد وہ ایران ہوتا ہوا بحر اسود کے راستے روس واپس گیا۔ اس لئے اس نے اپنے سیاحت نامے کو Khojdjemie des Trois Mers یعنی "تین سمندروں (بحر کیسپین، بحر ہند اور بحر اسود) پار ممالک کے سفر" سے موسوم کیا۔ مگر وہ اپنے وطن تویئے Tuer واپس پہنچنے سے پہلے سمولسک میں فوت ہوگیا اور اس کی زندگی میں اس کی کتاب شایع نہ ہوسکی۔ نیکتن کی سیاحت کی مدت (۱۴۶۶ء ۔ ۱۴۷۲ء) چھ سال تھی۔ اسے معلوم ہوا کہ ہندستانی مال تجارت روس کے لئے کارآمد نہ تھا۔ نیکتن جب جُنیر میں تھا وہ لکھتا ہے" ہمارے ملک کے

Marfat.com

لئے یہاں کچھ نہیں سوائے سفید مال (کپاس) کے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نیکتن نے تھوڑے عرصہ کے بعد مقامی زبانیں اتنی سیکھ لی تھیں کہ وہ ہندوستانیوں سے بات چیت کر سکے۔ اس کی تحریروں میں بہت سے الفاظ اور محاورے ترکی، فارسی اور ہندوستانی کے ملتے ہیں۔[1] پروفیسر مینالوٗ نے اپنی کتاب "قدیم ہندوستان" Ancient India میں نیکتن کا بہ تفصیل ذکر کیا جو سینٹ پیٹرز برگ سے شائع ہوئی۔

مقابلۃً ہند شناسی میں روسی سیاحوں اور عالموں کا حصہ ماضی میں اتنا اہم نہیں رہا۔ نیکتن کی طرح ایک اور روسی سیاح نے اٹھارویں صدی میں ہندوستان کا سفر کیا۔ گری سم لب دو موسیقار تھا۔ وہ روسی سفارت خانے کے ساتھ انگلستان آیا وہاں سے سیاحت کا شوق اسے ہندوستان کھینچ لایا۔ جہاں وہ بارہ سال (۱۷۸۵ء تا ۱۷۹۷ء) مقیم رہا۔ اس نے بڑی تندہی سے ہندوستانی گائیکی کے ساتھ سنسکرت اور ہندوستان کی جدید زبانیں خصوصاً بنگالی سیکھی۔ ہندوستان سے انگلستان واپس آیا تو ۱۸۰۱ء میں اس نے انگریزی میں ہندوستانی زبانوں کی گرامر شائع کی جس میں سنسکرت بھی شامل تھی جو سینٹ پیٹرز برگ میں طبع ہوئی۔ اس کے بعد اس نے زار الگزنڈر اوّل کے حکم سے "اورنیٹل انڈیا کے برہمنوں کے سسٹم کا مطالعہ" تصنیف کی۔

روس میں ہندوستانی زبان و تہذیب سے دلچسپی پیدا ہو چلی تو ۱۸۱۸ء میں روسی ایشیاٹک اکیڈمی کی بنیاد سینٹ پیٹرز برگ میں ڈالی گئی۔

پرنس سولٹیکو نے ہندوستان پر دو سفرنامے ۱۸۴۱ء تا ۱۸۴۳ء اور ۱۸۴۴ء تا ۱۸۴۶ء پیرس سے شائع کئے جو اس کے سفر کے بیانات اور پنسل اسکیچ پر مشتمل ہیں۔

یورپ میں آخر اٹھارویں اور شروع انیسویں صدی سے ہندوستانی ثقافت اور کلچر کو جاننے کا ذوق بڑھ گیا۔ یوں تو مارکو پولو اور ژاں دمونت کورنو کے وقت سے اکثر اطالوی

---

[1] Barthold; la decouverte de 1' Asie, Payot, Paris, 1947, p. 201-202.

Marfat.com

سیاحوں نے ہندوستانی تاریخ سے متعلق اہم معلومات فراہم کی ہیں۔

بیشتر جرمن مستشرقین نے ہندو مذہب، بدھ مت اور سنسکرت زبان و ادب کو خصوصی تحقیقی مطالعہ کے لیے منتخب کیا۔ نامور ترین عالم میکس ملر محتاج تعارف نہیں،

"I POINT TO INDIA",

(Selected writings, 1823-1900)

"INDIA" (1883)

"Ramakrishna : His life and sayings" (1901)

"Sanskrit Grammar and linguistics"

اس کی تصانیف میں شامل ہیں۔ ہندو فلسفے پر میکس ملر کی کتابیں متعدد زبانوں میں ترجمہ کی جاچکی ہیں۔

سنہ ۱۶۰۸ء میں برطانوی سفیر کیپٹن ہاکنز بر عہد شہنشاہ جہانگیر ہندوستان وارد ہوا۔ اس کے بعد سر طامس رو جو مختلف ایشیائی زبانوں سے واقف تھا۔ سنہ ۱۶۱۵ء میں کورٹ آف سینٹ جیمز کی طرف سے مغل ہندوستان بھیجا گیا۔ سورت میں تجارت شروع کرنے کی غرض سے اس نے مغل حکومت کی اجازت حاصل کی اور سنہ ۱۶۳۳ء میں مشرقی ساحل پر مچھلی پٹنم میں ایک تجارتی کوٹھی قائم کی گئی۔ سنہ ۱۶۶۱ء میں انگریزوں نے پرتگالیوں سے بمبئی حاصل کیا۔ فرانسیسی پروفیسر میل پرتگالیوں کے بارے میں لکھتے ہیں:

"ان کو ہگلی میں تجارتی منڈی کے قیام کی اجازت ملی لیکن ان کا کردار اور رکھ رکھاؤ اچھا نہ تھا.... انہوں نے ملکہ ممتاز محل کی دو کنیزوں کو اغوا کرنے کی ہمت کی۔ سنہ ۱۶۳۲ء میں ایک شاہی دستے نے ہگلی ان سے چھین لیا۔" [۱]

Mene : Historie de 1' Inde,
Presse Universitaire, Paris, 1954, p. 64.

Marfat.com

اب انگریزوں کو وہاں تجارت کرنے کی اجازت مل گئی اور انہوں نے ۱۶۱۵ء میں شہر کلکتہ آباد کیا۔ بنگال میں قدم جمانے کے بعد انگریزوں نے سیاست میں مداخلت شروع کی۔ فتح پلاسی (۱۷۵۷ء) کے بعد ان کو سیاسی اقتدار حاصل ہوا۔ انہوں نے فرانسیسیوں اور پرتگالیوں کو ان کی بیشتر مقبوضات سے بیدخل کیا۔ ۱۸۰۰ء میں انہوں نے نظام دکن سے اتحاد کا معاہدہ کیا اور ادھر پر بھی قابض ہو گئے۔ ۱۸۵۷ء میں ہندوستان باضابطہ طور پر برٹش ایمپائر میں شامل کر لیا گیا۔ نوّے سال بعد ملک نے آزادی حاصل کی۔

اس طرح ہندوستان سے انگریزوں کا رابطہ سترہویں صدی سے قایم ہے۔ اس طویل مدّت میں ان کے سیاحوں، فوجی اور سویلین افسروں، مشنریوں اور اہلِ علم نے اس ملک کی تاریخ وجغرافیہ، مذاہب، تہذیب، لسانیات وادبیات انتھروپولوجی اور دوسرے پہلوؤں پر گرانقدر کام کیا جو بیشتر ان کے امپریلسٹ نقطۂ نظر کا حامل ہے لیکن ان تصانیف کی علمی اہمیت وافادیت بھی مسلم ومستند ہے۔ (ان کی تاریخ نگاری کا معاملہ جداگانہ ہے جس کے ذریعے انہوں نے ہندو مسلم نفاق کا بیج بویا) اس ذخیرے میں سر ولیم جونز (۱۷۴۶ء ۔ ۱۷۹۴ء) کولبروک (۱۷۶۵ء ۔ ۱۸۳۶ء) کی تصانیف اور متعدد علمی ادارے جو انہوں نے قایم کیے تھے بالخصوص قابل ذکر ہیں۔ ان سے بھی زیادہ اہم برطانوی ہند شناسوں کی اردو سے متعلق وہ کتابیں ہیں جو انہوں نے انگریزی میں لکھیں۔ ان کتابوں میں گرامر، لغات، ادبی تراجم، نظم ونثر کے انتخابات شامل ہیں۔ متعدد کتابیں ہیلی بری کالج کے نصاب کے لیے شایع کی گئیں یہ کالج ایسٹ انڈیا کمپنی سول سروس کے اراکین کی ٹریننگ کے لیے انگلستان میں قایم کیا گیا تھا جن کے لئے اردو فارسی سے واقفیت لازمی تھی۔

ان کتابوں کے مصنفین آرنٹ، جان شیکسپیر، اشپرنگر، طامس بروٹن، جان بمیز، پرنسپ، رڈویر، ٹیلر، روبک، فلر، فاکنز فوربز، نیلسن، جان گل کرسٹ، لاٹیمز، کرنل ہال رایڈ وغیرہ کے غیر معمولی شوق اور قدردانی نے اردو زبان وادب کی بڑی خدمت کی ہے۔ ۱۷۹۳ء میں گل کرسٹ نے پہلی انگریزی ہندوستانی ڈکشنری ہنٹر کی مدد سے تیار کر کے کلکتہ سے شایع کی۔ ۱۷۸۴ء میں بنگال ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ کا افتتاح کیا گیا۔ یہ سوسائٹی جدید

Marfat.com

ادبی میلانات کی محرک و ترجمان ثابت ہوئی۔ اس کے بعد بمبئی اور مدراس میں ایشیاٹک سوسائٹی قایم کی گئی۔ ۱۸۴۶ء سے ہندوستان میں ببلیوتک انڈیکا Bibliotheque Indica طبع ہونا شروع ہوئی۔

۱۸۵۷ء سے انگریزوں کی علمی سرگرمیاں بڑھ گئیں کیونکہ اب سارا ملک ان کے زیر نگیں تھا۔ اضلاع کے کلکٹروں کو ان کے زیر انتظام سارے شہروں قصبوں اور گاؤوں کے تاریخ، رسم و رواج روایات آبادی اور دیگر اعداد و شمار کی تفصیلات جمع کرنے کا حکم دیا گیا۔ ان وسیع اور غیر معمولی رودادوں کی بنا پر ۱۸۶۹ء میں ہنٹر کی زیر نگرانی IMPE-RIAL GAZETEER OF INDIA چودہ جلدوں میں شایع کی گئی۔ ہندوستان کی جو تواریخ پچھلی صدیوں میں عربی اور فارسی میں لکھی گئیں۔ ایک عالم مورخ الیٹ نے ان کے منتخب اقتباسات کے ترجمے کیے، جو آٹھ جلدوں میں طبع ہوئے۔

ان انگریز مستشرقین کی مطبوعات کی مدد سے فرانس میں ہند شناسی اور اُردو کے ذوق کی تربیت ہوئی۔ گارسین دتاسی نے برطانوی ہند شناسوں کی کتابوں سے اُردو کی تحصیل کی۔

فرانس کا ہندوستان سے رابطہ بھی تین چار سو سال سے قایم ہے۔ انگریزوں کے بعد فرانسیسیوں نے مغل حکومت سے سورت میں تجارتی کمپنی کھولنے کی اجازت حاصل کی تھی۔ ۱۶۷۲ء میں انہوں نے ایک تجارتی منڈی پانڈیچری میں قایم کی۔ وفات اورنگ زیب کے بعد دکن کا صوبہ بھی آزاد ہوا اور بنگال کی طرح وہاں بھی فرانسیسیوں کو ملکی انتظام میں دخل دہی کا موقع مل گیا۔ رفتہ رفتہ وہ ملک کے خاصے بڑے حصہ پر قابض ہو جاتے مگر یورپ اور امریکہ میں انگریزوں سے ان کی رقابت ہندوستانی سیاست پر بھی اثر انداز ہوئی۔ یہاں بھی حصول اقتدار کے لئے دونوں میں جنگ چھڑ گئی۔ اور پانچ ساحلی شہروں پانڈیچری یانون، ماہے، کاریکال اور چندر نگر کے علاوہ بقیہ مقبوضات فرانس کے ہاتھ سے نکل گئے۔ مختلف مقامات پر چند تجارتی کوٹھیاں فرانس کے قبضہ میں رہ گئیں جن کی کوئی سیاسی اہمیت

Marfat.com

نہ تھی۔

فرانسیسیوں میں برنیر (۱۶۲۰ء تا ۱۶۸۸ء) پہلا قابل ذکر سیاح ہے جو ۱۶۵۴ء میں ملک شام (سوریہ) کے سفر پر روانہ ہوا۔ اور مصر سے گزرتا ہوا ہندوستان آیا جہاں ۱۶۶۸ء تک قیام پذیر رہا۔ اس کے بعد آنے والوں میں پیغ ماکیرب اور تاورنیے اہم ہیں۔ اہل یورپ کو ہندوستان سے شناسا کرانے میں برنیر کا بڑا ہاتھ ہے۔ پیشہ کے اعتبار سے وہ ڈاکٹر اور فلسفی تھا۔ "رسین Racine نے اپنی تصنیف برنیس Bernice لکھتے وقت برنیر سے تبادلۂ خیال کیا جو حال ہی میں شام، ایران اور ہندوستان کے سفر سے واپس آیا تھا۔[1] برنیر نے اپنی تصنیف "مغل ریاستوں کے آخری انقلاب کی تاریخ" ۱۶۷۰ء میں شائع کی۔ وہ بارہ سال ۱۶۷۶ء تا ۱۶۸۸ء تک ہندوستان میں رہا۔ وہ مغل بادشاہ اورنگ زیب کا معالج بھی ہوگیا تھا۔ اس نے ۱۶۸۶ء میں ہندوستان سے متعلق ایک تذکرہ لکھا جو "استوائر دے ساواں" میں چھپا۔ اس کی وفات کے بعد ۱۶۹۹ء میں اس کا مکمل سفرنامہ طبع ہوا جس میں ہندوستان پر دو فلسفیانہ خطوط نقل ہیں جو اس نے ۱۶۶۱ء میں شاپل اور ۱۶۶۸ء میں شاپلیں کو لکھے تھے۔ یہ اس کے تذکرے کے ضمیمے ۱۶۷۱ء میں شامل تھے۔ اسی اثنا میں تاورنیے Tavernier کا سفرنامہ ۱۶۷۷ء میں شائع ہوا۔ وہ ۱۶۰۵ء میں پیرس میں پیدا ہوا اور ماسکو میں ۱۶۸۹ء میں انتقال کیا۔ وہ ۱۶۳۸ء میں ہندوستان کے لئے روانہ ہوا اور گولکنڈہ تک گیا۔ ۱۶۶۸ء تک اس نے ہندوستان اور جنوبی ایشیا کے پانچ دورے کئے اور چھٹا اس کے بعد۔ اس نے ۱۶۷۶ء میں اپنی چھ سیاحتوں کا حال شائع کیا۔ ژاں شاردیں (۱۶۴۳ء ۱۷۱۳ء) پیرس میں پیدا ہوا۔ ۱۶۶۵ء میں ہیروں کی تجارت کی غرض سے ہندوستان روانہ ہوا۔ ۱۶۸۰ء تک اصفہان میں قیام پذیر رہا۔ واپسی پر ہندوستان کی سیاحت کی۔ ۱۶۸۶ء میں ایران و ہند کا

---

[1] Schwab : La Renaissance Orientale, Payot, Paris, 1950, p. 12.

Marfat.com

سیاحت نامہ شایع کیا۔

یورپ میں اٹھارہویں صدی سے ہندوستان کی زبان و ادب کے گہرے مطالعے اور اثباتی نقطۂ نظر کا آغاز ہوتا ہے۔ اس صدی کی ابتدا سے قومی کتب خانہ پیرس میں ہندوستان کی متفرق تصانیف، لغات، قواعد اور قلمی نسخے جمع کیے گئے۔ اور ببلوتک نابیونال پیرس سے ہندوستانی کتب کے کیٹلاگ کی پہلی جلد ۱۷۳۹ء میں شایع ہوئی۔

فرانسیسی سیاحوں نے بھی اپنی علمی سرگرمیاں جاری رکھیں۔ ۱۸۱۷ء میں دووو سے پیرس سے سفر ہند پر روانہ ہوا اور پانی کے جہاز سے مئی ۱۸۱۸ء کو کلکتہ پہنچا جس نے نیچرل ہسٹری کی تعلیم اور میوزیم کی خاطر یہ دشوار گذار سفر کیا۔ کلکتہ سے چندر نگر جاکر ایک مکان کرایہ پر لیا جہاں تھوڑی سی سونے کی جگہ کو چھوڑ کر ہر کمرے میں جانوروں کی تصویریں ٹنگی تھیں یا زندہ جانور بندھے تھے۔ اس نے بنگال کے جنگلوں اور سلہٹ کے اطراف میں قیام کیا اور سنگاپور پہنچا۔ ستمبر ۱۸۲۲ء میں تبت گیا۔ ہر جگہ سے اپنے مضمون سے متعلق نادر و نایاب مواد اکٹھا کیا۔

اسرائیل جوزف بنیامن نے عبرانی زبان میں ایک رسالہ اپنے سفر ہند (۱۸۴۹ء تا ۱۸۵۰ء) کے متعلق لکھا جس میں اس نے سرزمین ہند اور اس کے مختلف مذاہب کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ کتاب الجیریا سے ۱۸۵۴ء میں شایع ہوئی۔

فرانس کے ہندشناسوں میں دو رجحانات ملتے ہیں۔ ایک تو وہ لوگ جنھوں نے ہندوستان پر متفرق کتابیں فارسی، عربی اور چینی زبان میں پڑھ کر معلومات فراہم کیں۔ دوسرے وہ جو خود ہندوستان کی سیاحت کو آئے اور پھر اس کے متعلق اپنے تاثرات لکھے۔ اول الذکر میں ژوزف دگوین Joseph Deguignes اور موخر الذکر میں آنکتل دیوپروں Anquetil Duperron قابل ذکر ہیں۔

اٹھارویں صدی میں آنکتل دیوپروں (۱۷۳۱ء تا ۱۸۰۵ء) ہندوستان آیا، جہاں اس نے پارسیوں سے رابطہ قایم کیا اور فارسی کی تحصیل کی۔ اس نے "ژنداوستا" کا

Marfat.com

۱۷۷۱ء میں اور " اپنشد" کا ۱۷۸۶ء میں فارسی سے فرانسیسی میں ترجمہ کیا اور ژند پہلوی ڈکشنری مُرتّب کی۔ وہ ۱۷۵۵ء میں پانڈیچری آیا پھر ۱۷۹۸ء میں سورت گیا۔ اس نے فرانس کے سامنے پہلی دفعہ ہندوستان کی حقیقی اور بے لاگ تصویر پیش کی۔ اپنے " سیاحت نامۂ ہندوستان" اور "ہندوستان پر تاریخی وجغرافیائی تحقیق" میں اس نے ہندوستان کے قدیم بیش بہا علمی خزانوں کی تلاش کے ساتھ ساتھ بدلتے ہوئے ہندوستان میں جو سیاسی۔ اقتصادی اور سماجی قوتیں کام کر رہی تھیں ان کا بھی جائزہ لیا ہے۔ وہ عالم ہونے کے ساتھ ساتھ سیاح بھی تھا۔ اس نے اس وقت کے عام میلان کی پیروی نہ کرتے ہوئے خود کو محض کتب خانوں تک محدود نہیں رکھا بلکہ ہندوستان کی سیاحت کی اور متفرق مقامات سے مختلف ہندوستانی زبانوں کے ایک سو اسّی (۱۸۰) قلمی نسخے جمع کیے۔ اس کے علاوہ دو نسخے اوستا کے، سات فارسی لغات۔ تین سنسکرت کی مشہور ڈکشنریاں تھیں۔ اس کے کتب خانہ میں ہندوستانی زبان (اُردو ہندی) کی لغت فرانسوا میری دتور Fransois Marrie de Tours کی مرتب کردہ بھی تھی جو اُس کو روم سے دستیاب ہوئی تھی۔[۱]

چندر نگر کے ایک فرانسیسی مترجم اوساں Aussant نے فارسی۔ اردو (جس کو وہ مُور کہتا ہے) اور بنگالی کی تحصیل کی اور ان زبانوں کی گرامریں اور لغات لکھیں۔ اردو سے متعلق اس کے کارنامے پیرس کے قومی کتب خانہ میں محفوظ ہیں[۲] گارسین دتاسی نے ان لوگوں کی کتابوں سے استفادہ کیا جس کا وہ اپنی تالیف "منتخبات زبان ہندوستانی"

---

[۱] Catalogue Sommaire des manuscripts Indiens, Par Calaton, 1912, Paris, Nos. Indiens 839 and 843.

[۲] Ibid : p. 127 Nos Indiens 841-843.

Marfat.com

میں اعتراف کرتا ہے۔

ہندوستان پر فرانسیسیوں نے دلچسپ اور قابل قدر علمی کام کیا ہے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ انہوں نے سیاست سے دور رہ کر قطعی آزادانہ طور پر ہندوستان کے علم و ادب میں سائنٹیفک دلچسپی لی۔ ۱۸۲۷ء سے گارسین دتاسی نے اپنے آپ کو اردو کے لئے وقف کر دیا اور پروفیسر سلوستر دساسی نے اس کی ہمت افزائی کی۔ فرانسیسی مقبوضات ہیں میں کہیں بھی اُردو نہیں بولی جاتی تھی۔ ان کا مقصد علم پروری نہ ہوتا تو وہ آسانی سے اُردو کو نظر انداز کر کے علاقائی زبانوں مثلاً تامل سے اور انتظامی امور میں فرانسیسی سے کام نکال سکتے تھے اردو کا انتخاب سیاسی و تجارتی نہیں بلکہ خالص علمی و سائنٹفک نقطۂ نظر سے ہوا اور پیرس میں اس کی تعلیم و تدریس شروع ہو گئی۔

ایک اور قابل توجہ پہلو یہ ہے کہ اٹھارویں صدی میں یورپی مستشرقین نے تحصیل علوم کے لئے متعلقہ ملکوں میں جانے کے بجائے اپنے اپنے ملک میں جمع شدہ مواد پر تحقیقی کام کو ترجیح دی اور زندگیاں کتب خانوں میں صرف کر دیں۔ فرانس میں یہ رجحان عام تھا ہے چنانچہ سلوسترد ساسی نے فرانس میں رہ کر بغیر استاد کے بعض کتابوں کی مدد سے عربی اور فارسی سیکھی اور مہارت پیدا کی۔ گارسین دتاسی نے بھی اردو میں یہی کیا مگر ان خود آموختہ پروفیسروں نے پیرس میں بیٹھ کر اپنی اپنی متعلقہ زبانوں کی تعلیم و تدریس میں طالب علموں کی ہر ممکن مدد کی۔ اور متعلقہ زبانوں کی ترویج و اشاعت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

فرانس میں مشرقی زبانوں کی تعلیم و تدریس سولہویں صدی سے "کولیژد فرانس" میں شروع ہوئی۔ عبرانی کی ۱۵۳۸ء، عربی کی ۱۵۸۷ء ترکی اور فارسی کی ابتدا ۱۷۶۸ء میں ہوئی، اور یہیں دگوین کی زیر نگرانی تاریخ ہندوستان و چین کی تدریس ہونے لگی۔ ۱۷۹۰ء میں دگوین نے قومی اسمبلی میں تقریر کی کہ مشرقی زبانوں کی تعلیم ہمارے لئے ادب، سائنس اور تجارت کے نقطۂ نظر سے ضروری ہے اور یہ اس کا بڑا کارنامہ ہے کہ مشرقی زبانوں کی تدریس کو اور زیادہ مروج کرنے کے لئے ۱۷۹۵ء پیرس میں مدرسہ السنۂ شرقیہ

Marfat.com

(اسکول دے لانگ اورنیتال وی وانت) کی بنیاد ڈالی گئی۔ پہلا ڈائرکٹر لانگلیس (۱۷۹۶ء تا ۱۸۲۸ء) مقرر ہوا۔ اس مدرسہ نے خاص و عام میں مشرق کے لئے تجسس کو ابھارا اور شوق پیدا کیا۔ اسی وجہ سے نپولین مصر کی مہم ۹۹-۱۷۹۸ء پر آمادہ ہوا۔ لانگلیس اور اس سے زیادہ سلوستر دساسی نے بڑی تعداد میں غیر ملکی طلبا اور عالموں کو پیرس کی طرف متوجہ کیا۔ اس مدرسہ نے تحقیقی ترقی کی رفتار تیز کی اور پیرس علمی وقار کا بڑا مرکز بن گیا۔[1] ۱۸۲۱ء میں لانگلیس نے اپنی عظیم تصنیف "ہندوستان کی قدیم و جدید یادگاریں" دو جلدوں میں شائع کی اور اس کی دوسری طباعت ۱۸۸۲ء پیرس میں ہوئی۔ دوسری قابل ذکر تصنیف "ہندوستان میں مشنریوں کی ادبی خدمات" پیرس میں ۱۸۱۷ء میں چھپی۔

مدرسۃ السنہ مشرقیہ کا دوسرا ڈائرکٹر سلوستر دساسی ۱۸۲۴ء سے ۱۸۳۸ء تک رہا۔ وہ خود عبرانی۔ عربی۔ ترکی اور فارسی کا عالم اور غیر معمولی شخصیت و فکر کا مالک تھا۔ حقیقت بین اور مدرسہ کا خیر خواہ۔ اس نے مدرسے کی صدارت کے زمانے میں فرانسیسی عالموں کو ان زبانوں کی طرف متوجہ کیا۔ جن کی مدرسۃ السنہ شرقیہ میں کمی تھی۔ وہاں عربی، ترکی اور فارسی کے اچھے عالم موجود تھے مگر ہندوستانی زبان کی نمائندگی کرنے والا کوئی نہیں تھا چنانچہ سلوستر دساسی نے السنہ شرقیہ اسلامیہ کے سلسلے کو مکمل کرنے کے لئے ہندوستانی کی تدریس کو بھی مروج کرنا چاہا۔ اپنے ارادے سے اس نے گارسین دتاسی کو مطلع کیا اور اپنے عزیز شاگرد کو اس نے ہندوستان کی مروجہ زبانوں میں مہارت حاصل کرنے کی ترغیب دلائی۔

گارسین دتاسی کو عربی، فارسی اور ترکی اچھی خاصی آتی تھی اور ان ہی زبانوں کی واقفیت نے اسے ہندشناسی اور ہندوستانی زبان کی مہارت میں مدد بہم پہنچائی۔ یہ

---

[1] Annuaire du college de France, Imprimerie Nationale, Paris, 1959, p. 6.

Marfat.com

کہنا مشکل ہے کہ گارسین دتاسی نے اردو سیکھنے میں کتنا وقت صرف کیا، شاید دو سال۔ اس نے بغیر کسی استاد کی مدد کے انگریزی کتابوں سے ہندوستانی کی تحصیل کی۔ جب وہ اس زبان کی تدریس کے لایق ہو گیا تو اس کے استاد سلوستر دساسی نے اس کے لئے ۱۸۲۸ء میں ہندوستانی زبان کی پروفیسر شپ قایم کرنے کی اجازت مدرسہ السنہ شرقیہ میں حاصل کی۔ اور اس وقت سے باقاعدہ اس زبان کی تعلیم شروع ہو گئی۔

گارسین دتاسی کی وفات کے بعد ۱۲ اپریل ۱۸۷۹ء کے ریزولیوشن کے مطابق مدرسہ السنہ شرقیہ سے اردو کی پروفیسر شپ کو ختم کر دیا گیا۔ شاید اس کی وجہ یہ رہی ہو کہ کوئی ایسا مناسب آدمی نہیں تھا جو اس جگہ کو سنبھالتا کیونکہ گارسین دتاسی کے طالب علم پہلے ہی تتر بتر ہو گئے تھے۔ مدرسہ میں کئی سال بعد ۱۸۸۶ء میں ہندوستانی اور تامل زبان کی پروفیسری کے نام سے پھر ایک جگہ نکالی گئی جس پر ژولیاں ونسوں کا تقرر ہوا۔ ونسوں کے والد پانڈیچری میں مجسٹریٹ تھے وہیں اس کی پیدائش ہوئی اور بچپن سے اس نے تامل سیکھی اور پھر اس میں مہارت پیدا کی۔ ۱۸۸۳ء میں اس نے ایک چھوٹی سی ہندوستانی کی گرامر چھاپی جس میں بڑی غلطیاں کی ہیں۔ پھر اس نے ۱۸۹۹ء میں ہندوستانی کا ایک انتخاب چھاپا جس میں سنگھاسن بتیسی، توبۃ النصوح اور باغ و بہار میں سے اقتباسات لئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ ونسوں نے تامل گرامر اور دوسرے تحقیقی مضامین بھی لکھے وہ بنیادی طور پر تامل کا متخصص تھا۔ اس کے بعد ۱۹۲۱ء سے ژول بلوخ مدرسہ السنہ شرقیہ کی پروفیسری پر مامور ہوا۔ ژول بلوخ پہلا فرانسیسی تھا جو تعلیم حاصل کرنے کے خیال سے ہندوستان آیا اور اس نے کافی عرصہ یہاں قیام کیا۔ گارسین کو کبھی ہندوستان آنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ ونسوں اٹھارہ سال کی عمر میں ہندوستان سے واپس چلا گیا البتہ ژول بلوخ نے ہندوستان کے قیام میں سنسکرت اچھی طرح سیکھی اور اردو ہندی میں مہارت پیدا کی۔ وہ مراٹھی زبان کا مورخ تھا اور وسیع دلچسپیوں کا مالک تھا۔ اس نے مدرسہ السنہ شرقیہ میں ہندوستان کی موجودہ زبانوں کی تعلیم کے نام سے مراٹھی۔ ہندی اور اُردو کو بیک وقت شروع کیا۔ ژول بلوخ ۱۹۳۷ء میں کولیژ دفرانس منتقل ہو گیا۔ اس کے جانے کے بعد

Marfat.com

مدرسہ السنہ شرقیہ میں ہندوستان کی تینوں زبانوں کے لئے علیحدہ علیحدہ پروفیسر مقرر ہوئے۔

تامل : ژاں فلیوژا

ہندی : مارکووچ

اردو : رحمت علی

یہ سلسلہ دو سال تک چلتا رہا۔ ۱۹۳۹ء میں پیر مایل ہندی اور تامل کے لئے نامزد ہوئے۔ ان کی اردو سے ناواقفیت کی بنا پر اس کو ختم کر دیا گیا مگر اس کے کافی عرصہ بعد یہ انتظام کیا گیا کہ پروفیسر مایل کی زیر نگرانی اردو پڑھانے کے لئے کسی ہندوستانی یا پاکستانی کا تقرر تین سال کے معاہدہ پر کیا جاتا تھا۔ موسیو کاسے کے بیان کے بموجب اپنے مستعفی ہونے سے پہلے گیس بر تیئر کا نام اردو کی پروفیسری کے لئے پیش کیا۔ وہ یکم فروری ۱۹۵۹ء سے اس جگہ پر کام کر رہے ہیں۔ ان کے ساتھ اردو پڑھانے میں دو ہندوستانی عبدالماجد اور مادام محمد معاون ہیں۔

پیرس میں یونیورسٹی کی سطح پر اردو اختیاری مضمون کی حیثیت سے شامل ہے اس کی تدریس مدرسہ السنہ شرقیہ میں ہوتی ہے جس کا نام بدل کر اب اس کو انستی تیوت دے لانگ اے سیویلیزاسیوں اورنیتال (ادارۂ زبان و ثقافت شرقیہ) کہتے ہیں۔

Marfat.com

فصلِ اوّل

حیاتِ گارسین دتاسی

Marfat.com

فرانسیسی میں گارسین دتاسی کے حالات اور زندگی پر کوئی سیر حاصل مضمون یا کتاب موجود نہیں۔ اردو میں ڈاکٹر محی الدین قادری زور کا کتابچہ ناکافی ہے۔ فرانس کی مختلف سوانحی ڈکشنریوں میں کہیں کہیں چند سطریں نظر آجاتی ہیں یا اس وقت کے رسالوں میں کبھی مختصر نوٹ مل جاتے ہیں جو زیادہ تسلی بخش نہیں کیونکہ ان سے ہماری معلومات میں بہت کم اضافہ ہوتا ہے۔ دتاسی کے متعلق مواد جمع کرنے میں مجھے پیرس اور مارسیلز کے کتب خانوں اور محافظ خانوں سے پوری مدد ملی۔ جن میں پیرس کی ببلیوتیک ناسیونال۔ آرکائو ناسیونال اور ایکول اور نیتال لائبریری کے ساتھ ساتھ مارسیلز کی میونسپل لائبریری اور آرکائو قابل ذکر ہیں۔ گارسین دتاسی کی تصانیف بالخصوص سالانہ خطبات بھی اس کے نجی حالات پر روشنی ڈالتے ہیں۔

گارسین دتاسی کے والد ژوزیف ژاک گارسین، مارسیلز کے ایک خوش حال تاجر ژاں ژوزیف گارسین کے بیٹے تھے اور خود بھی تاجر تھے۔ ۲۱ جنوری ۱۷۹۳ء کو ان کی شادی کلیر ورژینی تاسی سے ہوئی جو مارسیلز کے ایک رئیس گھرانے سے تعلق رکھتی تھی۔ ان کے والد آندرے تاسی شہر کے صاحب حیثیت لوگوں میں سے تھے۔ سال بھر بعد ۲۰ جنوری ۱۷۹۴ء کو ان کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا جس کے نام میں والدین کے ناموں کی رعایت رکھی گئی۔ گارسین دتاسی۔

محافظ خانہ مارسیلز میں محفوظ پیدائش نامہ مورخہ ۲۱ جنوری ۱۷۹۴ء کا خلاصہ درج ذیل ہے جو نام اور وقت پیدائش کا تعین کرتا ہے:

"فرنچ ری پبلک کے دوسرے سال بوقت دوپہر ہمارے افسر کے سامنے

Marfat.com

ژوزیف ژاک گارسین معہ دو گواہوں کے پیش ہوا اور اطلاع دی کہ کل
سات بجے شام اس کے یہاں لڑکا پیدا ہوا جس کو ژوزیف الیو دور ساجس
ورتو گارسین دتاسی نام دیا گیا۔"

پیدائش نامہ پر جن لوگوں نے دستخط کئے ان میں مارسیلز کا زمین دار بلیز تاسی (بچہ کا ماموں)
بھی تھا۔

دتاسی اپنے بھائیوں میں سب سے بڑا تھا۔ محافظ خانہ مارسیلز کے رجسٹروں سے تصدیق
ہوتی ہے کہ اس کے دو بھائی اور تھے۔ منجھلا چارلس ولیسنٹ فرانسیس ۲۳ر اکتوبر ۱۷۹۶ء کو مارسیلز
میں پیدا ہوا اور چھوٹے بھائی ژوزیف تھیوفیل کی ولادت بھی وہیں ۹ر اگست ۱۸۰۲ء
کو ہوئی۔

گارسین دتاسی نے مارسیلز چھوڑ کر پیرس میں سکونت اختیار کی مگر اس کے بھائی
اور خاندان کے دوسرے افراد اپنے وطن میں ہی مقیم رہے۔ جن میں فارغ البال تاجر ہی
نہیں، اچھے افسر بھی ہوئے۔ خود گارسین دتاسی کا چھوٹا بھائی ژوزیف تھیوفیل مارسیلز
کی میونسپلٹی میں ایک معزز عہدہ (مشیر) پر فائز تھا۔ غرض شہر کا یہ ایک ممتاز اور مقتدر خاندان
تھا۔ اس کا بھتیجا اور وارث الیو دور ۸ر اگست ۱۸۳۶ء کو مارسیلز میں پیدا ہوا۔ یہ بھی تجارت
کرتا تھا۔ آخر عمر میں وہ اکیلا اپنے گھر میں دو خادماؤں کی زیر نگرانی رہتا تھا۔ اس کی وفات
اپنے وطن میں ۲۶ر جنوری ۱۹۱۱ء کو ہوئی۔ وہ لاولد مرا۔ اس کے بعد سے اس خاندان کا
کوئی پتا نہیں چلتا۔

گارسین دتاسی اپنے آبائی مکان نمبر ۱۳ سڑک بینوار مارسیلز میں رہتا تھا۔ وہیں اس
کا لڑکپن گذرا۔[1] اس کی ابتدائی زندگی کی قطعی کوئی تفصیل نہیں ملتی۔ جنوبی فرانس کی مشہور
انسائیکلوپیڈیا صرف یہ کہہ کر خاموش ہو جاتی ہے کہ "اس ذہین اور محنتی مستشرق کے بچپن

---

[1] Novelles Biographies, Generales,
Tome XIX, p. 468.

Marfat.com

اور نوجوانی کے متعلق کچھ نہیں معلوم[1] بیس سال کی عمر (۱۸۱۴ء) میں اس نے اپنے وطن میں مصر سے آئے ہوئے قبطی عیسائی استاد جبرئیل طویل سے عربی پڑھنی شروع کی اور اس کے بعد ایک اور مصری عیسائی رفائیل دمونا شی سے درس لیتا رہا۔

یورپ میں اس وقت مشرق اور مسلمانوں کی دولت کا چرچا عام ہو گیا تھا خصوصیت کے ساتھ سلطنتِ مغلیہ کی ثروت اور حکومت عثمانی کی صولت پُرکشش تھی۔ اور ہر نوجوان کو ان ممالک کے خواب دکھایا کرتی تھی۔ گارسین دتاسی کے والد مارسیلز کے تاجر تھے۔ اس اہم بندرگاہ پر مشرق سے ہر وقت آمد و رفت رہتی تھی۔ اسی لئے مارسیلز میں عربی کی تحصیل کا اچھا انتظام تھا کیونکہ تاجروں کو اس کے ذریعے اپنے کام میں مدد ملتی تھی۔ اس لئے تعجب نہیں کہ دتاسی اس طرف کھنچ گیا ہو اور عربی تعلیم شروع کر دی ہو فرانس میں السنہ شرقیہ سے دلچسپی پیدا ہو چلی تھی شاید اسی لئے نوعمر گارسین دتاسی نے اس تعلیم کو ترجیح دی۔ چونکہ ایک علمی ذوق رکھنے والے کا تجارت سے نباہ آسان نہیں تھا اس لئے ۲۳ سال کی عمر میں جب اس نے اس سلسلے کو جاری رکھنے کا فیصلہ کر لیا تو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے ۱۸۱۷ء میں وطن چھوڑ کر پیرس آ گیا۔

پیرس کے مدرسہ السنہ شرقیہ میں مشہور مستشرق سلوستر دساسی عربی کا پروفیسر تھا۔ وہ تینوں مشرقی اسلامی زبانوں (عربی۔ فارسی اور ترکی) کا ماہر اور انھیں روانی سے بولتا تھا۔ اس نے فرانس میں السنہ شرقیہ کو متعارف اور مروّج کرنے میں پیش قدمی کی اور نوجوانوں میں اس روایت کا شوق و ولولہ پیدا کیا۔ پیرس آ کر جب گارسین دتاسی نے مشورہ لیا تو اس نے نووارد کی ہمت افزائی اور ہر ممکن مدد کی۔ اس نے سلوستر دساسی جیسے شفیق و ماہر استاد کی زیرنگرانی چار سال دن رات ایک کر کے تینوں اسلامی زبانوں میں مہارت و بصیرت پیدا کی اور پیرس کی سوربون یونیورسٹی سے ان زبانوں کا ڈپلوما اعزاز کے ساتھ حاصل کیا۔ اس دوران السنہ شرقیہ کی تعلیم، سلوستر دساسی سے قرب و تعلق اور استاد کی منفرد جاذب شخصیت نے محنتی شاگرد کے ذہن اور علمی مذاق کی تربیت و رہبری کی جس کا اعتراف گارسین دتاسی نے ہمیشہ محبت و شکرگذاری کے ساتھ کیا۔

---

[1] Les Bouches du Rhone, Encyclopedie departmentale, Tome XXI, p. 223.

Marfat.com

چار سال کی محنت کے بعد اس نے ۱۸۲۱ء میں عزالدین مقدسی کی کتاب "کشف الاسرار عن حکم الطیور و الازھار" کو بعد مقابلہ و تصحیح شایع کیا اور فرانسیسی میں اس کا ترجمہ بھی کیا۔ اس تصنیف کی اشاعت سے گارسین دتاسی کی علمی زندگی کا آغاز ہوتا ہے۔ ۱۸۲۱ء کے اختتام پر یونیورسٹی تعلیم ختم کرتے ہی وہ اپنے پیروں پر کھڑا ہوگیا۔ اس وقت سلوستر دساسی کولیژ د فرانس میں فارسی کا پروفیسر تھا۔ اس کی اعانت سے وہاں اس کا شاگرد سکریٹری مقرر ہوگیا۔

گارسین دتاسی نے اپنی ملازمت کی ابتدا پیرس کے ہی مشہور ترین تحقیقی اور علمی ادارہ کولیژ د فرانس سے کی جہاں وہ سکریٹری ہوگیا تھا مگر یہ دفتری ملازمت اس وقت تک کے لئے کر لی تھی جب تک کوئی اور مناسب صورت نہ نکلے۔ یہ ایک صاحب ذوق و علم کو مطمئن نہیں کر سکتی تھی اور ایک مستشرق کو جدو جہد اور محنت کے بعد خود ہی اپنا راستہ نکالنا پڑتا ہے۔ اس نے یونیورسٹی سے فارغ ہوتے ہی ملک کی علمی سرگرمیوں میں حصہ لینا شروع کر دیا تھا۔ پیرس کی مشہور انجمن مستشرقین "سوسیتے ازیاتک" کی بنیاد ۱۸۲۲ء میں پڑی وہ اس کے بانیوں میں سے تھا اور اسی سال یکم اپریل سے آنریری طور پر وہ اس کا اسسٹنٹ سکریٹری اور لائبریرین مقرر ہوا[1]۔ اس سے ذرا پہلے دتاسی نے مشرقی ادب پر ایک تفصیلی لکچر "سرکل دے زار" کے سالانہ جلسے کے موقع پر دیا جو مقبول ہوا اور "یونیورسل میموار" میں چھپا۔ اس میں مشرقی ادب کی ترقی، نشو و نما اور اہمیت کو واضح کیا گیا تھا اور اس کا مقابلہ مغربی کلاسیکل ادب سے کرتے ہوئے اس کا ہم پلہ قرار دیا تھا۔ اس کے بعد سے وہ برابر متعلقہ موضوعات پر علمی و ادبی مضامین و کتابیں شائع کرتا رہا۔

سلوستر دساسی السنہ شرقیہ کا ماہر تھا اور علم دوست بھی۔ وہ ۱۸۲۴ء تا ۱۸۳۸ء مدرسہ السنہ شرقیہ پیرس کا ڈائرکٹر رہا۔ جہاں عربی وہ خود بھی پڑھایا کرتا تھا اور فارسی ترکی کے عالم پروفیسر بھی موجود تھے مگر کوئی ایسا نہیں تھا جو ہندوستان کے کروڑوں باشندوں کی زبان

---

[1] Le livre du Centenaire de la societe Asiatique, 1822-1922.

"ہندوستانی" سے واقف ہونا۔ چنانچہ اس نے السنہ شرقیہ کے سلسلے کو مکمل کرنے کے لئے اس زبان کی تدریس ضروری سمجھی۔ وہ موزوں افراد کا انتخاب کر کے ان کی سرپرستی کرتا رہا۔ اس نے اپنے ارادے سے گارسین دتاسی کو مطلع کیا اور حکومتِ فرانس کو آمادہ کیا کہ مدرسہ السنہ شرقیہ میں ہندوستانی کی تعلیم باقاعدہ شروع کی جائے۔

گارسین دتاسی انگریزی سے اچھی طرح واقف تھا اور انگریزی میں اردو سیکھنے کے لئے گرامر، ڈکشنری اور انتخابات موجود تھے۔ ان کی مدد سے بڑی جانفشانی کے ساتھ اس نے اُردو سیکھی۔ وہ انگلستان گیا کہ وہاں اردو عالموں سے ملے۔ اور اس زبان کے رسالے، قلمی اور مطبوعہ نسخے دیکھے اور ان سے استفادہ کرے۔

حکومت فرانس نے ۱۸۲۸ء میں موسیو مارتیانک کے مختصر عہد وزارت میں جب اُردو کی پروفیسر شپ منظور کر لی تو استاد نے اپنے شاگرد کو اس کا بجا طور پر مستحق سمجھ کر سفارش کی کہ یہ جگہ گارسین دتاسی کو تفویض کی جائے۔ اس کا تقرر ابتدًا عارضی طور پر ہوا۔ سلوسترساسی کی طرف سے عوام کی توجہ مبذول کرانے کے لئے اخبار مونیٹر مورخہ ۱۶ رجون ۱۸۲۸ء کو ذیل کا مضمون شایع ہوا:۔

"السنہ مشرقیہ کی تعلیم جو کئی سالوں سے یورپ میں مروّج ہے اس میں حکومت فرانس نے اور پیش قدمی کی جس سے ان کی ادب و سائنس میں بڑھتی دلچسپی کا ثبوت ملتا ہے اور ان نوجوانوں کی بھی ہمت افزائی ہوتی ہے جو اس تعلیم کے خواہاں ہیں۔ ۲۹ رمئی کو حکومت نے مدرسہ السنۂ شرقیہ میں ہندوستانی کی پروفیسر شپ کا اعلان کیا ہے۔ رایل کولیژ د فرانس میں ۱۸۱۴ء لوئی ہیژدہم کے وقت سے سنسکرت پڑھائی جا رہی ہے اور اب اکول اور نیتال دے لانگ وی وانت (جہاں بالخصوص زندہ زبانیں پڑھائی جاتی ہیں) میں ایسی زبان کی تعلیم حاصل کی جا سکتی ہے جو فارسی اور سنسکرت سے مل کر بنی ہے اور یہ مخلوط زبان ہندوستان کی مختلف قوموں میں اس درجہ پھیلی ہے کہ پورے ملک میں بول چال کا یہی عام ذریعہ ہے۔

Marfat.com

اس عظیم ملک میں یوں تو دس گیارہ زبانیں بولی جاتی ہیں مگر غیر ملکیوں کے لئے
ہندوستانی سیکھ لینا کافی ہے۔ تقریباً سارے ہندوستان میں راس کماری سے لیکر
بلوچستان تک اور سندھ سے لے کر برہم پتر کی وادیوں تک سمجھی جاتی ہے۔ دوسری
زبانیں مثلاً بنگالی اور تامل وغیرہ اپنے علاقوں تک محدود ہیں مگر ہندوستانی ہی
ملک کی عام یا قومی زبان کہی جا سکتی ہے۔ ہندوستانی تہذیب یافتہ زبان ہے
اور اپنے طبع زاد کارناموں اور ترجموں کی وجہ سے وسیع اور قابل توجہ ادب کی مالک ہے۔
چنانچہ اس زبان کی ابتدا سے السنہ شرقیہ کی سرپرستی ہوتی ہے..... گارسین دتاسی
جن کے ذمے یہ خدمت سپرد ہوئی ہے اس کو بخوبی جانتے ہیں اور انگلستان جاکر
انھوں نے ماہرین زبان سے بھی مدد لی ہے اور وسیع معلومات رکھتے ہیں۔ پچھلے
پندرہ سال سے تین اسلامی مشرقی زبانوں پر کام کر رہے ہیں۔ ان کے مضامین
اور کتابیں مختلف موضوعات پر برابر شائع ہو رہی ہیں۔ چھٹیوں کے ختم ہوتے
ہی ہندوستانی زبان کی تعلیم شروع ہو جائے گی اور ابتک جو دیر ہوئی وہ اس
لئے کہ پروفیسر موصوف ہندوستانی کی گرامر مرتب کرنے اور اس کی طباعت میں
مشغول تھے۔"[1]

اس اعلان کو دیکھنے کے بعد ایک شخص شوم نے اس کا مفصل جواب اڈیٹر کے نام لکھا جس
کے کچھ ضروری اور دلچسپ حصے نقل کئے جاتے ہیں:

"حقیقتاً ہندوستانی سوائے مسلمانوں کے اور کوئی نہیں سمجھتا۔ جہاں تک اس
کے ادب کا تعلق ہے اس میں عربی فارسی سے ترجموں کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ ہر
صاحب ذوق اصل کو ترجموں پر ترجیح دے گا۔ جہاں تک شاعری کا تعلق ہے
چاہے وہ طبع زاد ہو یا ترجمے۔ اس کے لکھنے پڑھنے والوں کے لئے ضرور جاذب ہے

---

[1] Le Moniteur Universel,, Lundi, 16 Juin 1828,
No. 168. p. 864, Colonne 3.

Marfat.com

مگر یورپ کے لئے ہیں۔ ہندوستان میں تاریخی اور عالمگیر دلچسپی کے طبع زاد کارنامے بھی لکھے گئے..... حکومت سے اس تعلیم کی درخواست اس بنا پر کی گئی کہ یہ ہندستان کے مختلف حصوں میں بول چال کے کام آتی ہے مگر یہ نہ تو فرانسیسی مقبوضات میں سمجھی جاتی ہے اور نہ ہی مذہبی نقطۂ نظر سے فائدہ مند ہے کیونکہ مسلمان عیسائیت میں دلچسپی نہیں لیتے اور نہ ہی اس میں کوئی جوش دکھاتے ہیں..... گارسین دتاسی کا انتخاب اس زبان کی پروفیسر شپ کے لئے ہوا ہے اور وہ جلد اس زبان کی گرامر شائع کرنے کا وعدہ کرتے ہیں مگر ہندوستانی اس قدر آسان ہے کہ بغیر گرامر کے سیکھی جا سکتی ہے۔ مصدر، ان کی بناوٹ اور فعل کے کچھ اصول معلوم کر لینے کافی ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ پہلے سے کئی گرامریں موجود ہیں مثلاً ڈوبین گل کرسٹ نے لکھی ہیں۔ ایک جان شیکسپیئر کی جو سب سے اچھی ہے۔ ایک پرائس۔ ایک اسمتھ۔ اور سن فورڈ آرنو کی بھی قابل ذکر ہے۔ یہ کتابیں انگریزی میں ہیں اور ہندوستانی پر تحقیق کرنے والے کے لئے انگریزی جاننا ضروری ہے۔ ہندوستان جانا بھی مفید ہوگا...... ہندوستانی فرانسیسی گرامر تیار ہو جائے جب بھی انگریزی کے بغیر کام نہ چلے گا کیونکہ ڈکشنری انگریزی زبان میں ہے....... یہ یقیناً اہم ہے کہ حکومت ان نوجوانوں کی ہمت افزائی کرے جو مشرقی ادبی زبانوں کو سیکھنا چاہتے ہیں مگر یہ بھی ضروری ہے کہ ہمت افزائی ایسے مقاصد کی طرف رہبری کر سکے جو مذہب، سیاست، تجارت اور ادب کے نقطۂ نظر سے اہم ہوں۔ ہندوستانی کی تعلیم سے بظاہر ان میں سے کوئی مقصد پورا نہیں ہوتا۔ مسلمان عیسائی نہیں بنتے اور کوئی اس زبان سے واقف ہو تو یہ بھی کوئی امتیاز کی بات نہیں سمجھی جاتی اور نہ ہی ہمت افزائی اور قدر دانی کی جاتی ہے[1]

---

[1] Nouvelles annalles des voyages, Paris, 24 Juin. 1828.

Marfat.com

اس طویل خط سے مصنف کی تنگ ذہنیت اور تعصب کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس نے خط پر ہی اکتفا نہیں کی بلکہ کتابچہ کی شکل میں چھپوا کر تقسیم بھی کیا۔ خوش قسمتی سے اس کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی اور اعلان کے مطابق ہندوستانی کی تدریس پیرس کے مدرسۃ السنۂ شرقیہ میں شروع ہوگئی۔

۱۸۲۹ء میں گارسین دتاسی نے سوصفحے کی گرامر لکھی۔ ملازمت کے ابتدائی برسوں میں اس کو پے بہ پے دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا مگر اس نے اپنی علمیت، ذہانت اور محنت کی وجہ سے اپنی جگہ بنالی۔ طالب علم جوق درجوق اس زبان کی طرف رجوع ہونے لگے۔ ۱۷ دسمبر ۱۸۳۰ء کو ہندوستانی زبان کی پروفیسر شپ مستقل کر دی گئی۔ گارسین دتاسی نے اپنے شوق علمی کی ساکھ قائم کر دی اور کچھ عرصہ بعد ہی اس کا سنہری دور شروع ہوگیا۔ سالہاسال مدرسۃ السنۂ شرقیہ میں اس زبان کی تعلیم کے لئے دور دور سے غیر ملکی طالب علم آتے رہے جن میں بڑی تعداد انگریزوں کی ہوتی جو ہندوستان کی ملازمت کے خواہاں ہوتے۔

تدریس ہندوستانی کی مخالفت میں شوم نے جو مضمون لکھا تھا اس کی چھاپ دتاسی پر اتنی گہری پڑی کہ ہمیشہ دکھتی رگ کی طرح اس کے ساتھ رہی۔ ہر سال یونیورسٹی کھلنے پر جب وہ سالانہ لیکچر دیتا تو اس میں کم وبیش اس بات پر زور دیتا کہ ہندوستانی ملک کی عام زبان ہے جس کو کروڑوں ہندی باشندے بولتے ہیں جس کا ادب ترقی پذیر اور قابل توجہ ہے۔

یورپ کے علمی حلقوں میں آج بھی یہ نقطۂ نظر عام ہے کہ زندہ زبانوں کے مقابلہ میں کلاسیکل زبانیں تحقیق کے لئے زیادہ مفید ہیں۔ اس لئے سنسکرت کو شوق سے پڑھنے والے زیادہ ملیں گے اور ہندوستان کی موجودہ زبانوں میں دلچسپی لینے والے کم ہوں گے حالانکہ ادھر حال ہی میں ہندوستان اور فرانس میں تعاون باہمی کی وجہ سے ہندی پڑھنے کا چلن بڑھ گیا ہے۔

۱۸۵۷ء کے سالانہ خطبہ میں گارسین دتاسی ایک جگہ مطلع کرتا ہے کہ میں نے ۱۸۱۷ء میں پہلی دفعہ ہندوستانی نسخے لانگلیس کے نادر کتب خانہ میں دیکھے جن میں افسوس کی آرائش محفل قابلِ ذکر ہے جو اردو کی بہترین کتابوں میں سے ہے۔[1]

---

[1] La Langue et la litterature Hindoustanie 1875, p. 24.

Marfat.com

اس سے یہ مراد نہیں کہ اس نے اردو سیکھنی اس وقت سے شروع کر دی تھی۔ اس کی ابتدائی تصانیف تو عربی، فارسی سے متعلق ہیں۔ اردو اس نے بعد میں سیکھی مگر جب پڑھی تو بڑی عرق ریزی کی اور اس کا شوق مطالعہ روز افزوں ہوتا گیا۔ اس نے تین بار انگلستان کا سفر کیا اور کافی عرصہ قیام کیا تاکہ اردو دالوں سے تفصیلی ملاقات اور تبادلۂ خیال کر سکے۔ ان سے ادبی رجحانات اور نئی مطبوعات کے متعلق بات چیت ہو سکے۔ وہاں اس کی ملاقات ڈبلیو۔ الیف۔ ایلین سے ہوئی جو "انڈین میل" کا مدیر تھا۔" ایشیاٹک سوسائٹی لندن کے سکریٹری ایڈون نورس سے ملا جس کو لسانیات اور ہندوستانی زبان سے شغف تھا۔ ڈنکن فوربز سے ملاقات کی جس نے ہندوستانی انگریزی ڈکشنری مرتب کی تھی اور جس نے ارنوٹ کے ساتھ مل کر لندن میں اورینٹل انسٹی ٹیوٹ قایم کیا تھا اور یہ دونوں گل کرسٹ کے شاگرد ہیں۔[1]

اپنے خطبات میں وہ کچھ اور مستشرقین احباب کا خلوص سے ذکر کرتا ہے جن میں ڈبلیو۔ ایچ۔ سائیکز۔ ہنری کورٹنر۔ الیگزنڈر کاظم بیگ۔ تھیوڈور گولڈ اسٹکر اور میری کارپینٹر اہم ہیں۔

مشرقی السنہ کے شغف اور یہاں کی زبانوں کے ادب پر اس کے تبصروں کی شہرت رفتہ رفتہ ہندوستان بھی پہنچی اور یہاں باخبر حضرات نے اس کی خدمتوں کا اعتراف کرنا شروع کیا۔ چنانچہ اس کے متعلق اخبار سین ٹیفک سوسیٹی علی گڑھ ۱۹ راپریل ۱۸۶۷ء میں مندرجہ ذیل نوٹ چھپا:

گارسین ڈتاسی صاحب

(منقول از اخبار عالم)

والا مرتبت عالی منزلت جناب تجدد مآب مسٹر مونیشر گارسین دتاسی صاحب بہادر جو ممبر اعلیٰ دی لا انسٹی ٹیوٹ پیرس دارالسلطنت ملک فرانس کے ہیں، علوم متعارفہ اور زبان مختلفہ میں بڑی لیاقت اور عمدہ فضیلت رکھتے ہیں بلا مبالغہ اظہار کیا جاتا ہے کہ اس لیاقت اور فضیلت کا انسان کم ہو گا۔

---

[1] La langue et la litterature Hindoustanie, 1866, p. 450.

Marfat.com

فصاحت عبارت فارسی اور اردو کی باوجودیکہ صاحب ممدوح نے کبھی ملک ہندوستان اور فارس میں تشریف لاکر یہ زبان نہیں سیکھی ہے، پھر بھی ایسی عمدہ ہے کہ جس کی فصاحت اور بلاغت قابل ہزار ہزار تحسین و آفرین کے ہے، سوائے اس کے علوم متداولہ اور السنہ مختلفہ ملک یورپ میں بھی صاحب ممدوح کو استعداد کامل اور ملکہ حاصل ہے۔ زیادہ تر خوبی یہ ہے کہ بحالت ایسے جوہر عمدہ اور فضیلت بے نہایت کے اخلاق کریم اور اشفاق عمیم خداداد حاصل ہے۔ سبحان اللہ انکسار اور فروتنی صاحب ممدوح کی ذات فیض آیات میں اس قدر ہے کہ جیسی بڑے بڑے بزرگوں اور تارک الدنیا اہل دل میں ہوتی ہے، سچ ہے:

تواضع ز گردن فرازاں نکوست
گدا اگر تواضع کند خوئے اوست

اللہ اکبر اس فضیلت علمی اور رتبہ عالی پر یہ کچھ خاکساری ہے:

نجابت ہر کرا چوں شہر بارفعت قریں باشد
اگر بر چرخ چارم رفت چشمش بر زمیں باشد

صاحب معزی الیہ ہر آئینہ اس قابل ہیں کہ جس کسی کو ہمت اور توفیق یاوری دے وہ اُس ملک میں پہنچ کر صاحب ممدوح کی خدمت میں رہ کر استفاضہ علوم اور فضیلت کا حاصل کرے۔ صاحب ممدوح ملک فرانس کے رؤسا اور والاہم سے ہیں اور تمام ممالک دور دراز میں مشہور اور معروف ہیں اور ارباب علم ان کی توصیف اور تعریف میں رطب اللسان اور عذب البیان ہیں۔ کیا خوب ہو اگر ایسے مجمع فضیلت کریم اخلاق ملک ہندوستان میں تشریف لاکر سیاحت فرماویں تاکہ اس ملک کے آدمی بھی اس حال سے واقف ہوں کہ غیر ممالک کے آدمی مجمع فضیلت اور رئیس عالی باوجود ہر طرح کی مخالفت قومی اور مذہبی کے غیر ملک کے آدمیوں سے ایسے اخلاق اور تواضع سے پیش آتے ہیں کہ ان کے ہم جنس اور ہم وطن اور ہم رتبہ بھی ویسے نہیں ہیں۔ راقم اخبار عالم صاحب ممدوح کی کرم فرمائی غائبانہ اور قدر دانی

Marfat.com

بے پایاں کا ممنون اور مشکور ہے کہ صاحب ممدوح نے اپنی اسپیچ یعنی تقریر فوائد تخمیر کی ایک کتاب جو بہ زبان فرانسیسی چھپی ہے، مرحمت فرمائی اور اپنی تصویر بھی جس سے ایک کمال علم اور وقار اور عظمت اور انکسار معلوم ہوتا ہے، فوٹو گرافک کی کھینچی ہوئی عطا کی۔ انشاءاللہ تعالیٰ آیندہ حال مفصل صاحب ممدوح کا بنظر اطلاع اس ملک کے آدمیوں کے زیب صفحۂ اخبار ہوگا۔" (صفحہ ۲۴۵۔ ص ۲۴۹)

وہ ہندوستانیوں اور ہندشناسوں سے ملنے کا ہمیشہ خواہش مند رہتا تھا۔ اگر کوئی پیرس آتا تو وہ سمجھتا جیسے یہ اُسی کا مہمان ہو۔ اس کے خطبات اور خطوط میں اکثر ہندوستانیوں سے ملاقات کا ذکر ملتا ہے۔ ۱۸۷۰ء میں سرسید احمد خاں کے صاحبزادے سید محمود پیرس گئے تو ان کی بڑی خاطر کی، اپنے گھر مدعو کیا اور اپنی کتاب "تاریخ ادبیات ہندوئی و ہندوستانی" بطور تحفہ دی۔ ایسے ہی مولوی مسیح الدین خاں رئیس کاکوروی مشیر شاہ اودھ سے پیرس میں مل کر خوشی کا اظہار کرتا ہے اس کی ملاقات ولیم میسور سے بھی پیرس میں ہوئی جن کے بارے میں اطلاع دیتا ہے کہ انہوں نے پانچ ہزار روپے بہترین ہندوستانی کتابوں کے لئے ۷۳-۱۸۷۲ء میں وقف کئے جو سولہ اردو اور دو ہندی کے مصنفین کو ملے۔ ڈبلیو نوکس سیکریٹری معزول نواب مرشد آباد سے بھی پیرس میں ملنے کا ذکر کرتے ہوئے ان کی قدرت زبان کا اعتراف کرتا ہے۔[1]

گارسین دتاسی کی مراسلات ہندوستان کے مصنفین، ناشرین، اخبار اور رسائل کے مدیروں اور چھاپہ خانہ کے مالکوں سے بھی تھی۔ مثلاً وہ شکر گذار ہے کہ "اخبار الاخیار" اس کے منتظم مولوی سید امداد علی نے از راہ عنایت بھیجا۔

اس کی خط و کتابت ہندوستان میں بہت سے ہندشناسوں سے مستقل رہی ہے۔ فیلکس بوزو فرنچ مستشرق جو دہلی کالج میں پروفیسر تھا اور بعد میں اس کا پرنسپل ہوگیا تھا۔ اس کا اچھا دوست تھا۔ اس سے متفرق مسائل بوقت ضرورت پوچھتا رہتا تھا اور پابندی سے

---

[1] La langue et la litterature Hindoustanie, 1877, p. 96.

Marfat.com

خط لکھتا تھا۔ اس کے تعلقات باذوق اور علم کے قدر دان انگریزوں سے بھی تھے جو اس کو مطلوبہ کتابیں۔ رسالے اور قلمی نسخوں کی نقلیں بھیجتے رہتے اور تحقیق طلب امور کا جواب بعد دریافت اور کاوش کے دیتے رہتے تھے۔ ان میں سر الیگزنڈر گرانٹ (ڈائرکٹر تعلیمات بمبئی) سر چارلس ٹریولین۔ ایم شکال۔ میجر جمیز اور میجر فلر قابل ذکر ہیں۔ اپنے خطبہ میں افسوس سے بیان کرتا ہے کہ فرانسیس ٹیلر (پرنسپل دہلی کالج جو غدر میں شہید ہوئے ہیں) سے علمی امداد متواتر ملتی رہی۔

" فرانسیس ٹیلر مجھے اکثر وبیشتر شمالی ہند کی ادبی تحریکات سے مطلع کرتے رہے۔ ان پر ادبی مسائل کی فراہمی کے لئے بڑا بھروسہ تھا وہ خط کا جواب پابندی سے دیتے اور جو پوچھا جاتا اس میں اپنے حتی الامکان تحقیق کرتے۔ وہ ہندوستانی زبان سے بخوبی واقف تھے اور اس کے عالموں سے ان کے دوستانہ مراسم تھے اس لئے بحث طلب معلومات میں وہ اہلِ زبان عالموں کی رائے بھی لیتے رہتے تھے۔ اس سے ان کے ادبی وعلمی معاون ہونے کا اندازہ کیا جا سکتا ہے"۔[اے]

گارسین دتاسی نے اُردو کے لئے جان شیکسپیر کو اپنا استاد تسلیم کیا ہے۔ اس عظیم مستشرق کی موت پر غم کا اظہار کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ " وہ ایسا غیر معمولی عالم تھا جس نے ابتداء صدی سے نہایت کامیابی کے ساتھ ہندوستانی پر لکھنا شروع کر دیا تھا وہ ہندوستانی زبان کے لئے رومن رسم الخط کا بہت مخالف تھا۔ میں جان شیکسپیر کا ذکر کرتا ہوں جو میرے اردو کے استاد تھے ایسے ہی جیسے عربی فارسی کے لئے سلوستر دساسی تھے"۔[ٹے]

ہر چند کہ وہ جان شیکسپیر کو اپنا استاد مانتا ہے مگر اس کی کوئی یقینی شہادت نہیں ملتی کہ باقاعدہ طور پر اس نے انگلستان میں رہ کر شیکسپیر سے اردو پڑھی ہو۔ وہ اس سے متعدد بار ملا۔ دونوں میں پابندی کے ساتھ مراسلت بھی تھی۔ اس سے کتابیں وغیرہ منگواتا رہتا تھا اور متفرق علمی مسائل میں مشورہ لیتا تھا۔

اے La Langue et la litterature Hindoustanie 1857, p. 126.

ٹے ibid., 1859, P. 184.

Marfat.com

ان ملاقاتوں، علمی تبادلۂ خیال اور قدردانی کی وجہ سے اسے اپنا استاد سمجھتا ہے۔ یہ تعلق شاید روحانی زیادہ تھا۔

گارسین دتاسی کو سیاست سے کوئی خاص دلچسپی نہ تھی۔ اس کی تصانیف اور تقریروں سے اس خیال کی وضاحت ہوتی ہے وہ اپنی زندگی ہی میں مشہور ہوگیا تھا اور خاطرخواہ قدردانی بھی ہوئی۔ اس کی علمیت اور لیاقت کے اعتراف میں اسے ۳ راگست ۱۸۳۸ء کو پرنس تا ئیران کے مرنے پر فرانس کی "اکیڈمی دے زنسکرپسیوں اے بیل لیٹر" کا ممبر مقرر کیا گیا جو کسی بھی فرانسیسی عالم کے لئے سب سے بڑا اعزاز ہے۔ ۲۸ رجون ۱۸۷۶ء کو وہ سوسیتے ازیاتک پیرس کا صدر منتخب ہوا۔ انگلستان سے امپریل اسٹار آف انڈیا کا اعزاز ملا۔ پیٹرزبرگ۔ برلن۔ میونک۔ ویانا۔ فلورنس۔ اپسالا۔ امریکن اورینٹل سوسائٹی۔ انجمن اسلام لاہور۔ انسٹی ٹیوٹ گزٹ علی گڑھ۔ پرتگال اور سویڈن کی اورینٹل مجلسوں کا بھی رکن مقرر ہوا۔ وہ فرانس کی اورینٹل سوسائٹی اور علم الاقوام کی انجمن کا نائب صدر تھا۔

گارسین دتاسی کو شاہ فرانس کے دربار میں اپنے اولین کارنامے کتاب کشف الاسرار عن حکم الطیور والازھار" کی طباعت اور اس کے فرانسیسی ترجمہ کے صلے میں حاضری کا شرف نصیب ہوا۔ اس میں شاید سلوسترد ساسی کی اعانت شامل تھی۔ جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ شاگرد کی بہ نسبت استاد کو دنیاوی اعزاز اور رکھ رکھاؤ سے زیادہ دلچسپی تھی۔

گارسین دتاسی رومن کیتھولک عقائد کا پکا عیسائی تھا۔ اپنے سالانہ خطبات میں وہ عیسائی مشنری کارروائیوں کا ذکر کرتے ہوئے قبول عیسائیت کی تفصیل و تعداد دیتا تھا جس سے اس کے مذہب کے شغف کی شہادت ملی ہے مگر وہ عام اور روایتی قسم کا عیسائی نہیں تھا۔ اس نے مختلف مذاہب کا تقابلی مطالعہ کیا تھا۔ اس کا ایمان تھا کہ سب مذہب انسان کی رہبری ایک ایسی بلند حقیقت کی طرف کرتے ہیں جو کثرت و تنوع کے باوجود وحدت و کلیت کی حامل ہے۔ اس کے خیال میں یہ بنیاد تمام مذہبوں میں مشترک ہے اور بنیادی طور پر ان میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ اسی لئے اسلامی عقائد کو سمجھنے اور سمجھانے میں اس نے صبر اور بڑی ہمدردی سے کام لیا ہے۔

گارسین دتاسی کی شادی اپنی پسند اور خواہش سے ۵ ردسمبر ۱۸۲۱ء کو "میری فیلی سٹ

Marfat.com

صوفی سیسے" سے پیرس میں ہوئی۔[1] وہ اپنی بیوی کو بہت چاہتا تھا۔ ان کے کوئی اولاد نہیں ہوئی، مگر ازدواجی زندگی خوشگوار اور مطمئن گذری، رفیقۂ حیات سے محبت اور اس کی عزت کے جذبہ کا اندازہ ۱۸۷۵ء کے خطبہ سے ہوتا ہے جس میں وہ کہتا ہے کہ:

"میں ہندوستانی مصنفین اور مستشرقین کی وفات کے بیان سے پہلے اپنے ذاتی نقصان اور جانکاہ سانحہ کا ذکر کرتا ہوں کہ میری محبت کرنے والی ہمہ صفت شریک حیات صحیح معنوں میں پتی ورتا، نرم گفتار و خدمت گذار جو باون سال تک میری دلاسائی اور خوش قسمتی کا باعث رہی۔ آج ہمیشہ کے لئے مجھے تیرہ و تار کر گئی۔ تسلی اب تو بقول ایک انگریز کے بس اس خیال سے ہوتی ہے:

"We shall sleep, but not for ever,

There will be a glorious dawn.

We shall meet to part no never

On the resurrection morn".

بیوی کی رحلت کے تین سال بعد گارسین دتاسی نے ۲ ستمبر ۱۸۷۸ء کو چوراسی سال کی عمر میں ایک بجے دن اپنے گھر پیرس میں انتقال کیا۔ اس کی لاش مارسیلز لے جائی گئی جہاں وہ سینٹ پیٹر قبرستان میں ایک گھنے سایہ دار درخت کے نیچے ابدی نیند سو رہا ہے۔ اب بھی مارسیلز میں اس کی کشادہ قبر اچھی حالت میں ہے۔ اس پر گارسین دتاسی کے علاوہ تھیوفیل گارسین (چھوٹے بھائی) اور خاندان کے دو افراد کے نام کندہ ہیں۔

اس کی وفات پر جو مضامین فرانس اخبار و رسائل میں شائع ہوئے وہ اس کی ہر دلعزیزی انتھک محنت اور ادبی خدمات کے معترف ہیں۔ ان تعزیتی بیانات کے چند اقتباسات حسب ذیل ہیں جن سے گارسین دتاسی کی شخصیت پر روشنی پڑتی ہے۔ ایڈورڈ رنیر نائب صدر سوسیئتے ازیاتک

---

[1] Act de Marriage de Garcin de Tassy, Archive de la Seine, 30 quai Henri IV, Paris

Marfat.com

پیرس گیارہ اکتوبر ۱۸۷۸ء کے جلسہ کو یوں مخاطب کرتا ہے :

"سالانہ اجلاس منعقدہ جون کے بعد ہم نے اپنا پرانا ساتھی اور بڑا عالم کھو دیا۔ میں اس موقع پر آپ سب کے ساتھ غمگین ہوں۔ وہ سوسیتے ازیاتک پیرس کے بانیوں میں سے آخری تھا جس نے اس کی بنیاد رکھی اور مرتے دم تک سالوں سال نہایت محنت اور ذوق و شوق سے اس کی خدمت و تربیت کی۔ اس کی بے لوث خدمت کی یاد ہمیشہ ہمارے سینوں میں محفوظ رہے گی۔ وہ مستشرقین کی اس نسل سے تھا جس کا محرک سلوستر دساسی اور اس کا ذوق علم تھا وہ ہر لحاظ سے استاد کا منفرد شاگرد اور غیر معمولی مستشرق تھا۔ عربی فارسی سیکھنے کے بعد اس نے بالخصوص ہندوستانی میں مہارت پیدا کی اور اس کے لئے اپنے کو وقف کر دیا۔ استاد کی درخواست پر ایکول دلانگ اورنیتال ویوانت میں اس زبان کی پروفیسری قایم کی گئی۔ اپنے کو اس خدمت کا مستحق ثابت کرنے کے لئے اس نے ولولہ اور علمی دلچسپی کا ثبوت دیا ہے۔ ہندوستان کے مختلف پہلوؤں، تاریخ حاضرہ اور زبان و بیان کے متعلق اس کا مطالعہ وسیع تھا۔ ہر سال یونیورسٹی کھلنے پر اپنے خطبہ میں وہ ایسے منتخب اور دلچسپ بیانات دیتا جو معلومات سے پُر ہوتے۔ یہاں اس کے کارناموں کا سائنٹفک تجزیہ مقصود نہیں۔ اس کا حق ہمارے سکریٹری اپنی سالانہ رپورٹ میں ادا کریں گے۔ اس نے ہندوستانی کی تعلیم و تصنیفات کو معزز بنا دیا۔ گارسین دتاسی کی قابل، بے لوث اور علم و ادب میں سرگرم زندگی ہمارے لئے اچھی مثال ہے"[1]

سوسیتے ازیاتک پیرس کے سالانہ جلسہ منعقدہ ۲۸ جون ۱۸۷۹ء ارنسٹ ریناں سکریٹری اپنی رپورٹ میں گارسین دتاسی پر پانچ صفحوں میں تفصیلی بیان دیتا ہے جس کا خلاصہ حسب ذیل ہے :

---

[1] ژورنال ازیاتک۔ اکتوبر نومبر ۱۸۷۸ء۔ پیرس صفحہ ۴۵۵

Marfat.com

"گارسین دتاسی کے ساتھ سوسیتے ازیاتک کے بانیوں میں سے آخری، قبر میں اتار دیا گیا۔ وہ ممتاز مستشرقین کے قافلے میں آخری تھا جو سلوستر دساسی کے چاروں طرف جمع ہو گئے تھے اور اپنی متعلقہ زبانوں کے عالم و ماہر ہوئے.....
وہ مارسیلز میں پیدا ہوا۔ السنہ شرقیہ کا شوق اس کو اپنے وطن میں ہی پیدا ہو گیا تھا، وہ اس ذوق کی تکمیل کے لئے پیرس آیا جہاں سلوستر دساسی نے پدرانہ شفقت سے اس کی تعلیم و تربیت پر توجہ دی اور اپنا میدان علمی اس کو سونپا کیونکہ اس زبان و ادب کو وہ خود سیکھنا چاہتا تھا جس کا رسم الخط عربی تھا اور جس پر اکثر فارسی کے اور بیشتر برہمنی اثرات ملتے ہیں اور جس کو ہندوستانی کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ گارسین دتاسی با ذوق، ذہین اور محنتی شاگرد تھا۔ اس نے ہندوستانی زبان میں مہارت حاصل کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ وہ اس اہم خدمت کے لئے پورے طور پر تیار اور اس کا جائز مستحق تھا اس نے ہمیں مشرقی فلسفیانہ شاعری سے متعارف کرایا جو دل کش و جاذب ہے...... کلیات ولی اور اس کے منتخبات کا فرانسیسی ترجمہ ایک بیش بہا خزانہ ہے جو ہمارے ذہنوں کی رہنمائی ایک نئی سمت کی طرف کرتا ہے۔ گارسین دتاسی نے ہندوستان پر پڑھنے پڑھانے سوچنے اور لکھنے لکھانے کے ساتھ ہر قسم کی نئی معلومات خاص طور پر ادبی رجحانات اور علمی تجربات حاصل کرنے کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیا تھا"

"اس نے ہندی مسلمانوں کے سارے اہم پہلوؤں کا عمیق نظر سے مطالعہ کیا تھا اور ہندوستانی کے تمام رجحانات اور تخلیقی کارناموں پر اس کی نظر تھی۔ گارسین دتاسی کی نظر سے کوئی نئی تحریر نہ چھوٹتی تھی۔ کون سا ایسا ہندوستانی اخبار تھا جو وہ نہ پڑھتا تھا۔ کوئی بھی ادبی نشست یا مجلس نہ تھی جس کے کارناموں کا اس نے جائزہ نہ لیا ہو۔ وہ ہم مستشرقین کے لئے ماڈل ہندوستان میں اسے شہرت ملی۔ ہندوستان کے اخبار و رسائل میں اس کی تصویریں چھپیں اور

Marfat.com

اس کے کمال کا اعتراف کیا گیا ہے۔ اس نے وہ کچھ کیا جو انگریز مستشرقین خود کرنا چاہتے تھے مگر نہ کر سکے۔ اس کے ذاتی تعلقات ہندوستانیوں سے وسیع تھے۔ حکومت انگلشیہ نے بھی اس کی ادبی خدمات کی کھلے دل سے قدر دانی کی.....
اپنے عقائد و خیالات میں وہ مستحکم تھا مگر اس کے باوجود اس کے ہاں دوسروں کے لئے بڑی گنجائش تھی...... ہم اسے پسند کرتے ہیں۔ کیونکہ جہاں ہم اس کی کمزوریوں اور قدر دانی کی خواہش پر مسکراتے ہیں وہاں یہ بھی قابلِ غور ہے کہ وہ ، گزشتہ نسل سے تعلق رکھتا تھا۔ اس کے نزدیک زندگی کا نام سنجیدگی تھا اور دنیا سے بے تعلق ہو کر اپنے کام میں لگے رہنا مقصدِ حیات۔ اسے نہ دنیا سے کوئی دلچسپی تھی نہ کسی چیز سے واسطہ۔ اس کے ہاں زبان و ادب کے لئے ایسا خلوص ملتا ہے جو اس کی تحریروں میں حقیقی جاذبیت پیدا کر دیتا ہے۔ وہ کسی موڑ پر گرم نہیں ہو جاتا۔ اور ایسا کوئی ریمارک پاس نہیں کرتا جس سے کسی کو صدمہ پہنچے۔ اس کے ہاں خود قابلِ تعریف نہیں۔ سب کے لئے اس کے ہاں مروت و ہمدردی کے جذبات ملتے ہیں۔ وہ کسی کا مخالف نہیں اس کے اندر ہم اپنا ماضی دیکھتے ہیں۔ جو گذر گیا۔ اگلوں کے نزدیک جو خوبیاں تھیں ہم ان کو کمزوریاں سمجھتے ہیں۔ اس کی ذاتی رائے کی آزادی پر روایتی قدروں کی چھاپ گہری تھی۔ وہ کاترمیر (Quatre Mere) سے مشابہ ہے سوائے اس کے وہ ان لوگوں سے بھی صبر و نرمی سے پیش آتا جو اس سے کوئی طبعی مناسبت نہ رکھتے تھے۔ اس کی محبت آمیز مسکراہٹ اور دور دراز کی دنیا پر اس کے طویل دلچسپ بیانات ہمیشہ اس کی یاد دلاتے رہیں گے۔ اس کی وفات ہمیں اتھاہ رنج و محن میں چھوڑ جاتی ہے۔"[۱]

---

[۱] Journal Asiatique, Rapport Annuel 1879, Paris, p. 13-17.

Marfat.com

وہ لاولد مرا۔ اس کے چھوٹے بھائی جوزف تھیوفیل کارڈ کا ہلیو دور گارسین دتاسی اس کا وارث ہوا۔ مال و متاع سے قطع نظر دتاسی کا کتب خانہ بڑا اہم اور بیش بہا تھا۔ جس کو کسی لائبریری میں محفوظ کرنے کے بجائے پیرس میں نیلام کر دیا گیا۔ اس کی تفصیل ضمیمہ II میں دیکھی جاسکتی ہے۔

اورینٹل اسکول لائبریری پیرس میں گارسین دتاسی کے کچھ ذاتی نسخے اس کے قلم سے فٹ نوٹ لکھے ہوئے ملتے ہیں۔ ممکن ہے وہ اس کا عطیہ ہوں۔ مارسیلز کی میونسپل لائبریری میں بھی اس کے کتب خانہ کے بچاس قلمی نسخے موجود ہیں۔ جن کی فہرست میں نے اپنے مارسیلز کے دوران قیام جنوری ۱۹۶۰ء میں تیار کی تھی۔ شاید یہ نیلام کے بعد بچ رہے ہوں۔ ان میں زیادہ تر کتابیں اُردو کی ہیں جن میں سے کچھ اہم قلمی نسخے مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ باغ و بہار۔ مولفۂ میر امن۔ اردو قلمی نسخہ ۱۲۱۷ھ میں بڑی تقطیع کے ۹۲ صفحوں میں لکھا گیا ہے۔

۲۔ باغ و بہار۔ منظوم۔ امیر اللہ ناظر۔ مطبوعہ نول کشور لکھنؤ۔ بڑی تقطیع ۸۳ صفحات ۱۲۷۳ھ۔

۳۔ گنج خوبی۔ میر امن مترجم۔ بڑی تقطیع ۱۲۱۷ھ۔

۴۔ نل ودمن۔ مولفہ سورداس۔ اردو قلمی نسخہ ۹۳-۱۷۹۲ء دہلی میں لکھا گیا۔

۵۔ دیوان ولی کے تین قلمی نسخے۔ تین مختلف اشخاص کی نقل شدہ۔

۶۔ پنچھی بھاشا۔ مولفہ وجیہہ الدین وجدی۔ اردو نظم کا قلمی نسخہ ۱۱۲۴ھ ۳۳۶ صفحات میں لکھا گیا۔

۷۔ کتاب ریختہ۔ دیوان رفیع سودا۔ قصاید۔ مثنوی اور رباعیات سودا اردو قلمی نسخہ ۱۲۶۰ھ

۸۔ قصہ بے نظیر

۹۔ قصہ کنور کامروپ۔ اردو مخطوطہ جس کے تین نسخے ہیں۔ ایک ۲۶۴ صفحوں میں فضل علی کاتب کا لکھا ہوا۔

۱۰۔ قاطع برہان۔ مولفہ اسد اللہ خاں غالب مطبوعہ اکمل دہلی۔ صفحے ۱۵۴۔ یہ وہ نسخہ ہے جو غالب نے ۱۸۶۶ء میں میجر فلر کو پیش کیا تھا اور فلر نے بطور تحفہ گارسین دتاسی

Marfat.com

کو بھیجا۔

۱۱۔ تذکرہ میر قدرت اللہ قاسم۔ اردو مخطوطہ ۱۲۱۲ھ صفحے ۹۱۹۔

۱۲۔ مخزن الامثال۔ مولفہ محمد عسکری ۱۸۰۳ء اردو مخطوطہ صفحے ۲۹۴۔

۱۳۔ کشف الاسرار۔ مولفہ المقدسی۔ عربی مخطوطہ ۱۰۳۶ھ

۱۴۔ پدمنی اور علاء الدین کا افسانہ۔ صفحے ۸۶ ہندی مخطوطہ

۱۵۔ کالیداس کا ناٹک۔ شکنتلا ۱۱۹۸ھ۔ بڑی تقطیع۔ ہندی مخطوطہ

گارسین دتاسی کی مشرقی علوم سے دلچسپی کی بنیاد بچپن میں ہی پڑ گئی تھی۔ اس نے اپنے آبائی وطن میں عربی سیکھنی شروع کی۔ اور جب پیرس آکر عربی کے بعد وہ اُردو زبان کی شیرینی اور اس کے ادب سے متاثر ہوا تو ذوق مطالعہ اور تحصیل علم کی جستجو میں جس قدر اس زبان کی ادبی میراث سے واقف ہوتا گیا اسی قدر اس کا اردو سے شغف بھی بڑھتا گیا۔ یہاں تک کہ اردو زبان و ادب کے مسائل میں ایک عام اردو داں ہندوستانی کی طرح حصہ لینے لگا۔

انگریزوں نے ہندوستان میں اقتدار حاصل کرنے کے بعد زبان کی بنیاد پر ہندوؤں اور مسلمانوں کو الگ کرنے کی سازش کی، ہندی کا احیار اور اس کو رواج دینے کی کوشش اس سازش کا ایک حصہ تھیں، گارسین دتاسی نے اس کی سخت مخالفت کی اور فیصلہ اردو کے حق میں دیا۔ چنانچہ اس لسانی نزاع کے متعلق لکھتا ہے:

"مسٹر کیمبل کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہندوستانی اردو نے جس طرح ہندوؤں کی رجعتی حکمت عملی کا مقابلہ کیا ہے اس طرح ان کی تنقید و تعریض کا بھی مقابلہ کرے گی۔ ممکن ہے مسٹر کیمبل کے احکام کی بلا چون وچرا پابندی کی جائے تو بہار کے مدارس میں اردو ختم ہو جائے لیکن اور دوسرے مقامات پر اس زبان کے رواج کو کوئی نہیں روک سکتا .... ایسے جلسوں میں جن میں انگریز اور ہندوستانی دونوں شریک ہوں گے، اس زبان کے ذریعہ تبادلۂ خیالات کیا جائے گا۔"[۱]

[۱] مقالات گارساں دتاسی، (جلد اوّل) ۱۸۶۲ء، انجمن ترقی اردو، پاکستان، ص ۱۸۹

Marfat.com

ہندوستان میں تو اردو کے لئے جو کچھ ہو رہا تھا یا جو ہونا چاہیئے اس کی حمایت کرنے کے علاوہ دتاسی نے خود انگلستان میں اردو کی تعلیم پر بہت زور دیا ہے۔ اس کے نزدیک ہندوستان پر حکومت کرنے کے لئے انگریزوں کا اس زبان کو سیکھنا ضروری تھا۔ اور جب کبھی اس کی کوشش یا خود ارباب اقتدار کی اپنی مصلحتوں کے نتیجہ میں اردو کے فروغ کی کوئی صورت نکلتی تو نہایت خوش ہوتا۔ لکچروں میں ایسی متعدد علامات ملتی ہیں جس میں کسی نئی جگہ اردو تعلیم کے شروع ہونے پر وہ خوش دکھائی دیتا ہے۔ اپنے خطبات میں اس نے کئی جگہ نئے کالجوں میں اردو تعلیم کے انتظام کے متعلق اپنے سامعین کو مطلع کیا ہے، چنانچہ یکم دسمبر ۱۸۶۲ء کے خطبہ میں کہتا ہے:

"ہیلی بری کالج (Haileybury College) کی جگہ ڈولوچ کی فوجی اکاڈمی میں مشرقی علوم کی تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے یہاں مسٹر کاٹن ماتھر ہندوستانی زبان کی تعلیم دیتے ہیں۔ مگر اب لندن کے کنگز کالج Kings College میں مشرقی علوم کا ایک علاحدہ شعبہ قایم ہوا ہے؛ ہیلی بری (Haileybury) کالج کی تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد متعدد اشخاص نے نظم ونسق اور علم وفضل میں بڑا نام پیدا کیا تھا امید ہے کہ یہی روایات اب بھی قائم رہیں گی۔ کنگز کالج کے مشرقی شعبہ میں مسٹر فٹز ایڈورڈ ہال (F. E. Hall) ہندوستانی زبان کی تعلیم دیتے ہیں"[1]

کہیں زبان کی تعلیم شروع ہو، کسی نئی کتاب کی اشاعت ہو، اردو کتاب کا انگریزی ترجمہ ہو، یا کسی نئے اخبار ورسالے کی اشاعت ہو دتاسی خود اپنے خطبات کے ذریعے اپنے سامعین کو اس کی اطلاع دیتا تھا اور تالیف واشاعت سے متعلق ان اطلاعات کو زبان کی ارتقار اور مقبولیت کے شواہد کی حیثیت سے پیش کرتا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ دتاسی اپنے دیگر ہم مذہبوں کی طرح ایک مخلص عیسائی اور اپنے دین کا پُرجوش مبلغ بھی تھا۔ نہ صرف یہ کہ اس کی نظر عیسائیت کے فروغ کے لئے کی جانے والی مساعی پر رہتی تھی بلکہ اکثر وہ مشورے بھی دیتا تھا اور اسے

---

[1] خطبات گارساں دتاسی؛ حصہ اول (اشاعت ثانی ۱۹۷۹ء) انجمن ترقی اردو، پاکستان؛ ص ۳۴۱

Marfat.com

بعض عیسائیوں کے مسلمان ہونے پر افسوس بھی ہوتا تھا جس کا وہ باقاعدہ اظہار کرتا تھا، لیکن اس کے باوجود اسے ہندوستان کے مسلمانوں اور ان کی زبان سے حد درجہ محبت تھی۔ وہ جس قدر افسوس سے عیسائیوں کے مسلمان ہونے کا ذکر کرتا تھا اسی نیکی اور صاف دلی سے اردو زبان کے فروغ اور ہندوستان میں اس کی اہمیت کا بھی ذکر کرتا ہے۔ دتاسی کی شخصیت کا یہ پہلو توجہ طلب ہے۔ طبیعت کی شرافت، نیکی اور خلوص اس کے ہر خطبہ سے نمایاں ہے۔ یہ اس کے خلوص اور خود پر اعتبار کا ثبوت ہے کہ زبان کے سلسلے میں انتہائی اختلافی مسائل پر بھی اس کی رائے نہایت واضح اور دوٹوک اور اُردو کے حق میں ہوتی تھی۔

دتاسی کے طریقۂ تعلیم میں ادبیات کے بجائے زبان کی تعلیم زیادہ اہمیت رکھتی تھی۔ ادب کا ذوق بھی وہ زبان کے ذریعہ پیدا کرنے کی کوشش کرتا تھا۔ اپنے ایک خطبہ میں اپنے طریقۂ تعلیم کے متعلق کہتا ہے:

"حضرات! مجھے امید ہے کہ میرے لکچر ہندوستان کی جدید زبان کے علمی ادبی مطبوعات کے پڑھنے میں آپ کی کافی رہنمائی کریں گے۔ میری تعلیم کا طریقہ، جیسا کہ آپ جانتے ہیں، تجزیہ کے اصول پر مبنی ہے۔ میں ہر لفظ کی تشریح کرتا ہوں اور متن کے معنی و مطالب کے ساتھ ساتھ موقع بہ موقع نحوی قواعد پر بھی نظر ڈالتا جاتا ہوں اور ہر محاورے کا تجزیہ کرتا ہوں۔ میری دانست میں یہی ایک طریقۂ حقیقی اور ٹھوس ترقی کرنے کا ہے۔"[1]

تجزیے کا یہ طریقہ، طلبہ کو زبان کے اوصاف و امتیازات سے متعارف کرتا ہے اور زبان پر قدرت حاصل ہونے کے بعد ادب کی تفہیم خود بخود آسان ہو جاتی ہے۔ دتاسی نے ہمیشہ اس اصول کی پابندی کی۔ اس کے لیکچرز میں جس طرح زبان، محاورات نیز ہندوستانی کی صرف و نحو پر کثرت سے مباحث ملتے ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ خود دتاسی کو زبان کی ساخت اور اس کے

---

[1] خطبہ ۷ فروری ۱۸۶۱ء؛ خطبات گارساں دتاسی؛ حصۂ اول (اشاعت ثانی) ۱۹۷۹ء؛ ص ۲۷

Marfat.com

امتیازات کی تفہیم سے کس قدر دلچسپی تھی۔ اور وہ کوشش کرتا تھا کہ اس زبان کے اسرار ورموز سے اپنے طلبہ کو پورے طور پر آگاہ کرے۔ جو بالآخر ادب کی آگاہی پر منتج ہوگا۔ زبان کی صرف ونحو اور محاورات وغیرہ کی ضرورت دتاسی کو اس لئے بھی تھی کہ اس کے درس میں بیشتر فرانسیسی اور دیگر یورپی ممالک کے طلبہ شریک ہوتے اور جب تک وہ محاورات وغیرہ کے ذریعہ ہندوستانی کے مزاج سے واقف نہ ہوتے ادب کا سمجھنا ان کے لئے ممکن نہ تھا۔ چنانچہ اپنی کلاس کے لئے اس نے کتابوں کا انتخاب کرتے وقت بھی یہ بات پیش نظر رکھی کہ کتاب زبان کے مزاج کی نمائندہ ہو۔ ایک لکچر میں سال رواں کے لئے کتابوں کے انتخاب کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے :

"میں اس سال "باغ و بہار" فارسی اور لاطینی ہر دو رسم تحریر میں پڑھاؤں گا۔ یہ کتاب خالص اردو زبان میں لکھی گئی ہے۔ ساتھ ہی کامروپ کے کارناموں کی تحسین الدین والے ایڈیشن سے تشریح کروں گا۔ یہ کتاب دکنی زبان میں ہے۔

ان دو کتابوں کے انتخاب کے ساتھ دتاسی اردو کے دو نمائندہ اسالیب، دکنی اور شمالی اردو کو ایک ساتھ پڑھانا چاہتا ہے۔ یہ دونوں کتابیں اپنے اسالیب کی مکمل نمائندگی کرتی ہیں۔ باغ و بہار کے دیباچے میں میرامنؔ نے اس ترجمے کے محرکات بیان کرتے ہوئے یہ بھی بتایا ہے کہ یہ کتاب صاحبان نو آموز (یعنی فرنگی طلباء) کے لئے لکھی جارہی ہے۔ کتاب میں زبان و محاورات پر اس قدر زور اس سبب بھی ہے کہ انگریز زبان سیکھنے کے ساتھ ساتھ ملک کی تہذیبی صورت حال سے بھی واقف ہوتے جائیں۔ دتاسی کے درس میں شریک ہونے والے فرانسیسی بھی انہیں "صاحبانِ نو آموز" کے ہم عمر ہوتے تھے۔ اس لئے یہ کتاب دتاسی کی تعلیمی ضرورتوں کو بدرجۂ اتم پورا کرتی تھی۔

کامروپ کے متعلق خود دتاسی نے اپنے ایک خطبہ میں ذکر کیا ہے کہ یہ کتاب ہندوستانی زندگی کی نہایت کامیاب عکاسی کرتی ہے، وہ لکھتا ہے :

"حضرات! ایک دلچسپ قصے کے پیرایے میں ہمارے لئے لسانیات کی بیش قیمت معلومات پوشیدہ ہیں، ممکن ہے کہ خاص اس علم کی کتابوں میں ہمیں اس قدر مواد نہ ملے جتنا کہ اس قصے میں موجود ہے۔ اس قسم کی خیالی کہانیاں

Marfat.com

ہیں اصل مشرق کی زندگی کو سمجھنے اور مزید تحقیق کے کام میں سہولت پیدا کر سکتی ہیں"[1]

غالباً دتاسی ہر تین چار سال بعد کورس تبدیل کر دیتا تھا لیکن جتنی بھی کتابیں اس نے منتخب کیں ان میں یہ وصف مشترک ہے کہ وہ اردو زبان کے ساتھ ہی اس کے بولنے والوں کی تہذیبی زندگی کی بھی مکمل نمائندگی کرتی ہیں۔

نثر سے قطع نظر نظموں کی تدریس میں دتاسی معنی و مطالب کے ساتھ ساتھ بحور و اوزان کے سیکھنے پر بھی زور دیتا ہے۔ چنانچہ ایک لکچر میں کہتا ہے:

"میں مطالعہ کے دوران میں اس کا خیال رکھوں گا کہ آپ کو اوزان بتاتا جاؤں اور جن اصولوں کا بیان آپ کے سامنے کیا گیا ہے ان کے مطابق تقطیع کرتا جاؤں"[2]

گویا نظم شروع کرنے سے قبل تنقید نظم کے اصول بیان کئے گئے ہیں۔ اور بتایا گیا ہے کہ اردو میں نظم کے لئے بحور مقرر ہیں۔ ہر بحر بعض ارکان پر مشتمل ہوتی ہے۔ ان کی تفصیل بتا دی گئی ہے اور اب جب متن شروع ہو رہا ہے تو ہر نظم کی بحر اور اس کے ارکان پر پہلے سے پڑھائے گئے اصولوں کی روشنی میں گفتگو ہو گی۔ یہ طریقۂ تعلیم دتاسی کے سلیقۂ تدریس پر گہری نظر کا ثبوت ہے۔ خصوصاً اس صورت میں جب طلبہ نوعمر بچے نہیں بلکہ پختہ عمر اور سمجھ دار لوگ ہیں۔

اس طریقۂ تعلیم کے ذریعہ دتاسی اپنے طلبہ میں زبان پر قدرت پیدا کرنے کے ساتھ ہی مطالعۂ ادب کا ذوق ابھارنے میں بھی کامیاب ہو جاتا ہے اور اس کی کلاس سے نکل کر طلبہ صرف زبان جاننے تک خود کو محدود رکھنے کے بجائے شعر و ادب کی طرف راغب ہوتے تھے۔ چنانچہ اس کے ایسے طلبہ کی فہرست خاصی طویل ہے جن میں دتاسی نے زبان و ادب کا صحیح ذوق پیدا کیا اور جو مدرسے سے نکلنے کے بعد بھی مشرقی ادب کے متعلق تالیفات شائع کرتے رہے جن میں ریو (مرتب باغ و بہار) ابن بلاں (مرتب "مخزن الاسرار") اور ژرانان نے مستشرقین کی حیثیت سے خاصی شہرت حاصل کی۔

---

[1] خطبہ، فروری ۱۸۶۱ء؛ خطبات گارساں دتاسی؛ حصہ اول (اشاعت ثانی ۱۹۷۹ء) ص ۲۹۴

[2] خطبہ ۴ دسمبر ۱۸۵۱ء؛ خطبات گارساں دتاسی؛ حصہ اول (اشاعت ثانی؛ ۱۹۷۹ء)
مرتبہ ڈاکٹر مولوی عبد الحق؛ ص ۳۹

Marfat.com

دتاسی کی ساری زندگی علم کے ذوق اور اس کی جستجو کا مثالی نمونہ ہے۔ پیرس آکر ہندوستانی سیکھنے کے بعد وہ تاحیات اس زبان کے متعلق تحقیق اور اس کی ادبیات کے مطالعہ میں مستغرق رہا۔ ہندوستانی اس کا پہلا اور آخری Commitment تھا۔ اس نے ساری زندگی اس زبان کی موافقت، حمایت، فروغ اور اشاعت پر صرف کردی۔ یہ اس زبان سے اس کے شغف اور خلوص کا نتیجہ تھا کہ جب وہ مرا تو خود اپنے ہم وطنوں میں ایک متبحر عالم اور انسان دوست استاد کی حیثیت سے مقبول ہو چکا تھا۔ چنانچہ اس کی وفات کے بعد اکیڈمی دے بیل لیتر کے صدر نے تعزیتی تقریر کرتے ہوئے کہا:

"گارساں دتاسی کا نام انتھک کام کرنے والے ایک پختہ مستشرق کی حیثیت سے ہمیشہ یادگار رہے گا۔ لیکن جس چیز کی ہم (جو انھیں جانتے تھے) تعریف کرنے پر مجبور ہیں وہ ان کا اخلاق، نرم دلی اور ناقابلِ یقین انکسار ہے۔ وہ دوسروں کے مقابلے میں خود کو چھوٹا سمجھنے کے لئے ہمیشہ تیار تھے۔
اپنے آباء و اجداد کے مذہب عیسائیت کے وہ پورے معتقد تھے اور انہوں نے صبر و رضا کے ساتھ انتقال کیا۔"

Marfat.com

گارسین دتاسی کا مزار، مارسیلز (فرانس)

Marfat.com

فصلِ دُوم

گارسیں دتاسی کے علمی کارنامے

Marfat.com

اُردو کے دلدادہ دتاسی کی ادبی زندگی ستاون (۵۷) سال کی طویل مدت پر محیط ہے۔ اس عرصہ میں اس نے مختلف ادبی و نیم ادبی موضوعات پر مقالات لکھے، تقریریں کیں اور پسندیدہ عنوانات پر باقاعدہ کتابیں شایع کیں۔ جنھیں تفہیم کی آسانی کے لئے ذیل میں تقسیم کیا جاسکتا ہے :

- اُردو زبان و ادب
- تراجم
- عمرانیات و اسلامیات
- متفرق مطبوعات

اُردو زبان و ادب

دتاسی کو اردو ہندی زبان و ادب سے تاحیات دلچسپی رہی۔ ان زبانوں کے متعلق مختلف موضوعات مثلاً قواعد (صرف و نحو) تنقید و تاریخ ادبیات پر اس نے مقالے اور کتابیں لکھیں نیز شاعروں اور نثر نگاروں کی تخلیقات کا انتخاب بھی شایع کیا۔ ان مضامین کا تنوع اس کا متقاضی ہے کہ ان کا الگ الگ جائزہ لیا جائے۔

چند اہم مقالے :

- "ہندوستانی جسے ہندوستان کی عام زبان کا نام دیا گیا ہے اس کا آغاز و توسیع" یہ مقالہ شہر کان کی اکیڈمی کی یادداشت میں صفحہ ۳۱۳ — ۳۳۷ پر ۱۸۷۱ء میں شایع ہوا۔

اس کا موضوع ہندوستانی کی ابتداء اور ارتقاء ہے جس میں دتاسی نے جدید زبانوں کی ابتداء کے متعلق اس عام نظریے کی توثیق کی ہے کہ یہ جدید زبانیں

Marfat.com

سنسکرت سے پیدا ہوئیں۔ شمال میں سنسکرت کے بعد بہت سی پراکرتیں وجود میں آئیں۔ اس تبدیلی کا سبب دتاسی کے نزدیک یہ تھا کہ سنسکرت صرف و نحو خاصی پیچیدہ ہے اور پیچیدگی سے سادگی کی طرف یہ فطری عمل تھا جس کے باعث آسان مقامی بولیاں بنیں" بالآخر سنسکرت کو خود ہندوؤں نے نظر انداز کر دیا لیکن آہستہ آہستہ وہ کلکتہ کی ایشیاٹک سوسائٹی کے قیام کے بعد سے انگریزوں کو متوجہ کرنے لگی ہے۔"[1] دتاسی کو سنسکرت میں عام گفتگو کی زبان بننے کی صلاحیت نظر نہیں آتی اور اسے وہ یورپ کی قدیم مردہ زبانوں کی طرح محض تاریخی اہمیت کا حامل سمجھتا ہے چنانچہ اس مضمون میں لکھتا ہے: "مجھے یہ بات بدیہی نظر آتی ہے کہ ہندو رجعت پسند ہیں ایسے ہی جیسے یورپین جو عنقریب یہ خواہش کریں گے کہ جدید قومی زبانوں کی جگہ دوبارہ لاطینی کو رائج کیا جائے۔"[2]

دتاسی کے خیال میں "اردو ادبیات میں شاید اتنی اور تخلیقی (اصلیت) نہیں لیکن بہر حال کثرت سے بولی جاتی ہے۔"[3]

وہ اردو ہندی کا تقابل کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ ہندی ادب کا بڑا حصہ مذہبی نوعیت کا ہے جبکہ اردو نثر و نظم میں برابر اچھی اور مختلف قسم کی چیزیں لکھی جا رہی ہیں۔ ہندوستانی اخبارات میں نہ صرف خبریں بلکہ عام شخصیتوں کے بیانات، مصلحین کی تقریریں اور ادبی تبصرے بھی شائع ہوتے ہیں۔ اُردو کی ادبی تصانیف کا ذکر کرتے ہوئے دتاسی نے یہ دلچسپ بات کہی ہے کہ "اردو مؤلفوں کی کتابوں کے عنوان میں تکلّف اور استعارہ پایا جاتا ہے اور عموماً شاعرانہ نام دیئے جاتے ہیں۔ لیکن اعتراض کی بات یہ ہے کہ عنوانات کا کتاب کے مندرجات سے کوئی تعلق نہیں ہوتا چنانچہ ایک مقبول عام کہانی کا نام ہے باغ و بہار۔"[4]

---

[1] شہر کان کی اکیڈمی کی یادداشت ۱۸۷۱ء صفحہ ۳۱۶ تا ۳۱۷
[2] ایضاً صفحہ ۳۱۹
[3] ایضاً صفحہ ۳۲۱
[4] ایضاً صفحہ ۳۲۲

Marfat.com

اس مقالے کے آخر میں دتاسی نے ہندوستانی ادبیات سے بعض اقتباسات بھی نقل کیے ہیں جو اس کے نزدیک فرانسیسی قارئین کے لئے دلچسپ ہو سکتے تھے۔

"ہندوستانی کا اوّلین شاعر سعدی" ژورنال ازیاٹک پیرس صفحہ ۱-۲۷ سنہ ۱۸۴۳ء میں چھپا۔ جس میں ہندوستان کے کسی مصوّر کی بنائی ہوئی سعدی کی تصویر بھی شامل ہے۔

سعدی کی سیاحت کے سبب دتاسی کے نزدیک یہ قرین قیاس ہے کہ سعدی ہندوستان آیا اور "چونکہ سعدی نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ وطن کے باہر گذارا اس لئے حیرت نہیں کہ اس نے اجنبی زبانیں بھی اتنی سیکھ لی ہوں کہ ان کو لکھ سکے۔ یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ اسے لاطینی بھی آتی تھی"[1]

سعدی کے متعلق ہندوستان سے منسوب چند روایتیں نقل کرنے کے بعد دتاسی نے سعدی کے اشعار دیئے ہیں جن کا ماخذ مجموعۃ الانتخابات مولف شاہ محمد کمال ہے "سنہ ۱۲۱۹ھ مطابق سنہ ۱۸۰۴-۵ء کی تصنیف جو بڑی تقطیع کی ضخیم قلمی کتاب ہے۔ لندن کی رایل ایشیاٹک سوسائٹی کی ملکیت ہے اور اس سے از راہ عنایت مجھے ملی ہے"[2] اس قلمی کتاب کی جس عبارت میں سعدی کے اشعار ملتے ہیں وہ دتاسی کے مقالے میں بجنسہ نقل ہیں۔ دتاسی سعدی شیرازی کے ساتھ ہی ایک اور سعدی نامی دکنی شاعر سے بھی واقف ہے۔

"ایک اور فارسی تذکرہ میں جو فتح علی حسینی کا ہے انھیں سعدی نامی ایک دکنی شاعر کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔"[3]

دتاسی کمال کے انتخاب اور تذکرۂ قائم کی شہادت پر سعدی دکنی کے بجائے سعدی شیرازی کو ہی اردو کا اوّلین شاعر تسلیم کرتا ہے۔ ظاہر ہے دتاسی نے ان دونوں

---

[1] ژورنال ازیاٹک پیرس سنہ ۱۸۴۳ء صفحہ ۱۸
[2] ایضاً صفحہ ۲۳
[3] ایضاً صفحہ ۲۵

Marfat.com

شاعروں کے ناموں میں خلط مبحث کیا ہے۔ وہ اشعار جو سعدی شیرازی کے نام سے نقل کئے ہیں دراصل سعدی دکنی کے ہیں۔ چنانچہ فتح علی گردیزی تذکرہ ریختہ گویاں میں ناموں کے اس خلط مبحث پر ہوشیار کرتا ہے کہ اس کے زمانے میں ہندوستان میں بھی لوگ سعدی دکنی کے اشعار کو سعدی شیرازی سے منسوب کرتے تھے۔ گردیزی لکھتا ہے:

"سعدی دکنی از شعرائے قرار دادۂ دکن است و آنکہ بعض اعزہ را بسبب اتحاد تخلص مغالطہ افتادہ ریختہہائے سعدی دکنی را از عدم اعتنا و قلت تتبع بنام سعدی شیرازی مرقوم ساختہ اند۔ ناشی از جہل و تسفہ است و من ادعیٰ فعلیہ السند"

گردیزی کے علاوہ شفق، میر اور قدرت اللہ شوق وغیرہ نے سعدی دکنی کے ایک سے شعر نقل کئے ہیں۔

ہمنا تمن کو دل دیا، تم نے لیا اور دکھ دیا
تم یہ کیا ہم وہ کیا، ایسی بھلی یہ ریت ہے
دو نین کے کھپر کروں، رو رو نجوں دل بھروں
پیش سگ کویت دھروں، پایا نجا و میت ہے
سعدی غزل انگیختہ، شیر و شکر آمیختہ
در ریختہ در ریختہ ہم شعر ہے ہم گیت ہے

یہ ہی اشعار ناسی نے بھی نقل کیے ہیں۔ ظاہر ہے اس نے کمال کے تذکرہ کے علاوہ یہ تذکرے بھی دیکھے ہیں لیکن اس کے باوجود وہ سعدی دکنی کو سعدی شیرازی ہی فرض کرتا رہا جس کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے نزدیک کمال کی بیان کردہ روایت زیادہ معتبر تھی تب ہی تو وہ کمال کو دوسرے تذکرہ نگاروں پر ترجیح دیتا ہے۔

---

[۱] فتح علی حسینی گردیزی۔ تذکرہ ریختہ گویان۔ مرتبہ مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو اورنگ آباد صفحہ ۸۲

Marfat.com

اس مقالے کے عنوان اور اس کے نتائج سے اختلاف کرتے ہوئے انگلستان میں سکونت پذیر فرانسیسی موسیو این بلاں نے ایک خط ۲۸، اکتوبر ۱۸۵۲ء کو شایع کیا، جس میں اُردو کے اولین شاعر کی نشاندہی کرتے ہوئے مسعود سعد سلمان کو اُردو کا پہلا شاعر قرار دیا۔ اپنے دعویٰ کے ثبوت میں این بلاں نے مسعود سلمان کی زندگی کے حالات کے ساتھ ہی اس کے کچھ فارسی اشعار نقل کئے ہیں جن میں اردو الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

دتاسی نے اس خط کی اشاعت کے بعد اپنی پچھلی رائے میں ترمیم کی ضرورت محسوس کی اور اس خط کا جواب ژورنال ازیاتک ستمبر اکتوبر ۱۸۵۳ء صفحے ۵۶ - ۷۱ میں شایع کیا۔

"اس دلچسپ ہندوستانی تذکرے کے لکھے جانے کے بعد ڈاکٹر اشپرنگر نے کلکتہ ایشیاٹک جرنل نمبر ۶ ۱۸۵۲ء صفحہ ۵۱۳ اور مابعد پر ایک مضمون شایع کیا جس میں وہ میرے اس بیان کو صحیح خیال کرتا ہے جو میں نے "تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی" کی جلد اول صفحہ ۴۴۴ پر لکھا ہے مگر اس وقت تک میں نے کمال کا تذکرہ نہیں دیکھا تھا۔ جس نے میرے خیالات بدل دیئے اور میں نے وہ خصوصی نوٹ ژورنال ازیاتک ۱۸۴۳ء میں چھاپا۔ میں نے "تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی" میں فتح علی حسینی گردیزی کی رائے قبول کی تھی جس میں وہ ایک اور سعدی کی طرف ہندوستانی اشعار منسوب کرتا ہے جو ہندوستان میں زبان زد ہیں مگر غلطی سے مشہور سعدی شیرازی سے متعلق ہوگئے ہیں۔"[1]

موسیو بلاں کا دتاسی پر اعتراض صحیح تھا۔ سعدی شیرازی کے بجائے مسعود سعد سلمان (۱۰۴۶ء ۔ ۱۱۲۱ء) موجودہ تحقیق کے مطابق اردو کا پہلا شاعر ہے۔ مسعود بن سعد بن سلمان کے متعلق مختلف تذکرہ نگاروں۔ عوفی (لباب الالباب) احدی (کعبہ عرفان) علی قلی خاں داغستانی (ریاض الشعراء) اور غلام علی حسینی (خلاصۃ الافکار) نے لکھا ہے کہ ایک فارسی دیوان میں اس کی تمام تخلیقات یکجا کر دی گئی ہیں جس میں جا بجا

---

[1] ژورنال ازیاتک ستمبر اکتوبر ۱۸۵۳ء صفحہ ۳۶۹

Marfat.com

اردو الفاظ بکھرے ہیں۔ امیر خسرو (غرۃ الکمال) اور عوفی کی اطلاع کے مطابق مسعود سعد سلمان نے ایک "دیوان ہندوی" بھی ترتیب دیا تھا مگر یہ اب ناپید ہے۔

"ہندوستان میں شاعرات" ریویو دلوریاں دالجیری اے دے کولونی میں مئی ۱۸۵۴ء میں شایع ہوا جس میں چند ہندو اور مسلم شاعرات کا ذکر کیا گیا ہے مثلاً امیر آبائی، کرما بائی، چھوٹی بیگم دلبر، چندا بائی مہ لقا اور زینت بیگم وغیرہ۔ ان شاعرات کی نظموں کے اصل ماخذ کا حوالہ دیئے بغیر دتاسی نے ان کے فرانسیسی ترجمے دیئے ہیں جس سے اس کا مقصد یہ معلوم ہوتا ہے کہ اپنے ہم وطنوں کو بتائے کہ جیسے فرانس میں بیگمات کے دیوان خانے (سالون) ہوتے تھے جہاں وہ خود بھی اپنی تخلیقات سناتی تھیں اور دوسرے ادیب و شاعر بھی آ کر اپنی تخلیق پیش کرتے تھے جن پر تبصرے و اصلاح ہوتی تھی۔ ایسے ہی ہندوستان میں خواتین میں ادبی بیداری موجود تھی۔ ان خواتین کی شاعری پر تنقید کرنے کے بجائے وہ اس مقالے میں یہ واضح کرنے کی کوشش کرتا ہے کہ ثقافتی پس منظر کے اختلاف کی بنا پر ہندو اور مسلمان شاعرات کی نظموں میں فرق ہے چنانچہ مسلمان خواتین کی نظموں میں ان پیغمبروں کا ذکر ملتا ہے جن کا تذکرہ بائبل میں ہے جبکہ ہندو خواتین کی شاعری اس سے یکسر خالی ہے۔ ان نظموں کے حوالے سے وہ یہ بھی نمایاں کرتا ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں کی ترقی دیگر اسلامی ممالک کے مسلمانوں سے مختلف ہے۔

Marfat.com

تدوینِ کلامِ ولی

● "دیوانِ ولی" مرتبہ گارسین دتاسی، بڑی تقطیع کے ۱۴۴ صفحات ۲۸ سطری، شاہی مطبع پیرس سے ۱۸۳۳ء میں شایع ہوا۔ اس میں ایک فوٹو میں ولی کے دو اشعار چھ مخطوطات سے بطور نمونہ دیئے گئے ہیں۔ سر ورق پر ولی کا ایک شعر:

شہرت ہوا ہے جب سوں ولی تیرے شعر کا
مشتاق تجھ سخن کا عرب تا عجم ہوا

اور اس کا فرانسیسی ترجمہ بھی درج ہے۔

دتاسی کا یہ بڑا کارنامہ ہے کہ اس نے دیوان ولی کو پہلی بار پیرس سے طبع کیا۔ اُسے اس شاعر کا کلام اتنا پسند آیا کہ اس نے ہندوستان سے متعدد قلمی نسخے منگائے اور کم از کم دو تین برس ان پر غور و فکر کرتا رہا۔ ذیل کے نسخوں سے اس نے تدوین ولی میں مدد لی۔

۱۔ قدیم ترین نسخہ جس پر کتابت کی تاریخ نہیں ہے۔ اس میں اشعار صحیح اور ان کی تعداد بھی زیادہ ہے۔

۲۔ ایشیاٹک سوسائٹی کا مملوکہ نسخہ جس کو محمد شاہ عہد میں عبدالکریم کاتب نے سورت میں رام موہن رائے کے لئے ربیع الاوّل ۱۳۲۹ھ (مارچ ۱۹۱۱ء) میں لکھا لیکن کتابت میں بہت غلطیاں کی ہیں۔

۳۔ محمد شاہ کے دور میں شمالی ہند کے کسی جاہل کاتب کا بے پرواہی سے مرقوم نسخہ جو غلطیوں سے پُر ہے۔

۴۔ انگریز مستشرق مسٹر پرائس کا ذاتی دیوانِ ولی کا نسخہ جو دتاسی کو تحفتہً دیا گیا۔

۵۔ الٰہ آباد کے محلہ مٹیا پور نزد کیٹی پور کے کاتب کا رقم کردہ نسخۂ ولی جس میں اشعار کو بدل دیا گیا ہے۔

Marfat.com

۶۔ مخطوطہ دیوان ولی جے۔ ڈبلیو۔ رسل کی ملکیت جان شیکسپیئر کے ذریعے دتاسی کو ملا۔ اس کے خیال میں یہ نسخہ دیگر تمام مخطوطات کے مقابلے میں صحیح تر ہے۔

اور یہ تمام نسخے پیرس کے مختلف کتب خانوں میں آج تک محفوظ ہیں۔

بلاشبہ متن کی تیاری دتاسی نے بڑی محنت اور شوق سے کی۔ چوں کہ اس کو علم عروض سے اچھی واقفیت تھی اس لئے بعد مقابلہ و تصحیح اس نے ولی کا جو اولین دیوان پیش کیا وہ قابل اطمینان ہے۔ اس کے تقریباً پچاس سال بعد ۱۸۷۳ء میں مطبع حیدری بمبئی سے کلیاتِ ولی منظر عام پر آیا۔ پھر ۱۸۷۸ء میں نول کشور پریس لکھنؤ سے ۱۹۲۲ء میں حیدر ابراہیم سیانی نے پونا سے اور ۱۹۲۶ء میں مولانا احسن مارہروی نے انجمن ترقی اردو اورنگ آباد دکن سے شائع کیا۔ دیوانِ ولی کا جدید ایڈیشن انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی مرتبہ نور الحسن ہاشمی معہ مفصل مقدمہ ۱۹۵۴ء میں چھپا ہے۔

دیوانِ ولی مرتبہ دتاسی کا مقدمہ چودہ صفحوں پر محیط ہے جس میں وہ ولی کے حالاتِ زندگی اور کلام کی خصوصیات پر روشنی ڈالتا ہے۔ اس زمانے میں ادبی و تہذیبی افکار کی خوبی کا معیار تصوّف سمجھا جاتا تھا۔ ہمہ اوست کا نظریہ زندگی کے تمام شعبوں پر حاوی تھا۔ چنانچہ ہندو مسلمان اہل دانش کے یہاں تصوف کا رجحان عام تھا۔ ولی نے بہ کثرت فلسفیانہ، صوفیانہ اور عشقیہ غزلیں سادہ و برجستہ اسلوب میں کہیں۔ اس کا نظریہ ہمہ اوست مادی چیزوں سے بے تعلقی اور زاہدانہ زندگی پر مبنی تھا۔

اس دیوان کا آغاز اس غزل سے ہوتا ہے جس کا مطلع ہے:

وہ صنم جب سوں بسا دیدۂ حیراں میں آ
آتشِ عشق پڑی عقل کے ساماں میں آ

دیوانِ ولی مرتبہ گارسین دتاسی کا مقابلہ جب ہم انجمن ترقی اردو کے جدید ایڈیشن سے کرتے ہیں تو حسب ذیل نکات نظر آتے ہیں:

دتاسی کے دیوانِ ولی کے بعد سے قدیم مخطوطات میں بہت سی ایسی غزلیں اور اشعار ملے ہیں جو پیرس کے ایڈیشن میں نہیں پائے جاتے۔

Marfat.com

غزلوں کی جو ترتیب دتاسی کے یہاں ہے وہ ہندوستانی، پاکستانی ایڈیشنوں سے مختلف ہے۔

پیرس کے ایڈیشن کے بعد سے یعنی ڈیڑھ سو سال میں مخطوطات کی تدوین کے کام میں ترقی ہوئی ہے چنانچہ اختلاف متن کی مثالیں ہر صفحہ پر ملتی ہیں۔ آج ولی کی زبان کو سمجھنا آسان نہیں۔ اس لیے انجمن ترقی اردو کے کلیات ولی میں بطور ضمیمہ بیس صفحات پر مشتمل متروک الفاظ کی فہرست مع فرہنگ ہے اور قواعد کے نقطۂ نظر سے جو تبدیلیاں وقت کے ساتھ رونما ہوئی ہیں ان سے بھی بحث کی گئی ہے۔

غرض یہ اولین اردو دیوانِ ولی کا فرانسیسی ایڈیشن انیسویں صدی کے یورپی معیارِ تدوین کا اچھا نمونہ ہے اور ماننا پڑتا ہے کہ اُس وقت تک ہندوستان میں تحقیق ابھی اِس معیار تک نہیں پہنچی تھی۔

● "تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی"

ادب کی تحقیق و تدوین میں دتاسی کا سب سے اہم کارنامہ اس کی ہندوی و ہندوستانی ادبیات کی تاریخ ہے، جس پر اس نے اپنی زندگی کے کئی سال صرف کیے اور مواد کی فراہمی تحقیق و تدوین میں صرف تذکروں پر قناعت کرنے کے بجائے خطوط، مضامین، رسائل، مختلف فہرستوں (کیٹا لاگ)، قلمی نسخوں اور گرامر کی کتابوں سے بھی استفادہ کیا۔

اس تاریخ کے دو ایڈیشن خود دتاسی کی زندگی میں شایع ہوئے۔

پہلے ایڈیشن کی جلد اول ۱۸۳۹ء میں شایع ہوئی۔ جو ۱۶ + ۶۳۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اور ۳۲ + ۶۰۳ صفحات پر مشتمل جلد دوئم ۱۸۴۷ء میں پیرس سے چھپی۔ تین جلدوں پر مشتمل دوسرا ایڈیشن ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۱ء پیرس میں طبع ہوا جس میں بالترتیب ۶۲۴، ۶۳۰ اور ۶۰۳ صفحات ہیں۔

پہلا ایڈیشن لندن کی اورینٹل ٹرانسلیشن کمیٹی کی سرپرستی میں فرانس کے سرکاری مطبع سے شایع ہوا اور ملکہ انگلستان وکٹوریہ کے نام معنون کیا گیا۔ دونوں جلدوں کے صفحۂ اوّل پر ایچ۔ ایچ۔ ولسن کا حسب ذیل بیان بطور طغریٰ ہے:

Marfat.com

"ہندی زبان کی اپنی ادبیات ہیں اور دلچسپ ترین چیزوں میں سے ایک ہیں۔"
یہ اقتباس میکنزی کلکشن کے مقدمے سے لیا گیا ہے۔

پہلے ایڈیشن کی جلد اول میں ملکہ وکٹوریہ کے نام دو صفحوں میں انتساب کیا گیا ہے۔

"مادام یہ بالکل قدرتی بات ہے کہ میں نے یہ استدعا کی کہ اپنی اس تالیف کو جو ہندوستان کے ایک حصے سے متعلق ہے آں جلالت مآب کے نام معنون کرنے کی عزت حاصل کرسکوں۔ ہندوستان ایک بڑا اور خوبصورت ملک ہے جو آپ کے عصائے حکمرانی کے تحت آگیا ہے۔
ہندوستانی حکمرانوں میں ایک عورت بھی گذری ہے جس نے شاید سب سے زیادہ اپنی شخصی صلاحیت کے باعث امتیاز حاصل کیا تھا۔ یہ معلوم کرکے کہ اب تخت پر آں جلالت مآب جیسی صاحبِ فضل شہزادی جلوہ فگن ہوئی ہیں، ہندوستان کے باشندوں کو یقیناً سلطانہ رضیہ یاد آگئی ہوگی جو بڑی ہر دل عزیز تھی۔" (پیرس ۱۵ را پریل ۱۸۳۹ء)[1]

گارسین دتاسی کو تاریخ ادبیات کی تالیف کا خیال گلکرسٹ کی اردو قواعد میں تاریخ ادب کے فقدان کی شکایت پڑھ کر ہوا۔ چنانچہ اس نے اس موضوع پر کام کرنے کی غرض سے مختلف ماخذوں کی تلاش و تفتیش شروع کر دی۔ دتاسی اس تحقیق و جستجو کی تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"متواتر تلاش و تحقیق سے مجھے سات تذکرے دستیاب ہوئے اور باوجود ناکافی سامان کے میں نے ہندوستانی ادب کی تاریخ ۱۸۵۷ء میں شایع کر دی۔ یہ اگرچہ ایک ناقص سی تالیف ہے لیکن اسے عزت حاصل ہوئی کہ اس کا ہندوستانی زبان میں ترجمہ ہوا اور انگریز مستشرقین میں بھی اس

---

[1] گارسین دتاسی۔ "تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی"
دیباچہ طباعت اول صفحہ 'ا' و 'ب'۔

Marfat.com

موضوع کا شوق بیدار ہوا۔ ان کی تحقیقات اور میری اپنی تلاش کا نتیجہ یہ نکلا
کہ بکثرت دیگر تذکروں کا پتہ چلا ہے میں ان سے استفادہ جزوی طور پر ہی
کر سکا کیونکہ اس میں متعدد مجھے دستیاب نہیں ہو سکے بعض کا صرف ذکر
تذکروں میں پڑھا۔ ویسے بھی میں جو کاٹا غیر معروف نہیں۔ اس سے آپ کو
اندازہ ہو جائے گا کہ میرے پاس تاریخ ادبیات کے نئے ایڈیشن کے
لیے کس قدر جدید مواد جمع ہو گیا ہے۔[1]

اس تالیف کا پلان حسب ذیل ہے۔ شروع میں ایک مختصر دیباچہ (ص۳ تا ص۱۶) میں ہندوستانی زبان کی تاریخ نیز اس تالیف کے ماخذوں کا ذکر ہے۔ پہلی جلد ہندوستانی زبان کے ایسے تذکروں کے لئے مخصوص ہے جو نسبتاً طویل ہیں۔ ان کی ترتیب زمانہ وار نہیں بلکہ حروف تہجی کے اعتبار سے کی گئی ہے۔ یہ سلسلہ صفحہ ۵۵۴ تک چلتا ہے پھر ضمیمہ میں ہندوی و ہندوستانی کی ایسی کتابوں کی فہرست ہے جن کا اس نے تذکروں کے سلسلے میں ذکر نہیں کیا تھا۔ یہ فہرست بھی حروف تہجی کے اعتبار سے ہے اور صفحہ ۶۰۵ تک جاتی ہے۔ بعد ازاں دو جلدوں میں مصنفوں کے نام اور تصانیف وغیرہ کے عنوان ہیں اور حوالے دیئے ہیں کہ ان کو کتاب کے کس صفحہ پر دیکھا جا سکتا ہے۔

پہلی اور دوسری جلد کی طباعت کے مابین طویل وقفہ ہے۔ غالباً دوسری جلد کا پورا مواد تیار نہ تھا۔ اس جلد کے شروع میں بتیس صفحوں کا دیباچہ ہے جس میں ہندوی و ہندوستانی کی نثر و نظم کی کتابوں کی وضاحت کی گئی ہے اس کے بعد ۶۰۴ صفحات میں مختلف ادب پاروں کے اقتباسات دیئے گئے ہیں جو موضوع کے لحاظ سے منقسم ہیں۔ اقتباسات کا صرف فرانسیسی ترجمہ ملتا ہے اور طریقۂ کار یہ ہے کہ شروع میں ترجمہ پھر تجزیہ اور بعد میں تشریح۔ بعض مقامات پر ان کے ساتھ فٹ نوٹ پر کچھ تفاصیل ملتی ہیں۔ آخر میں چار صفحوں میں فہرست مضامین ہے۔

---

[1] گارسین دتاسی: پانچواں خطبہ مورخہ ۴ دسمبر ۱۸۵۲ء طباعت ثانی پیرس ۱۸۷۴ء صفحہ ۴۲ تا ۴۳

Marfat.com

دوسری جلد کے دیباچہ میں مصنف بیان کرتا ہے کہ اس کا ارادہ دو جلدیں لکھنے کا تھا مگر اس اثنا میں اتنا مواد ملا ہے جس کے باعث وہ مجبور ہو گیا ہے کہ تین جلدیں شائع کرے لیکن حیرت کی بات ہے کہ اس نے پہلے ایڈیشن میں صرف دو جلدوں پر ہی اکتفا کی۔

۱۸۴۸ء میں جلد اوّل کے مطالب کو سامنے رکھ کر اردو میں ایک کتاب شایع ہوئی جو ۲۶ + ۵۰۴ صفحوں میں ہے۔ عنوان سے خیال ہوتا ہے کہ ایف. فیلن نے اس کا ترجمہ فرانسیسی سے انگریزی میں کیا۔ پھر مولوی کریم الدین نے انگریزی سے اُردو میں منتقل کیا۔ اس اشاعت پر انگریزی میں لکھا ہے:

"A History of Urdu poets chiefly translated from Garcin de Tassy's Histoire de la literature Hindouie at Hindoustanie by F. Fallon esquire and Maulvee Kareem Odeen with additions, Delhi College, 1848, Price 6 Rupees

اس کتاب کے لکھنے کا کام ۱۸۴۷ء کے وسط میں تمام ہوا۔ یہ لفظی ترجمہ نہیں بلکہ کچھ مواد گارسین دتاسی کی تاریخ سے بھی لیا گیا اور مترجم نے اس میں دیگر ماخذوں سے بھی اضافے کیے ہیں۔ اسی صفحے پر انگریزی کے نیچے اردو عبارت دی گئی ہے:

" شعرائے اردو کا مستر ایف. فیلن صاحب بہادر اور مولوی کریم الدین نے گارسندتسی کی تاریخ سے ۱۸۴۸ عیسوی میں ترجمہ کیا اور نو سو چوسٹھ شاعروں اردو گو کی اشعار اور حال بھی دواوین مختلفہ میں سے منتخب کرکر اوس میں مندرج کیا گیا۔

باہتمام سید اشرف علی مطبع العلوم مدرسہ دہلے میں چھپی۔
قیمت چھہ روپے ۱۸۴۸ء "

اسی طرح کتاب کے بالکل آخر میں:

" تمام ہوا تذکرہ طبقات الشعرار ہند مولفہ مولوی کریم الدین ۱۸۴۷ء "

Marfat.com

مولوی کریم الدین نے اپنے دیباچہ میں بیان کیا ہے کہ انہوں نے کن اسباب کی بنا پر کتاب لکھی۔ اس کے چند اقتباسات حسب ذیل ہیں:

"بندۂ کمترین سب ارباب ہنر اور واقفان تاریخ و سیر کے خدمت میں عرض کرتا ہے کہ کتب تذکرہ اور طبقات چونکہ شاخیں فن تاریخ کی ہیں اس لئے اکثر اہل علم و فضل نے بلحاظ تکمیل فن تواریخ کی اس فن کی کتابیں ہر ایک زبان مروجہ میں تصنیف کی ہیں خصوصًا زبان عرب اور زبان فارسی وغیرہ میں اس قسم کی کتابیں بہت تصنیف ہوئی ہیں۔ اون کی دیکھا دیکھی زبان اردو میں بھی اس طرح تصنیف کا استعمال کیا ہے .... سب صاحبوں کی خدمت میں بندہ کمترین کریم الدین یہ عرض کرتا ہے کہ جب ایک تذکرہ شعراء عرب کا زبان اردو میں واسطے سوسائٹی کے لکھہ کر چھپوا چکا اس وقت یہ ارادہ ہوا کہ ایک تذکرہ شعرائے ہند کا بھی تاریخ وار جس سے ہر ایک شاعر کے سن زندگانی کا حال معلوم ہو جاوے اور یہہ معلوم ہو کہ وہ شاعر کس زمانہ میں موجود تہا معہ اور حالات صادقہ اوس کے کی جہاں سے پاؤں جمع کر کے چھپواؤں اس لئے یہ تذکرہ چند تذکروں سے تالیف کر کے نام اوس کا طبقات شعرائے ہند کہا..... گرچہ میںنے یہہ ارادہ کیا تھا کہ بہت تذکرہ جمع کر کے اس تذکرہ کو فراہم کروں لیکن پہلے مجھسی چونکہ دی تاسی نے زبان فرنچ میں درمیان ملک فرانس کے ایک تذکرہ ان تذکروں مفصلہ ذیل سے بہت اچھی طرح پر تالیف کر لیا تہا اس لئے اور دو تذکروں سے جو اوس کے دستیاب نہیں ہوئے اور اوس کے تذکرہ سے مدد لے کر یہہ تذکرہ میںنے فراہم کیا جن شعراء کا حال اپنی معاصرین میں سی میںنے لکھا ہے یقینًا اسیطرحکا حال کسی تذکرہ نویس نی شائقین میں سی نہیں لکھا۔"

طبقات الشعراء ایک مستقل تالیف ہے جس میں گارسین دتاسی کے نام سے انتشار

۱

Marfat.com

کی خاطر فائدہ اٹھایا گیا ہے۔

مزید مطالعہ سے بعض شاعروں کے حالات کا باہم مقابلہ کریں تو واضح ہو جاتا ہے کہ دونوں کتابوں میں کوئی ربط نہیں۔ کریم الدین کی کتاب خلاصہ بھی نہیں چہ جائیکہ ترجمہ۔ گارسین دتاسی کی تاریخ سے مولوی کریم الدین نے مختلف ماخذوں میں سے ایک کے طور پر استفادہ کیا ہے اور بس۔ اس کتاب کا معیار دوسرے تذکروں سے کسی طرح علاحدہ اور بہتر نہیں ہے۔

دتاسی کی تاریخ کا دوسرا ایڈیشن ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۱ء تین جلدوں میں بعد نظر ثانی، تصحیح اور کافی اضافہ کے ساتھ طبع ہوا۔ یہ بھی اغلب ہے کہ انگلستان یا اس ادارہ کی طرف سے کوئی مالی مدد نہیں ملی جس کی سرپرستی میں اس کو تیار کیا گیا تھا۔

پہلی جلد کے چار صفحوں کے دیباچے میں نئی اشاعت کے اسباب بتائے گئے ہیں پھر اکہتر صفحات پر مشتمل تمہید ہے جس میں ہندوستانی زبان کے آغاز و ارتقا سے بحث کی گئی ہے۔ طباعت کے دوران حاصل شدہ مواد کی تفصیل ضمیمے میں ہے۔ ایک اور ضمیمے میں حروف تہجی پر مرتب تالیفات کا ذکر ہے جن کو کتاب میں شامل نہیں کیا جا سکا تھا۔

آخر میں مولفین کے ناموں کا باسٹھ ۶۲ صفحات میں اشاریہ ہے اور ترپن ۵۳ صفحوں میں کتابوں کے عنوانات کا دوسرا اشاریہ ہے۔ دونوں میں ہر صفحہ پر دو کالم بیالیس سطری ہیں۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کتنی کثیر تعداد میں تالیفات اور مؤلفین کا ذکر ہوا ہے۔

مصنفین کے یہ ترجمے حروف تہجی پر مرتب ہیں۔ ہر شاعر کے حالات میں وہ معلومات کے ماخذوں کا حوالہ نہیں دیتا۔ زیادہ تر فٹ نوٹ میں لوگوں کے ناموں اور کتابوں کے عنوانات کا مفہوم بیان کرتا ہے، بعض اوقات اشخاص کے متعلق بھی کچھ دلچسپ معلومات ملتی ہیں۔

تاریخ کے دونوں ایڈیشنوں میں یہ ہی طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ وہ ماخذوں کا صرف ایک بار کتاب کے دیباچہ میں ذکر کرتا ہے۔ پہلے ایڈیشن میں سات تذکروں کا حوالہ دیتا ہے۔ دوسرا ایڈیشن میں ان کی تعداد چھپن ہے۔ اس کے علاوہ بطور ماخذ اس نے کتب خانوں کی مطبوعہ یا قلمی فہرستوں سے کام لیا ہے۔ البتہ اس کا پتہ نہیں چلتا کہ اس نے دیگر زبانوں کی

Marfat.com

کتابوں سے بھی تاریخی اور دیگر معلومات حاصل کی ہیں یا نہیں۔

پہلے ایڈیشن کی دونوں جلدوں میں ایک تاریخی اور ادبی دیباچہ ملتا ہے۔ یہی اجمالی نکات مزید تفصیل سے دوسرے ایڈیشن کی پہلی جلد میں بیان کئے گئے ہیں۔ یہ طویل اور عالمانہ مقدمہ دلچسپ اور معلومات افزا ہے۔

وہ ہندوستانی زبانوں کی تاریخ کا آغاز سنسکرت سے کرتا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ جب آریوں کے ساتھ سنسکرت ہندوستان میں داخل ہوئی تو دوسری مقامی بولیوں کا رواج یکسر ختم نہیں ہوا۔ بلکہ اس کے نزدیک تو شمال ہو یا جنوب، سنسکرت کبھی بھی عوام کی زبان نہیں رہی۔ چنانچہ قدیم ناٹکوں میں صرف اعلیٰ طبقے کے کردار سنسکرت بولتے ہیں جبکہ عوام الناس اور عورتوں کے مکالمے "پراکرت" میں ہیں۔

یہ پراکرتیں عوام میں اس قدر مقبول تھیں کہ سنسکرت علماء کی گفتگو اور مقدس کتابوں سے آگے نہیں بڑھی۔ پراکرت کے معنی ہی معمولی یا قدرتی ہیں۔ جبکہ سنسکرت سے مراد وہ چیز ہے جو پوری طرح بن چکی ہو، پختہ ہو۔ ملک کے شمال میں ان پراکرتوں سے جس بولی نے ترقی کی اسے "بھاشا" کا نام دیا گیا جس کے معنی زبان کے ہیں۔ یہی زبان بعد میں ہندوی کہلانے لگی۔ محمود غزنوی کی آمد کے بعد اس زبان کا رنگ آہنگ بدلنے لگا۔ تیمور لنگ کے حملے اور پھر ۱۵۰۵ء میں بابر کے قیام سلطنت کے بعد تو نووارد افواج سے ربط و تعلق کے بعد اس زبان پر فارسی کے اثرات نمایاں ہونے لگے جس کے توسط سے عربی الفاظ کی کثرت بھی بھاشا میں نمایاں ہوئی۔ اگرچہ اردو ہندی میں محاوروں کے انتخاب میں قدرے اختلاف پایا جاتا ہے لیکن یہ کوئی دو مختلف زبانیں نہیں بلکہ ایک صرف و نحو پر مبنی ہیں۔ چاہے ایک حد تک ان میں عناصر مختلف ہوں۔ اسی زبان کو اہل یورپ نے ہندوستانی کا عام نام دے دیا ہے جس میں ہندوی۔ ہندی۔ اردو اور دکھنی سب شامل ہیں۔

دتاسی کے خیال میں ہندوی اور ہندی دونوں مترادف نام ہیں لیکن اسے دھوکا ہوا کیونکہ خود اس ملک کے ماخذ اس رائے کے حق میں نہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ لفظ ہندوی کو

Marfat.com

اردو اور ریختہ کے مترادف سمجھا گیا یعنی وہ ہندوستانی زبان جو عربی خط میں لکھی جاتی ہے[1]
وہ پہلے ایڈیشن کے دیباچہ میں اس زبان کے لئے اردو اور ریختہ کے ساتھ "ہندوستانی" کا اضافہ کرتا ہے کہ اہل یورپ نے یہ نام دیا ہے۔ اس کا بیان صحیح ہے کہ ناموں کا اختلاف جو اس زبان کے متعلق پایا جاتا ہے وہ رسم الخط کی بنا پر ہے یعنی وہ عربی میں لکھی جائے یا دیوناگری میں۔

مزید یہ کہ گارسین دتاسی نے گورنزیو کی تقسیم کی اتباع کرتے ہوئے ہندوستان کی پرانی شاعرانہ وراثت کو چار حصّوں میں بانٹا ہے۔

"آکھیانا" (قصّے کہانیاں) وہ نظمیں جن کا مقصد عوام الناس کی روایات اور کہانیوں کو مدون کرنا ہے۔

"آدی کاویہ" (مروّج پرانی نظمیں) بالخصوص رامائن وغیرہ

"اتہاسا" (تاریخ اور مختلف واقعات) اس سے مراد وہ بڑے مجموعے جن میں نیم تاریخی اور نیم دیومالا قسم کی روایتیں ملتی ہیں مثلاً مہابھارت۔

"کاویہ" (عام نظمیں) یہ ایک عام اصطلاح ہے جس میں ساری چھوٹی بڑی نظموں کی فہرست حروف تہجی پر مرتب اکسٹھ صفحوں پر پھیلی ہوئی ہے۔

بعدہٗ گارسین دتاسی ہندوستانی کی مروج اقسام شاعری کا ذکر کرتا ہے:

رزمیہ نظمیں: مرثیہ۔ مثنوی
اخلاقی اور نصیحتی نظمیں
عشقیہ نظمیں: غزل
بیانیہ و مدحیہ نظمیں: قصاید و ہجو

اس تمہید کے بعد وہ بیان کرتا ہے کہ "یہ بتانا میرا فریضہ ہے کہ ہندوستانی قواعد عروض وہی ہیں بجز خفیف اختلاف کے جو فارسی اور عربی میں ہیں"[2]

---

[1] ہم نے قارئین کی آسانی کی خاطر اس مقالے میں گارسین دتاسی کی استعمال کردہ اصطلاحیں برقرار رکھی ہیں۔

[2] گارسین دتاسی: تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی۔ دوسرا ایڈیشن ۱۸۷۰ء پیرس۔ ص ۲۶

Marfat.com

نظم کی طرح اس نے نثر کی بھی تین قسمیں بتائی ہیں:

۱. مرجز یا شاعرانہ نثر میں آہنگ تو ہوتا ہے مگر قافیہ نہیں ہوتا۔

۲. مسجع یا سجع نثر میں قافیہ ہوتا ہے مگر وزن نہیں ہوتا۔

۳. عاری یا معریٰ نثر نہ قافیہ ہوتا ہے اور نہ آہنگ۔

لیکن وہ ہندوستانی نظموں پر زیادہ توجہ دیتا ہے اور چھیالیس چھوٹی بڑی قسموں کا ذکر کرتا ہے کہ ان میں ایسی دلچسپ چیزیں ملتی ہیں جن کی توقع نہیں کی جاتی تھی۔

وہ اعتراف کرتا ہے کہ ہندوستانی ادبیات کا بڑا حصہ فارسی، عربی اور سنسکرت کے تراجم پر مشتمل ہے لیکن ان ترجموں کو بھی خاصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ یہ اصل کی مبہم اور غیر واضح عبارتوں کو سمجھنے میں مدد دیتی ہیں۔ اور بعض اوقات تو وہ اصل جگہ لے لیتے ہیں اگر بدقسمتی سے اصل کتاب ناپید ہو چکی ہو[۱]۔

ڈتاسی کو ہندوستان آنے کا کبھی موقع نہیں ملا۔ وہ بیان کرتا ہے کہ "میں نے کوشش کی ہے کہ جتنی قلمی کتابیں ممکن ہو مہیا کروں۔ میں تین بار انگلستان گیا تاکہ ہندوستانی کتابوں کے ذخیروں کا سرکاری اور نجی کتب خانوں میں پتہ چلاؤں۔ ہندوستانی مخطوطات کا سب سے اہم ذخیرہ جو میں دیکھ سکا وہ ایسٹ انڈیا آفس لائبریری ہے[۲]۔ میں نے خاص کر سوانح عمریوں اور نظموں کے مجموعوں کو جنہیں عام طور پر تذکرہ کہا جاتا ہے، دیکھا۔ مجھ پر شاید اعتراض ہو کہ میں نے اپنی تحقیق میں بہت سے غیر اہم شاعروں کا ذکر کیا ہے لیکن میری دانست میں ان میں سے ہر ایک پر ایک ایک مضمون ہونا چاہیئے خواہ وہ چند سطری ہی کیوں نہ ہو[۳]،

وہ مؤلفوں کے نام کے ساتھ ان کی تصانیف کی فہرست بھی دیتا ہے۔ اور اسے ہندوستانی و فارسی کے چھیاسٹھ تذکروں کا پتہ چلا ہے[۴]

---

[۱] گارساں دتاسی: تاریخ ادبیات۔ پیرس ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۱ء صفحہ ۳۸

[۲] 〃 〃 〃 〃 〃 ۳۹

[۳] 〃 〃 〃 〃 〃 ۴۰

[۴] 〃 〃 〃 〃 〃 ۴۰ تا ۵۰

Marfat.com

اس کی رائے میں یورپ میں سوانح عمری کے مولف کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو مصنفین یا شعراء کے ذاتی حالات تفصیل سے بیان کیے جائیں اس کے برخلاف ہندوستانی تذکروں میں ذاتی حالات کی تفصیل مطلق نہیں ہوتی. صحت کا بھی خیال نہیں رکھا جاتا۔ اکثر شاعر کا نام اور اس کے چند اشعار کے سوا کچھ نہیں ہوتا ان کی تاریخِ ولادت کا کبھی ذکر نہیں ہوتا۔ اور تصنیفات کا بھی نام نہیں لیا جاتا اور نہ ہی ان کے موضوعات بتائے جاتے ہیں۔ اہل مشرق پیدائش کا رجسٹر نہیں رکھتے اور عموماً اپنی عمر نہیں جانتے. چنانچہ اندازہ لگانا پڑتا ہے کہ یہ کس زمانے اور کس صدی کا شخص ہے لیکن اس میں بڑی دشواری ہوتی ہے کیونکہ کتابوں کی نقل در نقل میں بہت سے الفاظ کچھ کے کچھ ہو جاتے ہیں. بس ان تذکروں کا بنیادی فائدہ یہ ہے کہ ان شاعروں کی نظموں کے چند اقتباسات پیش کیے جائیں جو یورپ میں غیر معروف ہیں[1]

زناسی نے سوانح عمریوں کو شاعروں کے تخلص کی مناسبت سے بہ حروف ابجد ترتیب دیا ہے اور چند الفاظ ہر عہد سے متعلق اور ہر صدی کے شاعروں کی تعداد و اہمیت پر تحریر کیے ہیں۔ البتہ اس نے یہ ضرورت محسوس نہیں کی کہ شاعروں میں شمالی اور جنوبی بولیوں کے لحاظ سے امتیاز کرے حالانکہ اس نے تاریخ میں جگہ جگہ دکھنی پر زور دیا ہے اور اس نے تحقیق و تنقید سے کام لیا ہے۔ ہندوستانی زبان کے شاعروں میں وہ بعض عیسائی (جن میں کچھ یورپی نسل کے بھی ہیں) پارسی، یہودی افراد اور ایک حبشی شاعر سدی حامد لبسل کا ذکر کرتا ہے[2]

اس تاریخ میں ہندوستانی شاعرات کا بھی ذکر ہے اور ان پر اس نے ایک الگ مضمون بھی لکھا ہے. بحث کے اختتام پر لکھتا ہے کہ " اوپر دی ہوئی مختصر تفصیل سے اندازہ ہو گا کہ میری کتاب میں کیا چیزیں بیان ہوئی ہیں. میں دنیائے علم و فضل خاص کر سنسکرت کے دلدادہ لوگوں

---

[1] گارسین دتاسی: تاریخ ادبیات پیرس ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۱ء صفحہ ۵۱

[2] دتاسی: تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی۔ صفحہ ۶۶

Marfat.com

سے جو ملک کی عام بولیوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں باادب درخواست کروں گا کہ وہ ملحوظ رکھیں کہ یہ عام بولیاں بھی ایک نہ ایک دن اہم علمی زبانیں بن جائیں گی۔ بہرحال یہ بولیاں ملک کے تمدن کی حامل ہیں اور اس زنجیر کی ایک کڑی ہیں جو حال کو مستقبل سے ملاتی ہے۔"[1]

گارسین دتاسی کی تاریخ ادبیات یقیناً اس کا شاہکار ہے اس تالیف میں تحقیق و جستجو کی جس قدر صبر آزما منزلوں سے اسے سابقہ پڑا اور اس نے جس عمیق نظر اور وسیع علم وفضل کا مظاہرہ کیا ہے اس کی جتنی بھی داد دی جائے وہ کم ہے۔ بدقسمتی سے وہ کبھی ہندوستان نہیں آیا۔ وہ دور بیٹھا لکھ رہا تھا۔ اسے اردو کے سوشل کلچرل ماحول، مغل ہندوستان اور مشرق کا پورے طور پر اندازہ نہیں ہوسکا اس لئے کچھ غلط فہمیوں کا پیدا ہونا لازمی تھا۔ تذکروں کی مرصع اور مبالغہ آمیز عبارتوں سے وہ کہیں کہیں مغالطہ میں پڑ جاتا ہے۔

دتاسی کی تاریخ کے متعلق مولوی عبدالحق کی یہ رائے خاصی متوازن ہے:

"مصنف نے اس امر کی کوشش کی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو قدیم تذکروں اور کتابوں سے ہر مصنف کی معلومات جمع کی جائیں۔ اس کے علاوہ ایک بات جو ہمارے تذکروں میں مفقود ہے وہ یہ کہ اس نے ہر مصنف یا شاعر کے کلام سے بعض ایسے نتائج اور معلومات اخذ کئے ہیں جن سے اس کی زندگی اور سیرت پر روشنی پڑتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اس کتاب میں جابجا غلطیاں پائی جاتی ہیں اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ اس زمانے میں بہت سی ایسی معلومات ظہور میں نہیں آئی تھیں جو اس وقت ہماری دسترس میں ہیں۔ دوسرے آخر وہ غیر ملک کا شخص تھا اور کبھی ہندوستان آنے کا اتفاق نہیں ہوا تھا۔ اس سے ہمارے ادب اور ہمارے معاملات کے سمجھنے میں کہیں کہیں غلطی کا سرزد ہو جانا کوئی تعجب

---

[1] دتاسی: تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی۔ صفحہ ۷۱

Marfat.com

کی بات نہیں۔ تعجب اس امر پر ہے کہ اس اجنبی نے ہندوستان سے ہزار میل کے فاصلے پر پیرس میں بیٹھ کر ہمارے ادبیات پر ایسی بے مثل اور عجیب کتاب لکھ ڈالی۔"[1]

مولوی عبدالحق نے برسبیل تذکرہ خامیوں کا ذکر کیا ہے۔ مثالیں نہیں دی ہیں۔ حالانکہ اس کی بعض تسامحات بہت واضح ہیں۔ مثلاً گارسین دتاسی نے اضافوں اور تصحیحوں کے باوجود میر انیس جیسے بڑے اور مشہور شاعر کو چھوڑ دیا ہے گویا وہ ان کی اہمیت سے ناواقف تھا۔

گارسین دتاسی نے "تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی" جلد دوم سیکنڈ ایڈیشن مطبوعہ ۱۸۷۰ء-۷۱ء صفحہ ۳۰۵ تا ۳۲۲ میں میر محمد تقی کے حالات زندگی۔ سراج الدین خاں آرزو سے قرب، معاصر شعراء سے تعلقات اور میر کی شاعری سے مفصل بحث کی ہے اور مختلف اصناف سخن بطور نمونہ پیش کئے ہیں مثلاً "مثنوی شعلہ عشق" کا فرانسیسی ترجمہ سات صفحوں میں کیا ہے۔ پھر دو صفحوں میں "مثنوی در ہجو خانہ خود کہ بہ سبب شدت باراں خراب شدہ بود" کے فرانسیسی ترجمے میں میر کی مفلوک الحالی اور ان کے گھر کی تباہی کا نقشہ کھینچا ہے بعد ازاں دو صفحوں میں "مثنوی دیگر در بیان کذب" کا مفہوم واضح کیا ہے۔ اس کے علاوہ غزل۔ قطعہ رباعی اور فردیات کا فرانسیسی ترجمہ دیا ہے۔

میر کی غزل کے پانچ اشعار کا ترجمہ کیا ہے جن میں سے چار میں اسے غلط فہمی ہوئی ہے مثلاً:

۱۔ صحرا میں سیل اشک مرا جا بجا پھرا
مجنوں بھی اس کی موج میں مدت بہا پھرا

پہلے مصرعہ کے معنی تو صحیح ہیں مگر دوسرے میں غلطی کر دی ہے کہ "مجنوں کے اشکوں کی طرح میرے سیل اشک سے صحرا بھر گیا۔"

---

[1] خطبات گارسین دتاسی حصہ اول مرتبہ ڈاکٹر مولوی عبدالحق۔ اشاعت ثانی ۱۹۷۹ء سلسلہ مطبوعات انجمن ترقی اردو۔ کراچی۔ صفحہ ۲۴

Marfat.com

۲۔ طالع جو خوب تھے نہ ہوا کچھ جاہ نصیب

سر پر مرے کروڑ برس تک ہما پھرا

وناسی: "مجھے کوئی بڑائی نصیب نہ ہوئی ہر چند کہ میرے ستارے ٹھیک تھے اور ہما بھی کروڑ برس تک میرے سر پر سے گذرا" یہاں "طالع جو خوب تھے" میں میر کے یہاں جو طنز ہے اس طنزیہ پہلو کو وناسی نہیں سمجھ سکا۔

۳۔ ٹک بھی نہ مڑ کے میری طرف تو نے کی نگاہ

اک عمر ترے پیچھے میں ظالم لگا پھرا

اس شعر میں وناسی نے: "قاصد واپس آگیا مگر تو بالکل نہیں پلٹا" کا اضافہ کیا ہے جس کی وجہ سے مفہوم غلط ہو گیا ہے۔

۴۔ دیر و حرم میں کیونکر قدم رکھ سکے گا میر

ادھر تو اس سے بت پھرے اودھر خدا پھرا

وناسی: اے میر تو کیسے دیر و مکہ میں قدم رکھ سکے گا۔ یہاں اللہ کے ساتھ بت بھی ہیں اور وہاں صرف اللہ۔ جبکہ میر کا کہنا ہے کہ بت اور خدا دونوں ان سے ناراض ہیں۔

وناسی میر کی دنیا سے بے تعلقی کو اس رباعی کے مفہوم کی صحیح ادائیگی سے واضح کر دیتا ہے۔

روئے کوئی کیا، گئی جوانی یوں کر　　جاتی ہے نسیم و گل کی نکہت جوں کر

پیری کی آندھی سی میر ناگہ آئی　　ہم برگ خزاں سے اس میں ٹھہریں کیونکر

وناسی نے میر کے چار فردیات کا فرانسیسی ترجمہ کیا ہے جس میں پہلے فرد کا ترجمہ تو بالکل صحیح ہے بقیہ تین فردیات میں کچھ نہ کچھ تبدیلی کی ہے مثلاً

تری زلف سیہ کی یاد میں آنسو جھمکتے ہیں

اندھیری رات ہے برسات ہے جگنو چمکتے ہیں

وناسی: تیرے سیاہ بالوں کی یاد میں میرے رخساروں پر آنسو ایسے چمکتے ہیں جیسے

Marfat.com

برسات کی اندھیری رات میں جگنو۔ یہاں دتاسی نے فرانسیسی ترجمہ میں وضاحت کے لئے "رخساروں" کا اضافہ کر دیا ہے۔

مرے رنگ شکستہ پر ہنستے ہیں مردماں سارے
ہوا ہوں زعفران کا کھیت ترے عشق میں پیارے

دتاسی: سب میرے بدلے ہوئے رنگ پر ہنستے ہیں۔ اے محبوب تیری محبت نے میرے چہرے کو "زعفران کے کھیت" میں بدل دیا ہے۔ دتاسی اس شعر کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ محبت نے عاشق کے چہرے کے رنگ کو "زعفران کے کھیت" کی طرح پیلا کر دیا ہے جس کو دیکھ کر سب لوگ ہنستے ہیں۔ شاید وہ "زعفران کے کھیت" کے محاورے سے واقف نہیں کہ جس کو دیکھ کر آدمی کو خود بخود ہنسی آجاتی ہے۔

دتاسی نے تاریخوں میں بھی غلطی کی ہے۔ مثلاً اس کی تحقیق ہے کہ "بیدل کی وفات دہلی میں ۱۱۳۳ھ میں ہوئی"[1] یہ صحیح نہیں ہے۔ بیدل نے ۱۱۳۷ھ میں انتقال کیا۔ وہ مزید لکھتا ہے کہ "غالب کو مرزا عبدالقادر بیدل سے تلمذ تھا"[2] اگرچہ غالب کی ابتدائی شاعری پر مرزا بیدل کے اسلوب کا اثر نہایت واضح ہے لیکن غالب مرزا بیدل کی وفات کے تقریباً پچھتر[5] سال بعد ۱۲۱۲ھ میں پیدا ہوئے۔ تلمذ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

ایک شعر

کیا خاک ہو صفائی بھلا ہم میں یار میں
خط بھی لکھا جو ہم کو تو خط غبار میں

تشریح کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ "اپنے معشوق سے تعلقات میں خاک ایک پسندیدہ چیز ہے جس وقت وہ مجھے لکھنا چاہے تو اپنے خیالات کو ریت پر درج کرتا ہے[3] تو دراصل

---

[1] دتاسی: تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی صفحہ ۵۰۲ (فٹ نوٹ)
[2] ایضاً صفحہ ۳۵۰
[3] ایضاً صفحہ ۲۱۱

Marfat.com

"خاک ہو صفائی" کا محاورہ اس کی سمجھ سے باہر ہے اور عربی رسم الخط کے مختلف طرز تحریر سے بھی وہ بے خبر معلوم ہوتا ہے ورنہ "خط غبار" کی یہ تشریح نہ ہوتی۔ ایسے ہی ایک اور شعر:

سر رشتہ محبت ہم سب سے توڑ بیٹھے
اپنا ہی سراب اپنے زانو سے جوڑ بیٹھے

کی تشریح میں 'سر' 'اب' کو سراب بمعنی نظر کا دھوکا سمجھ کر شعر کے معنی غلط بیان کیے ہیں[۱]

قاضی عبدالودود نے دتاسی پر کئی عالمانہ مضمون لکھے ہیں اور انھوں نے دتاسی کی غلطیوں کی نشان دہی کی ہے کہ اس نے بعض الفاظ کے معنی بالکل الٹے لیے ہیں اور ان کا تفصیلی ذکر کیا ہے مگر بحیثیت مجموعی اس کو اپنے مقصد میں کامیاب بتایا ہے لیکن یہ دتاسی کے علمی مرتبے کے تعین میں انصاف نہیں ہے۔

البتہ گارسین دتاسی سے یہ توقع کی جاتی تھی کہ مشرقی شاعری (خاص کر) اردو ہندی شاعری) کا یورپی شاعری سے خیالات۔ جذبات اور ہیئت کے اعتبار سے مقابلہ کرے گا لیکن اس نے ایسا نہیں کیا۔ کہیں کہیں صرف اشارے کر دیئے ہیں۔

اس نے بڑے خلوص سے کوشش کی کہ صحیح اور ضروری معلومات ، مختلف مولفوں کی حیات ، ذہنی ارتقاء اور ان کی قوت تنقید کے بارے میں فراہم کرے۔ برخلاف مروجہ تذکروں کے اس نے مصنفین کی خصوصیات، شخصی دلچسپیاں، پسندیدہ مشاغل اور اشیاء متعلقہ کو تفصیل سے بیان کیا ہے جس سے پڑھنے والے کو ہر لکھنے والے کے رجحانات اور انفرادی امتیازات معلوم ہو جاتے ہیں۔ یہ اس کا یورپین تنقیدی رویہ تھا جو ان ترجموں کو ہندوستانی تصانیف سے ممتاز کرتا ہے۔ 'تاریخ ادبیات معلومات کی ایک کان ہے جس میں صرف شاعر ہی نہیں نثر نویس بھی ہیں۔ ان کے علاوہ مدیر اور پبلشر بھی۔ اس میں اردو کے ساتھ زبان ہندی کا ارتقاء اور ہندی

---

[۱] دتاسی: تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی صفحہ ۲۴۸

Marfat.com

مصنفین کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

دتاسی نے اپنی تالیف کو "تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی" کا نام دیا ہے۔ جس میں ۱۸۳۶ صفحات میں سے تین سو صفحے ہندوی کے لئے مختص ہیں۔ جن میں ۹۰ مصنفین کا ذکر کیا ہے۔ بہت سے اہم لکھنے والے اور ان کی کتابیں نظر انداز ہو گئی ہیں۔ مثلاً جگ ناٹک۔ ودیاپتی، رحیم، بھوشن اور دین دیال گری وغیرہ۔ اس نے ناموں، تاریخوں اور مقامات کو بھی خلط ملط کر دیا ہے لیکن اس کے باوجود "تاریخ ادبیات ہندوی" لکھ کر اس نے ادب کی بڑی خدمت کی ہے۔ اس موضوع پر یہ اولین کتاب شمار کی جاتی ہے۔

ہندی سے متعلق حصہ کا ترجمہ ڈاکٹر ایس ایل وارشنی نے ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد سے شائع کیا ہے۔ بقول ان کے گارسین دتاسی کی ہندی دانی اچھی تھی اس نے ہندی اشعار کا مفہوم سمجھ کر صحیح ترجمہ کیا ہے۔ مثلاً کبیر

कबीर कानि राखी वर्णाश्रम षट दरशनी ॥
भक्ति बिमुख जो धर्म सो अधर्म करि गायो ।
योग यज्ञ व्रत दान भजन बिन तुच्छ दिखायो ॥
हिन्दु तुरक प्रमान रमैनी सबदी साखी ।
पक्षपात नहिं बचन सबहि के हित की भाषी ॥
आरूढ़ दशा है जगत पर मुख देखी नाहिन भनी ।
कबीर कानि राखी नहीं वर्णाश्रम षट दरशनी ॥

ان کا ترجمہ گارسین دتاسی نے یوں کیا ہے[1]

"کبیر نے ذات پات کے فرق کو اپنے کانوں میں گھسنے نہیں دیا اور نہ ہی چھ فلسفی نظاموں[2] کے فرق کو،

---

[1] گارسین دتاسی: تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی۔ پیرس ۱۸۷۰–۱۸۷۱ء صفحہ ۱۲۱

[2] قدیم ہندی فلسفے کے چھ نظاموں کو شٹ درشن کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے جو حسب ذیل ہیں:

۱۔ نیائے ۲۔ ویشیشک ۳۔ سانکھیہ ۴۔ یوگ ۵۔ میماسا ۶۔ ویدانت۔

Marfat.com

اس نے بیان کیا ہے کہ مذہب میں اختلاف رکھنے والے شخص کی عادتیں اچھی نہیں. وہ زہد، قربانی، کفارہ اور مذہب پر ظاہری عمل کو بے سود قرار دیتا ہے۔
اس کے رمنی۔ اس کے سبدی اور ساکھی (مختلف اصنافِ سخن) کی ہندو مسلمان دونوں قدر کرتے ہیں۔
اس کے بیانات کسی خاص فرقہ سے مختص نہیں ہیں بلکہ ہر ایک سے متعلق ہیں. دنیاوی مفاد سے بالا رہتے ہوئے اس نے کسی کی خوشامد نہیں کی ہے۔
کبیر نے ذات پات کے فرق کو اپنے کانوں میں گھسنے نہیں دیا اور نہ ہی چھ فلسفی نظاموں کے فرق کو"
یہ لفظی ترجمہ تو نہیں لیکن مفہوم کی پورے طور پر ادائیگی ہو جاتی ہے۔
دتاسی کی تاریخ ادب کی اہمیت اردو اور ہندی ادبیات کے اہل زبان کے لئے ہمیشہ برقرار رہے گی۔
فرانس کی سوسیتے ازیاتک کی سالانہ رپورٹ بابت ۷۲-۱۸۷۱ء ژورنال ازیاتک ۱۸۷۲ء میں شایع ہوئی جس میں ارنسٹ رنان خاص کر گارسین دتاسی کی تاریخ ادبیات کے نئے ایڈیشن کا ذکر کرتا ہے کہ "اس حوالوں کی کتاب کو دوبارہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی اور وہ خود ایک وسیع تذکرہ بن کر ایک ایسی زبان کے ادبیات پر معلومات مہیا کرے گی جو بلاشبہ قدیم ایشیا کی پرانی ادبیات کے مقابلے میں فروتر درجہ رکھتی ہے لیکن ان کے مقابلے میں زیادہ دلچسپ ہے اور وہ ہمارے زمانے میں نسلِ انسانی کے ایک خاصے بڑے طبقے کے لئے غذائے ذہنی فراہم کرتی ہے. بعض وقت تو واقعی اس میں ساحرانہ دلکشی پائی جاتی ہے...... اس میں فطرت کا عمیق جذبہ اور انسان کی قسمت کے ساتھ بلند پایہ صوفیانہ فلسفہ بھی ملتا ہے۔ وہ تمام مستشرقین جو سلوستر دساسی کے بڑے مکتب سے نکلے ہیں اور جن میں اس ممتاز استاد نے ایشیا کی مختلف سلطنتوں کو بانٹ دیا ہے۔ غالباً گارسین دتاسی وہ شخص ہے جس نے اپنے حصے میں آئے ہوئے فرض

Marfat.com

کو ذمہ داری سے انجام دیا۔ اپنے متعلقہ ملک کے لوگوں سے تعلق قائم رکھنے کی پوری کوشش کی ہے اور ہمارے ملک میں وہ ان لوگوں کا ادبی سفیر ہے۔ امسال برطانوی ہند کے ادبی حالات کا جو خلاصہ دیا ہے وہ ان دلچسپ امور پر جو ہندوستان میں حرکت پذیر ہیں معلومات سے لبریز ہے ..... موسیو گارساں کی طرح اس کی رائے میں بھی ہندوستانی ہی وہ زبان ہے جو اپنی ساخت کے باعث ان سارے تاریخی متعلقہ امور کی جن سے ہندوستان گذر چکا ہے حامل ہے..... اور سنسکرت سے ساری زندہ بولیوں کے مقابلہ میں قریب تر ہے[1]

ارنسٹ رناں نے ژورنال ازیاتک جولائی سنہ ۱۸۷۰ء میں گارسین دتاسی کے حوالے سے لکھا ہے کہ انگلستان وسیع القلبی کے ساتھ ہندوستان کی سرپرستی کر رہا ہے اُس سے وہاں ایک علمی تحریک پیدا ہو گئی ہے۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے "میری رائے میں انگلستان نے اس مطمحِ نظر کو تحقق پذیر کر دیا ہے جو نہ تو ہندوستان کے مفاد کے خلاف ہو اور نہ اس بڑی یورپی سلطنت کے مفاد کے خلاف ہو..... غرض اس ملک میں نئی زندگی پیدا ہو جو پست ہمتی اور بدنظمی کا شکار ہو گیا ہے۔ برطانوی ہند ایشیا کا وہ ملک ہے جو ہمارے زمانے میں ایک نہایت مکمل اور جدت پسند زندگی گذار رہا ہے اور جہاں یورپ کا اثر زیادہ قوی بھی ہے اور سب سے کم ظالمانہ بھی ہے[2]

دتاسی کے ادبی کام اور شرقیات خصوصاً ہندوستانی سے اس کی دلچسپی کی شہرت رفتہ رفتہ ہندوستان میں عام ہونے لگی۔ چنانچہ سرسید احمد خاں نے اخبار سائنٹفک سوسائٹی علی گڑھ مورخہ ۱۱ ستمبر سنہ ۱۸۶۸ء کو دتاسی کی ادبی خدمات پر باقاعدہ اڈیٹوریل لکھا۔ سرسید لکھتے ہیں:

> "گارسین ڈِتاسی صاحب نے جن کا نام نامی یورپ کے علمی مجالس میں نہایت مشہور ہے اور جنھوں نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ مشرقی زبانوں کی تحصیل میں صرف کیا ہے، ملک فرانس سے ہمارے پاس ایک ایسی کتاب بھیجی ہے

---

[1] ژورنال ازیاتک جولائی سنہ ۱۸۷۲ء صفحہ ۲۵

[2] 〃 〃 〃 سنہ ۱۸۷۰ء صفحہ ۱۹ تا ۲۰

Marfat.com

جس میں ہندوستانی زبان کی تحقیق کی گئی ہے مگر اس کے مصنف نے ، ہندوستانی زبان سے ایک ایسے وسیع معنی مراد لیے ہیں جس میں ہندی اردو دکھنی زبانیں سب شامل ہیں۔ فی زمانہ جو قدر و منزلت دیسی زبان کی تصنیفات کو حاصل ہیں اس کے لحاظ سے ہم نے اس کتاب پر نہایت توجہ کی ہے اور چونکہ ملک یورپ کے صاحب کمال لوگ ہندوستان کی دیسی زبانوں کو بہت کم تحصیل کرتے ہیں اور نہ اس سے علم زبان کی ترقی کا نفع مدنظر رکھتے ہیں نہ علم انشا کے کمال کا خیال کرتے ہیں اس سبب سے اس کتاب کا مطبوع ہونا ہم کو نہایت خوش معلوم ہوا ہے اور اسی وجہ سے ناظرین اخبار کو بھی اس کے حال سے مطلع کرنا پسندیدہ معلوم ہوا۔

یہ بات سب لوگ بخوبی جانتے ہیں کہ جب قوم ارین ہندوستان کے میدانوں میں مغرب کی جانب سے آکر بسی اور ہندوستان کے اصلی باشندوں کو مشرقی پہاڑوں کی طرف رفتہ رفتہ مار کر بھگا دیا اور ان کے اصلی موطن کے سمت پہنچا دیا تو ان ملکوں میں قوم ارین کے سبب سے ایک ایسی جدید زبان قائم ہو گئی جو ہندوستانی اور انگریزی سے مخلوط تھی اور سنسکرت جو ان لوگوں کی اصل زبان تھی ہندوستان میں علی العموم مروج نہ ہوئی بلکہ اس کے قایم مقام ایک پراکرت زبان مستعمل ہو گئی اور ایک مدّت کے بعد پراکرت زبان کی جگہ ہندی زبان رائج ہو گئی اور اس میں بہت سے ایسے الفاظ مستعمل ہوئے کہ ان کا مخرج سنسکرت نہیں معلوم ہوتی بلکہ قرین قیاس یہ ہے کہ اس ملک کے اصلی باشندوں کی زبان سے وہ لفظ ہندی میں آ گئے ہیں۔ بعد اس کے جب مسلمانوں نے حملہ کیا اور خصوصاً جب کہ اکبر کی سلطنت کا عہد آیا اور مسلمانوں کی سلطنت جم گئی تو یہ فارسی زبان جس میں پہلے ہی سے عربی کے لفظ بہت سے ملے ہوئے تھے ، ہندوستان کی زبانوں سے بلا تکلف مل جل کر ہندوستان

Marfat.com

کے جنوبی حصہ میں ایک نئی زبان مستعمل ہوگئی جس کو دکھنی کہنے لگے اور شمالی حصہ میں ایک اور زبان قائم ہوگئی جس کو اردو کہنے لگے اور گو انجام کار اردو زبان کو بڑی ترقی حاصل ہوئی مگر ابتدا میں دکھنی زبان سے بہت پیچھے رائج ہوئی تھی اور دکھنی زبان جس طرح پہلے سے رائج ہوگئی تھی ایسے ہی وہ اب گمنام بھی ہوگئی ۔ دربار دہلی کی قدردانی اور حمایت سے اٹھارویں صدی تک مورخ لوگ فارسی تصنیفات میں مشغول رہے اور اس عرصہ میں دکھن کے تین مورخ گولکنڈہ کے بادشاہ تھے اور ان میں وَلی اور آذری اور افضل نامی مورخوں نے ریختہ زبان میں سولہویں صدی کے اندر بڑی بڑی نظم کی کتابیں لکھیں اور گارسن ڈتاسی صاحب نے اردو زبان کے شمالی شاعروں میں سے حاتم کو اعلا درجے کا شاعر شمار کیا ہے جو سترہویں صدی کے آخر میں گذرا ہے اور جو اس امر کا مقر ہے کہ طرز شعر گوئی میں نے وَلی کی تصنیفات سے حاصل کیا ہے ۔

اس کتاب کے مصنف کا مقصود یہ نہیں ہے کہ اردو زبان کی مشہور نظموں کی تشریح کرے بلکہ اس کا اصل مقصود یہ ہے کہ ہملوگ ہندوستان کے علم انشا کی جانب متوجہ ہوویں اور اس کی تاریخ کے وسیع میدان کی طرف مایل ہوویں ۔ اسی کتاب کے مضامین کو گارسن ڈتاسی صاحب نے اردو زبان کے تذکروں اور ہندی کے کب مالاؤں میں بہت جگہ پایا ہے چنانچہ صاحب موصوف نے قریب ستر تذکروں کے دیکھے ہیں جن کا حال انھوں نے اسی مختصر میں کچھ لکھا ہے اور تین ہزار مصنفوں کے نام جو اب تک حجاب خفا میں مستور تھے انھوں نے بیان کیے ہیں چنانچہ ان میں بعض ایسے لوگ ہیں جن کا نام صرف فراموشی کے واسطے ہی ہوا تھا۔ اور ان کے مرتے ہی ان کے نام کا نشان نہ رہا اور اس فراموشی کا سبب صاحب موصوف

Marfat.com

نے ان تذکروں کا نقصان قرار دیا ہے جو لوگوں کی زندگی کے حالات کے ایسے تذکرے ہیں جن کو اس قسم کے یورپ کے اور تذکروں سے کسی طرح کی مناسبت نہیں ہے کیونکہ ہر ایک تذکرہ لکھنے والا اپنی طبیعت کو طرح طرح کے خیالات میں استعاروں اور تشبیہوں کی تلاش کے لئے اس غرض سے وسعت دیتا ہے کہ ان کے ذریعہ سے اپنے دوستوں اور ان شاعروں کی مدح کرے جن کی تعظیم و تکریم سے اس کا جی خوش ہوتا ہے اور عمدہ عمدہ شعروں کے انتخاب میں ایسی رائے ظاہر کرتا ہے جس میں بجز تفریح اور مذاق اور کچھ نہیں پایا جاتا اور وہ اپنے یاروں اور دوستوں میں اپنا نام بھی شامل کر دیتا ہے اسی وقت بعض اور لوگوں کے حالات بھی بصحت تمام شامل کر دیتا ہے۔ اصل یہ ہے کہ ایسے تذکرہ میں شعراء کے نام فخر اور شیخی کے ساتھ زیادہ لکھے ہوتے ہیں اور جو امور اصل حقیقت کے متعلق ہوتے ہیں وہ چھوڑ دیئے جاتے ہیں۔ ہم کو افسوس آتا ہے کہ گارسن دتاسی صاحب نے اپنی تصنیف کو صرف ان کتابوں کے ناموں کے شمار پر محدود رکھا ہے جو اس کتاب میں لکھے ہیں مگر ہم امید کرتے ہیں کہ صاحب موصوف اپنی تحقیق اور تفتیش کو متروک نہ کریں گے اور دیسی زبان کی نکتہ چینی کے میدان میں قدم بڑھا کر جو انھوں نے ہندوستانی زبان کی ترقی کے باب میں ایک احسان کیا ہے اس احسان کو یوماً فیوماً ترقی دیں گے"۔

تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی محض ایک طویل تذکرہ نہیں بلکہ اردو مصنفین کی ضخیم سوانحی تالیف ہے۔ سولھویں۔ سترہویں اور اٹھارویں صدی عیسوی میں وسیع المشرب صوفیائے کرام مذہب کے خارجی فارم سے بالاتر ہو کر روحانیت کو نظریہ وحدت الوجود کے ذریعے تمام انسانوں میں عام کرنا چاہتے تھے جس کے سبب مذہب کے ظواہر کے ساتھ ہی زبان و ادب کا فرق بھی کم سے کم ہوتا گیا۔ مثلاً ہم دیکھتے ہیں کہ

Marfat.com

افضل نے دوہے اور کبت ہندی میں لکھے۔ ایسے ہی دلہا رام اور دیگر ہندؤں نے صوفی مسلمانوں کی تعریف میں سکھیاں لکھیں۔ کبیر ہندو مسلمانوں میں یکساں طور پر ہر دل عزیز تھا اور سورداس کی شاعری فارسی رسم الخط میں بھی ملتی ہے۔

دتاسی کی تاریخ ادبیات سے ہندو مسلم اتحاد کا اندازہ ہوتا ہے اور متحد قومیت کا بھی تصور ابھرتا ہے بلاشبہ یہ ہندوستان کی سماجی تاریخ۔ طرز زندگی۔ عقاید و روایات اور شعر و ادب کا قیمتی ماخذ ہے اور اردو دانشوری میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔

اشپرنگر نے اپنی فہرست کتب میں تاریخ ادبیات سے مدد لی ہے اور گریرسن نے سروے آف انڈیا کی جلد نہم میں اس کی کتب کا حوالہ دیا ہے۔

گارسین دتاسی کی تاریخ ادبیات کا تیسرا ایڈیشن[1] تین جلدوں پر منطبق امریکہ سے ۱۹۶۸ء میں شائع ہوا ہے۔

سالانہ خطبات

ہر تعلیمی سال کے آغاز میں دتاسی ہندوستان کی ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کے جائزے پر مشتمل ایک خطبہ دیتا تھا۔ یہ خطبات ۱۸۵۰ء سے ۱۸۷۷ء تک ہر سال پابندی سے دیئے گئے۔ صرف ۱۸۵۸ء میں غدر (جنگ آزادی) کے باعث یہ خطبہ ممکن نہ ہوسکا۔ اس طرح خطبات کی مجموعی تعداد ستائیس (۲۷) ہوتی ہے۔ ۱۸۵۰ء تا ۱۸۶۹ء کے خطبات کتابی صورت میں پیرس سے ۱۸۷۴ء میں شائع ہوئے۔ بقیہ خطبات علاحدہ کتابی صورت میں چھپے۔ ان میں بعض خطبات مختصر ہیں (مثلاً ۳ر دسمبر ۱۸۵۰ء کا خطبہ صرف چار

---

[1] Garcin de Tassy

: Histoire de la litterature Hindouie et Hindoustanie, Oriental translation Fund, 1870-71. Reprinted 1968, Published by Burt Franklin, New York.

Marfat.com

صفحات پر مشتمل ہے) اور بعض خاصے طویل ہیں، جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱. خطبہ جو ۳ر دسمبر ۱۸۵۰ء کو دیا گیا۔ نئے ایڈیشن میں صفحہ ۱ تا ۴

۲. " " ۴ر دسمبر ۱۸۵۱ء " " " ۵ " ۱۲

۳. " " ۵ر دسمبر ۱۸۵۲ء " " " ۱۳ " ۲۰

۴. " ۲۵ر نومبر ۱۸۵۳ء " " " ۲۱ " ۳۶

۵. " ۴ر دسمبر ۱۸۵۴ء " " " ۳۷ " ۹۵

۶. " ۲ر دسمبر ۱۸۵۵ء " " " ۹۶ " ۱۰۵

۷. " ۴ر دسمبر ۱۸۵۶ء " " " ۱۰۶ " ۱۱۵

۸. " ۱۰ر دسمبر ۱۸۵۷ء " " " ۱۱۶ " ۱۳۲

۹. " ۵ر مئی ۱۸۵۹ء " " " ۱۳۳ " ۱۵۱

۱۰. " ۷ر فروری ۱۸۶۱ء " " " ۱۵۲ " ۱۷۱

۱۱. " ۲ر دسمبر ۱۸۶۱ء " " " ۱۷۲ " ۱۸۶

۱۲. " یکم دسمبر ۱۸۶۲ء " " " ۱۸۷ " ۲۰۷

۱۳. " ۷ر دسمبر ۱۸۶۳ء " " " ۲۰۸ " ۲۳۹

۱۴. " ۵ر دسمبر ۱۸۶۴ء " " " ۲۴۰ " ۲۶۷

۱۵. " ۴ر دسمبر ۱۸۶۵ء " " " ۲۶۸ " ۳۰۳

۱۶. " ۱۳ر دسمبر ۱۸۶۶ء " " " ۳۰۴ " ۳۴۷

۱۷. " ۲ر دسمبر ۱۸۶۷ء " " " ۳۴۸ " ۳۸۴

۱۸. " ۷ر دسمبر ۱۸۶۸ء " " " ۳۸۵ " ۴۵۲

۱۹. " ۶ر دسمبر ۱۸۶۹ء " " " ۴۵۳ " ۴۸۸

۲۰. خطبہ ۱۸۷۰ء ۴۸ صفحات

۲۱. " ۱۸۷۱ء ۸۳ "

۲۲. " ۱۸۷۲ء ۱۰۹ "

Marfat.com

۲۳۔ خطبہ ۱۸۷۳ء ۸۶ صفحات
۲۴۔ " ۱۸۷۴ء ۱۱۶ "
۲۵۔ " ۱۸۷۵ء ۱۲۷ "
۲۶۔ " ۱۸۷۶ء ۱۷۸ "
۲۷۔ " ۱۸۷۷ء ۱۰۴ "

یہ سالانہ تقریریں پہلے خطبات کے نام سے اور پھر ہندوستانی زبان و ادب پر سالانہ تبصرے کے نام سے شائع ہوئیں۔ اپنے ان تبصروں کے متعلق دتاسی وضاحت کرتا ہے:

"میرے ابتدائی تبصرے ۱۸۶۹ء تک خطبات کے نام سے تھے۔
میں نے ۱۸۶۷ء کے خطبہ میں ابتدائی دس خطبات کی فہرست دی ہے۔
۱۸۷۰ء سے تبصرہ شروع ہوتا ہے جو شہر پیرس کے محاصرہ کے وقت شہر کان سے شائع ہوا تھا[۱] بعد ازاں ۱۸۷۱ء ۱۸۷۲ء کے اور بالآخر موجودہ تبصرہ۔"

ان خطبات میں جو بحث سب سے زیادہ نمایاں ہے اور تقریباً ہر خطبہ میں کہیں نہ کہیں اس کا ذکر ضرور آتا ہے، اردو زبان سے متعلق ہے۔ دتاسی کو ہندوستانی سے بے پناہ دلچسپی تھی اور اس کی کوشش تھی کہ یہ زبان اپنی فطری صلاحیت کے نشوونما کے لئے سازگار فضا پائے۔ لیکن انگریزوں نے اپنی سیاسی ضرورتوں کے تحت ہندوستان میں جو ہندی اردو نزاع کھڑا کر دیا تھا، اس کے سبب زبان کے مسئلہ پر ہندوستان میں دو گروہ ہو گئے تھے۔ ایک کے نزدیک اس ملک میں سنسکرت آمیز ہندی جو دیوناگری رسم الخط میں لکھی جائے، رواج پانی چاہیئے۔ جبکہ دوسرے گروہ کا خیال تھا کہ اردو جو اب اس ملک میں خاصی مروّج ہو چکی ہے اور ملک کے ایک گوشے سے دوسرے گوشے تک ہر جگہ سمجھی اور بولی جاتی ہے، اسے مزید ترقی کے مواقع ملنے چاہئیں۔ دتاسی نے اس بحث میں ایک ہندوستانی کی طرح حصہ لیا اور بہت واضح الفاظ میں اپنے موقف کی وضاحت کی۔

" مجھے اردو زبان اور مسلمانوں کے ساتھ جو لگاؤ ہے وہ کوئی چھپی

---

[۱] اس زمانہ میں دارالسلطنت پیرس سے کان منتقل ہو گیا تھا

Marfat.com

ہوئی بات نہیں ہے"۔[1]

اسی خطبہ میں ایک اور جگہ کہتا ہے:

"اگر کوئی ہندو پرانی طویل اسلامی حکومت کو منتقمانہ اثر کے ساتھ بُرا کہے اور انگریزی نظم ونسق کا مداح ہو تو ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں، لیکن عربی، فارسی اور اردو جیسی زبانوں کے خلاف تعصب برتنا کسی طرح بھی مناسب نہیں معلوم ہوتا"۔[2]

اس واضح اعلان کے بعد یہ بتانے کی ضرورت نہیں رہتی کہ دتاسی نے اپنے خطبات میں نہایت جوش وخروش کے ساتھ اردو کی حمایت کی۔ اور ان لوگوں کی پُرزور مذمت کی جو اردو کی جگہ ہندی کو رواج دینا چاہتے تھے۔ ہندی کو رواج دینے کی ان کوششوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے دتاسی کہتا ہے:

"یہ عجیب بات ہے کہ جس طرح آجکل یورپ میں ایک تحریک اٹھی ہے جس کا نصب العین یہ ہے کہ پھر سے ازمنہ وسطیٰ کی طرف رجوع کیا جائے اور ان زبانوں کو زندہ کیا جائے جو اب بولیاں ہوکر رہ گئی ہیں اسی طرح ہندوستان میں بھی ازمنہ وسطیٰ کی ادبیات کو قدر اور احترام کے ساتھ دیکھا جارہا ہے۔ اس وقت ہندی کی حیثیت بھی ایک بولی کی سی رہ گئی ہے جو ہر گاؤں میں الگ الگ طریقے سے بولی جاتی ہے۔ چنانچہ ہندوؤں کی کوشش ہے کہ اردو کے بجائے ہندی کو فروغ دیا جائے حالانکہ اردو بہ نسبت ہندی کے زیادہ شستہ ہے۔ لیکن ہندی ان کے نزدیک خالص ہندوستان کی زبان ہے اس واسطے کہ وہ سنسکرت سے نکلی ہے ان کو یہ نہیں سوجھتا کہ اردو زبان میں فارسی اور عربی کی ساری خوبیاں جمع ہوگئی ہیں۔ یہ دونوں زبانیں

---

[1] اُردو ترجمہ۔ مقالات گارساں دتاسی ۱۹۶۴ء صفحہ ۵۴

[2] ایضاً صفحہ ۵۳

Marfat.com

(فارسی و عربی) اسلامی مشرق کی قابل احترام السنہ ہیں اور دنیا کے تمام علماء فضلاء ان دونوں کو اسی نظر سے دیکھتے آئے ہیں۔"

اُردو کی اس پر جوش تائید کی مثالیں خطبات میں قدم قدم پر ملتی ہیں۔ اور ہر جگہ وہ ایک مخلص "اُردو داں" کی حیثیت سے اردو کی حمایت کرتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ مسٹر جی کیمبل لفٹننٹ گورنر بنگال نے اُردو کے خلاف بہار میں ایک نہایت احمقانہ تقریر کی۔ دتاسی نے اپنے ۱۸۷۲ء کے خطبہ میں اس تقریر کے بیشتر حصے نقل کئے جن کا خلاصہ یہ ہے کہ:

۱۔ اردو ایک غیر صحیح النسب دوغلی زبان ہے۔

۲۔ یہ کبھی بھی ہندوستان میں عوام کی زبان نہیں رہی۔

۳۔ اسے اردو کا جو نام انگریزوں نے دیا وہ غلط ہے۔

اور اس بنا پر

۴۔ اس زبان کی تعلیم یکسر بند کر دینی چاہیئے۔

دتاسی نے اس تقریر پر جگہ جگہ حاشیہ لگایا ہے اور گورنر بہادر کا مذاق اڑایا ہے تقریر نقل کرنے کے بعد اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے دتاسی لکھتا ہے:

"مسٹر کیمبل کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہندوستانی اُردو نے جس طرح ہندوؤں کی رجعتی حکمت عملی کا مقابلہ کیا ہے اس طرح وہ ان کی تنقید و تعریض کا بھی مقابلہ کرے گی۔ ممکن ہے مسٹر کیمبل کے احکام کی بلاچون وچرا پابندی کی جائے تو بہار کے مدارس میں اُردو ختم ہو جائے لیکن اور دوسرے مقامات پر اس زبان کے رواج کو کوئی نہیں روک سکتا ملک کے دوسرے تعلیمی اداروں میں اس کی تعلیم برابر جاری رہے گی۔"[1]

اردو دوستی کی یہ مثال خود اہل زبان کے یہاں بھی کم ملتی ہے۔ دتاسی نے اردو کی حمایت کرتے ہوئے اس زبان کے جو اوصاف اپنے مختلف خطبات میں بتائے ہیں ان میں:

---

[1] مقالات گارساں دتاسی ۱۸۷۲ء صفحہ ۱۸۹

Marfat.com

۱۔ اس زبان کی شستگی ،

۲۔ اظہار کی تمام ضرورتوں پر قدرت ،

۳۔ استعمال کی کثرت

اور

۴۔ عربی و فارسی کی طویل روایت سے استفادہ کے سبب اس زبان میں پیدا ہوجانے والی قوت

اہم ہیں ۔ اور یہی وہ دلائل ہیں جو آج بھی محبانِ اُردو ، اس زبان کی تائید میں دیتے ہیں ۔

اس زبان سے اس کی محبت آخر دم تک قائم رہی اور اس کے حق میں دلائل دینے کے ساتھ ہی اس کی اشاعت میں اس نے عملی طور پر بھی حصّہ لیا ۔ طرفدارانِ اُردو میں حمایت کے اس جوش و خروش کی مثالیں نادر ہیں ۔

یہ خطبات ہندوستان کی ادبی تاریخ کے لئے نہایت اہم ماخذ کی حیثیت رکھتے ہیں کہ ان کا تعلق ایک ایسے زمانے سے ہے جو اس برصغیر میں انتہائی خلفشار کا تھا ۔ ۱۸۵۷ء کی بغاوت کے بعد جب انگریز برسر اقتدار آئے تو اس میں خوں ریزی بھی ہوئی اور کتب خانے اور علمی دستاویزیں بھی ضائع ہوئیں ۔ لاکھوں قلمی نسخے جو مغل بادشاہوں ، امیروں اور عالموں کے پاس تھے ، تہس نہس ہوگئے ۔ اس زمانے سے قبل کی بعض کتب کے متعلق اطلاعات ہمیں صرف دتاسی کے خطبات سے ملتی ہیں ۔

ہر خطبہ میں گارسین دتاسی اس سال شائع شدہ تصانیف کی تفصیل دیتا ہے ۔ ان کے مولفوں کے متعلق ضروری اطلاعات فراہم کرتا اور کتاب کی قدر و قیمت کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے ۔

کتابوں کی اس تفصیل کے علاوہ نئے قائم ہوئے چھاپہ خانوں اور نئے جاری ہوئے اخبار و رسائل کا ذکر بھی دتاسی ضروری خیال کرتا ہے ۔ ان رسائل کے ایڈیٹروں اور خود رسالے کی خصوصیات سے متعلق اسے جس حد تک اطلاعات فراہم ہوجاتی ہیں اپنے خطبہ میں ان کا ذکر کرتا ہے ۔ مثلاً ' اودھ اخبار ' کے متعلق لکھتا ہے :

Marfat.com

" اودھ اخبار لکھنؤ کا ایک بڑا اخبار ہے۔ اس میں کافی تازہ خبریں ہوتی ہیں اور اچھے علمی مقالے بھی۔ ایڈیٹر کو اپنے پیشے سے واقفیت ہے اور اس کا اسلوب تحریر سنجیدہ اور واضح ہے "

نئی کتابوں کی اشاعت اور نئے اخباروں کے اجرار کے علاوہ اپنے خطبات میں وہ ان ادبی شخصیتوں کے انتقال کی اطلاع بھی ضروری خیال کرتا ہے، جو اس عالمِ فانی سے رخصت ہوئیں۔ اس میں ہندوستانی یا یورپی مستشرقین کی کوئی قید نہیں۔ مثلاً سنہ ۱۸۶۹ء اُردو کے دو ممتاز ادیبوں رجب علی بیگ سرور اور اسد اللہ خاں غالب کے بارے میں لکھتا ہے کہ:

" اس نے وہ مشہور قصہ لکھا جس کا نام فسانۂ عجائب ہے اور جس میں عجیب غریب واقعات بیان کئے گئے ہیں جسے اہلِ ہند فرصت کے اوقات میں پڑھ کر محظوظ ہوتے ہیں۔ دوسرا مولف اسد اللہ خاں غالب جس نے سرور سے دو ماہ قبل ۷۳ سال کی عمر میں وفات پائی وہ ہم عصر اردو شعراء میں سب سے ممتاز سمجھا جاتا ہے۔ ہندوستانیوں کا خیال ہے کہ اس کی تخلیقات اسے حیاتِ جاوید عطا کریں گی "[۱]

ان ہندوستانی ادیبوں اور تصانیف کے علاوہ یورپ کے کتب خانوں اور ان میں موجود ہندوستانی تصانیف کی تفصیل بھی ان خطبات میں کئی جگہ ملتی ہے۔ چنانچہ وہ لندن کے کتب خانے الیسٹ انڈیا لائبریری کی بعض قلمی کتابوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے:

" الیسٹ انڈیا ہاؤس کے کتب خانے میں آٹھ ہزار قلمی کتابیں ہیں جن میں ہندوستانی کا بڑا حصہ ہے ...... اس میں وہ قرآن مجید ہے جو خلیفہ حضرت عثمان نے خط کوفی میں لکھا تھا۔ اس پر مشہور مشرقی بادشاہوں کی مہریں بھی ہیں جن سے اس نسخہ کی انمول قدر و قیمت کا پتہ چلتا ہے....

---

[۱] خطبات گارسیں دتاسی حصہ دوم، جدید ایڈیشن ۱۹۶۹ء (انجمن ترقی اُردو پاکستان، کراچی) صفحہ ۳۰۹

Marfat.com

وہاں قرآن مجید کا ایک اور نسخہ موجود ہے جو حضرت علی کی طرف منسوب ہے اس پر تیمور
کی مہر ہے اور شاہجہاں کا یہ بیان بھی کہ اس نے یہ نسخہ پندرہ سو مہر (یعنی
ساٹھ ہزار فرنک) میں خریدا تھا" (خطبہ ۱۸۵۷ء)

ادیبوں اور ان کی تخلیقات کے علاوہ ان خطبات میں ہندوستان کی علمی و ثقافتی
سرگرمیوں کا جائزہ بھی ملتا ہے۔ یہ دتاسی کی فراست اور ہندوستان میں اس کی دلچسپی کا ثبوت
ہے کہ ان تخلیقات کے پس پشت جو ممکن سماجی محرکات ہوسکتے ہیں ان پر بھی نظر رکھتا ہے۔
اور اس طرح کی کسی اطلاع کو نظر انداز نہیں کرتا جو ہندوستان کی ثقافتی زندگی پر روشنی
ڈالتی ہو۔ چنانچہ سر سید احمد خاں کی قائم کردہ انجمن کے متعلق اس کی اطلاع ہے۔

"پچھلے سالوں میں ہندوستان میں جو علمی و ادبی انجمنیں قائم ہوئی ہیں وہ برابر
اپنا کام کئے جارہی ہیں۔ ان میں سب سے اہم علی گڑھ انجمن ہے جس کے بانی ایک
ممتاز مسلمان سید احمد خاں صدر الصدور بنارس ہیں"

وہ مزید اطلاع دیتا ہے کہ اس انجمن نے اہم انگریزی تصانیف کے اردو ترجمے کا انتظام
کر رکھا ہے۔ اس کے علاوہ ہفتہ وار اخبار پابندی سے نکلتا ہے۔ جس سے سالانہ خطبہ کی تیاری
میں مدد ملتی ہے۔ انسٹی ٹیوٹ کی طرف سے ایسا مدرسہ کھولنے کی پختہ تجویز ہے جہاں اعلیٰ تعلیم کا
انتظام ہوگا۔ مزید یہ کہ اس مدرسہ میں ایک پنڈت سنسکرت اور ہندی کی تعلیم کے لئے رکھا جائیگا۔

ثقافت سے متعلق ان اطلاعات کے ضمن میں وہ ہندوستان میں مختلف اصلاحی
تحریکات کا بھی ذکر کرتا ہے، جو اس ملک کے مختلف حصوں میں مختلف سماجی مسائل سے متعلق
جاری ہیں۔ مثلاً دتاسی بتاتا ہے کہ "سارے ہندوستان میں جدید تعلیم خصوصاً انگریزی زبان
کے مخالف ہیں لیکن انگریزوں کی موجودگی سے روزمرہ کی زندگی کے لئے یہ زبان ناگزیر ہوگئی ہے۔
جس کے سبب کلکتہ، بمبئی اور مدراس میں تین یونیورسٹیاں قائم کی گئی ہیں۔ خصوصاً مسلمان، جو
ہندوستان کے سابق حکمراں تھے، انگریزوں کے شدید دشمن ہیں۔ اس لئے وہ زحمت نہیں
کرتے کہ انگریزی زبان سیکھیں"۔ ان مسائل کے پیش نظر وہ ہندوستانیوں کو مشورہ بھی دیتا
ہے کہ ان کی تعلیمی اصلاح ضروری ہے اور یہ خوش خبری بھی سناتا ہے کہ "آٹھ جنوری ۱۸۷۶ء

Marfat.com

کو وائسرائے ہند ہز ایکسیلنسی لارڈ لٹن نے بڑے محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کا سنگ بنیاد رکھا۔[1]

۲ر دسمبر ۱۸۶۷ء کے خطبہ میں دتاسی ہندوستان میں تعلیم نسواں کی ترویج کا حال بتاتا ہے کہ ہندوستان کے مختلف صوبوں میں لڑکیوں کے مدارس میں اضافہ ہو رہا ہے اور ایک مس کارپنیٹر کا ذکر کرتا ہے کہ وہ خاص طور پر تعلیم نسواں کی ترویج کے لیے ہندوستان گئی ہیں اور انہوں نے کلکتہ، مدراس، بمبئی میں زنانہ تعلیم کی ضرورت پر تقریریں کیں۔ ان کی کوشش سے بمبئی میں ایک اعلیٰ انجمن قایم ہوئی۔ اسی سلسلے میں وہ عورتوں کے لیے الگ میڈیکل کالج کھولنے کی تجویز کا خیر مقدم کرتا ہے۔

ان خطبات میں دتاسی کے مذہبی رجحانات کی جھلک بھی بہت نمایاں ہے۔ وہ اصلاً ایک کامل اور سچا عیسائی ہے۔ اسے اپنے مذہب سے گہری دلچسپی ہے اور وہ اس بات کا خواہاں ہے کہ ہندوستان کے ہر گوشے میں عیسائیت کا بول بالا ہو جائے۔ چنانچہ ان خطبات میں عیسائی مشنریوں کی تبلیغ مذہب کے لیے کی جا رہی مساعی کا بالتفصیل ذکر ملتا ہے۔ اس کی تحریروں میں بین السطور ان مبلغین کے لیے تحسین کے رویّے کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔

آہستہ آہستہ اہل ہند پر ان الفاظ کا اثر ہو رہا ہے:

"ان کے بُت خانے جہاں ہزاروں خداؤں کی پرستش کی جاتی ہے، مسمار ہو رہے ہیں اور باوقار عقل انسانی فتح حاصل کر رہی ہے۔ ابھی بمشکل پچاس برس ہوئے ہیں کہ انگریز مبلغین نے ہندوستان میں اپنا کام شروع کیا ہے اس عرصہ میں ۸۰ ہزار اہل ہند انگلیکن کلیسا میں شامل ہو چکے ہیں۔ جن ہندوستانیوں نے عیسائی مذہب قبول کیا ہے ان میں بعض نہایت مشہور لوگ شامل ہیں جیسے کلکتہ کے بنرجی اور نحمیا، جبل پور کے صفدر علی، دہلی کے رام چندر اور تارا چندر، امرت سر کے عبداللہ آتھم اور عماد الدین، پشاور کے دلاور خاں، گوپا ند موہن ٹیگور بھی (کلکتہ کے رہنے والے ہیں اور آج کل انگلستان میں ہیں وغیرہ) مسیحی حلقے میں شامل ہو گئے ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی ہیں جنھوں نے عیسائی مذہب قبول کر لیا ہے جن میں بعض مصنف بھی ہیں جن کی نسبت میں اپنے خطبوں میں ذکر کر چکا ہوں۔" (مقالات گارسین دتاسی ۱۸۶۰ء صفحہ ۹۱-۹۰)

Marfat.com

اپنے مذہب سے دلچسپی کے سبب دتاسی کو وہ لوگ گمراہ دکھائی دیتے ہیں، جنہوں نے عیسائی مذہب چھوڑ کر اسلام قبول کر لیا۔ ان کا ذکر وہ انتہائی مایوسی اور کسی قدر جھنجھلاہٹ کے لہجہ میں کرتا ہے:

"مجھے یہ دیکھ کر سخت ملال ہوتا ہے کہ بعض عیسائی لوگ اندھے پن اور بے شرمی سے اسلام قبول کر لیتے ہیں اور حقیقت کو چھوڑ کر گمراہی میں پڑ جاتے ہیں مثلاً ایک انگریز رابرٹ گرین نے جو برنگھم کا باشندہ ہے اور ایک سرجنٹ کا بیٹا۔ اس کا باپ ۱۸۵۷ء کے غدر میں باغیوں کے ہاتھوں سے مارا گیا۔ اس سال شروع میں بمبئی میں دین اسلام قبول کر لیا۔ اسلامی روایات کے مطابق اس نے بپتسمے کے وقت کا عیسائی نام بھی بدل ڈالا اور اب اپنا نام عبداللہ رکھا ہے۔ اس طرح ایک معزز نوجوان انگریز خاتون مس ڈونلی نے حال ہی میں لکھنؤ میں اسلام قبول کر لیا اور ایک انگریز خاتون مس چارلوت ہل بھی حلقۂ اسلام میں داخل ہو گئی ہیں اور اب وہ مسز غلام قادر ہیں۔ مجھے یہ پوری توقع ہے کہ مسلمان لوگ سورۂ فاتحہ میں جو دعا مانگتے ہیں وہ بارگاہِ رب العزت میں ضرور قبول ہوگی اور یہ پوری جماعت محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کی شفاعت کے بجائے ہمارے سردار مسیح ابن مریم کو حقیقی اور واحد نجات دہندہ کی حیثیت سے قبول کرے گی۔

(مقالات گارسین دتاسی ۱۸۷۱ء ص ۷۵-۷۶)

اس حد تک تو کچھ حرج نہیں معلوم ہوتا۔ لیکن وہ اس مذہبی جوش میں اس قدر آگے بڑھ جاتا ہے کہ دیگر مذاہب کے بنیادی اعتقاد اور بعض مذہبی کتب پر اعتراض کرنے لگتا ہے جو دتاسی جیسے عالم سے کسی حد تک غیر متوقع ہے۔

عیسائی مشنریوں کے علاوہ ہندوستان کی دیگر مذہبی تحریکات کا ذکر بھی دتاسی کے خطبات میں کہیں کہیں ملتا ہے۔ خصوصاً برہموں سماج کی تحریک کا ذکر دتاسی نے کئی موقعوں پر تفصیل سے کیا ہے۔ مثلاً ۱۸۷۱ء کے مقالے میں اطلاع ہے:

Marfat.com

"۲۸ جنوری ۱۸۷۱ء اتوار کے دن برہمو سماج کے پیروؤں نے اپنی مذہبی جماعت کے قائم ہونے کی کلکتہ میں اہم ویں سال گرہ منائی اس روز اس جماعت کے ہزاروں ارکان نے کلکتہ کی سڑکوں پر ہاتھوں میں جھنڈے لئے جلوس نکالے، جلوس کے وقت وہ اپنی دعائیں گاتے جاتے تھے دوسرے روز وہ سب اپنے مندر میں جمع ہوئے اور ان کے مذہبی خطیب نے ان کے روبرو تقریر کی......

راجہ کالی کرشن بہادر نے برہموں سماج کے ارکان کو دعوت دی تھی کہ وہ درگا پوجا کے موقع پر ان کے ہاں آکر جشن ورقص کی محفل میں شریک ہوں لیکن ان لوگوں نے یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ وہ صرف نظری حیثیت سے بھی نہیں بلکہ عملاً اس قسم کی محفلوں کو خلاف اخلاق تصور کرتے ہیں اور بت پرستی سے تعبیر کرتے ہیں، شرکت گوارا نہیں کی۔"[1]

ہندوستان کی تہذیبی زندگی کے اس پہلو پر دتاسی کی نظر بہت گہری تھی۔ اگرچہ وہ عیسائیت کے معاملے میں جذباتی ہوجاتا ہے اور اپنی مذہبی تعبیروں کی روشنی میں ہی دیگر تمام مذاہب اور ان کی رسوم پر نظر ڈالتا ہے لیکن بہرحال وہ اس سے واقف معلوم ہوتا ہے کہ مذہب ہندوستانیوں کی روح میں پیوست ہے اور اس سے انہیں علاحدہ کرنا ممکن نہیں ہے۔

دتاسی ہندوستان کبھی نہیں آیا۔ یہاں کی ادبی، تہذیبی سرگرمیوں کے متعلق اس کی اطلاعات مختلف کتابوں، رسائل اور احباب کی فراہم کردہ تفصیلات پر مبنی ہیں۔ اس لئے اس سے بعض جگہ ناموں اور سنین کے سلسلے میں غلطیاں بھی ہوئیں۔ مثلاً ایک جگہ نثر و نظم کی جدید مطبوعات کی تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"اجمیر والے ایم۔ ایس۔ ڈبلو فیلن نے کلکتہ میں ایک لغت شائع کی جو انگریزی

---

[1] مقالات گارسین دتاسی ۱۸۷۱ء صفحہ ۱۴۲

Marfat.com

ہندوستانی میں ہے اور جس میں قانونی و تجارتی اصطلاحات ہیں..... یہ مستشرق
وہی ہے جس نے کریم الدین کی اعانت سے میری تاریخ ادبیات ہندوی و
ہندوستانی کا ترجمہ کیا ہے "

ظاہر ہے یہاں دتاسی سے غلطی ہوئی۔ وہ فیلن جنھوں نے اس کی کتاب کا اردو میں ترجمہ کیا ایف۔ فیلن تھے۔ ایم۔ ایس۔ ڈبلو فیلن نہیں۔ آدمیوں کے ناموں میں خلط ملط کی ایک اور مثال قایم ہیں۔ اپنے پانچویں خطبہ میں اس نے قائم کا نام دوبار لکھا ہے گویا وہ دو شخص ہوں۔ لیکن قائم چاند پوری واقعتاً ایک ہی شخص ہے جو اردو کا شاعر اور تذکرہ نویس تھا۔ ایسے ہی وہ ۱۸۶۷ء کے خطبہ میں نورتن کو رنگین کی تالیف بتاتا ہے جو معلوم ہے کہ مہجور کی کتاب ہے۔ ۱۸۵۶ء کے خطبہ میں اس نے مخزن نکات کو ۱۷۵۴ء کی تالیف کہا ہے اور تذکرہ شورش کو ۱۷۶۳ء کی۔ لیکن اسی خطبہ میں آگے چل کر وہ تذکرہ شورش کا سالِ تالیف ۱۷۷۹ء بتاتا ہے جو صحیح نہیں۔

غلطیاں کرنے کے باوجود دتاسی کے خلوص اور صداقت پسندی میں شبہ کی گنجائش نہیں۔ وہ جن کتابوں یا اشخاص کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے اس میں شخصی پسند و ناپسند کے بجائے ایک معروضی انداز نظر نمایاں ہے اور اگر اس کے نزدیک کوئی بات غلط ہے تو اس کے اظہار میں اسے کوئی تکلف نہیں ہوتا۔ چنانچہ ایک جگہ وہ اپنے استاد پر تنقید کرنے سے گریز نہیں کرتا۔ وہ لکھتا ہے:

"لانگلیس ایک بڑا فاضل شخص تھا۔ لیکن بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ اس نے اپنے پڑھنے والوں کو خوش کرنے کے لئے سطحی چیزیں لکھی ہیں۔ میں نے اس کے درس سے فائدہ اٹھایا ہے جس طرح اپنے استاد اور علمی سرپرست سلوستر دساسی کے درسوں سے "

اس بے لاگ تنقید اور زبان وادب سے دلچسپی کے سبب یہ خطبات فرانس کے باہر خصوصاً ہندوستان میں بھی خاصے مقبول ہوئے۔ اور اس کے سالانہ خطبات کا ہندوستان و یورپ میں استقبال کیا گیا۔ اور اکثر اس کے اجزا کا ترجمہ ہندوستانی اخبارات میں شائع ہوا۔

Marfat.com

خود وہ اپنے خطبات کے ترجموں کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے :

"میرے ۱۸۷۱ء کے خطبے کے کئی صفحات مظفر پور کے اخبار الاخبار مورخہ ۱۵ر جولائی میں چھپے ہیں ۔ نیز اخبار انجمن پنجاب مورخہ ۹ر اگست میں مسٹر ایڈمند کے انگریزی ترجمہ کے واسطے سے (شائع ہوئے ہیں) ۔"

خطبات کے اجزا کا ترجمہ شائع کرنے کا یہ سلسلہ بالآخر اس کے تمام خطبات کے اردو ترجمے شائع کرنے پر منتج ہوا ۔ دتاسی کے تمام خطبات اور تقاریر کا اردو ترجمہ تین جلدوں میں ہوا ۔ پہلی جلد ۱۸۵۰ء تا ۱۸۶۹ء صفحات ۸۱۳ بمقام اورنگ آباد ۱۹۳۵ء میں چھپی ۔ دوسری جلد ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۳ء صفحات ۴۰۶ بمقام دہلی میں طبع ہوئی ۔ تیسری جلد ۱۸۷۴ء تا ۱۸۷۷ء صفحات ۳۹۴ دہلی ۱۹۴۳ء میں شائع ہوئی ۔

پہلے چھ خطبوں کا ترجمہ سید راس مسعود نے کیا ۔ خطبہ ۷ ، ۸ اور ۹ کا ترجمہ اخبار بمبئی کرانیکل کے معاون عبد الباسط نے کیا ۔ پانچویں خطبہ کا ترجمہ مسز پکھتال نے کیا ۔ دتاسی نے اس خطبہ کو نظر ثانی کے بعد دوبارہ شائع کیا ۔ اسی فرانسیسی دوسرے ایڈیشن کے خطبے کو اردو ترجمہ میں شامل کیا گیا ہے ۔ انگریز خاتون مسز پکھتال نے اس کا ترجمہ فرانسیسی سے انگریزی میں کیا ۔ اور پھر کسی نے انگریزی سے اردو میں منتقل کیا ۔ خطبہ نمبر ۱۰ تا ۱۹ کا ترجمہ یوسف حسین خاں نے کیا جو اُس وقت جامعہ عثمانیہ حیدر آباد میں پروفیسر تھے ۔ ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۲ء کے خطبوں کا بھی انھوں نے ہی ترجمہ کیا ۔ ۱۸۷۳ء اور ۱۸۷۴ء کے دو خطبات کا ترجمہ عزیز احمد نے کیا جو اس وقت عثمانیہ میں پروفیسر تھے ۔ ۱۸۷۵ء تا ۱۸۷۷ء کے خطبات کا ترجمہ اختر حسین رائے پوری نے کیا ۔ جو یونسکو پیرس میں پاکستان کے نمائندے رہ چکے ہیں ۔

ان تراجم میں کبھی کبھی فٹ نوٹ بھی بڑھائے گئے ہیں جو یا تو ان مترجمین کے ہیں یا کسی اور شخص کے تاکہ اصل کی بعض غلطیوں کی اصلاح کی جائے ۔

اشاعتِ ثانی چار جلدوں میں ۱۰۸۷ صفحات پر مشتمل انجمن ترقی اردو پاکستان سے ڈاکٹر حمید اللہ کی نظر ثانی اور اضافوں کے بعد ۱۹۶۴ء تا ۱۹۷۹ء کراچی سے شائع ہوئی ۔ فاضل محقق و نقاد مولوی عبد الحق نے ان دونوں ایڈیشنوں کی طباعت میں غیر معمولی

Marfat.com

دلچسپی لی۔ پہلی جلد کے مقدمے میں لکھتے ہیں :

"میں ان خطبات کے متعلق چند الفاظ کہنا چاہتا ہوں ۔ انھیں بھی اُردو ادب کی تاریخ کا جُز سمجھنا چاہیے .... ان میں ہمیں بعض باتیں ایسی نظر آئیں گی جن سے اس وقت کی دوسری کتابیں اور تاریخیں خالی ہیں۔ ان خطبات میں کہیں کہیں ایسی غلطیاں پائی جاتی ہیں جنھیں پڑھ کر تعجب ہوتا ہے لیکن ان خفیف اسقام سے کتاب کی عظمت اور اہمیت پر کوئی حرف نہیں آتا۔

" ان خطبوں کے پڑھنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اسے اردو زبان سے دلی لگاؤ تھا وہ اسے ہندوستان کی ترقی پذیر اور عام زبان خیال کرتا ہے اور ہر موقع پر ہندی کے مقابلے میں اس کی حمایت کرتا ہے اور اس کے فروغ و ترقی کا دل سے خواہاں ہے ......

" تیر نگیٔ تقدیر دیکھیئے کہ آج ہمیں اپنی زبان کی تدریجی ترقی کے حالات کے لیئے ایک فرانسیسی سے رجوع کرنا پڑتا ہے جس نے ۱۸ سال قبل اس طرف توجہ کی تھی۔ ہماری ادبی تاریخ میں جو کمی نظر آتی ہے وہ اس ترجمہ سے بہت کچھ پوری ہو جائے گی۔ گارسین دتاسی بلاشبہ بڑا آدمی تھا اس نے عمر بھی بڑی پائی ۔ ۸۴ سال کی عمر ۱۸۷۸ء میں انتقال کیا۔ وہ عمر بھر علمی مطالعہ اور تصنیف و تالیف میں مصروف رہا۔ ہندوستانی زبان سے اس کا شغف عشق کی حد تک پہنچ گیا تھا۔ اس کا کارنامہ اس قدر وقیع ہے کہ وہ ہماری زبان کی تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہے گا۔"[1]

قاضی عبدالودود صاحب کی رائے میں گارسین دتاسی کے خطبات اس کی دوسری تالیفوں بلکہ تاریخ ادبیات ہندوستانی سے بھی زیادہ اہم ہیں کیونکہ اس کی تاریخ ادبیات سے دلچسپی اگرچہ بہت دن جاری رہی لیکن تقریباً وہ سارے تذکرے چھپ چکے ہیں یا چھپنے

---

[1] خطبات گارسین دتاسی حصہ اوّل ۔ اشاعت ثانی ۱۹۷۹ء ۔ انجمن ترقی اردو پاکستان۔ کراچی صفحہ ۲۵ تا ۲۶

Marfat.com

والے ہیں۔

ہندوستان میں اس کے خطبات کا بڑا چرچہ رہا لیکن مغرب میں بھی ان کی قدر کچھ کم نہیں ہوئی۔ مثال کے طور پر بارتیلمی سین ہیلیر نے ایک طویل مقالہ لکھا جو فرانسیسی رسالہ ژورنال دے ساواں کے تین نمبروں مئی ۱۸۷۵ء صفحے ۲۸۵ تا ۲۹۸، جون صفحے ۳۴۹ تا ۳۶۵ اور بابت جولائی صفحے ۴۲۰ تا ۴۳۷ میں شائع ہوا جس میں وہ ۱۸۵۰ء تا ۱۸۶۹ء کے خطبات نیز ۱۸۷۴ء کے خطبہ کا خلاصہ دیتا ہے اور نئے ملاحظات یا مزید قابل ذکر معلومات بھی پیش کرتا ہے مثلاً "انگلستان کے بعض مدرسوں اور تیاری کرانے والی تعلیم گاہوں میں اس (اردو) زبان کا بھی امتحان لیا جاتا ہے تاکہ مشرق کے اس بڑے مقبوضے (برطانوی ہند) میں ملازمت حاصل کی جا سکے۔ آکسفورڈ، کیمبرج، لندن اور ڈبلن میں تو اس زبان کی باقاعدہ تعلیم دی جاتی ہے جو طلباء یہاں سے نکلتے ہیں وہ زبان کے متعلق اپنی معلومات مشرق کو لیجاتے ہیں جن کے باعث انھیں شہرت ہے یا وہ سرکاری ملازمت سے زیادہ علمی خدمت میں مشغول رہتے ہیں۔ ہندوستانی اور دیگر بولیوں کے متعلق اپنی تحقیقات کے نتیجے شائع کرتے ہیں جو نہایت مفید بھی ہوتے ہیں اور بالکل نئے بھی۔ یہ ایک اور فائدہ ہے جس سے گارسین دتاسی یورپ میں واقفیت حاصل کرتا ہے اور ہندوستانی زبان کے مصنفوں سے حاصل شدہ معلومات اس کے علاوہ ہیں"[1] آگے چل کر سین ہیلیر یہ بھی لکھتا ہے کہ پیرس کے اس استاد کی طرف یورپ کے لوگ رجوع کرتے ہیں کہ اس کا فیصلہ معلوم کریں بابت ۱۸۶۹ء کے خطبہ میں گارسین دتاسی نے ہندی پر اردو کو ترجیح دی اور یورپ کے علاوہ جس کا ترجمہ علی گڑھ اخبار اور لکھنؤ کی تہذیب میں بھی شائع ہوا۔ اس کے علاوہ ۱۸۷۱ء کے خطبہ کا بیشتر حصہ مظفر پور کے اخبار الاخبار مورخہ ۱۵ر جولائی ۱۸۷۲ء اور اخبار انجمن پنجاب مورخہ ۹ر اگست ۱۸۷۲ء میں ترجمہ ہو کر طبع ہوا۔

وہ فخر کے ساتھ بیان کرتا ہے:

---

[1] بارتیلمی سین ہیلیر: ژورنال دے ساواں بابت مئی ۱۸۷۵ء صفحہ ۲۸۶

Marfat.com

"۱۸۲۸ء میں موسیو دمار تنیاک کی مختصر وزارت کے دوران مدرسۃ السنہ مشرقیہ میں ہندوستانی کی پروفیسر شپ قائم ہوئی جو خاص طور گارسین دتاسی کے لئے تھی۔ ممتاز فاضل سلوستر دساسی نے تحریک کی اور منظور بھی کیا گیا کہ اس کے شاگرد کو متعین کیا جائے جو شہرت حاصل کر چکا تھا اور جس کے علمی مستقبل کے متعلق کوئی شبہ نہیں تھا۔ استاد کو بعد میں مایوسی بالکل نہیں ہوئی اور اب تقریباً ۵۰ سال سے گارسین دتاسی ہندوستانی زبان کی تدریس میں منہمک ہے"[1]

اردو ہندی کے جھگڑے سے سین ہیلیر کو اتنی دلچسپی تھی کہ اس نے اپنے مضمون کے ۴ صفحے ۲۹۵ تا ۲۹۸ اس کے لئے مخصوص کیے۔ اسے ہندوستانی اخباروں سے بھی دلچسپی تھی۔ اس نے ایسے بہت سے شہروں کے نام لکھے ہیں جہاں سے اخبارات نکلتے ہیں۔ اس نے مدرسوں اور تعلیم گاہوں کا بھی ذکر کیا ہے۔ جو ہندوستان کے مختلف مذاہب سے متعلق ہیں۔ اس سلسلہ میں عیسائیت کی کارگذاریوں کا ذکر کیا ہے۔

سوسیتے ازیاتک کی ۱۸۷۲ء تا ۱۸۷۳ء سالانہ رپورٹ جو ژورنال ازیاتک بابت جولائی ۱۸۷۳ء میں شائع ہوئی، دتاسی کے سالانہ تبصروں پر روشنی ڈالتی ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ ہندوستانی زبانوں کو لکھنے کے لئے عربی اور ناگری رسم الخط میں کشمکش جاری ہے۔ چنانچہ رُناں لکھتا ہے کہ "ہمارے محترم رفیق نے اس جھگڑے میں ایسے جوش و خروش سے حصّہ لیا گویا وہ خود ہندوستان کے رہنے والے ہوں۔ وہ قطعی طور پر ہندوستان کی جو اچھی اردو کہلاتی ہے تائید میں ہیں"[2]

اس کے بعد کی سالانہ رپورٹ جو ژورنال ازیاتک ۱۸۷۵ء میں شائع ہوئی وہ مزید مدح و ستائش کے ساتھ دتاسی کے سالانہ خطبات کا ذکر کرتا ہے "یہ ایک اچھا خیال تھا

---

[1] بارتیلمی سین ہیلیر: ژورنال دے ساواں بابت مئی ۱۸۷۵ء صفحہ ۲۸۷

[2] ژورنال ازیاتک جولائی ۱۸۷۳ء صفحہ ۲۵

Marfat.com

کہ ان سارے خطبات کو جو ۱۸۵۰ء سے ۱۸۶۹ء تک سال تعلیمی کے آغاز پر دیئے جاتے رہے ہیں یکجا طبع کیا جائے۔ اس سے بہتر اور اس سے زیادہ سبق آموز، دلچسپ اور مخلصانہ چیز ذہن میں نہیں آتی۔ یہ نہایت غیر جانب داری اور سادگی سے لکھے گئے ہیں اور ان چیزوں پر قابل ترجیح ہیں جو مصنوعی انداز اور ضرورت سے زیادہ فصاحت اور بلاغت سے لکھی گئی ہیں"[1]

رُناں آگے چل کر بیان کرتا ہے کہ گارسین دتاسی کی نگرانی میں دلونکل نے فرانسیسی ہندوستانی اور ہندوستانی فرانسیسی کی جو لغت مرتب کی ہے اس کا فرما شائع ہوگیا ہے۔ وہ ہر سال اپنی رپورٹ میں دتاسی کی علمی زندگی کا ذوق و شوق سے ذکر کرتا ہے "ہمارے محترم صدر کا سالانہ تبصرہ ہندوستان کی علمی اور ذہنی بیداری و حرکت کے متعلق حسب سابق دلچسپی اور استعجاب سے پڑھا جائے گا...... اس تبصرے سے مذہبی مباحث کی آزادی اور باہمی رواداری واضح ہوتی ہے جو ابتک کسی اور ایشیائی ملک میں اس کی نظیر نہیں ملتی"[2]

موسیئے ازیاتک کی سالانہ رپورٹ بابت ۱۸۷۷ء تا ۱۸۷۸ء میں رُناں اپنے قارئین کو یقین دلاتا ہے کہ گارسین دتاسی کی معلومات اتنی ہی عمدہ ہوتی ہیں جتنی کلکتہ میں رہنے والے کسی انگریز کی ہوسکتی ہے[3]

گارسین دتاسی نے اپنے خطبات کے لئے مواد سرکاری اخباروں، ہفتہ وار اور ماہانہ رسالوں، مختلف کتب خانوں کی فہرستوں، کتابوں اور ذاتی خطوط سے لیا ہے۔ ہندوستان سے ڈاک اسے پابندی سے موصول ہوتی تھی۔ فی الوقت ان پرانے ماخذوں کا دوبارہ دستیاب ہونا ممکن نہیں کیونکہ ان کا بیشتر حصہ تو ضائع ہوچکا ہے اور جو تھوڑا بہت پایا جاتا ہے وہ اس قدر منتشر ہے کہ اس کو جمع کرنا دشوار ہے۔

---

[1] ژورنال ازیاتک جولائی ۱۸۷۵ء صفحہ ۲۱

[2] ″ ″ ″ ۱۸۷۷ء صفحہ ۲۴

[3] ″ ″ ″ ۱۸۷۸ء صفحہ ۲۰

Marfat.com

"ہندوستانی مولّف اور ان کی تالیفات تذکروں کے اساس پر"

(طباعتِ دوم ۱۸۶۸ء صفحات ۱۱۱)

یہ اصل میں مدرسہ السنہ شرقیہ پیرس میں ۴ر دسمبر ۱۸۵۴ء کو دیا ہوا پانچواں سالانہ تبصرہ ہے۔ جو دوبارہ کتابی صورت میں شائع کیا گیا۔ بعد میں ۱۸۵۰ء سے ۱۸۶۹ء تک کے تبصرے یکجا طور پر ہندوستانی زبان اور ادبیات کے نام سے چھپے۔ اس کتاب میں زیر بحث تبصرہ صفحہ ۴۷ تا ۵۹ پر ملے گا۔ تازہ معلومات کی روشنی میں دتاسی نے اس اہم تبصرہ کی نظر ثانی کی چنانچہ ۱۸۶۸ء کے ایڈیشن میں بہت سی اصلاحیں اور اضافے کئے گئے ہیں۔

شروع میں ہندوستانی زبان کی مختصر تاریخ بیان کی ہے کہ کس طرح سنسکرت زبان سے پراکرت بنی پھر برج بھاشا اور آخر میں دو بولیوں کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ ایک شمالی، دوسری جنوبی اور ان ہی کو علی الترتیب ہندوستانی اور دکنی کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ تاریخی توضیح ۷ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔ اس کے بعد ۷، تذکروں کی لمبی فہرست ہے بعد ازاں دتاسی تذکرہ نگاروں کے حالات کو چوبیس صفحوں میں بیان کرتا ہے اور اسے جب بھی کوئی بات دلچسپ معلوم ہوتی ہے تو وہ اسے اپنے یورپین ناظرین کے لئے نمایاں کرتا ہے مثلاً ہندوستانی زبان کے یورپین شاعر یا ہندوستانی زبان کی شاعرات کی تفصیل خاص یورپی قارئین کی دلچسپی کی چیزیں ہیں۔ اگرچہ اس مقالہ میں نہ تو تاریخ ادبیات سے بحث ہے اور نہ سوانح عمریوں سے۔ لیکن یہ خطبہ ہندوستانی زبان کے بڑے شاعروں سے متعلق دلچسپ معلومات فراہم کرتا ہے۔

پھر اس نے ان کتابوں کا جو ماخذوں میں بیان ہوئی ہیں صفحہ ۷۵ سے ۱۱۱ تک ذکر کیا ہے۔ اور اسی پر کتاب ختم ہوتی ہے۔ اس حصے میں وہ پہلے نظم کی مختلف اصناف سے بحث کرتا ہے اور ان کا مقابلہ یورپ کی شاعری سے کرتا ہے۔ ہندوستان کی شاعری کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ ہندی اردو نظم کی خصوصیات الگ ہیں۔ ہندی میں سنسکرت اور ہندو تہذیب کا اثر ملے گا۔ اردو میں فارسی اور عربی نمونوں کا چربہ نظر آئے گا جن میں اسلامی تہذیب کے عناصر بہ کثرت ملیں گے۔ طبع زاد کے علاوہ ہندوستانی میں ترجمے بھی ملتے ہیں جو نہ صرف فارسی،

Marfat.com

عربی اور سنسکرت جیسی کلاسیکل زبانوں سے کئے گئے ہیں بلکہ ہندوستان کی دیگر زبانوں سے بھی جیسے تامل۔ بنگالی اور مرہٹی وغیرہ۔ مغرب کی زبانوں میں بالخصوص انگریزی سے ترجمے ہوئے ہیں۔

دتاسی اس خطبے میں عیسائی مشنریوں کے کام کو نظر انداز نہیں کرتا ۱۸۲۹ء میں شاہ عبد القادر کا ترجمۂ قرآن مجید ہگلی (کلکتہ) میں شائع ہوا۔ اس زمانہ میں عیسائیوں اور مسلمانوں میں مذہبی مباحثے جاری تھے۔ ایک طرف سید احمد خاں نے ۴۰۰ صفحات میں بائبل کا ترجمہ عبرانی زبان سے کیا۔ یہ بائبل کی اسلامی تفسیر کہی جاسکتی ہے تو دوسری طرف امریکہ کے پرسبی ٹیرین فرقے کے مشنری ۱۸۴۴ء میں الہ آباد سے قرآن شائع کرتے ہیں۔

کتاب کے خاتمہ پر وہ بیان کرتا ہے کہ دہلی کا مطبع ۱۸۳۷ء میں شروع ہوا۔ مزید تفصیل دیتا ہے کہ اخبار اور رسائل جو قدیم زمانے میں نامعلوم تھے اب ان میں اضافہ ہوگیا ہے اور دیسی اخبارات کی یورپ میں فراہمی کی خواہش کرتا ہے "تاکہ ہندوستان میں پیش آنے والے واقعات سے واقفیت حاصل کی جاسکے۔

دتاسی نے فرانس میں بیٹھے معلومات حاصل کرنے کے جو وسیع اور ہر ممکن وسائل اختیار کئے ان پر اتنا عرصہ گذرنے کے بعد بھی داد دیئے بغیر نہیں رہا جاسکتا۔

اس کتاب کا اردو ترجمہ دہلی میں چھپا۔ اشاعت کی تخمینی تاریخ اور توثیق خود گارسین دتاسی ۴ر دسمبر ۱۸۵۶ء کے خطبہ میں کرتا ہے:

"میں ایک کتاب کے اضافے کی جسارت اور کروں گا اور وہ میری کتاب "ہندوستانی زبان کے مصنفین کا تذکرہ" کا اردو ترجمہ ہے۔ یہ ابھی حال میں ہی دہلی سے شائع ہوا اور اس کے مترجم محمد ذکا واللہ ہیں۔ ابھی تین دن ہوئے اس ترجمہ کی تین جلدیں مجھے وصول ہوئی ہیں۔ اعتراف کرنا پڑتا ہے اور مجھے یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی کہ دلکش ہندوستانی زبان بہ ہر میری یہ ادنیٰ درجہ کی تصنیف خود ہندوستانیوں میں مقبول ہوئی۔ میری تصنیف کے ہندوستانی زبان میں ترجمہ کئے جانے کا یہ پہلا موقع نہیں ہے چند سال پہلے میری ایک اور کتاب "تاریخ ادبیات ہندوستانی"

Marfat.com

کا "طبقات شعرائے ہند" کے نام سے اردو ترجمہ ہو چکا ہے۔[1]

اُردو ترجمہ "تذکرہ مختصر احوال مصنفین ہندی" کے نام ۱۸۴۸ء سے مطبع مظہر العجائب میں بہ اہتمام سرفراز حسین طبع ہوا۔ اس کے شروع میں ذکر ہے کہ یہ در اصل فرانسیسی میں ہے۔ ایک فاضل شخص نے اس اہم کتاب کو پڑھ کر انگریزی میں ترجمہ کیا تاکہ ہندوستانی لوگ بھی اس سے استفادہ کر سکیں اور محروم نہ رہیں۔ لیکن یہ پتہ نہیں چلتا کہ انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟ (اغلباً دہلی کالج کے پرنسپل ٹیلر نے یہ خدمت انجام دی) "اس کتاب میں ہندی اردو تذکروں کا ذکر ہے اور ان کے مصنفین کا حال بہت تحقیق و تدقیق سے لکھا ہے۔ اصل کتاب فرانسیسی زبان میں تھی۔ ایک صاحب کمال نے اس کے مضامین دل نشیں کو ملاحظہ فرما کر انگریزی زبان میں ترجمہ کیا...... اُردو میں خاکسار محمد ذکاء اللہ نے ترجمہ کیا"

یہ کتاب صرف اٹھارہ صفحوں پر مشتمل ہے اور محض حصہ دوم کا ترجمہ کیا گیا ہے جس میں ذکاء اللہ نے ہندی اردو ۶۳ تذکروں کی فہرست دی ہے جبکہ دتاسی نے ۷۰ تذکروں کے بارے میں مواد فراہم کیا تھا۔ اس کے علاوہ ذکاء اللہ کے یہاں تذکروں کی ترتیب میں فرق ہے انہوں نے کچھ ہندی اردو تذکروں کو چھوڑ بھی دیا ہے۔

مولوی ذکاء اللہ کے اردو ترجمہ کا فرانسیسی سے مقابلہ کرنے پر پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے اصل مفہوم کو اچھی طرح برقرار رکھا ہے لیکن مترجم نے فرانسیسی نسخے میں جو فٹ نوٹ تھے ان کو حذف کر دیا ہے۔

اس کا ایک نیا ایڈیشن بعد اضافے اور تشریح "رسالہ تذکرات گارسین دتاسی" مترجم مولوی ذکاء اللہ مرتبہ ڈاکٹر تنویر احمد علوی دلی مجلس دہلی ۱۹۶۸ء میں شایع ہوا۔

"اُن مولفین کے تذکرے جنہوں نے ہندوستانی میں کچھ لکھا ہے"

یہ مقالہ پیرس کی اکیڈمی ڈز نسکرپسیوں اے بیل لیٹر (۱۸۵۶ء ۲۸ صفحات) سے شائع ہوا۔

---

[1] خطبات ۱۸۵۰ء تا ۱۸۶۹ء صفحہ ۱۱۴ (اردو ترجمہ خطبات جلد اوّل صفحہ ۲۱۳)

Marfat.com

اس تصنیف میں ساٹھ سے زیادہ تذکروں اور ہندوستانی مولفین کی سوانح عمریاں ملتی ہیں جن کو اہمیت حاصل ہے ان میں ہندوستان کی ادبی تاریخ سے متعلق معلومات ملتی ہیں۔ قدیم ترین اٹھارویں صدی عیسوی کے وسط کی ہے۔ اس تمہید سے گارسین دتاسی ان سارے تذکروں کی تاریخ وار توضیح و تشریح کرتا ہے اور آغاز میر تقی میر کی نکات الشعراء سے کرتا ہے آخر میں شعراء کے مجموعوں کے نام ہیں اور پھر کتب خانوں کی فہرستیں کیوں کہ کتابوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے یہ بھی اہم ہیں۔

یہ مقالہ گارسین دتاسی کی کتاب تاریخ ادبیات کے مقدمہ کا خلاصہ ہے اور مخاطب وہ لوگ ہیں جنہیں اس موضوع سے کوئی خصوصی تعلق نہیں۔ یہ ہی معلومات اس کے ایک اور مضمون " ہندوستانی مصنفین اور ان کی تصانیف " میں ملتی ہیں، جو ریولو کونتاپورین میں ۱۸۵۵ء میں چھپا۔ اور یہ معلومات دتاسی کے پانچویں سالانہ خطبہ میں بھی ہیں جو مدرسہ السنہ شرقیہ کے سال تعلیمی کے آغاز پر ۱۸۵۴ء میں دیا گیا تھا

• منتخبات ہندوستانی ؑ

(اردو دکھنی اقتباسات)

۱۲۸ + ۱۰۴ صفحات پر مشتمل تالیف ہے جو پیرس شاہی مدرسہ برائے مشرق کی زندہ زبانوں کے طلباء کے لئے ۱۸۴۷ء میں شائع کی گئی۔

اس کے دیباچہ میں گارسین دتاسی بیان کرتا ہے کہ یہ کتاب اس کی نگرانی میں تیار کی گئی جس کا ایک حصہ بخیو دور پادری اور دوسرا پادری برتراں کا مرہون منت ہے۔ برتراں نے محنت سے پوری کتابت کی تصحیح بھی کی ہے۔ ماخذوں سے متعلق وہ اشارہ کرتا ہے کہ سوائے قرآن مجید کے اقتباسات اور دس قصّوں کے جو شروع کتاب میں ہیں سارا مواد غیر مطبوعہ ہے۔

جہاں تک قرآن مجید کا تعلق ہے دتاسی اس کے مترجم کا ذکر نہیں کرتا۔ بظاہر یہ شاہ عبدالقادر کا ترجمہ ہے جسے سید احمد شہید نے کلکتہ سے چھپوایا ہے۔ اس کتاب میں جو نظم و نثر

Marfat.com

کے اقتباسات دیئے گئے ہیں وہ شمالی اور جنوبی ہند دونوں زبانوں سے ہیں۔

ان اقتباسات میں کچھ واقعی انتخابات ہیں۔ مثلاً سورۂ یوسف کا ترجمہ۔ مگر بعض اقتباسات بظاہر دتاسی نے عربی یا فارسی سے خود ترجمہ کر کے شامل کئے ہیں۔ مثال کے طور پر کتاب کا پہلا جملہ "کوئی کہیں کو خط لکھتا ہے"۔ یہ کہنا چاہتا تھا کہ "ایک شخص کسی کو خط لکھ رہا تھا" ایسے ہی آگے لکھتا ہے "اس واسطی کچھ بھید کی بات نہیں لکھی" (صحیح: "اس لئے کوئی راز کی بات نہیں لکھتا") پھر صفحہ ۵ پر "سرندیپ شہر مون ایک بادشاہ ہوا کہ جس کی بخشش کی سرسای سے تما کے سرندیپ روشن تھا" (سراندیپ شہر نہیں بلکہ ملک ہے اور دتاسی سرسای سے بہتات مراد لے رہا ہے)۔

کتاب میں طلبہ کے لئے ایک تفصیلی لغت بھی ہے جس میں اردو الفاظ کے معنی فرانسیسی میں دیئے گئے ہیں اس میں "ابرق" کو "ابرک" لکھا ہے۔ "اپنا" کا فعل یا مصدر "اپانا" دیا ہے۔ "اپجاؤ" کے معنی Fertile (زرخیز) دیئے ہیں۔ اپجنا کے معنی بتائے ہیں: Croitre pousser (پودے کا نشوونما پانا)۔ "ازمانی" temporal (وقتی، زمانے سے متعلق) "ازدھات" metal de cloche (گھنٹی کی دھات) سے معلوم نہیں کیا مراد ہے۔ ایسے ہی "خدای" کو divinite لکھا ہے جس کے معنی الوہیت کے ہیں۔

اس ایک سو چار صفحے کی لغت میں کتاب کے اندر مستعملہ سارے ہی الفاظ کا فرانسیسی ترجمہ دے دیا گیا ہے۔ الفاظ کی اصل بھی بتائی گئی ہے کہ وہ عربی کے ہیں یا فارسی یا ترکی یا سنسکرت وغیرہ کے۔ لیکن سنسکرت الفاظ کے لئے ضرورت نہیں سمجھی کہ ان کو دیوناگری رسم الخط میں درج کرے۔

دتاسی نے اس انتخاب میں مختلف النوع موضوعات سے بحث کی ہے۔ مثلاً تاریخ داستان۔ عمرانیات اور قرآن شریف سے اقتباسات۔ انتخاب کی طباعت اچھی ہے لیکن الفاظ پر اعراب نہیں لگائے گئے۔

کتاب میں کچھ طباعتی غلطیاں ملتی ہیں اور لغت میں بھی یہ موجود ہیں مثلاً صفحہ ۱۱۸ پر

Marfat.com

لفظ "کمانا" کا ترجمہ "کھونا" کیا ہے حالانکہ اس کے معنی حاصل کرنے کے ہیں۔

"ہندی و ہندوی منتخبات"

(ہندوی اقتباسات کا مجموعہ جو مشرق کی زندہ زبانوں کے خصوصی مدرسہ کے طلباء کیلئے تیار ہوا اور یہ قومی کتب خانہ کے قریب واقع ہے) مطبوعہ پیرس ۱۸۴۹ء۔ ۴+۱۴۰+۱۴۴ صفحات۔
یہ ہندی کتاب جو پہلی بار فرانس میں چھپی طالب علموں کی ضرورت کے نقطۂ نظر سے لکھی گئی۔ اس میں منتخبات کو دیوناگری رسم الخط میں دیا گیا ہے جو ۱۴۰ صفحات پر پھیلے ہیں اور ایک مکمل لغت ۱۴۴ صفحوں میں ہے جس میں سارے مستعمل الفاظ کا فرانسیسی ترجمہ کیا گیا ہے۔ کبھی کبھی ہندی الفاظ کا مترادف عربی حروف میں بھی دے دیا گیا ہے۔ خاص طور پر جبکہ لفظ کی اصل عربی یا فارسی ہو۔

اس مجموعہ کے اسباق نثر و نظم پر مشتمل ہیں اور ان میں سے زیادہ تر اس وقت تک غیر مطبوعہ تھے۔ اقتباسات حسب ذیل ہیں:

نثر:

۱۔ سنگھاسن بتیسی کی سترہویں تاریخ۔
۲۔ راج نیتی کے دو ٹکڑے۔
۳۔ ہتیو پادس کی پانچ کہانیاں۔
۴۔ پریم ساگر کا پچیسواں باب
۵۔ دیو مولف گیت گوبند کی سوانح عمری
بھگت مال غیر مطبوعہ کتاب کے پانچ اقتباسات

نظم:

۱۔ نرائن داس کی کتاب بھگت مال سے پیپا کی سوانح عمری کے متعلق کچھ منظوم کہانیاں۔
۲۔ کل یگ کا بیان۔

Marfat.com

۳۔ اوشا چرتر کے دو ٹکڑے۔
۴۔ مہا بھارت کے ہندی ترجمہ سے شکنتلا کا قصہ۔

تمہید میں گارسین دتاسی نے صراحت کر دی ہے کہ انتخاب تو اس نے کیا ہے لیکن اس کی مفصّل لغت کو موسیو لانسرو نے بڑی محنت سے تیار کیا ہے۔ اور پوری کتاب کے پروف خود مولف نے دیکھے اور جا بہ جا تصحیح کی ہے۔

لُغت

● "ہندوستانی فرانسیسی اور فرانسیسی ہندوستانی لغت جس میں ہندوستان کی دیو مالا، تاریخ اور جغرافیہ کے الفاظ بھی ہیں"

مولف فرانسوا آدلونکل۔ زیر نگرانی گارسین دتاسی۔

مطبوعہ پیرس ۱۸۷۶ء ۱۲ + ۳۲۲ صفحے۔

سنسکرت کے ساتھ ساتھ عربی فارسی سے لئے گئے ہندوستانی الفاظ کی یہ لغت مفید مطلب ہے اور اس میں گنجائش ہے کہ ایک زندہ زبان کی ضرورتوں کے مطابق نئے الفاظ و اصطلاحیں وضع کی جاسکیں۔

لغت کے دیباچہ میں گارسین دتاسی لکھتا ہے کہ" ہندوستان کے متعلق انگلستان اور فرانس میں رقابت رہی۔ فرانس کے نمائندے لابور دونے اور دوپلے تھے۔ اس وقت سے ہی فرانس نے ہندوستانی زبان کی اہمیت محسوس کرلی تھی اور یہ اس بنا پر قدرتی بات تھی کہ فرانسیسیوں کو سب سے بڑی کامیابیاں دکن میں ہوئیں جو ولی کا وطن تھا اور ولی ہندوستانی شاعری کا باوا آدم سمجھا جاتا ہے۔ انگریزی کتابوں کے چھپنے سے بہت پہلے انکتل دیوپروں نے اپنے سورت کے قیام کے دوران ہندوستانی زبان کی ایک لغت تیار کی جو ہے تو مختصر لیکن جس کا مخطوط ابتک ببلوتک ناسیونال میں محفوظ ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ہندوستانی کی آبیاری میں انگلستان فرانس سے آگے بڑھ گیا ہے اور انگلستان اس کے لئے مجبور بھی تھا۔ ۱۷۹۶ء میں مشہور مولف گل کرسٹ نے

Marfat.com

گرامر شائع کی جو قیمتی معلومات کا گنجینہ ہے۔ اسی طرح ہنٹر اور ٹیلر کی انگریزی لغت شائع ہوئی۔ پھر ۱۸۱۷ء میں شیکسپیئر کی لغت چھپی جو اول الذکر پر مبنی تھی۔ بہر حال ۱۸۲۸ء میں ممتاز مستشرق سلوسٹر دساسی (جو مدرسہ کا ناظم تھا) نے جسے انکتل دیو پروں سے خاصی واقفیت تھی اور جسے اس بات کا یقین تھا کہ فرانس کو اپنے ذاتی مفاد کے لئے اس زبان سے دلچسپی لینی چاہیئے چنانچہ سنِ مذکور میں اس نے حکومت فرانس سے یہ بات منظور کرالی کہ مدرسہ السنہ شرقیہ میں ہندوستانی زبان کی پروفیسری قائم کی جائے۔ اس تاریخ سے پہلے ہی یوجین برنوف اور میں نے منصوبہ بنایا تھا کہ انکتل دیو پروں کی لغت کو شائع کیا جائے[1] لیکن دیگر مشغولیتوں کی بناء پر اس تجویز کو عملی جامہ پہنانے کا موقع نہ مل سکا اور اس بات پر اکتفا کرنی پڑی کہ ایک چھوٹی سی فرانسیسی کتاب "ہندوستانی زبان کے مبادیات" شائع کر کے فرانس میں اس زبان کی تعلیم کا آغاز کردوں۔ یہ زبان تقریباً سارے ہندوستان میں بولی جاتی ہے[2]۔

آگے چل کر وہ لغت کی ضرورت و اہمیت بتاتا ہے "ہمارا مقصد ہے کہ ہندوستانی زبان کی ایک ایسی لغت شائع کریں جو تا حال شائع شدہ لغتوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ مکمل ہو۔ اسی لئے ہم نے بول چال کی زبان کو بھی اتنا ہی حصہ دیا ہے جتنا تحریری زبان کو۔ اس طریقۂ کار کے باعث ہم لغت سے ان عربی اور فارسی الفاظ کو خارج کریں جو روزمرہ کی

---

[1] سیاح انکتل دیو پروں نے ۱۷۵۸ء سورت کے دوران قیام پہلوی ژند کتابوں کا ترجمہ کیا۔ وہیں اس نے کاپوچین مشنری کے یہاں ایک لغت چار زبانوں لاطینی۔ ہندی۔ فرانسیسی اور اردو میں دیکھی تھی جو بعد میں پاپائے روم کے پاس بطور تحفہ پہنچی۔ وہاں سے مستعار لے کر اس کی نقل خود دیو پروں نے بڑی محنت سے تیار کی۔ یہ پیرس کی قومی لائبریری کے کیٹلاگ نمبر ۸۳۹ میں موجود ہے۔ دیو پروں اسی قسم کی ایک زیادہ تفصیلی لغت لکھنا چاہتا تھا۔ ۱۷۸۹ء انقلاب فرانس کے ہنگامی حالات نے کام کے مکمل ہونے کی مہلت نہ دی اور ۱۸۰۵ء میں اس کا انتقال ہوگیا۔

[2] دلونکل کی لغت۔ مطبوعہ ۱۸۴۷ء۔ پیرس صفحہ ۱-۲

Marfat.com

زبان میں بہت ہی کم استعمال ہوتے ہیں ۔ اس کے برخلاف ان الفاظ کو شامل کریں جو ہیں تو عوام الناس کی بولی یا ہندوستانی زبان کی صوبائی شاخوں میں لیکن جنہیں قبولِ عام حاصل ہو گیا ہے۔ نئے الفاظ کا مفہوم واضح کرنے کے لئے ہم نے کلاسیکل مولفوں کے زبان زد اشعار ضرب الامثال علم ہیئت کی کہاوتوں ۔ علم نجوم کی پیشین گوئیوں ۔ پہیلیوں اور خواب کی تعبیروں کے بہ کثرت اقتباسات شامل کئے ہیں ۔ یہ بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستانی فرانسیسی لغت کے بعد ایک چھوٹی سی لغت اور شائع کریں جس میں دیو مالا ۔ تاریخ اور جغرافیہ کی اصطلاحیں ہوں اور اس طرح مبتدیوں کو اُس تلاش سے بچائیں جو ہمیشہ مشکل اور طویل ہوتی ہے۔[1]

گارسین دتاسی اور اس کے شاگرد دلونکل کے سامنے بطور نمونہ انکتل دیو پروں کی نقل کردہ کا پوچین مشنری کی لغت کا مسودہ اور اوساں کی فرانسیسی اردو ڈکشنری مطبوعہ ۱۷۸۴ء موجود تھی ۔ اوساں بنگال میں شاہی مترجم تھا اس کی مختصر لغت پیرس ببلیوتک ناسیونال نمبر ۳۴ میں ملتی ہے ۔ گارسین دتاسی کی لغت میں شروع میں لفظ عربی حروف میں دیا گیا ہے پھر لاطینی خط میں ۔ اس کے بعد اس کا فرانسیسی مترادف ملتا ہے ۔ جو لفظ سنسکرت یا ہندی اصل کے ہیں ان کو دیوناگری خط میں بھی لکھا گیا ہے ۔

افسوس کہ اس لغت کے بتیس سے زیادہ صفحات شائع نہیں ہو سکے اور یہ بھی پتہ نہیں چلتا کہ آیا اصل مخطوطہ موجود ہے یا نہیں ؛ ۱۸۷۶ء کے اس مختصر ایڈیشن کے بعد سے اس پر توجہ نہیں کی گئی ۔ گارسین دتاسی اور دلونکل نے جو کام شروع کیا تھا وہ ادھورا پڑا ہے ۔ مادام بکبیر (موجودہ صدر شعبۂ ہندی مدرسہ السنہ شرقیہ پیرس) کی زیر نگرانی فرانسیسی ہندی ڈکشنری تو مرتب ہو رہی ہے جو عنقریب شائع ہو جائے گی ۔ مگر اردو لغت کی تیاری معرضِ التوا میں پڑی ہے ۔ توقع ہے کہ نئی نسل کو خواہش بھی ہوگی اور اس کے پاس وسائل بھی ہوں گے کہ اس خلا کو پُر کر سکے جو فرانس میں اس زبان کی تعلیم میں پایا جاتا ہے ۔

★ ★ ★

---

[1] لغت دلونکل ۔ مطبوعہ ۱۸۷۶ء پیرس صفحہ ۸ - ۹

Marfat.com

علم بلاغت

"مسلمان مشرق کی زبانوں میں بلاغت و عروض" فارسی سے ترجمہ مضمون کی صورت میں بالاقساط ۱۸۴۴ء تا ۱۸۴۸ء ژورنال ازیاتک میں چھپتا رہا۔ دتاسی نے اس کو تصحیح اور اضافہ کے بعد ۱۸۷۳ء میں کتابی صورت میں شائع کیا۔

یہ ضخیم کتاب ۴۵۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں دتاسی ایک ایسے موضوع سے بحث کرتا ہے جو اس وقت تک مغربی اہل علم کے لئے تقریباً بالکل غیر معروف تھا۔ عربوں کو ہمیشہ سے اپنی بلاغت پر اتنا فخر رہا ہے کہ وہ سارے غیر عربوں کو عجم (گونگا) سے موسوم کرتے ہیں اور عرب سے مراد ایسے شخص سے ہے جو اپنے مفہوم کو اچھی طرح ادا کر سکے۔ اہل مغرب بھی عربوں کے بلند پایہ معیار بلاغت پر متعجب ہوئے تھے۔

دتاسی "حدائق البلاغت" کے ترجمہ کی ابتدا میں کہتا ہے کہ "یہ کتاب مختصر المعانی فارسی کتاب کی اساس پر کلکتہ میں ۱۸۱۳ء میں کوارٹو سائز (چوورقی تقطیع) پر لمسڈن نے شائع کی۔ اس میں بزبان انگریزی لمسڈن نے اعتراف کیا ہے کہ اس کتاب کے اصل کو پڑھنے سے ہمارا دل جذبات سے مالا مال ہوئے بغیر نہیں رہتا کیوں کہ عربوں نے علم بلاغت کو درجۂ کمال تک پہنچا دیا تھا[۱]۔

گارسین دتاسی نے جس فارسی کتاب سے ترجمہ کیا اس کے موضوعات حسب ذیل ہیں:

۱۔ بیان
۲۔ بدیع
۳۔ عروض
۴۔ قافیہ
۵۔ معمہ
۶۔ سرقات

---

[۱] مسلمان مشرق کی زبانوں میں بلاغت و عروض۔ مطبوعہ ۱۸۷۳ء صفحہ ۵

Marfat.com

کتاب کا پہلا حصہ چار ابواب میں منقسم ہے جس کا پہلا باب چھ اور دوسرا باب چار فصلوں پر محیط ہے۔

حصہ دوم بھی دو ابواب میں تقسیم ہے۔ پہلے میں بتیس اور دوسرے باب میں ستائیس فصلیں ہیں۔

حصہ سوم میں پانچ اور

حصہ چہارم میں تین ابواب ہیں۔

زتاسی نے اس ترجمہ میں ایک اور کتاب کا بھی اضافہ کیا جس کا فرانسیسی نام "مسلمان مشرق کی زبانوں کا علم عروض" ہے۔ اس کے بعد ضمیمہ کے طور پر ایک اور کتاب "ہندوستانی زبان کی خصوصیات پر چند ملاحظات" فرانسیسی عنوان سے شامل کی۔ آخر میں عربی اصطلاحوں کی فہرست بہ لحاظ حروف تہجی دی گئی ہے۔ مصنف تمہید میں بیان کرتا ہے کہ "میں فرانسیسی میں ایک ایسی کتاب کا ترجمہ کر رہا ہوں جس پر کسی مستشرق نے ابھی تک توجہ نہیں کی۔ یہ موضوع اہل یورپ کے لئے بالکل نیا ہے۔ میرا ترجمہ ایک حد تک آزادانہ ہے تاکہ قابل فہم ہوسکے۔ اس میں بعض چیزیں محذوف اور اکثر حصوں کی تلخیص کی گئی کہ کتاب کی ضخامت کم ہوسکے۔ چنانچہ میں نے حسب ضرورت بہت سے اقتباسات نکال دیئے ہیں جن سے بطور شواہد استدلال کیا گیا تھا اور میں نے کسی قاعدہ کی مثال میں صرف ایک شعر پر اکتفا کی جبکہ اصل میں کئی کئی اشعار سے مثالیں دی گئی ہیں۔ عروض وقافیہ کو میں نے علاحدہ کتابی صورت میں کر دیا ہے۔ ان کا اور بلاغت کا مواد میں نے بالخصوص "حدائق البلاغت" سے لیا ہے اور ذاتی تحقیق کے نتائج کا بھی اضافہ کر دیا ہے۔ یورپ میں اس موضوع پر مستشرقین نے جو کام کیا اس کو میں نے بہ نظرِ غائر دیکھا۔ چنانچہ میری اس تالیف میں عربی کے قواعد کا مسلمان مشرق کی مختلف زبانوں پر انطباق کیا گیا ہے بالخصوص فارسی ترکی اور اردو پر میں ہی پہلا شخص ہوں جس نے ترجمہ میں مثالوں کے ذریعہ بیان کردہ قواعد کی توضیح کی ہے جس سے مفہوم کو سمجھنے میں سہولت ہوجاتی ہے"[1]

---

[1] مسلمان مشرق کی زبانوں میں بلاغت وعروض۔ مطبوعہ ۱۸۷۳ء دیباچہ صفحہ ۷

Marfat.com

گارسین دتاسی کا ترجمہ لفظی نہیں اور بعض جگہ پر اشعار کے ترجمے میں خامیاں بھی ملتی ہیں۔
مثلاً صفحہ ۱۶۵ پر شعر ہے:

سخت پڑی ہے اب کہوں کس سے
تجھ بوا ہجر میں گلہ دل کا

اس کا ترجمہ گارسین دتاسی کرتا ہے کہ "تیری شدتوں کے سوا کسی چیز سے واقفیت نہیں۔ اب میں اس کا ذکر کس سے کروں کہ تیری غیر موجودگی میں میرے دل میں سوائے شکایت کے کچھ نہیں پایا جاتا۔"

اسی طرح امیر خسرو کی بیت:

کسی نماند کہ دیگر بہ تیغ ناز کشی
مگر کہ زندہ کنی خلق را و باز کشی

دتاسی نے ترجمہ کیا کہ "اب کوئی شخص باقی نہیں جسے تو اپنی مہربانی کی تلوار سے قتل کر سکے بجز اس کے کہ تو لوگوں کو دوبارہ زندہ کرے اور پھر ان ہی کو ہلاک کرے۔"[1] اس نے "تیغ ناز" کا ترجمہ "تری مہربانی کی تلوار" کیا ہے جو صحیح نہیں۔ "ناز" کے معنی انداز کے ہیں نہ کہ مہربانی کے جو وہ نہیں سمجھ سکا۔

علمی سرقات کتاب کا آخری حصہ دلچسپ بھی ہے اور اتنا مفصل کہ تین بابوں میں پھیلا ہوا ہے۔ ہر باب میں چار پانچ قسمیں اور ہر قسم کی وضاحت کے لئے مثال بھی دی ہیں۔ اس سلسلے میں نہ صرف کھلی یا مخفی چوری کا ذکر ہے بلکہ مولف نے تضمین کو بھی اس میں شامل کر دیا ہے۔ دتاسی نے چونکہ ایک فارسی کتاب کا ترجمہ کیا ہے اس لئے مثالیں اصل ماخذ کے مطابق سب فارسی اشعار پر مبنی ہیں۔ اگر دتاسی نے اردو سے متعلق کچھ نوٹ حاشیے میں بڑھائے ہوتے تو وہ کارآمد ہوتے۔

ضمیمہ میں "ہندوستانی زبان کے متعلق چند ملاحظات" کا ذکر علاحدہ کیا جائے گا۔

---

[1] مسلمان مشرق کی زبانوں میں بلاغت و عروض مطبوعہ ۱۸۷۳ء صفحہ ۱۶۵

Marfat.com

علمِ بلاغت کی اصطلاحوں کی حروفِ تہجی پر مبنی فہرست پچیس سطروں والے سترہ صفحات پر مشتمل ہے جس میں صفحے کا بھی حوالہ ہے جہاں وہ کتاب میں آئی ہے۔

فارسی کتاب "حدایق البلاغت" کا مصنف میر شمس الدین فقیر دہلوی تھا۔ جیساکہ پہلے اشارہ کیا گیا ہے کہ کتاب المعانی فورٹ ولیم کالج کلکتہ سے ۱۸۱۳-۱۴ء میں شائع ہوئی جس کو جان علی اور عبد الرحیم نے فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا تھا۔ انیسویں صدی کے آغاز میں کتابوں میں اشاریے (انڈکس) دینے کا رواج نہیں تھا بلکہ اس وقت فہرست مضامین بھی نہیں ملتی تھی۔ دتاسی کا یہ ایڈیشن بڑی حد تک صحیح اور دیدہ زیب ہے۔ اس کے آخر میں تین صفحات کا غلط نامہ بھی ہے۔

"سوسیئے ازیاتک" کی سالانہ رپورٹ مرتبہ ژناں میں دتاسی کی اس کتاب پر ریویو ہے۔ جو رسالہ "ژورنال ازیاتک" جولائی ۱۸۴۳ء صفحہ ۷۴ تا ۷۵ میں شائع ہوئی۔ "کتاب کا خلاصہ جو بہت خوش اسلوبی سے کیا ہے اس سے فائدہ یہ ہوا کہ ایک ایسی چیز کے لئے جس میں زیادہ دلکشی نہیں پائی جاتی بہت دقت صرف کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ مگر بہرحال کسی مستشرق کو یہ موضوع نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے"[۱]

● "عربوں کے علمِ عروض پر جو ہندوستانی زبان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ایک یادداشت" جس میں ۴۴ صفحات ہیں اور ژورنال ازیاتک کے نئے سلسلے بابت ۱۸۳۲ء صفحہ ۲۴۹ تا ۲۹۰ میں شائع ہوئی۔

اس مضمون سے گارسین دتاسی کی اردو شاعری سے متعلق علمی واقفیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس سے پہلے کسی مستشرق نے اردو علمِ عروض پر کچھ نہیں لکھا تھا سوائے گلکرسٹ کے جس نے ۱۷۹۶ء میں اردو زبان کی گرامر لکھی تھی۔

دتاسی نے اس میں صراحت کی کہ اگرچہ اردو، ہندی یا برج بھاشا ایک ہی زبانیں

---

[۱] سالانہ رپورٹ ژورنال ازیاتک ۱۸۴۳ء صفحہ ۷۵

Marfat.com

ہیں لیکن ہندی میں علمِ عروض کے قواعد سنسکرت سے لئے گئے ہیں۔ اس کے برعکس اُردو میں چند استثناء کے علاوہ عربی علمِ عروض سے استفادہ کیا گیا ہے اور اسی سے اُردو والے واقف ہیں۔ دتاسی بالخصوص عربی اور اردو کے قواعد عروض کے فرق کو نمایاں کرتا ہے۔

اس مضمون میں وہ اردو شاعری میں تخئیل کی اہمیت اور اوزان کے قواعد پر اظہارِ خیال کرتا ہے۔ اس کا خلاصہ ضرورت شعری کے نقطۂ نظر سے حسب ذیل ہو سکتا ہے:

۱۔ ایک حرف کا اضافہ کرنا

۲۔ ایک حرف کو حذف کر دینا

۳۔ ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف استعمال کرنا

۴۔ طویل حروف علت کی جگہ مختصر حرف علت لانا

۵۔ مختصر حرفِ علت کو طویل حرفِ علت بنا دینا

۶۔ حروف کی تعداد میں اضافہ

۷۔ حروف کی تعداد میں تخفیف

۸۔ وزن شعر کرتے وقت چند حروف کو شمار کرنا یا نہ کرنا مثلاً "بالکل" جہاں "الف" کی آواز قرأت میں نہیں آتی۔

وہ ان نکات میں سے ہر ایک کے لئے ایک یا ایک سے زیادہ مثالیں دیتا ہے۔ اس کے بعد وہ اردو کی مروج و مقبول بحروں کے ساتھ ساتھ قافیہ پر بھی رائے زنی کرتا ہے اور بحث کے آخر میں اردو اصناف شاعری کا ذکر کرتا ہے۔ "جس طرح ہندوستانی شاعری بیرونی خدوخال میں فارسی سے مشابہ ہے جس سے اس نے عربی علمِ عروض کے نظام کو مستعار لیا ہے اسی طرح وہ اپنی اندرونی خصوصیات میں ایرانی قوم کی شاعری سے بہت سی مماثلتیں رکھتی ہے۔ ہندوستانی زبان کے شاعر بہرحال ایرانیوں کی اندھی تقلید نہیں کرتے جیسا ترک شاعروں کے یہاں نظر آتا ہے"[1]

---

[1] عربوں کے علم عروض پر جو ہندوستانی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ایک یادداشت ۱۸۳۲ء صفحہ ۴

صرف ونحو

گارسین دتاسی نے ہندوستانی زبان کی صرف ونحو پر فرانسیسی میں کئی کتابیں اور مقالے لکھے. اس نے اپنے طالب علموں کے لیے جو گرامریں لکھیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱- " ہندوستانی کے مبادیات" سوصفحات کی یہ کتاب ۱۸۲۹ء میں شائع ہوئی.

۲. "ضمیمہ ہندوستانی کے مبادیات" جس میں گرامر کے متعلق کچھ اضافوں کے علاوہ چند ہندوستانی خطوط بھی شامل کیے ہیں اور کچھ اصل خطوط کا فوٹو بھی اور ان کا فرانسیسی ترجمہ بھی ہے. مطبوعہ ۱۸۳۳ء ۶۸ صفحات.

۳. "صرف اردو اور قواعد زبان اردو" دو کتابوں کا تجزیہ، ژورنال ازیاتک جنوری ۱۸۳۸ء کے شمارہ میں صفحہ ۶۶ تا ۱۰۸-

۴. "ہندوستانی زبان کے مبتدیوں کے لیے ایک درسی کتاب" جس میں بات چیت اور خط وکتابت مشقیں تدریجی انداز پر ملتی ہیں. آخر میں ایک فرانسیسی ہندوستانی لغت بھی ہے. مطبوعہ ۱۸۳۶ء ۹۲ + ۸۰ صفحات.

۵. مذکورہ بالا کتاب کی مشقوں کی تصحیحات مطبوعہ ۱۸۳۶ء

۶. " ہندوی کے مبادیات" سو صفحے ۱۸۴۷ء

۷. " ہندوستانی کے مبادیات" دوسرا ایڈیشن. اردو اور دکھنی دونوں کے متعلق کچھ توضیحات ۱۸۶۳ء ۸۰ صفحات.

"ہندوستانی کے مبادیات"

گارسین دتاسی کا تقرر مدرسہ السنہ شرقیہ میں ہندوستانی زبان کے پروفیسر کی حیثیت سے ۱۸۲۸ء میں ہوا. سال بھر کے اندر اس نے اپنے طلباء کے استعمال کے لیے ایک مبسوط کتاب شائع کر دی. اس میں فارسی کے ساتھ دیوناگری کے حروف تہجی بھی دیئے گئے ہیں، صرف ونحو کے قواعد ہیں، مصادر کی ناگزیر گردانیں نیز قلمی کتابوں کو پڑھنے کی

Marfat.com

مشقیں بھی دی گئی ہیں۔ ضمیمے میں نہ صرف ایک مقدمہ اور منتخب عبارتیں بلکہ گرامر کے متعلق کچھ اضافے اور تصحیحیں بھی ہیں۔

● "ضمیمہ ہندوستانی مبادیات" مطبوعہ ۱۸۳۳ء میں ۲۱ خطوط بعینہٖ شائع کر دیئے ہیں بلکہ کچھ خطوط عکسی بھی ہیں اور ساتھ فرانسیسی ترجمہ ہے۔ یہ خطوط ہندوستان کے مختلف علاقوں سے آئے ہیں اور ان میں متفرق موضوعات سے بحث کی گئی ہے اس لیے ان سے نہ صرف ہندوستانی قلمی تحریر کو پڑھنے کی مشق کرائی گئی ہے بلکہ ان سے خط نویسی کا اسلوب بھی معلوم ہوتا ہے۔ (تفصیل کے لیے دیکھیے "اردو کے چند نادر خطوط")

● "ہندوی کے مبادیات" ہندی لپی میں مطبوعہ ۱۸۴۷ء پیرس ۱۰۰ صفحات۔ اس کتاب میں ہندی صرف و نحو کی قواعد کے بعد مہا بھارت اور دیگر ہندی کتب کے اقتباسات درج کیے گئے ہیں۔

موسیو برتراں نے اس کتاب پر ایک تنقید ژورنال از یاتک جون ۱۸۴۷ء صفحہ ۵۴۸ تا ۵۵۲ میں شائع کی جس میں لسانیات، آثارِ قدیمہ اور فلسفہ سے متعلق مفصل رائے دی گئی ہے مگر دتاسی کی "ہندوی مبادیات" پر تبصرہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ آخر میں لکھتا ہے کہ "بہرحال اس میں گرامر کے قواعد تفصیل کے ساتھ نہیں ملتے ہیں بلکہ یہاں صرف مبادیات سے بحث ہے...... بہرحال اس بات کے لیے کافی ہیں کہ جو شخص اس دلچسپ زبان کو سیکھنا چاہے اس کے لیے اس سے استفادہ ضروری ہے"[1]

● "ہندوستانی مبادیات" دوسرا ایڈیشن مطبوعہ ۱۸۶۳ء۔ اس میں بکثرت تصحیحیں کی گئی ہیں جن کی وجہ سے کتاب پہلے ایڈیشن کے مقابلے میں زیادہ کار آمد ہو گئی ہے

---

[1] ژورنال از یاتک ۱۸۴۷ء صفحہ ۵۵۱

Marfat.com

لیکن اب اس کی محض ایک تاریخی اہمیت باقی رہ گئی ہے کیونکہ زبان میں دتاسی کے زمانے سے ابتک کافی فرق ہوگیا ہے۔ مزید برآں الفاظ کے املا میں بھی ترقی ہوئی ہے جس کے باعث "ہندوستانی" کی عبارت اب تلفظ سے زیادہ مطابق لکھی جاتی ہے۔ عربی حروف تہجی میں بعض اعراب نہیں پائے جاتے تھے۔ اس کا اثر فارسی پر بھی تھا جیسے یائے مجہول۔ دتاسی کے زمانے میں "ے" اور "ی" میں کوئی فرق نہیں کیا جاتا تھا۔ اور دونوں کے لیے یائے معروف (ی) ہی استعمال کی جاتی تھی۔ آج کل دونوں میں واضح امتیاز ملتا ہے۔ مثلاً "جاتی ہیں" اور "جاتے ہیں" پہلا مونث کے لیے اور دوسرا مذکر کے لیے مستعمل ہے۔ لیکن دتاسی کے زمانے میں صرف سیاق وسباق سے ان میں فرق کیا جا سکتا تھا، املا کے ذریعہ سے نہیں۔ ایک اور ترقی یہ ہوئی کہ حرف "نون" دو طرح کا ہو گیا ہے۔ سادہ نون اور نون غنہ۔ دتاسی دونوں ایک ہی طرح لکھتا ہے لیکن آج کل نون غنہ کو نقطہ کے بغیر لکھا جاتا ہے۔ ایک اور فرق یہ ہے کہ گارسین دتاسی کے زمانے میں ڑ، ڈ، ٹ کو چار نقطوں کے ساتھ یعنی ڑ، ڈ، ٹ لکھتے تھے۔

● "ہندوستانی زبان کے مبتدیوں کے لیے ایک درسی کتاب" جس میں بات چیت اور خط وکتابت کے لیے مشقیں تدریجی انداز میں دی گئی ہیں، ۱۸۳۶ء میں شائع کی۔ اس کے دیباچہ میں لکھتا ہے "آٹھ سال تک تدریسی کام کرنے کے بعد مجھے اپنے طلبا کی یہ بات ماننی پڑتی ہے جو انھوں نے بارہا کہی اور اسی لیے میں اس کتاب کو شائع کرتا ہوں۔" اس کتاب میں چار باب ہیں۔ پہلے میں عام بول چال کے جملے فرانسیسی میں ہیں دوسرے میں تیرہ خطوط اور ان کے جوابات۔ تیسرے میں فرانسیسی ہندوستانی لغت ہے اور اس میں ہندوستان کے مہینوں، موسموں اور مختلف سکوں کے نام ہیں۔ چوتھے میں اول الذکر دو ابواب کو اردو میں پیش کیا گیا ہے۔ یہ آخری حصہ ۱۸۳۷ء میں لیتھو پر چھپا ہے اور شانسلری دے باطو دلافرانس (یعنی فرانس کے جہازوں کا دفتر) کے مطبع میں طبع ہوا۔ اس سے مراد غالباً وزارت بحریہ کا مطبع ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ یہ خود گارسین دتاسی کی اپنی تحریر ہو لیکن وہ بہرحال پختہ اور صاف خط میں ہے۔ اس میں کچھ طباعت اور

Marfat.com

کے سارے حروفِ صحیح اور حروفِ علت اس رسم الخط میں لکھے نہیں جا سکتے۔ اسی لیے اس کمی کو دور کرنے کے لیے متعدد نئے حروف ایجاد کرنے پڑے"۔ گارسیں دتاسی نے جو مثالیں دی ہیں ان میں وہ دو نہیں ہیں جن کا ابھی اوپر ذکر ہوا کیوں کہ اس وقت تک ان کا رواج عام نہ ہوا تھا۔ یعنی نون غنہ کو عام نون سے ممتاز کرنے کے لیے اب جو طریقہ استعمال کیا جاتا ہے اسی طرح یائے مجہول (ے) بھی مروج نہ تھی۔

اس مضمون کے آخر میں گارسیں دتاسی چند ایسے عناصر کا ذکر کرتا ہے جو زیادہ اہمیت نہیں رکھتے لیکن ہندوستانی زبان میں بعض اور لفظوں کے بعد ان کو صرف اس لیے بڑھایا جاتا ہے "تاکہ کانوں کو بھلا معلوم ہو (جیسے کھانا وانا۔ پانی وانی) اس کو اردو میں "تابع مہمل اور فرانسیسی زبان میں صدائے بازگشت کے الفاظ mots d' Echo کہا جاتا ہے۔ گارسیں دتاسی نے کچھ مثالیں دی ہیں ان میں سے دوسرا لفظ جو پہلے لفظ کی صدائے بازگشت بنتا ہے ان میں پہلے لفظ کو برقرار رکھتے ہوئے صرف اس کے پہلے حروف کو بدل کر" واو" کر دیا جاتا ہے۔ جیسے فرانس ورانس "قلم ولم" گانا وانا وغیرہ۔ ایسا استعمال عموماً ہر کسی نام کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ کچھ اور الفاظ بھی بطور صدائے بازگشت کے استعمال کیے جا سکتے ہیں لیکن ان میں مروج اصول کا خیال رکھنا بہر حال لازمی ہوگا، اور من مانے طور پر نئے الفاظ نہیں بنائے جا سکیں گے۔ جہاں تک" تابع مہمل" میں حرف واؤ کے استعمال کا تعلق ہے وہ شمالی ہند کی زبان میں ہے۔ جنوبی ہند کی بولی میں" واو" کی جگہ" گاف" کا استعمال ہوتا ہے۔ ہماری رائے میں یہی حال یورپ کی زبانوں میں بھی نظر آتا ہے۔ مثلاً انگریزی نام" ولیم" یا" پرنس آف ویلز" فرانسیسی میں" گیوم" اور" گال" بن جاتے ہیں۔

Marfat.com

باب دوم

تراجم

گارسین دتاسی نے اپنے استاد سلوستر دساسی سے عربی، فارسی اور ترکی سیکھی تھی۔ اس کے بعد وہ ہندوستان کی جدید بولیوں یعنی اردو ہندی کی تحصیل میں مشغول ہوگیا تاکہ وہ اہل فرانس کو بھی ان سے واقف کرا سکے۔ "اردو زبان و ادب" کے باب میں زیادہ تر دتاسی کی ان تصانیف کا ذکر کیا گیا ہے جن کا تعلق شاعری اور ان قصّوں سے ہے جو عربی، فارسی، ترکی یا سنسکرت سے ترجمہ کئے گئے ہیں۔ بقول دتاسی "کہانیوں میں داستان کو اور شاعری میں مثنوی (بالخصوص متصوفانہ) مرثیہ اور غزل کو ترجیح حاصل رہی ہے"

گارسین دتاسی کے مقالات چھ مختلف زبانوں اردو، ہندی، عربی، فارسی، ترکی اور انگریزی سے ترجموں پر مبنی ہیں۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

اُردو سے ترجمے:

● "تنبیہہ الجہال یعنی جاہل شاعروں کو نصیحتیں"

محمد تقی میر کی مثنوی کا فرانسیسی ترجمہ مطبوعہ ۱۸۲۶ء۔ بہ ظاہر یہ ژورنال ازیاتک کا ایک مضمون ہے جو علاحدہ کتابی صورت میں بھی شائع ہوا۔ سرلوح پر گارسین دتاسی کے عہدے اور القاب ہیں کہ وہ سوسیتے ازیاتک کا نائب معتمد اور ناظم کتب خانہ اور انگلستان کی رائل ایشیاٹک سوسائٹی کا رکن اور ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کا اعزازی رکن ہے۔ اندر کے ورق پر انتساب ہے۔

"انگلستان کی ایسٹ انڈیا کمپنی کے فوجی مدرسے میں مشرقی زبانوں کے پروفیسر برطانیہ کی رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے رکن۔ فرانس کی ازیاتک سوسائٹی کے ممبر۔ نیز دیگر انجمنوں کے شریک کار جان شیکسپیر کے نام یہ کتاب احترام اور شکر گذاری کے ساتھ معنون کی جاتی ہے۔"

Marfat.com

اس کے بعد تمہید شروع ہوتی ہے کہ "ہندوستان کی معاصر و مروجہ زبان کو (جسے اہل ملک ہندی، اردو، ریختہ اور ہندوستانی مختلف ناموں سے موسوم کرتے ہیں) یورپی مستشرقین نے تقریباً نظر انداز کر رکھا ہے۔ اس پر تو لوگ متفق ہیں کہ سیاست اور تجارت کے لیے اس زبان کی ضرورت ہے لیکن ادبیات کے نقطۂ نظر سے تہی مایہ خیال کی جاتی ہے مگر حقیقت میں ایسا نہیں ہے اس میں بہ کثرت ممتاز اشخاص کی تصانیف موجود ہیں۔ پرانے زمانے اور سنسکرت تک جانے کی ضرورت نہیں۔ جدید مروجہ زبان میں ہر علم و فن کی کتابیں بہ افراط ملتی ہیں۔ مختصراً کہا جا سکتا ہے کہ "یہ ہم عصر ایشیا کے زرخیز ترین ادبیات میں سے ایک ہے"۔ میں میر محمد تقی کی ایک چھوٹی سی نظم کا ترجمہ کرتا ہوں جس سے اس غیر معروف زبان کے ادب کا اندازہ ہو سکے گا۔

میر صاحبِ دیوان شاعر تھے جنہیں استاد کا لقب دیا گیا۔ وہ اکبر آباد کے رہنے والے تھے اور اورنگ زیب کے جانشین شاہ عالم کے دور میں زندہ تھے[1] جیسا کہ گلکرسٹ نے ہندوستانی گریمر مطبوعہ کلکتہ ۱۷۹۶ء میں صفحہ ۳۳۴ پر لکھا ہے۔ کلیات میر کلکتہ میں ۱۸۱۱ء میں چھپی۔ زیر بحث مثنوی کو جان شیکسپیئر نے منتخباتِ ہندی میں بھی شامل کیا ہے۔

تنبیہہ الجہال ایک ہجو ہے اور ان لوگوں پر طنز ہے جو خود کو شاعر خیال کرتے ہیں محض اس لیے کہ وہ شاعروں کی صحبت میں رہتے ہیں اور علم عروض سے واقفیت حاصل کیے بغیر شاعری کرتے ہیں۔ تنبیہہ الجہال کے شروع میں شاعر (میر) شکایت کرتا ہے کہ اچھے شاعر کیوں احمقوں کو اپنی صحبت میں لیتے اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ اندازہ ہوتا ہے کہ پرانے زمانے میں بُرے اور نالائق شعراء سے کیسا برتاؤ کیا جاتا تھا مثلاً اصفہان کے گورنر نے ہلالی نامی نالائق شاعر کا کیا حشر کیا تھا"

پھر گارسیں دتاسی کہتا ہے کہ میں اس قصے کی صحت کا ذمہ دار نہیں ہوں جو ممکن ہے کہ ضـ ت شعری کے سبب فرضی طور پر گھڑ لیا گیا ہو کیونکہ ہلالی ایک مشہور شاعر ہے۔ سام مرزا نے "تذکرۂ شعراء" میں اس کے حالات دیئے ہیں لیکن میر کے بیان کردہ قصے کا اس میں

---

[1] میر محمد تقی نہ صرف شاہ عالم بلکہ اورنگ زیب کے کئی جانشینوں کے زمانے میں فکر شعر میں مشغول رہے۔

محمد شاہ (۱۷۱۹ء تا ۱۷۴۸ء) احمد شاہ (۱۷۴۸ء تا ۱۷۵۴ء) عالمگیر ثانی (۱۷۵۴ء تا ۱۷۵۹ء) شاہ عالم (۱۷۵۹ء تا ۱۸۰۶ء)

Marfat.com

کوئی ذکر نہیں (کتاب مذکور کا مخطوطہ پیرس کے کتب خانۂ عام میں نمبر ۲۴۷ پر ہے) اگر یہ قصہ صحیح ہے تو اصفہان کے وزیر کی عزت میں اس سے کوئی اضافہ نہیں ہوتا اور اگر قصہ فرضی ہے تو میرؔ کو ہلالی کی طرف منسوب نہیں کرنا چاہیئے تھا کیونکہ وہ خود معروف شاعر اور جامی کا ہمعصر تھا جس کی ایران میں بڑی قدر ہے۔ اس کی تین مزید متصوفانہ نظمیں "شاہ و درویش" "صفات العاشقین" اور "مجنوں لیلیٰ" کے مخطوطے پیرس میں ہیں۔

اس عالمانہ تنقید کے بعد دتاسی نے میرؔ کی مثنوی کا ترجمہ پیش کیا۔ دیگر تراجم کی طرح یہ ترجمہ بھی لفظی نہیں بلکہ ایک طرح کی شرح ہے جس میں جابجا الفاظ بڑھا دیئے گئے ہیں تاکہ مثنوی فرانسیسی قارئین کے لیے قابل فہم ہو۔

میرؔ کے خیال میں یہ کم علمی کی ہی وجہ ہے کہ شاعری سے نہ دین کا فائدہ ہے اور نہ دنیا کا۔ دنیا میں چمار تک کی ضرورت ہوتی ہے کہ پھٹے جوتے کی مرمت کرائیں مگر شاعر کی ضرورت نہیں ہوتی۔

گر چمار اس کارخانہ میں نہ ہو
ٹوٹے جوتے کو کہاں لے کر پھرو

دتاسی نے اپنے آزاد ترجمے میں ایک ایک اُردو لفظ کے لیے مناسب فرنچ الفاظ استعمال کیے ہیں۔ مثلاً اصفہان کے حاکم کا لقب میرؔ نے وزیر اور دستور دیا ہے۔ دتاسی نے اس کا ترجمہ گورنر، حکمراں اور وزیر تین طرح سے کیا ہے۔

میرؔ نے "فن شریف" کو صناعی سے تعبیر کیا ہے اس صناعی اور طرز خاص پر قدرت کے لیے مشق و مزاولت ضروری شرط ہے جو استادانِ فن کی نگاہِ توجہ کے بغیر ممکن نہیں۔ "تنبیہ الجہال" کا موضوع دراصل شعر کے متعلق ان کا یہی نظریہ ہے۔ اس مثنوی میں اگرچہ دو شعر ایسے ہیں جن کا حوالہ دیتے ہوئے گیان چند جین نے انھیں مثنوی کا موضوع قرار دیا۔

جلف واں زنہار پاتے تھے نہ بار   شاعری کا ہے کو تھی ان کا شعار
نکتہ پردازوں سے اجلافوں کا کیا   شعر سے بزازوں ندافوں کو کیا

حالانکہ امرِ واقعہ اس کے خلاف ہے۔ اس مثنوی میں میرؔ استادوں سے شکایت کرتے ہوئے کہتے ہیں:

Marfat.com

الغرض یاروں نے قیدیں دیں اٹھا　　جو کوئی آیا اسے دی پاس جا
ٹک نہ استعداد سے کی گفتگو　　کچھ نہ رکھی شاعری کی آبرو

اور "ہجو در مذمتِ آئینہ دار" میں ایک شعر ہے:

یاں نہ سید کچھ ہے نے نائی ہے شرط　　ہو کسو کسوت میں دانائی ہے شرط

ان اشعار میں میر کا زور استعداد اور دانائی پر ہے اور ان کو اعتراض ہے کہ ہر کس و ناکس خواہ وہ شعر گوئی کے لیے ضروری علم و استعداد رکھتا ہو یا نہ رکھتا ہو اب شعر کہتا ہے۔ "تنبیہ الجہال" میں میر کا مدعا اس قدر صاف ہے کہ ہماری تہذیبی زندگی سے دور فرانس میں بیٹھا گارسین دتاسی اس مثنوی کی اہمیت کا اندازہ کر لیتا ہے۔

"تنبیہ الجہال" کے سات صفحوں پر مشتمل اس ترجمے کے ذریعے دتاسی فرانسیسی قارئین کو اردو نظریۂ شعر، فن کاری اور اصلاح زبان کے رجحان سے متعارف کراتا ہے۔

"تنبیہ الجہال" کے علاوہ دتاسی نے تاریخ ادبیات ہندوستانی میں میر کی ہجو یہ متن سے کچھ عمومی موضوعات کی مثنویوں جیسے کذب کا بیان، مذمت دنیا یا بارش کے موسم میں گھر کی زبوں حالی کا ترجمہ کیا اور ان کے اخلاقی، متصوفانہ اور سماجی عنصر سے فرانسیسی قارئین کو روشناس کیا۔

- "ولی کے اشعار کا فرانسیسی ترجمہ"

بڑی تقطیع کے ۲۰ + ۶۸ صفحات مطبوعہ پیرس ۱۸۳۴ء

گارسین دتاسی نے اپنا یہ ترجمہ مشترکہ طور پر سلوسترد ساسی اور جان شیکسپیر کے نام معنون کیا ہے کہ دونوں اس کے استاد ہیں۔ دیباچہ میں لکھتا ہے کہ دنیا کی ساری زبانوں میں نظم کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ پھر ان اصناف شاعری سے بحث ہے جو ہندوستانی مسلمانوں میں مروج ہیں۔ ولی کی شاعری اور سوانح عمری کی وضاحت کرتے ہوئے وہ چھ مخطوطوں کی فہرست دیتا ہے جن کی اساس پر اس نے ولی کا ایڈیشن مرتب کیا ہے۔

بیس صفحات کے اس دیباچہ میں وہ ایک اور مخطوطہ کی دستیابی کا ذکر کرتا ہے جو دیوانِ ولی کی اشاعت کے بعد موصول ہوا تھا "میرے پاس جو مخطوطے ہیں ان میں یہ سب سے عمدہ ہے۔ اس کی مدد سے اکثر اشعار کے سمجھنے میں مدد ملتی ہے اور میں نے متعدد اہم اصلاحیں کی ہیں" وہ یہ بھی اضافہ

Marfat.com

کرتا ہے کہ "بدقسمتی سے یہ مخطوطہ نامکمل ہے ایسے متعدد اشعار ہیں جو بہت مبہم ہیں جن کے لیے مجھے کوئی نئی مدد نہ مل سکی۔ میری کوشش کے باوجود ولی کے ایڈیشن میں بہت سی طباعتی غلطیاں رہ گئی ہیں۔ میں قارئین سے درخواست کرتا ہوں کہ کتاب کے آخر میں اغلاط نامہ سے استفادہ کریں۔" مگر یہ اغلاط نامہ بھی نامکمل ہے۔

ایک اور مقام پر ان وجوہ کا ذکر کرتا ہے جن کے باعث وہ سارے کلامِ ولی کا ترجمہ نہیں کرسکا۔ آخر میں وہ ولی کی ذیل کی بیت کا فرانسیسی ترجمہ دیتا ہے جو خود اس کے حال پر بھی صادق آتا ہے:

گرچہ پابندِ لفظ ہوں لیکن
دل میرا عاشقِ معانی ہے

دیوانِ ولی کا ترجمہ (جیساکہ اس نے خود اعتراف کیا) کامل نہیں بلکہ صرف منتخب اشعار کا ہے۔ مثلاً اولین ترجمہ صفحہ ۳ غزل ۳ کا ہے پھر صفحہ ۵، پھر صفحہ ۶ کا۔ اردو ہی نہیں فرانسیسی میں بھی طباعت کی غلطیاں ہیں مثلاً صفحہ ۵ سطر ۱۳ پر ۱۵ کی جگہ 15 چھپا ہے۔ فرانسیسی ترجمے کے ساتھ حاشیے بھی ہیں لیکن یہ حاشیے ترجمہ کردہ عبارتوں کے بجائے اصل دیوانِ ولی سے متعلق ہیں مثلاً پہلا ترجمہ ص ۳ شعر ۳ کا ہے لیکن پہلا حاشیہ ص ۲ شعر ۲ کے متعلق ہے۔ اکثر پوری غزل میں صرف دو اشعار کا ترجمہ کیا گیا۔ شاید اس لیے کہ وہی دو اشعار دتاسی کو قابلِ ترجمہ معلوم ہوئے۔

اشعار کا لفظی ترجمہ نہیں بلکہ مفہوم کو ادا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً

دسناھی تو مجھکوں جدھر دیکھیا ہوں میں

کا ترجمہ دیتے ہوئے "تیری مخلوق چیزوں میں" بڑھا دیا ہے۔ اسی طرح "شراباً طہور" لکھا ہے۔ صحیح "شراباً طہوراً" ہے۔

صفحہ ۶۵ کے حاشیہ پر دیوان کی ہر غزل کی بحر بتائی گئی ہے۔ کل ۱۸ غزلوں کی بحریں بتائی گئی ہیں۔ بعض مثلاً بحر ہزج میں ۶ غزلیں ہیں تو اکثر میں صرف ایک ایک۔

گارسیں دتاسی نے ترجمے میں بہت سے توضیحی حاشیے دیئے ہیں لیکن ہمارے خیال میں

Marfat.com

یہ یورپین قاری کو تلمیحات کے سمجھانے کے مقصد کو پورا نہیں کرتے۔ مثال کے طور پر صفحہ ۱ پر عبارت ہے "میرا دل ایک چاند کی طرح ہے اور تیری نظر محمد کی قوی انگلی کہ ایک پلک جھپکتے وہ شق ہو گیا"

میرا دل چاند ھور تیری نگہ اعجاز کی انگلی
کہ جس کے یک اشارت میں مجھے شق القمر دستا

فرانسیسی قارئین میں کم ایسے ہوں گے جو پیمبر اسلام کے اس مشہور معجزے سے واقف ہوں کہ آپ نے اپنی انگلی کے اشارے سے چاند کو شق فرما دیا تھا۔ بظاہر گارسین دتاسی اس بیت کا مفہوم سمجھ گیا ہے اگرچہ اس میں رسول اللہ کا نام نہیں ہے مگر وہ دوسروں کی وضاحت کے لیے کسی نوٹ کا اضافہ نہیں کرتا۔ البتہ ترجمے میں حضرت محمدؐ کے نام کا اپنی طرف سے اضافہ کر دیتا ہے۔

صفحہ ۲ اور ۳ کے ترجمے ذیل کے اشعار پر مبنی ہیں :

اے رشکِ باغ جنت جب سوں جدا ہوا توں
دوزخ ہے تب سوں مجکوں گلزار کا تماشا
بے مقصد مجھ زباں پر آتا ہے لفظِ تمکیں
دیکھا ہوں جب سوں تیری رفتار کا تماشا

دتاسی لکھتا ہے "اے وہ جس نے جنت کے تمثیلی باغوں کو شرمندہ کر دیا ہے۔ جب سے کہ تو وہاں سے نکلا ہے اب وہ مجھے جہنم معلوم ہوتے ہیں لیکن جب تو وہاں تھا تو میں خالق کی قدرت کی داد دیتا تھا" ان اشعار کا بہتر ترجمہ یہ ہو گا "اے وہ جس پر باغ جنت کو رشک ہے جب سے میں تجھ سے جدا ہوا ہوں چمن مجھ کو جہنم نظر آتا ہے اور جب سے میں نے تیرے چلنے کے انداز کو دیکھا ہے بلا ارادہ لفظ تمکین منہ پر آجاتا ہے۔ ترجمہ میں ایسی بہت سی مثالیں ملیں گی۔

• "میر عبداللہ مسکیں کا مرثیہ یا بھٹیالِ مسلمؑ اور ان کے دو بیٹوں کی شہادت کے متعلق"
فرانسیسی ترجمہ مطبوعہ پیرس ۱۸۴۵ء صفحے ۲۴۱ تا ۲۶۱
یہ مضمون بطور ضمیمہ "مقاماتِ حیدری" مولفہ پادری برتراں میں شائع ہوا۔

Marfat.com

برترآں نے "گل مغفرت" مصنف حیدر بخش حیدری کا ترجمہ "مقاماتِ حیدری" کے نام سے کیا جس میں کربلا کے واقعات اور حضرت امام حسین کی شہادت کا بیان ہے۔ چونکہ مسکین کے مرثیہ میں بھی اسی واقعہ سے متعلق حضرت مسلم اور ان کے دو صاحبزادوں کے شہید ہونے کا ذکر ہے اس لیے مناسب سمجھا گیا کہ دونوں کو یکجا شائع کر دیا جائے۔

میر عبد اللہ مسکین فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں منشی تھے اور گلکرسٹ کے علمی کاموں میں شریک رہے۔ شبلی نے "موازنہ انیس و دبیر" میں اردو مرثیہ کی تاریخ میں میر و سودا سے پہلے میاں مسکین مرثیہ گو کا ذکر کیا ہے۔ اور سودا نے "شہر آشوب" میں شاعروں کی ابتری اور کس مپرسی کا نقشہ کھینچتے ہوئے لکھا کہ:

اسقاطِ حمل ہو تو کہیں مرثیہ ایسا — پھر کوئی نہ پوچھے میاں مسکین کہاں ہیں

گریرسن نے "لنگوسٹک سروے آف انڈیا جلد نہم" میں اور اشپرنگر نے "کتب خانہ شاہان اودھ" میں مسکین کے مجموعۂ مراثی کا ذکر کیا ہے۔ نیلن اور مولوی کریم الدین نے "طبقاتِ شعرائے ہند" میں مسکین کے اچھے مرثیہ گو ہونے کا اعتراف کیا ہے۔

گارسین دتاسی "تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی" میں لکھتا ہے "میر عبد اللہ مسکین ہندوستانی کا ممتاز شاعر جس کے اشعار سے گلکرسٹ نے "ہندوستانی گرامر" میں جگہ جگہ مثالیں دی ہیں اور اس کا ایک طویل مرثیہ پورا نقل کیا جو بڑا مقبول ہے۔ یہ اقتباس مسلم اور اس کے دو بیٹوں کی وفات سے متعلق ہے۔ یہ مرثیہ دیوناگری رسم الخط میں بھی ۱۸۰۲ء میں کلکتہ سے چھپا تاکہ "بیاضِ ہندی" مرتبہ گلکرسٹ میں شامل کیا جا سکے پھر ۱۸۰۳ء میں بہ نام "مراثیٔ مسکین" نثر میں منتقل کیا گیا۔ توپ خانہ لکھنؤ میں مسکین کے مرثیوں کا ایک مجموعہ "مرثیہ ہائے مسکین" کے نام سے ۱۰۰ صفحات پر مشتمل محفوظ ہے ایک اور جلد اسی کتب خانہ میں ۵۰۰ صفحات کی ملتی ہے۔ اس کے علاوہ مسکین کے مرثیے جستہ جستہ بھی ہندوستان میں ملتے ہیں[1]"

---

[1] تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی جلد دوم صفحہ ۳۳۴۔ سیکنڈ ایڈیشن۔ مطبوعہ پیرس ۱۸۷۰ء

Marfat.com

دتاسی ایک نوٹ میں کہتا ہے کہ اس سلسلے میں اس کی کتاب "ہندوستان کے اسلامی مذہب پر ایک یادداشت" صفحہ ۱۳۰ اور مابعد کو دیکھا جائے (دراصل یہ یادداشت ژورنال ازیاتک اگست ۱۸۳۱ء صفحہ ۱۶۵ میں چھپی اور ۱۸۳۹ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۲۴ پر اور دتاسی کی کتاب اسلامیات میں صفحہ ۲۲۵ پر ملتی ہے)

وہ جان شیکسپیر کی لغت صفحہ ۱۴۸ کا ایک اقتباس دیتا ہے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ حضرت امام حسین کی شہادت کے موقعہ پر مرثیہ یا بھٹیال پڑھا جاتا ہے جس سے حاضرین بڑے متاثر ہوتے ہیں۔ دتاسی نے اپنے بیس صفحے کے ترجمے میں مذکورہ مرثیہ کا مفہوم ادا کر دیا ہے اور مرثیہ کی تلمیحات سے متعلق اس نے دس بارہ توضیحی نوٹ بھی دیدیئے ہیں۔

"ایک ہندوستانی ناٹک۔ بہ نام خود کلامی کا تجزیہ"

ژورنال ازیاتک پیرس اکتوبر ۱۸۵۰ء ۳۱۰ تا ۳۲۸ صفحات۔

اس مضمون میں گارسین دتاسی بارہ ماسہ نظم کی تلخیص و تجزیہ کرتا ہے۔ اس سے قبل یہ "منتخباتِ ہندوستانی" مطبوعہ ۱۸۴۷ء میں صفحہ ۱۱۲ تا ۱۲۸ میں چھپا تھا۔

بارہ ماسہ ایک بیانیہ صنف شاعری ہے جس میں شاعر بالعموم کسی ہجر زدہ عورت کی داخلی کیفیات کا اظہار سال کے بارہ مہینوں کے خارجی تغیرات کے زیر اثر کرتا ہے۔ اردو میں یہ صنف اپ بھرنش کے اثر سے آئی اور کافی مقبول ہوئی۔ مولانا داؤد اردو کے پہلے بارہ ماسہ نگار ہیں جنہوں نے ۱۳۸۱ء میں اپنی متصوفانہ مثنوی "چنداین" میں ایک درد انگیز بارہ ماسہ منظوم کیا۔ کاظم علی جواں کے منظوم بارہ ماسہ کے بارہ حصّے ہیں جس میں ہندوستانی موسموں اور اسلامی تیوہاروں کا ذکر ہے۔ یہ ۱۸۰۲ء میں تصنیف ہوا اور ۱۸۱۲ء میں کلکتہ سے شائع ہوا۔

دتاسی اس مضمون میں نظم کا تجزیہ کرتا ہے کہ ایک عورت بارہ مہینے تک اپنے شوہر کا بے چینی سے انتظار کرتی ہے اور مختلف پرندوں کو اس کی تلاش میں بھیجتی ہے۔ بالآخر سال بھر کی جدائی کے بعد اس کا شوہر واپس آجاتا ہے۔ ہندوستانی موسموں اور مہینوں کا تفصیل سے ذکر ہے۔

Marfat.com

مدرسہ السنہ شرقیہ میں کیٹلاگ نمبر ۳۲۸ پر دتاسی کا ایک ذاتی نسخہ موجود ہے۔ اس کے صفحۂ اوّل پر پنسل سے یہ عبارت لکھی ہوئی ہے " یہ نظم بظاہر سنسکرت نظم رتیھو سنہار کی نقل میں لکھی گئی ہے " اصل سنسکرت نظم کو بوتن نے شائع کیا اور فرانسیسی ترجمہ موسیو وارتیتے نے ریویو اور نیتال گیارہویں جلد صفحہ ۲۰۳ پر کیا ہے۔

جیساکہ اوپر بیان کیا گیا دتاسی نے یہ کوشش نہیں کی کہ اس دلچسپ نظم کا ترجمہ کرے بلکہ صرف تلخیص کی جس میں اسے کامیابی ہوئی ہے چنانچہ نظم کے مندرجات کی روح اس میں آگئی ہے۔

گارسین دتاسی کے ذاتی نسخے میں جس کا اوپر ذکر ہوا۔ ایک اور نوٹ بھی ہے جو صفحہ ۱۵ پر ہے (ژورنال ازیاتک ۱۸۵۰ئہ کا صفحہ ۳۲۰) یہ بھی اسی کے قلم سے معلوم ہوتا ہے۔ وہ نوٹ یہ ہے:

" اس سے ایک انگریزی گیت یاد آتا ہے

Why tarries my love

Why tarries my love

Why tarries my love from me

Come hither my love

I'll write to my love

And send him a letter by thee

اشارہ ان پرندوں کی طرف ہے جن کا مذکورہ ہندوستانی نظم میں بیان ہوا ہے۔

● " ہندوستانی علوم پر چند سطریں شیر علی افسوس کی آرایش محفل کے اقتباسات اور ہندوستانی سے ان کا ترجمہ "

شائع شدہ ژورنال ازیاتک جلد ۹ جولائی ۱۸۲۶ئہ صفحہ ۹۷ تا ۱۱۵۔ نیز جلد ۱۰ جولائی ۱۸۲۷ئہ صفحہ ۹۴ تا ۱۰۵

Marfat.com

شیر علی افسوس کی کتاب "آرائش محفل" کلکتہ کے فورٹ ولیم کالج کے نصاب میں شامل تھی ۔ اس کا تیسرا ایڈیشن ۱۸۶۳ء میں ڈبلیو۔ این۔ لیس نے شائع کیا تھا۔ اس میں لکھا ہے کہ یہ کتاب ۱۸۰۵ء میں تالیف ہوئی تھی (دوسرا ایڈیشن ۱۸۴۱ء میں چھپا) لیس نے اپنے انگریزی مقدمہ میں صراحت کی ہے کہ " یہ کتاب خلاصۃ التواریخ مولفہ منشی سجان رائے پٹیالوی کا ترجمہ ہے جو عہد اورنگ زیب سے متعلق ہے یہ ہندوستان کا سماجی اور تاریخی تذکرہ ہے جو تین سو صفحات پر مشتمل ہے"۔

دتاسی نے اس کے صرف دو ابواب کا ترجمہ کیا ہے۔ پہلا باب مختلف علوم کے متعلق ہے اور ہمارے سامنے کتاب کا جو تیسرا ایڈیشن ہے اس میں صفحہ ۴۳ تا ۴۴ میں آیا ہے۔

دوسرے باب میں میووں اور پھولوں کی تفصیل ہے جو اسی ایڈیشن کے صفحہ ۱۴ تا ۲۳ پر ہے۔

ژورنال ازیاتک جلد ۹ صفحہ ۹۷ میں گارسین دتاسی نے ایک نوٹ لکھا کہ آئین اکبری جلد ۲ صفحہ ۳۸۴ تا ۱۷۴ میں بھی ایک مماثل باب ہے مگر آرائش محفل آئین اکبری کا سرقہ نہیں جو اکبر بادشاہ کے حکم سے تیار ہوئی تھی۔ حسب عادت دتاسی نے ترجمے میں جابجا ایسے حاشیے دیئے ہیں جو مفہوم کی تشریح کرتے ہیں یا بیان کردہ معلومات کی تکمیل میں معاون ہوتے ہیں۔ علوم کے باب میں، قانون۔ عقاید و عبادات سے متعلق سنسکرت صحیفوں کا ذکر ہے۔ لسانیات۔ موسیقی اور طب کا اس حصہ میں مختصراً بیان کیا ہے۔ ترجمہ کا اصل کے ساتھ مقابلہ کرنے پر اندازہ ہوتا ہے کہ دتاسی نے مفہوم کی ادائیگی خوبی سے کی ہے۔ کیونکہ اس میں قدیم ہندوستان کی مذہبی تصانیف پر تفصیل سے بحث ہے۔ حاشیوں میں دتاسی نے مفہوم کی تفہیم میں دشواریوں کا بھی ذکر کیا ہے۔

دوسرے باب میں دتاسی نے میووں اور پھولوں کے علمی نام دیئے ہیں۔ جس سے کتاب کی قدر و قیمت میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہ باب نسبتاً مختصر ہے۔

کتاب کی عبارت مقفیٰ اور مرصع ہے۔ قدم قدم پر اشعار ملتے ہیں، جو اکثر غیر ضروری

Marfat.com

ہیں۔ فرانسیسی ترجمہ میں ان کو حذف کر دیا گیا ہے تاکہ قارئین کے لئے قابل فہم ہوسکے۔

شیر علی افسوس نے اپنی کتاب (جس کا موضوع ہندوستان کی تاریخ ہے) کا نام حیدر بخش حیدری کی مشہور داستان "آرائش محفل" (۱۸۰۲ء) پر رکھا۔ حیدری کی یہ کتاب حاتم طائی کی سات سیاحتوں کے قصہ پر مبنی تھی۔

● "باغ و بہار کا فرانسیسی ترجمہ" مترجم کی وفات کے بعد مدرسہ علوم شرقیہ پیرس سے ۱۸۷۸ء میں ۲۳۸ صفحے آٹھ صفحی فرمے میں شائع ہوا۔ اس میں نہ اشاریہ ہے اور نہ حواشی۔ دیباچہ میں گارسین دتاسی لکھتا ہے کہ " میں یہاں ہندوستانی زبان کی ایک مقبول کتاب کو ترجمہ کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔ باوجود کوشش مجھے پیرس میں اس کتاب کا اُردو متن نہ مل سکا۔ خیال ہوتا ہے کہ دتاسی کی وفات کے بعد اردو متن شائع ہی نہ ہوا ہو۔

باغ و بہار کا انگریزی ترجمہ معہ اردو متن ڈنکن فوربز نے ۱۸۴۶ء میں رائل اکٹاؤ تقطیع پر لندن میں شائع کیا تھا جو مختلف مخطوطوں کے مقابلے کے بعد شائع ہوا اور پوری کتاب میں اہم اعراب لگائے ہیں۔ آخر میں کتاب میں مستعمل الفاظ کی لغت بھی نہیں ہے۔ ڈنکن فوربز نے یہ قصہ کسی اور مصنف سے نہیں بلکہ میرامن کی باغ و بہار سے ترجمہ کیا ہے۔

جب یہ کتاب شائع ہوئی تو اپریل ۱۸۴۶ء کے ژورنال ازیاتک میں صفحہ ۳۸۶ تا ۳۸۸ پر دتاسی نے ایک تنقید شائع کی ہے۔ یہ کتاب ہندوستان میں کئی بار کلکتہ، مدراس، کانپور اور دہلی میں طبع ہوئی ہے۔ اس کا متن لاطینی حروف میں بھی شائع ہوا ہے۔ زیر نظر ایڈیشن وہ پہلا نسخہ ہے جس میں اہم الفاظ کی لغت بھی شامل ہے۔ اس کا ایک انگریزی ترجمہ کلکتہ میں ایل۔ ایم۔ اسمتھ نے شائع کیا ہے۔ جہاں تک فرانسیسی ترجمہ کا تعلق ہے وہ گارسین دتاسی کا رہین منت ہے۔ گارسین دتاسی مذکورہ تعارف میں صراحت کرتا ہے کہ یہ کتاب اصل میں مشہور شاعر خسرو کی تالیف ہے اور لکھتا ہے کہ " خسرو نے یہ حضرت نظام الدین اولیاء کی (جو اُن کے مرشد تھے) بیماری کے زمانے میں دل بہلانے کے لئے کہی تھی اور یہ بیماری ایسی تھی کہ مریض کوئی علمی کام نہیں کرسکتا تھا۔ نظام الدین اولیاء ایک مشہور ولی ہیں جن کے حالات میں نے اپنی کتاب " ہندوستان

Marfat.com

میں "مذہب اسلام پر ایک یادداشت" میں دیئے ہیں۔ بیان کردہ چیزوں میں ایک دلچسپ چیز کا اضافہ کرتا ہے کہ ہندوستان کے چور ڈاکوؤں نے جو ٹھگ کہلاتے ہیں اپنا ایک مذہبی سلسلہ قائم کیا ہے جس کے لئے انہوں نے نظام الدین کو اپنا سرپرست قرار دیا ہے اور ان ڈاکوؤں کا بیان ہے کہ حضرت نظام الدین انتہائی فیاض شخص تھے اور اپنے امکان سے زیادہ داد و دہش کیا کرتے تھے اور یہ چیزیں کرامتوں کی حد تک پہونچ گئی تھیں اسی لئے ان کو "زر نثار بخش" کا لقب دے دیا گیا تھا۔ (یہ ٹھگ یونان کے Klephtes سے مشابہ ہیں) جن کے یہاں ان کے خصوصی گیت بھی ہیں ان میں مسلمان بھی ملتے ہیں اور ہندو بھی۔ ان میں جو ہندو ہیں وہ مزید برآں کالی یا بھوانی کی پوجا بھی کرتے ہیں اور مسلمان اس دیوی کو حضرت محمدؐ کی بیٹی حضرت فاطمہ سے مخلوط کر لیتے ہیں۔ حالانکہ حضرت فاطمہ کے کردار کا لطف و کرم مشہور ہے۔ حضرت نظام الدین اولیاء کا مزار دہلی میں ہے اور لوگ اس کی زیارت کو جاتے ہیں۔ بہت سے مسلمان اور ہندو خاص کر ٹھگ وہاں جاکر نذر چڑھاتے ہیں۔[1]

جس وقت دتاسی نے یہ روایت قلم بند کی کرنل سلیمن انسداد ٹھگی کر چکے تھے مگر یورپ میں ہندوستان کے خوفناک ٹھگوں کا شہرہ بدستور تھا۔ ان ٹھگوں نے مشہور کر رکھا تھا کہ وہ حضرت نظام الدین اولیاء کے معتقد ہیں اور مزید "تقدس" کا رنگ دینے کے لیے غالباً انہوں نے یہ روایت گھڑ رکھی تھی کہ حضرت نظام الدین بھی اوائل عمر میں ڈاکو رہ چکے تھے۔

● "باغ و بہار ایک ہندوستانی کہانی" ریویو دلوریاں جلد ۱۵ ۱۸۵۴ء صفحہ ۲۹۲ تا ۳۲۹ فرانسیسی زبان میں مضمون۔

اس کہانی کا تجزیہ اس خطبہ سے ماخوذ ہے جو گارسین دتاسی نے ۲۹ نومبر ۱۸۵۴ء

---

[1] ژورنال ازیاتک اپریل ۱۸۳۶ء صفحہ ۳۸۷

Marfat.com

سال تعلیمی کے آغاز پر مدرسۃ السنہ شرقیہ میں دیا تھا۔ گارسین دتاسی اس کہانی کو Orlando Furiso سے مشابہ قرار دیتا ہے اور کہتا ہے:

"بہ حیثیت مجموعی اس کہانی میں جاں بازی (aventures) کے پیچیدہ کارناموں کا ایک مجموعہ ملتا ہے۔ اور اس میں باوجود یکسرے پن (monotony) کے مشرقی لوگ جس کے مافوق الفطرت عناصر کے باعث پسند کرتے ہیں اگرچہ اس سے ان کہانیوں میں حقیقت پسندی کا رنگ کم ہو جاتا ہے۔"[1]

اس کے بعد پوری کہانی کا خلاصہ چند صفحے میں دیا گیا ہے اور آخر میں گارسین دتاسی بیان کرتا ہے کہ اس کہانی میں جو چیز سب سے زیادہ کار آمد ہے وہ یہ کہ اس کے ہر صفحے میں انسانوں کی لسلیات کے متعلق سبق آموز نکات ہیں۔ ہمیں ہندوستان اور خاص طور پر ہندوستانی مسلمان کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔" کہانی کی یہ تفصیلات اگرچہ بعض اوقات غیر حقیقی معلوم ہوتی ہیں۔ اور ان میں مذہبی شدت اور بے رحمی کا افسوسناک امتزاج نظر آتا ہے جو مشاقانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ اس طرح اس کتاب کے مطالعہ سے نہ صرف ہندوستانی زبان کو سیکھا جا سکتا ہے بلکہ ساتھ ہی ایسے الفاظ بھی ملتے ہیں جو دلچسپ ہیں۔ حتیٰ کہ اس کی تحلیل کریں تو ادنیٰ الفاظ کا شجرہ ان مادوں پر پہونچتا ہے جو انڈو یوروپین زبانوں کے بڑے گروہ کے لیے جس میں ہماری زبان فرانسیسی بھی شریک ہے (جو دراصل ہندوستانی کی بہن ہے) ایک کلیدی کام دیتی ہے۔"[2]

"گل بکاولی ہندوستانی کہانی کا خلاصہ"

مطبوعہ ژورنال ازیاتک ستمبر اکتوبر ۱۸۳۵ء صفحہ ۱۹۳ تا ۲۵۲

گل بکاولی کی کہانی کو نہال چند لاہوری نے اردو نثر میں فارسی نثر سے ترجمہ کیا۔ جس کو شیخ عزت اللہ بنگالی نے ۱۷۲۲ء میں "مذہب عشق" کے نام سے چھاپا ہے۔

---

[1] ریویو دلوریاں جلد ۱۵ ۱۸۵۴ء صفحہ ۲۹۲

[2] " " " صفحہ ۲۹۷ - ۲۹۹

Marfat.com

جب گلکرسٹ نے اسے پہلی بار شائع کیا تو اس کو "گل بکاولی" کا نام دیا۔ ٹی۔ روبک نے دوبارہ اشاعت پر صحیح نام کا اعادہ کیا۔ اس کے ترجمے پر شیر علی افسوس نے نظرِ ثانی کی تھی۔ نہال چند کو گل کرسٹ نے کلکتہ آنے کی دعوت دی جہاں اس نے ۱۸۰۱ء تا ۱۸۰۲ء میں اس کہانی میں ترمیم و تنسیخ کی اور اولاً ۱۸۰۴ء پھر ۱۸۱۵ء میں شائع کیا۔

بعد ازاں فرانسیسی کتاب کا ایک ڈی لکس ایڈیشن ایچ۔ پیازا پبلشر نے ۱۹۲۴ء میں پیرس سے شائع کیا۔ جس میں ۱۴۳ صفحات ہیں اور ایک تصویر بھی ہے۔

● "محبت کا نظریہ یا تاج الملوک و گل بکاولی"

رسالہ ریویو دلوربان میں گارسین دتاسی نے نہال چند کی ایک اور نیم فلسفیانہ نیم مذہبی کہانی کا پورا ترجمہ ۱۸۵۸ء میں شائع کیا اور اسی سال علاحدہ کتابی شکل میں طبع کیا۔ جہاں تک ریویو کا تعلق ہے وہ سلسلۂ جدید کی جلد ہفتم بابت ۱۸۵۸ء صفحہ ۲۱۲ تا ۲۳۰، ۲۸۶ تا ۳۰۴، ۳۹۵ تا ۴۰۸ بعد سلسلۂ جدید جلد ۱ بابت ۱۸۵۹ء صفحہ ۱۱۱ تا ۱۲۱، ۱۹۲ تا ۲۰۴، ۲۵۲ تا ۲۶۶ میں ہے۔ اس کا عنوان "محبت کا نظریہ یا زیخ الملوک و بکاولی" جو ایک فلسفہ، مذہب کی کہانی ہے اور مؤلف نہال چند ہے۔

دیباچہ میں گارسین دتاسی بیان کرتا ہے کہ اس کتاب کو جب ژورنال ازیاتک میں دوبارہ شائع کیا گیا تھا تو محض خلاصہ تھا اور یہاں کامل کتاب اصل ہندوستانی سے ترجمہ کرکے شائع کی جارہی ہے۔

● "کامروپ کی مہم جوئی" "Les aventures de Kamroup" جو تحسین الدین کے منظوم قصہ کامروپ و کلا کا فرانسیسی ترجمہ ہے ۱۸۳۴ء۔ اس ایڈیشن کیلئے برطانوی عظمیٰ اور آئرلینڈ کے اورینٹل ٹرانسلیشن کمیٹی کی اعانت اور مالی مدد حاصل ہوئی اس لیے ترجمہ کے ساتھ اردو متن بھی شائع کیا گیا ہے۔

اس منظوم کہانی کے دیباچے میں گارسین دتاسی لکھتا ہے "اس سے علماء کو خاص کر اس وجہ سے دلچسپی ہونی چاہیئے کہ غالباً وہ ایک پرانی ہندی یا سنسکرت کتاب کی تقلید میں لکھی گئی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ اسی سے سندباد اور اس کی بحری سرگرمیوں کے لیے عربی قصے کے

Marfat.com

عنوان کو مدد ملی ہوگی۔ یہ ہمارے یہاں عربوں کے توسط سے پہونچی اور اس سے بڑی دلچسپی لی گئی اور کئی لوگوں نے اس کی عالمانہ تحقیق کی ہے۔ بالخصوص رچرڈ ہول، آنجہانی لانگلیس اور والکنائر۔ اوّل الذکر نے اس کہانی پر ایک انگریزی کتاب لکھی ہے جس کا عنوان ہے:

Remarks on the Arabian Nights, entertainment in which the origin Sind-e-bad voyages is particularly considered.

دوسرے مؤلف نے اصل متن اور ان کہانیوں کا ترجمہ شائع کیا ہے۔ آخر الذکر نے اکیڈمی کے اجلاس منعقدہ ۲۲ جولائی ۱۸۳۱ء میں اس پر ایک یادداشت پڑھی"۔[1]

یہ امر قابل ذکر ہے کہ سندباد کی کہانیوں میں جو الف لیلہ میں ہیں ایک کہانی ایسی ہے جو ہومر کی نظم "اوڈیسی" میں بھی ملتی ہے۔ یعنی ایک آنکھ والا دیو جو آدم خور تھا اور اس کی گرفت سے بچ نکلنے کے لیے جو تدبیر اختیار کی گئی وہ ہومر اور "الف لیلہ" میں بالکل یکساں ہے۔ ہومر کی نظم کے عربی ترجمہ کا کوئی پتہ نہیں چلتا۔ ممکن ہے کہ الف لیلہ کے اس حصّے کے مؤلف نے شام کے عیسائیوں سے ہومر کی کہانی کا ترجمہ یا خلاصہ زبانی طور پر سنا ہو۔

جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا کہ اس ہندوستانی کہانی کا مؤلف تحسین الدین ہے جس نے اسے ۱۷۵۶ء میں لکھا جیسا کہ دتاسی نے اپنے یہاں کے دو مخطوطات کے اساس پر بیان کیا ہے۔

گارسین دتاسی نے اسے تین مسودوں کی مدد سے ایڈٹ کیا اور دیباچہ کے صفحہ ۲ میں اشارہ کیا ہے "میں نے ترجمہ جہاں تک ممکن ہوا لفظی کیا ہے۔ البتہ کوشش کی ہے کہ یورپین ناظرین کے لیے قابل فہم ہو..... اسی لیے میں نے جملوں میں ربط پیدا کرنے کی جسارت کی ہے۔ جہاں کہیں ان میں ربط نہیں دیکھا تو ایک حد تک آزادی سے کام لیا ہے۔ اسی طرح بعض وقت مشرقی انداز کی لاحاصل تکرار کو حذف کیا ہے لیکن میں نے کبھی مفہوم کو بدلنے کی کوشش نہیں کی ہے..... میں نے ان مقامات پر کچھ نوٹ بڑھائے ہیں۔ جہاں معنی واضح نہ تھے

---

[1] Les aventures de Kamrup, traduction fransaise Paris 1834, Preface p. 1-2.

Marfat.com

یہ توضیحی نوٹ کتاب کے آخر میں ہیں اور صفحہ ۱۴۱ تا ۲۴۲ تک پھیلے ہوئے ہیں اتنے ہی ضخیم ہیں جتنی اصل کتاب۔ خاص طور پر تلمیحات اور محاورات کا مفہوم سمجھانے میں کاوش اور صبر سے کام لیا ہے دتاسی نے سال تعلیمی کے آغاز پر ۱۸۶۱ء کے خطبے میں اس کہانی کا مفصل تجزیہ کیا ہے۔

مئی ۱۸۳۵ء کے ژورنال ازیاتک میں صفحہ ۴۴۶ تا ۴۷۳ پر مشہور فرانسیسی مستشرق کوسین پرسوال کا ایک طویل تبصرہ چھپا ہے جو کامروپ کی مہم جوئی کے فرانسیسی ترجمے (از دتاسی) کے متعلق ہے۔ اس نے شروع میں اردو کی ابتدا کے متعلق لکھا ہے کہ اس کی بنا محمود غزنوی کے (گیارہویں صدی کے عین قبل کے) حملوں کے وقت پڑی۔ پھر اکبر بادشاہ اور اس کے ممتاز جانشینوں کے زمانے (سولہویں صدی کے اواخر) میں ایک مستقل زبان بن گئی اور متمول بھی ہو گئی۔

اس زبان کے ادبیات کی تاریخ یہ ہے کہ یورپ میں اس کو گل کرسٹ نے پڑھانا شروع کیا۔ فرانس میں گارسین دتاسی نے مروج کیا جہاں اس کے لئے اس کی تعلیم کے لئے ایک پروفیسری قائم کی گئی۔ ابتدائی مغربی مطبوعات میں ۱۸۱۳ء میں اسمتھ کی "چار درویش"، ہر کلوٹس کی "قانون اسلام" ۱۸۳۲ء میں۔ پھر یہ ذکر کہ کس طرح فرانس میں اس زبان کی تعلیم کے خلاف شورش ہوئی اور کس طرح گارسین دتاسی نے اس کا خاموش جواب دیا، یعنی اچھی ہندوستانی کتابوں کے تراجم کا سلسلہ شروع کیا، اسی میں کامروپ ہے (جس پر یہاں تبصرہ کیا جا رہا ہے) پھر دتاسی کی کتابوں کا بھی ذکر ہے مثلاً اُردو مصنفین کا تذکرہ، جس میں تا حال چار سو لوگوں کے حالات جمع ہو گئے ہیں۔ دیوانِ ولی بھی زیر طباعت ہے (اس سے گمان ہوتا ہے کہ تنقید دتاسی کی مدد سے لکھی گئی)

کامروپ اور کلا عاشق و معشوق تھے ان کا قصہ تحسین الدین نے ۱۱۷۰ھ ۱۷۵۶ء میں نظم کیا۔ ناقد نے چودہ صفحوں میں اس قصے کا خلاصہ دیا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ دونوں کا بڑی مصیبتیں سہنے کے بعد انجام بخیر ہوا اور ان کی شادی ہو گئی۔

ناقد کا خیال ہے کہ اس قصے میں فرانسیسی پریوں اور جنات کے قصوں، نیز الف لیلیٰ

Marfat.com

کی کہانیوں سے استفادہ ہے یا کم ازکم مماثلت ہے۔ الف لیلہ میں قسمہ یا بڈھا سندباد پر اس کے پانچویں سفر میں سوار ہو کر اسے ستاتا ہے۔ یہ اور دیگر مماثل قصے کامروپ میں بھی ہیں۔ دتاسی نے بتایا ہے کہ مماثل قصہ وشنو دیوتا کا بھی ہے جو دوسروں کے کندھوں پر سوار رہتا ہے۔ کوسیں دپرسوال کرتا ہے کہ سندباد پر جو بڈھا سوار ہوا وہ اورانگ اوٹان لنگور ہوگا۔

یہ کتاب اخلاق و عادات کا گنجینہ ہے، نیز ہندوؤں کے عقائد کے متعلق دتاسی نے قیمتی حواشی بھی دیئے ہیں، نیز دیگر اردو قلمی کتابوں کے اقتباسات بھی حاشیوں میں بڑھائے ہیں۔

ناقد نے گارسین پر کچھ بجا تنقیدیں کی ہیں مگر خود بھی غلطیاں کی ہیں۔ مثلاً وہ بتاتا ہے کہ ایک جگہ دتاسی نے ایک مشہور حدیث قدسی کو لولاک لما خلقتُ الاخلاق لکھا ہے۔ اس میں دو غلطیاں ہیں۔ الاخلاق، قاف سے نہیں بلکہ الافلاک، کاف سے ہونا چاہیئے، آسمانوں کے معنوں میں، دوسرے خلقت صرف و نحو کے لحاظ سے تو صحیح ہے لیکن صحیح روایت "خلقنا" ہے۔ مگر یہاں کوسیں دپرسوال سے لغزش ہوئی ہے۔ روایت کے صحیح الفاظ "خَلَقتُ" ہیں۔ "خُلِقتُ" کے معنی ہیں "پیدا کیے جاتے" "خلقنا" کے معنی ہیں "ہم پیدا کرتے" "خلقتُ" کے معنی ہیں "میں پیدا کرتا"۔ اسی طرح دتاسی نے ایک ہندی شخص کے خط سے نقل کرکے "بحقًا" لکھا ہے، صحیح "بحقٍ" ہے۔ اسی طرح ایک شامی عرب سے نقل کرکے "بخیرًا" لکھا ہے، صحیح "بخیر" ہے۔ مصر شام وغیرہ عرب ممالک میں عربی صرف و نحو کو بعض وقت بگاڑا ضرور جاتا ہے، لیکن "بخیرًا" یقیناً نہیں ہوگا۔

دتاسی لکھتا ہے کہ سپاہیوں کی بولی کو Maure کہتے ہیں اور وہ بگڑی ہوئی بولی ہوتی ہے جیسے عربی میں بھی تحریری اور بول چال کی زبانوں میں فرق ہوگیا ہے مگر ناقد اس مماثلت جوئی پر اعتراض کرتا ہے، البتہ یہ بتاتا ہے کہ بگڑی ہوئی صوبہ وار بولیوں سے ابن خلدون بھی واقف ہے اور وہ اسے "ایک پرانی چیز" بتاتا ہے۔

Marfat.com

ابن خلدون تحریری عربی کی خوبیوں کو خود ہی بتانے کے باوجود رائے دیتا ہے کہ مقامی بول چال کی بگڑی ہوئی عربی کی ہتک نہیں کرنی چاہیئے۔

ان تمہیدی چیزوں کے بعد ناقد "کامروپ" کے ترجمے کی داد دیتا ہے لیکن اسے شکایت ہے کہ دتاسی کے ترجمے میں ہندوستانی الفاظ کی بھرمار ہے، یہ کثرت اس کی رائے میں، پڑھنے والے کے لیے تکلیف دہ ہے۔

اس کتاب کا ہندوستانی متن پیرس میں فرانسیسی ترجمہ کے ایک سال بعد ۱۸۳۵ء تین قلمی نسخوں پر مبنی ہے اور ظاہر ہے کہ ان میں اختلاف روایت ہوگی لیکن دتاسی نے ان اختلافات کا ذکر نہیں کیا ہے۔ بہرحال وہ بیان کرتا ہے کہ بعض مقامات پر متن اور ترجمے میں کس قدر فرق نظر آئے گا۔ کیونکہ اصل میں ایسے الفاظ ہیں جو ترجمہ سے بالکل مختلف ہوگئے ہیں۔ اس کی وجہ عام طور پر یہ ہے کہ متن کو ایڈٹ کرتے وقت ایسے موقعوں پر میں نے وہ الفاظ چنے ہیں جن کی اساس پر ترجمہ کیا گیا ہے[1]

اس کتاب کا ڈی لکس ایڈیشن لاطینی رسم الخط میں پادری برتراں نے پیرس میں ۱۸۵۹ء میں شائع کیا ہے تاکہ اس زبان کو وہ لوگ بھی پڑھ سکیں جو عربی رسم الخط سیکھنا نہیں چاہتے۔ کتاب کے آخر میں ہندوستانی اور فرانسیسی الفاظ کی ایک لغت بھی ہے۔

"ایلیگوری یعنی منظوم کہانیاں اور عوامی گیت"
جو عربی، فارسی، ہندوستانی اور ترکی سے ترجمہ کی گئیں۔
اشاعت دوم پیرس ۱۸۷۶ء صفحات ۶۴۰

اس کتاب کو کلاتیئے کو لونگ کے مارکوئیس کے نام معنون کیا گیا ہے۔ دتاسی دیباچہ میں بیان کرتا ہے کہ "میں نے اس کتاب میں چند ایسے ترجموں کو جمع کر دیا ہے جو سابق میں مختلف نثر و نظم کے قصوں، تمثیلوں اور تاریخی و فرضی کہانیوں سے متعلق

---

[1] قصہ کامروپ مطبوعہ ۱۸۵۶ء

Marfat.com

شائع ہو چکے ہیں مگر عرصے سے ختم ہو گئے ہیں۔ موجودہ ایڈیشن عوام کے لیے ہے ماہر علم کے لیے نہیں ہے۔ اس لیے میں نے نہ تو اصل متن شائع کیا ہے اور نہ عالمانہ حواشی جو سابقہ ایڈیشنوں میں ایسے ترجموں کے ساتھ شامل کئے تھے[1] ترجموں کی تفصیل حسب ذیل ہے:

عربی:

مقدسی کی تمثیلیں جو "پرندے اور پھول" کے عنوان سے شائع ہوئیں۔ یہ "اخوان الصفا" کا اقتباس ہے اور اس میں مختلف جانور آدمی سے بحث و مباحثہ کرتے ہیں۔

فارسی:

انوار سہیلی کی دو کہانیاں جو بیدپائے کے افسانوں کے فارسی ترجمے ہیں پندنامۂ سعدی۔

ہندوستانی:

کامروپ کے کارنامے

گل بکاولی

گل وصنوبر

ہیر اور رانجھا، جو پنجاب کا قصہ ہے

شکنتلا ترجمہ سے ماخوذ

ہندوستان کے عوامی گیت

ترکی:

ابیدوس کی فتح

وارنا کی لڑائی

قسطنطنیہ کی فتح

قسطنطنیہ کا بیان و مناظر

شہزادہ جم کے کارنامے

---

[1] ایلیگوری بعض منظوم کہانیاں اور عوامی گیت۔ اشاعت دوم پیرس سنہ ۱۸۷۶ء۔ دیباچہ

Marfat.com

ہم متعلقہ ابواب میں ان مختلف حصوں کے متعلق تفصیل سے بیان کر چکے ہیں کہ وہ کب اور کہاں علاحدہ طور پر شائع ہوئے ہیں۔ بجز "گل وصنوبر" اور "ہندوستانی عوام کے گیت" یہاں ان دونوں کا تفصیل سے ذکر ہوگا۔ اس کتاب کے دیگر مضامین کے متعلق اولاً وہ چیز پیش نظر رہنی چاہیے جو دتاسی نے بیان کی یعنی اصل متن کے بعض حصے اس نئے ایڈیشن میں حذف کر دیے گئے ہیں[۱]۔ اسی طرح یہ بھی خیال کرنا مناسب ہوگا کہ نئی طباعت کے وقت دتاسی نے نظر ثانی کر کے کچھ تصحیح و اصلاح بھی کی ہوگی۔

جہاں تک "گل وصنوبر" کا تعلق ہے اس پر اس باب کے شروع میں دتاسی نے کوئی تفصیل نہیں دی کہ وہ پہلے کہیں چھپا ہے یا نہیں لیکن تحقیق سے پتہ چلا کہ یہ مضمون اولاً ریویو اور ینٹال جلد ۷ بابت ۱۸۶۲ء صفحہ ۶۹ تا ۱۲۰ میں طبع ہوا تھا۔

تمہید میں دتاسی نے خاص طور پر لکھا ہے کہ "یہ اسلامی قصہ جس کا ترجمہ کیا گیا ہے، عمرانیات کے نقطۂ نظر سے مفید ہے۔ اور دلچسپ مثال اس امر کے اطلاق کے لیے ملتی ہے کہ انسان مجبور محض ہے اور قصہ میں جو گتھی تھی وہ کس طرح عجیب و غریب طور پر حل ہوئی"۔[۲]

قصہ کے اصل مصنف کا نام نہیں معلوم تمہید میں اس کے ہندوستانی ترجموں کی فہرست دی گئی ہے۔ بہ ظاہر دتاسی کو بھی مؤلف کا پتہ نہ تھا حسب معمول یہ ترجمہ بھی کسی حد تک آزاد ہے۔

صفحہ ۴۲۷ پر وہ لکھتا ہے کہ "اپنے خیالات کی بلندی کے باعث وہ حاتم طائی سے مشابہ تھا اور فیاضی میں منّ ہے"۔ اس پر یہ حاشیہ دیا ہے کہ "حاتم طائی اور منّ دو عرب گزرے ہیں جو داد و دہش کے باعث مشہور ہیں۔ حاتم طائی تو مشہور ہے، لیکن منّ کے متعلق شبہ پیدا ہوتا ہے۔ اس نام کا کوئی شخص نہ عربی فارسی ادبیات میں ملتا ہے اور نہ اردو میں۔ صفحہ ۴۶۸ پر وہ لکھتا ہے، "ابراہیم کے باغ کی طرح" اس پر یہ حاشیہ ہے کہ "یعنی وہ تنور جس میں مسلمانوں کے بیان کے مطابق حضرت ابراہیم کو زندہ جھونک دیا گیا تھا اور اس کی آگ پانی میں اور

---

[۱] ایلیگوری یعنی منظوم کہانیاں اور عوامی گیت، مطبوعہ ۱۸۷۶ء صفحہ ۴۲۳ تا ۴۸۰

[۲] ایضاً ۴۲۳

Marfat.com

وہاں کی زمین باغ میں بدل گئی۔ لیکن قرآن مجید کی سورۃ ۲۱ آیت ۶۹ کے مطابق خدا نے اس آگ کو حکم دیا تھا کہ وہ حضرت ابراہیمؑ کے لیے ٹھنڈی اور سلامتی کی حامل بن جائے۔ اس آیت میں پانی کا ذکر نہیں ہے۔

● جہاں تک "ہندوستان کے عوامی گیت" کا تعلق ہے گارسین دتاسی نے اولاً ریویو کونٹا۔ پورین بابت ۳۰ ستمبر ۱۸۵۴ء میں شائع کیا تھا۔ اس مضمون کا آف پرنٹ ہمارے سامنے ہے وہ ۴۹ صفحوں میں ہے۔ دتاسی نے اسے بعد میں اپنی کتاب ایلیگوری کے ایک باب کے طور پر دوبارہ شائع کیا اور اس کا سلسلہ ۵۳۷ سے ۵۹۸ تک چلتا ہے۔ ان دونوں ایڈیشنوں کے مقابلے سے ہمیں حسب ذیل فرق نظر آئے:

تمہیدی جملوں میں کہتا ہے کہ "میں ہندوی وہندوستانی یا برہمنی اور اسلامی گیت کو تین مختلف قسموں میں مرتب کرتا ہوں، مذہبی اور دیو مالائی گیت، عشقیہ یا نیم صوفیانہ و نیم عشقیہ گیت اور ایسے گیت جن کا تعلق ہندوستان کے کسی رسم ورواج سے ہو[1]"

دتاسی ان گیتوں کے متعلق جن کا اس نے ترجمہ کیا کوئی ماخذ نہیں بتاتا لیکن اس مضمون کے شروع میں اس نے مختصر طور پر فہرست گیت دی ہے۔ ہندو گیت "پد" سے تعلق رکھتے ہیں۔ دتاسی کے مطابق یہ مسلمانوں کے یہاں کی غزل کا مترادف ہے یعنی ایسی مختصر نظم جو ۱۲ یا اس سے زیادہ ہم قافیہ بیتوں پر مشتمل ہو وہ لکھتا ہے کہ اگر پد وشنو کی حمد و ثنا میں ہو تو "وشنو پد" کہلائیں گے اور اگر وہ وشنو کے اوتار رام کی تعریف میں ہو تو اسے "رام پد" کہتے ہیں۔ مسلمانوں کے مقبول اصنافِ سخن غزل کے علاوہ مرثیہ ہے جس میں شہدا کا غم منایا جاتا ہے۔ مخلوط گیت جو ہندو مسلمانوں دونوں میں مروّج ہیں جیسے ہولی۔ یہ ہندوستان کے کارنوال (عوامی تماشہ) کا نام ہے۔ "خیال" اس عشقیہ نظم کا نام ہے جو کسی عورت کی زبان سے ادا ہوتی ہے۔ اسی طرح وہ نظم جسے ہندی میں بدھاوا اور فارسی میں تبریک کہتے ہیں۔ یعنی وہ گیت جو شادی بیاہ نیز بچوں کی پیدائش اور دیگر خوشی کے موقعوں پر

---

[1] ایلیگوری یعنی منظوم کہانیاں اور عوامی گیت ۱۸۷۶ء صفحہ ۵۴۱

Marfat.com

گائے جاتے ہیں۔ مسلمانوں کے یہاں اس سلسلے میں جو نام قابلِ ذکر ہیں وہ جواب (جس سے مُراد بڑے مغل بادشاہ شاہ عالم ثانی سے ہے)، آصف الدولہ (بادشاہِ اودھ)، درد اور انشاء کے ہیں۔ موخر الذکر نے نہ صرف مادری زبان ہندوستانی میں شاعری کی ہے بلکہ ترکی، فارسی اور عربی میں بھی ہے[1]

دتاسی کی نثر کا نمونہ ملاحظہ ہو:

"اب حرم سرا کے گیتوں کا بیان ختم کرنے کے لیے میں تین ایسی نظموں کا ترجمہ دیتا ہوں جو ہندوستان میں بہت مشہور ہیں.... ان میں سے پہلے کے متعلق کونٹس دسال کا مرہونِ منت ہوں اور میں نے اس کو گاتے ہوئے سُنا ہے۔"[2]

"آثار الصنادید کا فرانسیسی ترجمہ"

۱۹۴ صفحات لیتھو پر مطبع شاہی پیرس سے ۱۸۶۱ء میں شائع ہوا۔ ترجمہ کی نظرِ ثانی کا کام اس کے دوست فیلکس بوترو نے کیا تھا جو دہلی کالج میں بارہ سال تک پرنسپل رہ چکا تھا۔[3]

شروع کے چار صفحوں میں دیباچہ ہے جس میں وہ لکھتا ہے کہ:

"جب سے دہلی پر سر آرچ ڈیل ولسن نے حملہ کر کے قبضہ کیا۔ ہندوستان کے اس پرانے پایۂ تخت میں سوائے کھنڈرات کے اور کچھ نظر نہیں آتا۔"

آگے چل کر مترجم بتاتا ہے کہ: "میں نے اصل کتاب سے صرف ان اجزا کا ترجمہ کیا ہے جو آثارِ قدیمہ کی تشریح پر مشتمل ہیں یعنی حصہ دوم اور سوم۔ حصۂ اول سے میں نے محض کبھی کبھی استفادہ کیا کیونکہ یہ جز دوسرے اور تیسرے حصے کی تمہید کا کام دیتا ہے۔ "تالیف کا

---

[1] ایلیگوری یعنی منظوم نظمیں اور عوامی گیت ۱۸۶۹ء صفحہ ۵۴۲

[2] ایضاً صفحہ ۵۸۱

[3] آثار الصنادید کا فرانسیسی ترجمہ مطبع شاہی پیرس ۱۸۶۱ء صفحہ ۳

Marfat.com

اصل مقصد ترجمہ کردہ حصوں ہی میں پورا ہو گیا ہے۔

حصۂ اوّل کا عنوان ہے "پرانی اور نسبتاً نئی دلّی اس کے قلعے اور محل"۔ اس میں اوّلاً لفظ "اندرپت" سے بحث ہے۔ ترجمہ کا ماخذ سے مقابلہ کریں تو اندازہ ہوتا ہے کہ ترجمہ لفظی اور قریب ہونے کے بجائے اصل کا خلاصہ و شرح ہے کیونکہ دتاسی کی خواہش یہ رہی کہ وہ فرانسیسی ناظر کے لیے قابلِ فہم ہو۔ ترجمہ میں فارسی اشعار بھی بعینہٖ نقل کر دیئے گئے ہیں البتہ ان کا فرانسیسی مطلب دیدیا گیا ہے۔ سرسیّد نے اردو کا ترجمہ غیر ضروری خیال کیا تھا۔ کیونکہ فارسی مغلوں کی سرکاری زبان رہی تھی اور اس زمانے میں ہر پڑھا لکھا ہندوستانی اسے اچھی طرح سمجھتا تھا۔ دتاسی کے پاس کا ایک نسخہ مدرسۃ السنہ میں ہے یہ اردو کتاب "آثار الصنادید" مطبع احمدی دہلی میں باہتمام شیخ ظفر علی لیتھو پریس ۱۲۷۰ھ م ۱۸۵۳ء میں چھپی ہے۔ یہ جلی خط اور ۲۲×۱۵ کی تقطیع پر ہے۔ لیکن لیتھو چھپائی اور نستعلیق خط ایک دور دراز بیٹھے مستشرق کو پریشان کر دینے کے لیے کافی ہیں۔ خاص طور پر اس لیے کہ لفظوں پر اعراب نہیں ہوتے چنانچہ دتاسی نے نامانوس ناموں کو پڑھنے میں بعض اوقات جو غلطیاں کی ہیں وہ قابلِ معافی ہیں۔ مثلاً

اٹکپال کو Atakapel کر دیا ہے۔ (ترجمے کا صفحہ ۸)

بلبن (بادشاہ) کو Balin (صفحہ ۱۹)

درنگل کو Darangel صفحہ ۱۹ پر واو کو دال پڑھ لیا ہے۔

عادل آباد کو Adil Tagljc (صفحہ ۲۲)

امتیاز محل کو Palais de l'epreuve یعنی آزمائش و ابتلا کا محل (ص ۴۰)

ظاہر ہے یہ غلط ہے کیونکہ لفظی معنوں میں تفوق و برتری رکھنے والا محل کہ سب میں ممتاز ہے۔

Choti Bhatik شاید چھوٹی بیٹھک کی خرابی ہے۔ ایسے ہی بڑی بیٹھک Bari Bhatik کا تلفظ غلط ہے۔

"حضرت دہلی کنفِ عدل و داد" میں دتاسی نے حضرت کے معنی ولی یا مقدس شخص کے دیئے ہیں۔ اردو میں عموماً یہی معنی ہیں مگر عربی میں "حضری" بستی میں رہنے والے کے ہیں۔ چنانچہ

Marfat.com

"حضرت دہلی" کے معنی "دہلی کی بستی" یا "دہلی کا شہر" ہے۔ اسی مصرعہ میں "کنف" کے معنی "کونا" یا "زاویہ" دیئے ہیں حالانکہ اس عربی لفظ کے معنی پناہ گاہ اور مامن کے ہوتے ہیں۔ (صـ۶)
اس نے فرانسیسی قارئین کی خاطر ترجمہ میں الفاظ کو گھٹا بڑھا کر مطلب ادا کیا ہے۔ مثلاً شعر کو عام فہم بنانے کے لئے ترجمہ میں اس نے "خالق کی قدرت" کے الفاظ بڑھا دیئے ہیں۔

دتاسی نے اپنے ترجمہ میں جو حصے حذف کر دیئے ہیں وہ بھی اس بات کے مستحق تھے کہ ان کا بھی ترجمہ ہوتا مثلاً باب اوّل میں سید احمد خاں نے اپنی تاریخی تنقید کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔ اور کتبوں کی عبارتوں کو نقل کرنے کی عالمانہ جدوجہد کی ہے اور یہ متن ہمیشہ کار آمد رہے گا۔

آثار الصنادید کے منتخبات کا فرانسیسی ترجمہ شائع کرتے ہوئے گارسین دتاسی نے پیش لفظ میں سرسید کے حالات پر ایک مقالے کا ذکر ژورنال ازیاتک پیرس بابت ۱۸۵۶ء (شمارہ نومبر دسمبر) صفحہ ۴۳۲ سے صفحہ ۴۳۶ پر کیا ہے۔ یہاں اس مضمون کا پورا ترجمہ شامل ہے۔ خاص طور پر اس لیے کہ یہ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی سے قبل کی چیز ہے۔ آثار الصنادید یعنی شہر دہلی کی تاریخ اور اس کے پرانے اور نئے آثار مولفہ سید احمد خاں، مطبوعہ دہلی۔

"گزشتہ چند سالوں میں ہندوستان میں ہندوستانی زبان (اردو) میں جو مفید ترین تالیفیں شائع ہوئی ہیں۔ ان میں یقیناً سید احمد خاں کی کتاب "دہلی" بھی شامل ہے۔ یہ دہلی میں مجسٹریٹ ہیں اور دیگر اور کتابوں کو تالیف بھی کر چکے ہیں جو اسی زبان میں ہیں، جن میں پیش نظر کتاب بھی ہے۔ یہ ہندوستان کے شمال مغربی علاقے کی عام بول چال کی زبان ہے۔ مؤلف خود ہی بیان کرتا ہے کہ اس کے آباو اجداد عرب تھے جو بعد میں ہرات میں سکونت پذیر ہوئے۔ اور یہ کہ اکبر بادشاہ کے زمانے میں وہ ہندوستان آکر مقیم ہوئے اس وقت سے اب تک اس خاندان کے لوگ ممتاز خدمات پر مامور ہوتے رہے ہیں۔ بادشاہ عالمگیر ثانی نے سید احمد خاں کے دادا کو ہزار پیدل سپاہیوں اور پانچ سو سواروں کی کمان دی تھی۔ یہی خدمت سید احمد خاں کے والد کو بھی حاصل رہی اور پھر خود ہمارے مؤلف کو بھی۔ ان کے نانا کو دہلی کے آخری بادشاہ عباس شاہ (؟) نے وزارتِ عظمیٰ پر مامور کیا تھا۔

Marfat.com

کتاب آثار الصنادید پر بطور ماٹو یہ فارسی بیت لکھی گئی ہے جس میں کتاب کے نام کی طرف بھی اشارہ ہے ؎

از نقش و نگار در و دیوار شکستہ   آثار پدید است صنادید عجم را

جس کے معنی ہیں منہدم دیوار کے نقش و نگار میں ایرانی النسل حکمرانوں کے آثار ہویدا ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ پیش نظر کتاب کا اصل حصہ یعنی واحد حصہ جو دلچسپی کا حامل ہے وہ دہلی کی قدیم اور جدید عمارتوں کی توصیف پر مشتمل ہے۔ ان میں نقشے بھی ہیں جو ان عمارتوں کی وفادارانہ شکل پیش کرتے ہیں۔ اور ان عمارتوں کے کتبے بھی نقل کئے گئے ہیں۔ شروع میں ایک تاریخی تذکرہ ہے جو کتاب کے مقدمہ کا کام دیتا ہے اور جس میں دہلی کے حکمرانوں کے حالات ہیں۔ ایک باب میں دہلی کے قلعہ کی تاریخ ہے۔ جو شاہ جہاں نے تعمیر کرایا تھا۔ شہر کے دیگر قلعوں کا بھی ذکر ہے۔ ایک اور باب میں ان عمارتوں کا ذکر ہے۔ جو اسی شہر میں مختلف بادشاہوں اور امیروں نے بنائی تھیں۔ ضمیمے میں ۱۶۹ نقشے ان عمارتوں کے ہیں جن کا کتاب میں ذکر ہوا ہے۔

ہمارے پیش نظر وہ نسخہ ہے جو کتاب کے دوسرے ایڈیشن سے متعلق ہے۔ اس اشاعت کے لئے سابقہ ایڈیشن کی کامل نظر ثانی کی گئی ہے۔ اسے پہلے سے بہتر طور پر پیش کیا گیا ہے اور اس میں قابل ذکر اضافے عمل میں لائے گئے ہیں۔ اس بارے میں مؤلف نے جو تفصیلات دی ہیں ان کو یہاں نقل کرنا غیر ضروری طوالت کا باعث ہوگا۔ اس میں ان کتابوں کا بھی ذکر ہے جن سے اس تالیف میں استفادہ کیا گیا ہے۔ ان کا ذکر جا بہ جا کتاب میں بطور حوالہ بھی فٹ نوٹ میں ہوا ہے۔ ان کتابوں سے جو چالیس سے زیادہ ہیں۔ بائبل راجہ ولی، خلاصۃ التواریخ، سلسلۃ الملوک، مہا بھارت بھگوت [گیتا]، تاریخ فرشتہ تزک تیموری، تزک جہانگیری، اکبرنامہ، پوتھی اندر پرست، لغت اقلیم، تاریخ کشمیر، پوتھی ہائے بھات، مارکنڈیا پران ابو الفدا، وغیرہ بھی قابل ذکر ہیں۔ یہ ماخذ ہائے معلومات بیشک بہت اثر انداز ہیں لیکن کتاب کے پڑھنے کے بعد اس نتیجے پر پہونچا ہوں کہ مؤلف نے زیادہ تر انگریزی کتابوں سے استفادہ کیا ہے۔ اگر وہ ان میں سے صرف دو کا ذکر کرتا ہے پہلے دہلی کی انجمن آثار قدیمہ کی یادداشتیں ہیں اور دوسرے رویل ایشیاٹک سوسائٹی کی

Marfat.com

نشریات ہیں۔ میں یہاں دیباچے کے تین صفحوں کا ترجمہ شامل کر رہا ہوں اور جن میں دلّی کے بادشاہوں کا ذکر ہے ان کو پڑھنے کے بعد غالباً میرے ناظرین بھی وہی رائے قائم کریں گے جو میری ہے۔

ان استدلالوں سے غالباً نہ فلسفی مطمئن ہوں گے نہ مورخ لیکن آثار قدیمہ سے دلچسپی رکھنے والا مطمئن ہو جائے گا کہ عمارتوں کی توصیف اور ان کے کتبوں سے بحث کی گئی ہے۔ ان میں ۱۲۴ عمارتوں کا ذکر ہے۔ انہیں ہر فصل کے شروع میں بطور عنوان درج کیا گیا ہے اور ان کو ایک تحلیلی جدول میں دیا گیا ہے جس کی تدوین اچھی ہے۔ ان میں سلسلہ نمبر بھی ہے اور عمارت کا نام بھی، بانی کا نام بھی، اس شہر یا مقام کا نام بھی جہاں وہ موجود ہے اور تاریخ تعمیر بھی جو ہجری اور عیسوی دونوں تقویموں میں ہے اور ان کے علاوہ ایک چھٹے کالم میں عمارتوں کے ان مختلف اجزاء کا ذکر ہے جو عمارت کے توصیف میں الگ الگ فصلوں میں بتائے گئے ہیں۔

جیسا کہ نظر آئے گا یہ کتاب اس قابل ہے کہ اس سے واقفیت حاصل کی جائے اور میں نے جو ارادہ ظاہر کیا تھا اس پر اب بھی قائم ہوں کہ جیسے ہی دیگر موجودہ کاموں سے فراغت ہو گی فوراً اس کا ترجمہ شروع کر دوں گا۔

گارسین دتاسی!!

"اسلامی ہند کی تاریخ کا ایک باب یعنی بادشاہ دہلی شیر شاہ کی تاریخ!!"

مولفہ، مظہر علی ولا، جس کا ترجمہ ہندوستانی سے کیا گیا۔ مطبوعہ پیرس ۱۸۶۵ء ۱۶۴ صفحے۔

یہ تالیف شروع میں ایک مضمون کی صورت میں رسالہ ریویو دلوریاں دیلجیری ای دکولونی بابت ۱۸۶۴ء جلد ۱۷ صفحات ۶۵ تا ۷۸، ۱۸۱ تا ۲۰۳، ۳۴۹ تا ۳۸۱، جلد ۱۸ (۱۸۶۴) صفحات اس مضمون کا آف پرنٹ ۱۸۶۵ء میں شائع ہوا۔ عباس خاں کلبو سروانی احمدی[1] نے شیر شاہ کی سوانح عمری فارسی میں لکھی تھی اور اس کا ترجمہ مظہر علی ولا نے ۱۸۰۵ء میں اردو میں کیا جو شائع نہ ہوا۔ آخر الذکر کے ایک مخطوطے سے گارسین دتاسی نے فرانسیسی ترجمہ کیا کیونکہ اصل فارسی متن اسے دستیاب نہیں ہو سکا تھا، اور وہ دیباچے میں بیان کرتا ہے کہ

---

[1] صفحہ ۱۱۴: داستان تاریخ اردو میں حامد حسن قادری نے اس کا نام عباس خاں سروانی لکھا ہے۔

Marfat.com

"میں نے اپنا ترجمہ مظہر علی ولا کے (جو ایک ممتاز اہل قلم ہیں) ہندوستانی ترجمہ کی
بنیاد پر کیا ہے جو ۱۸۰۵ء کی تصنیف ہے۔ میرے پرانے دوست کپتان
اے۔ ٹرویر نے میرے لیے کئی سال ہوئے اس نسخہ سے جو کلکتہ کی ایشیاٹک
سوسائٹی میں ہے بطور مخطوطہ نقل کرائی تھی۔"

اس کتاب میں جو چیزیں بیان کی گئی ہیں وہ صحیح اور اصل کے مطابق معلوم ہوتی ہیں۔ مصنف نے ایک بیت نقل کی ہے جس پر اس نے اپنے مقدمے کو ختم کیا ہے بیت کا مفہوم یہ ہے "چاہے فارسی اصل کتنی ہی اچھی کیوں نہ ہو ولا کو توقع ہے کہ اس نے من و عن ترجمہ کیا ہے"۔

مظہر علی خاں ولا کا یہ قلمی ترجمہ انڈیا آفس لندن میں بھی موجود ہے۔

دتاسی کے دیئے ہوئے حاشیے کم ہیں۔ اس نے محض کتاب کے ترجمہ پر اکتفا کی ہے۔
سوسیتے ازیاتک کی سالانہ رپورٹ ۱۸۶۴ء تا ۱۸۶۵ء میں مول نے ژورنال ازیاتیک جولائی ۱۸۶۵ء صفحہ ۱۱ تا ۱۳۲ میں شائع کی ہے جس میں دتاسی کا ذکر صفحہ ۸۴ تا ۸۵ میں ہے کہ مدرسہ السنہ شرقیہ کے سال تعلیمی کے آغاز میں اس نے جو خطبہ دیا اس کے علاوہ اس نے ہندوستانی متن کی اساس پر تاریخ شیر شاہی کا ترجمہ بھی کیا۔ موسیو مول کی رائے میں عباس خاں سروانی کی یہ تصنیف اپنے موضوع پر تاریخ فرشتہ کے متعلقہ باب کے مقابلہ میں زیادہ دلچسپ اور زیادہ صحیح ہے۔

تاریخ شیر شاہی کا ایک خلاصہ اس کتاب میں بھی ملتا ہے جس کا نام "ہورج کی سیاحتیں" ہے اور جسے لانگلیس نے ترجمہ کر کے ۱۸۰۵ء میں شائع کیا تھا۔ خارکوف (روس) کی یونیورسٹی میں دورن مشرقی ادبیات کا پروفیسر تھا۔ اس نے انگریزی زبان میں تاریخ افاغنہ کا دو حصوں میں ترجمہ طبع کیا ہے۔ اس کے حصہ اول کے تراجم کو مشرقی نے ۱۸۲۹ء میں لندن سے شائع کیا اور حصہ دوم اس کے پانچ سال بعد لندن میں ۱۸۳۴ء میں شائع ہوا اس میں بھی شیر شاہ کے واقعات و حالات کا ذکر ہے۔

● "جانور آدمی سے بحث و مباحثہ کرتے ہیں" (اخوان الصفا کا خلاصہ)

عنوان بالا سے دتاسی نے مقالہ ۱۸۶۴ء میں ریویو دلوریاں میں شائع کیا جو ۱۱۸ صفحوں

Marfat.com

پر چھپا ہوا ہے۔ بعد میں اس کو دوبارہ ایڈٹ کرتے ہوئے ۱۸۷۶ء میں اپنی کتاب الیگوری میں شامل کیا۔ جہاں وہ صفحہ ۷۳ تا ۸۸ پر ہے۔

یہاں ریویو دلوریاں سے متعلق حسب ذیل معلومات قابلِ ذکر ہیں۔ یہ اس رسالے کے سلسلۂ جدید کی جلد ۱۴ بابت ۱۸۶۱ء اور ۱۸۶۲ء میں صفحہ ۳۱۰ تا ۳۲۶ جلد ۱۵ بابت ۱۸۶۳ء میں صفحات ۲۱ تا ۲۷، ۹۳ تا ۱۰۲، ۲۱۴ تا ۲۵۵، ۳۰۷ تا ۳۲۱ پر اور جلد ۱۶ بابت ۱۸۶۳ء میں صفحات ۵ تا ۲۶، ۸۶ تا ۹۸، ۱۳۷، ۱۴۶ پر "جانور" کے عنوان سے ایک عربی کتاب کے طور پر شائع ہوا ہے۔ کتاب کا نام تحفۃ اخوان الصفاء ہے اور یہ اس کے ہندوستانی ترجمے کا ترجمہ ہے۔ اس کا اُردو ترجمہ مولوی اکرام علی نے فورٹ ولیم کالج سے ۱۸۱۰ء میں کیا جو پہلی بار ۱۸۱۱ء میں کلکتہ میں شائع ہوا پھر بمبئی وغیرہ میں چھپا۔

اخوان الصفا دسویں صدی کی مشہور فلسفیانہ کتاب ہے۔ اس میں ایک رسالہ جانوروں کے درمیان بحث و مباحثہ پر مشتمل ہے۔ یہ باب بیروت کے جدید ایڈیشن بابت ۱۹۵۷ء کی جلد دوم میں صفحہ ۲۰۳ تا ۲۷۷ میں ہے۔ یہ آٹھواں رسالہ ہے جس کا عنوان "طبیعات اجسام" ہے۔

اس میں مؤلف جانوروں کی پیدائش اور ان کی قسموں کا ذکر کرتا ہے۔ اس کتاب کی فلسفیانہ معنویت ہے۔ دتاسی نے اردو متن کی اساس پر اپنا فرانسیسی ترجمہ شائع کیا ہے۔ اُردو ترجمہ میں مولوی اکرام علی نے کچھ تبدیلیاں کی ہیں اور کچھ عبارات بھی حذف کی ہیں تاکہ اسلوب کی گرانی کو کم کیا جا سکے چنانچہ لکھتا ہے:

> "کپتان جان ولیم ٹیلر نے مجھ سے فرمائش کی کہ اخوان الصفا کے اس باب کا اردو میں ترجمہ کروں جس میں آدمی اور جانوروں کے درمیان بحث و مباحثہ ہوا ہے لیکن ایک سادہ طریقہ پر جس میں کوئی مشکل لفظ نہ آئے اور جس سے علمی اصطلاحوں اور تکلف پسند عبارتوں کو حذف کر دیا جائے۔ چنانچہ میں نے ان تمام تقریروں اور اکثر ان اصطلاحوں کو حذف کر دیا ہے جن کا اس گفتگو سے کوئی تعلق نہ تھا۔ بجز اس چیز کے جو اصل موضوعِ بحث سے تعلق رکھے۔"

Marfat.com

اکرام علی کے اُردو ترجمہ کے بعد دوسرا ایڈیشن ۱۸۶۱ء میں لندن سے نکلا جبکہ پورے طور پر ہندوستان انگریزوں کے قبضہ میں آچکا تھا اور نظم و نسق کی ضرورتوں کیلئے بہت سے انگریزوں کو اردو سیکھنے کی ضرورت پیدا ہوگئی تھی، چنانچہ کنگز کالج کے پرنسپل ڈنکن فوربز اور یونیورسٹی کالج لندن کے پروفیسر راس ریو نے اس کا نیا ایڈیشن شائع کیا جس میں نظر ثانی اور تصحیحات کی گئیں۔ دونوں ایڈیشنوں کا مقابلہ کرنے پر فرق صرف یہ نظر آیا کہ نئے ایڈیشن میں عبارت کو پیراگرافوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک فہرست مضامین دی گئی ہے اور کچھ ذیلی عنوانات بڑھائے گئے ہیں۔

ہمارے خیال میں دتاسی نے اپنا فرانسیسی ترجمہ اس دوسرے ایڈیشن کی اساس پر کیا، کیونکہ اس کا ترجمہ پیرس میں ۱۸۶۴ء میں شائع ہوا۔ دوسرا ایڈیشن بھی نکلا جب دتاسی نے اپنی کتاب ایلیگوری شائع کی تو تحفۃ اخوان الصفا کے اس باب کو بھی اس میں شامل کر دیا وہاں وہ صفحہ ۷۳ تا ۱۸۸ پر ملتا ہے۔

دتاسی کا ترجمہ ۱۸۸ صفحوں میں ہے۔ اس رسالے کے مندرجات کا خلاصہ بھی پیش کیا ہے۔ یہ خلاصہ انگریزی ایڈیشن میں موجود ہے اور براہ راست اصل عربی سے لیا گیا ہے اور جو ۱۸۱۲ء میں کلکتہ سے شائع ہوا۔ وہ لکھتا ہے "خیال کیا جاتا ہے کہ جانوروں اور آدمیوں نے اپنی اپنی شکایتیں جنات کے بادشاہ کے سامنے پیش کیں لیکن جانوروں کو شکایت ہے کہ آدمی ان کے ساتھ ناانصافی اور بے رحمی کا برتاؤ کرتا ہے۔ انسان کو شکایت ہے کہ جانور اس کی اطاعت نہیں کرتے اور اپنے فرائض کی انجام دہی میں غفلت برتتے ہیں۔ فیصلہ اس بات کا کرنا تھا کہ آیا انسان کو یہ حق ہے کہ جانوروں پر اپنا تسلط قائم کرے۔ جانوروں کا دعویٰ ہے کہ قدرت نے انھیں آزاد پیدا کیا ہے اور یہ کہ آدمی کا زعم کہ وہ ان کا مالک ہے، درست نہیں۔ اس کے برخلاف انسان نے بتایا کہ اس کو قدرت ہی نے دیگر جانوروں پر برتری عطا کی ہے اور وہ جانوروں کے خلاف یہ شکایت کرتا ہے کہ وہ اتنی خدمت انجام نہیں دیتے اور بطور نتیجہ اس کو دعویٰ ہے کہ جانور اس کی جائیداد ہیں۔

بادشاہ نے ایک مجلس منعقد کی اور مقدمہ کی سماعت شروع ہوئی۔ ابتدا میں آدمی

Marfat.com

کے دعوے پیش ہوئے اور جانوروں نے اس کا جواب دیا۔ دعویٰ اور جواب دعویٰ بادشاہ کو اتنے مساوی نظر آئے کہ اس نے فیصلہ کیا کہ بہترین ججوں اور قانون دانوں سے مشورہ کیا جائے جانوروں کو اس پر گھبراہٹ ہوئی اور انھوں نے خیال کیا کہ عدالتوں میں سارا دارومدار وکیل کی چالاکی اور فصاحت اور بلاغت پر ہوتا ہے اور خوف ہوا کہ اس بارے میں وہ اپنے حریف انسان سے کم تر ہیں۔ چنانچہ انہوں نے ان سے رجوع کیا جن کو مؤلف نے جانوروں کے قبائل کا نام دیا ہے۔

چنانچہ اس غرض کیلئے چھ مختلف قسم کے جانوروں میں پیام رساں بھیجے گئے یعنی درند، چرند، پرند، شکاری پرندے، کیڑے مکوڑے، رینگنے والے کیڑے اور مچھلیاں۔ ان مجلسوں کی سرگزشت کتاب کا دلچسپ ترین حصہ سمجھا جا سکتا ہے۔ پرندوں کے سفیر نے خاص طور پر جان اور مفاد کے متعلق شکایت کی تھی جو نہ صرف بہت شگفتہ اسلوب میں ہے بلکہ اس میں بہترین اخلاقی جذبات کا بھی اظہار کیا گیا ہے۔ پرندے یکے بعد دیگرے اپنے خالق کی حمد و ثنا کے گیت گاتے ہیں اور انسان پر لعنت و ملامت کی بوچھار کرتے ہیں۔ پڑھنے والا نہ صرف اس سے دلچسپی لیتا ہے بلکہ مسحور بھی ہو جاتا ہے کہ علم کا خار دار راستہ اسی قدر پھولوں سے پٹا پڑا ہے۔ جانوروں کے مختلف قبیلوں کے سفیر بالآخر جمع ہوتے ہیں اور مقدمے کا آغاز ہوتا ہے۔ بادشاہ پہلے سب پر نظر ڈالتا ہے اور تحقیقات شروع کرتا ہے اور بعض اختلافی مسائل پر کچھ سوال بھی کرتا ہے۔ چنانچہ انسانوں میں نہ صرف رسم و رواج کا اختلاف نظر آتا ہے بلکہ ان کی ظاہری شکل وصورت میں اختلاف ہوتا ہے چنانچہ اس کی وجہ دریافت کرتا ہے۔ یہاں زمین پر بسنے والی مختلف قوموں کے نمائندے یکے بعد دیگرے آتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک اپنی قوم کے متعلق تاریخی صداقت کے ساتھ معلومات پیش کرتا ہے۔ اس کے بعد جانوروں کے سفیروں کو دیکھ کر بادشاہ ان کے متعلق بھی کچھ معلومات حاصل کرتا ہے اور یہ جانور بھی کتاب کے مؤلف کے زمانے میں تاریخ فطرت کے متعلق معلومات اور ان کے مطابق اپنے حالات بیان کرتے ہیں۔

بعد ازآں مقدمہ شروع ہوتا ہے۔ آدمی کے نمائندے ساری دلیلیں پیش کرتے ہیں

Marfat.com

اور اس بات پر زور دیتے ہیں کہ سارے نفیس علوم و فنون کی وہ آبیاری کرتے ہیں۔ آرام و آسائش کی بہت سی چیزیں انھوں نے ایجاد کیں۔ مثلاً مذہب ان میں سے ایک اہم چیز ہے۔ وہ خدا کی عبادت کرتے ہیں۔ ان کے یہاں زیور اور قیمتی لباس ہیں۔ انھوں نے قوانین بنائے اور حکومتیں کیں، ان میں شاعر فلسفی، صرف و نحو کے ماہر، خطیب، کاریگر اور ماہرین فن موجود ہیں وہ تعلیم پر توجہ کرتے ہیں۔ ان کے یہاں علم نجوم سے واقفیت ملتی ہے .... ان چیزوں کے ذکر کے بعد جو انسان کی فطری برتری اور امتیاز کا ثبوت ہیں اسی لئے اس کو قدرت نے حق دیا ہے کہ وہ جانوروں پر اپنا تسلط قائم کرے۔

ان دلائل کا جانوروں کے سفیر یکے بعد دیگرے جواب دیتے ہیں اور ناظر کی توجہ اس بات پر منعطف ہو جاتی ہے کہ جانوروں کی توصیف یا قابلیتوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مختلف جانور انسانوں سے کہیں زیادہ قوت رکھتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ وہ دلیلیں ہیں جو قدرتی طور پر ذہن میں آتی ہیں۔ لیکن ان کو اس نفاست اور منصفانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے کہ ناظر کی دلچسپی کا باعث رہیں۔

"مقدمہ کا اختتام بڑی خوش اسلوبی سے ہوا ہے اور یہ واضح ہو جاتا ہے کہ واقعتاً انسان عالم آخرت کے لئے پیدا ہوئے ہیں جہاں ان کے دنیاوی کاموں پر جزا یا سزا ملے گی اور اس طرح مقدمہ انسان کے حق میں طے ہوتا ہے۔ چنانچہ نتیجہ میں اتفاق آراء سے انسان کی بادشاہت کا فیصلہ ہوتا ہے"[1]

دتاسی نے اُردو ترجمے کے چار صفحے حذف کر دیئے ہیں مگر اس نے کچھ نوٹ اور حوالے بڑھائے ہیں۔ فرانسیسی ترجمے کا اردو اصل سے مقابلہ کرنے پر اندازہ ہوا کہ کافی صحیح ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ دتاسی کو اس زمانے سے ہی اُردو زبان پر اچھا عبور حاصل تھا۔ دتاسی نے اس کی زیادہ کوشش نہیں کی کہ اردو ترجمہ کی نزاکتوں کو ڈھونڈے۔ مثلاً تیرھویں باب میں (بابت ۱۸۶۴ء) کے صفحہ ۵۰ پر دتاسی لفظ "یعسوب" کو ایک آدمی کا نام فرض کرتا ہے حالانکہ اس سے مراد شہد کی مکھیوں کی رانی ہوتی ہے۔ اکثر اس نے بعض الفاظ کا ترجمہ حذف کر دیا ہے غالباً سہل نظری کے باعث۔ لیکن ان کی بہت اہمیت نہیں۔ مثلاً "سارے آدمی چپ ہو گئے"

---

[1] اخوان الصفا۔ کلکتہ ۱۸۱۳ء صفحہ ۲-۴

حالانکہ اصل میں الفاظ یہ ہیں "بیزار ہو کر آدمی ایک لمحہ چپ رہتے ہیں"۔

سوسیٹی ازیاٹک کی سالانہ رپورٹ بابت ۱۸۶۳ء تا ۱۸۶۴ء (ژورنال ازیاٹک جولائی ۱۸۶۴ء صفحہ ۱۱ تا ۱۳۶) ژول مول صفحہ ۵۸ پر بیان کرتا ہے کہ "خالص عربی ادبیات کے نقطۂ نظر سے مجھے کچھ بیان نہیں کرنا ہے۔ بجز رسائل اخوان الصفار کے رسالہ حیوانات کا ایک نیا ترجمہ برلن کے مسٹر ڈیسٹری تیں نے چند سال قبل جرمن زبان میں براہِ راست عربی سے کیا تھا۔ اب موسیو دتاسی نے ہمیں اس کا اردو سے کیا ہوا ترجمہ پیش کیا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انھیں مسٹر ڈسٹری تیں کے ترجمے سے واقفیت نہ تھی جو قابل افسوس ہے کیونکہ ممکن ہے کہ اس عجیب وغریب کتاب یعنی رسائل اخوان الصفار کے کسی اور باب کا وہ ترجمہ کر سکتے تھے"۔

● "برج بھاشا کے متعلق ایک لطیفہ" (جو ہندوستانی سے ترجمہ کیا گیا)

مطبوعہ ژورنال ازیاٹک جلد ۱۱ جولائی ۱۸۲۷ء صفحہ ۲۹۸ سے ۳۰۳

اس مختصر مقالہ میں دتاسی نے ہندوستانی متن دیا ہے اور فرانسیسی ترجمہ بھی جس میں ایک دلکش لطیفہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک گویّے نے اکبر بادشاہ کے سامنے برج بھاشا کی ایک بیت سنائی بادشاہ نے درباریوں سے بیت کے معنی دریافت کیے۔ ہر ایک نے اپنے انداز میں تشریح کی۔ واقعہ یہ ہے کہ اس بیت میں موقع کی مناسبت سے ایک لفظ "بر" استعمال ہوا ہے جس کے معنی "دروازہ"، "پانی" "آنسو" اور "بالوں" کے ہو سکتے ہیں۔ سیاق وسباق کے لحاظ سے ہر معنی پورے اترتے ہیں۔ اسی لئے تشریح کرنے میں مختلف معانی نکلتے ہیں۔ اس لطیفہ سے بادشاہ کو برج بھاشا کی وسعت اور زرخیزی کا اندازہ ہوا۔ یہاں دتاسی نے اپنے ماخذ کا حوالہ نہیں دیا ہے۔

● "سیاحت نامہ یعنی کریم خان جھجری کے دہلی سے لندن کا سفر" ہندوستانی سے ترجمہ

ریویو دلوریاں دلیجیری اے دکولونی ۱۸۶۵ء سلسلہ چہارم جلد ۱ صفحہ ۱۰۵ تا ۱۴۱ اور ۶۴۱ تا ۶۶۳۔

۱۸۳۹ء میں مغلیہ سلطنت برائے نام ہی سہی ابھی برقرار تھی۔ دہلی کے بادشاہ کو

Marfat.com

ہندوستانی مسلمان خلیفۃ الاسلام کا نائب سمجھتے جو مختلف صوبے کے نوابوں کو احکام دیا کرتا تھا۔ اکبر شاہ ثانی حال ہی میں شہنشاہ اکبر کے باشوکت تخت پر بیٹھا تھا۔ موزوں اعزازات اور بہتر مالی امداد حاصل کرنے کے لئے اسے مناسب معلوم ہوا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے ڈائرکٹروں کے یہاں لندن میں جو درحقیقت ملک پر حکمرانی کر رہے تھے ایک خصوصی نمائندہ کریم خاں کو بھیجے۔ یہ شخص دہلی سے ۲۳ رمضان ۱۲۵۵ھ مطابق یکم دسمبر ۱۸۳۹ء کو انگلستان روانہ ہوا۔ وہ انگلستان میں ۲۳ رمضان ۱۲۵۷ھ مطابق ۸ نومبر ۱۸۴۱ء تک مقیم رہا۔ کریم خاں نے ہندوستانی زبان میں دورانِ سفر کے روزمرہ حالات لکھے ہیں لیکن غایتِ سفر کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔

اس سفرنامہ کا مؤلف کریم خاں جھجھر (دہلی کے قریب ہے) کا باشندہ تھا اور افغانی النسل تھا۔ اس کے باپ کا نام قاسم خاں اور دادا کا طالب خاں تھا۔ فاضل مستشرق ڈنکن فوربز جو اس شخص سے اچھی طرح واقف تھا بیان کرتا ہے کہ وہ ایک ذہین شخص تھا اور اس نے یورپی رسم و رواج کا بڑا گہرا مطالعہ کیا اور ان چیزوں سے واقفیت پیدا کی جو حکومت سے متعلق تھیں (ص ۱۰۱) اور ان مسائل پر ڈنکن فوربز نے کریم خاں کو بہترین معلومات مہیا کی تھیں کیونکہ وہ اردو بہت اچھی طرح بولتا تھا اور ہندوستان میں رہ چکا تھا اور ممتاز مؤلف گلکرسٹ کا عزیز شاگرد تھا۔ یوربین مستشرقین میں گلکرسٹ اپنے زمانے کا سب سے بڑا عالم تھا اور ہندوستانی زبان کو بخوبی جانتا تھا۔ چنانچہ اس نے اس کو The Great Colloquial Language of India یعنی ہندوستان کی عام بڑی زبان کا نام دیا تھا۔ بہرحال فوربز کو اس بات میں دشواری پیش آئی کہ کریم خاں کو دستور انگلستان اور پارلیمنٹ ہاؤس آف کامن کی خصوصیات سمجھا سکے۔ کریم خاں یورپی بادشاہوں کو شروع میں بہت حقیر سمجھتا تھا کیونکہ انھیں یہ بھی قدرت نہیں ہے کہ کسی جیوری یا عدالت کے فیصلہ کے بغیر کسی شخص کو سزائے موت دے سکیں۔ لیکن بالآخر اس نے تسلیم کیا کہ یہ طریقہ زیادہ مفید ہے۔

کریم خاں کے سفر کے زمانے میں افضل علی ایک ہندوستانی شخص لندن میں رہتا تھا۔ کریم خاں اس کا بارہا ذکر کرتا ہے کہ وہ ۱۸۳۷ء سے ۱۸۴۱ء تک لندن میں مقیم رہا اور

Marfat.com

راجہ ستارہ کا وکیل یعنی نمائندہ تھا۔ اس شخص نے اس بڑے پایۂ تخت کو بیس سال پہلے بھی دیکھا تھا اور اس زمانے میں وہ اس راجہ کے وکیل کا سکریٹری تھا اور اس وقت گلکرسٹ اور ڈنکن فوربز سے دوستانہ تعلقات رکھتا تھا۔ کریم خاں کی طرح وہ بھی ہندوستانی زبان بولتا تھا۔ فارسی اور عربی بھی آتی تھیں۔ شاعر بھی تھا اور پورا دیوان شائع کر چکا تھا۔ ایک ڈائری بھی لکھی جس میں اپنے تاثرات درج کیے ہیں۔ وہ پابندی کیساتھ ڈنکن فوربز کے ساتھ خط و کتابت کرتا رہا اور اس کا ارادہ تھا کہ واپسی پر یہ بمبئی میں لیتھو پر چھپوائے گا۔ لیکن غالباً اسے اس میں کامیابی نہیں ہوئی کیونکہ ڈنکن فوربز سے وعدہ کیا تھا کہ اس کی ایک کاپی بھجوائے گا تاکہ وہ انگریزی میں ترجمہ کرے، مگر ایسا نہیں ہوسکا۔ ۱۸۴۱ء میں ستارہ کے راجہ کو معزول کردیا گیا اور بطور قیدی اس نے اپنی باقی زندگی بنارس میں گزاری اور ہندوستانی ادبیات کی سرپرستی کرتا رہا۔ اس زمانے میں افضل علی کو بمبئی واپس ہو جانا پڑا ہوگا۔

کریم خاں کا سفرنامہ طویل حالات پر مشتمل ہے۔ ہر روز سفر کے متعلق اس نے کچھ نہ کچھ بیان کیا ہے چاہے ایک دو سطریں ہی کیوں نہ ہوں اور بعض وقت وہ صرف اس پر اکتفا کرتا ہے کہ اس روز کوئی قابل ذکر بات پیش نہیں آئی۔ ہم نے ترجمہ میں صرف وہ چیزیں لی ہیں جو دلچسپ ہیں۔ اس سفرنامہ کے چار حصے ہیں:

۱۔ دہلی سے کلکتہ۔

۲۔ کلکتہ سے لندن۔

۳۔ لندن میں قیام۔

۴۔ انگلستان اور اس کی تاریخ کے متعلق معلومات۔

ہندوستانی تاریخوں میں اس واقعہ کا کہ اکبر شاہ ثانی نے اپنا سفیر لندن بھیجا تھا، کوئی ذکر نہیں آتا ہے ہم دتاسی کے ممنون ہیں کہ اس نے ہمیں اس بارے میں معلومات مہیا کی ہیں۔ اور جس سفرنامے کا ترجمہ کیا ہے وہ بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔ اور ترجمہ اصل کے مطابق ہے۔

● "ہیر و رانجھا" پنجاب کا ایک افسانہ جس کا دتاسی نے ہندوستانی سے ترجمہ کیا

Marfat.com

اور ریویو دلوریاں سلسلہ جدید ششم ستمبر ۱۸۵۶ء صفحہ ۱۱۲ تا ۴۸ مطبوعہ پیرس۔

اس مقالہ کا نیا ایڈیشن دتاسی کی "ایلیگوری" میں ۱۸۷۶ء صفحہ ۴۸۱ تا ۵۱۶ میں آیا ہے اس کتاب کا مؤلف مقبول احمد ایک پنجابی شخص تھا جو دہلی میں رہتا تھا اور اس نے اس افسانہ کو ۱۲۹۵ھ مطابق ۱۸۴۸ء تا ۱۸۴۹ء میں شائع کیا۔ یہ نظم و نثر دونوں میں ہے دتاسی نے تمہید میں بیان کیا ہے "قصہ انتہائی سادہ ہے جیسا کہ میرے ترجمے سے بآسانی اندازہ ہو جائے گا۔ بعض حصے اختصار کے لیے حذف کئے ہیں اور خلاصہ دیا ہے اس میں ایک حقیقی ادبی اور لسانیاتی قدر و قیمت پائی جاتی ہے کیوں کہ اس میں مشرق کے رسم و رواج کے مطابق کبھی تو بیتوں میں اور کبھی مسجع نثر میں واقعات بیان کئے گئے ہیں۔ عربی فارسی ہندی اردو اقتباسات کے ذریعے سے حسن پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے"[1]

پنجاب میں ہیر و رانجھا کی داستان عشق بہت معروف ہے اور سارے پنجابی نوجوان اسے ذوق و شوق سے گاتے ہیں۔ مؤلف مقبول احمد کے متعلق دتاسی نے اپنے دیباچے میں بیان کیا ہے کہ "ہیر و رانجھا کی کہانی ہندوستان میں عجیب و غریب، دلچسپ اور بے مثال سمجھی جاتی ہے اور حقیقت پر مبنی ہے۔ چنانچہ اس کہانی کے مطابق ایک نوجوان شخص ایک عورت کو خواب میں دیکھتا ہے اور اس کا عاشق ہو جاتا ہے۔ اس نے اس عورت کے حسن اور اچھی خصوصیات کا ذکر سنا تھا جس کے باعث وہ اس کے عشق میں مبتلا ہو گیا تھا"[2]

اس کہانی کے کئی متن ملتے ہیں۔ جن میں سے ایک منظوم بھی ہے۔ دتاسی کو صرف ایک نام کا پتہ چلا اور اس کا ذکر اشپرنگر کی فہرست کتب سے لیکر کیا ہے۔ اس کے متعلق کوئی مزید تفصیل نہیں دی۔ غالباً اس سے مراد وارث علی شاہ کا منظوم متن ہوگا۔ دتاسی نے صراحت نہیں کی کہ اس پنجابی افسانہ کا ترجمہ اس نے کس زبان کے متن

---

[1] "ہیر و رانجھا" رسالہ ریویو دلوریاں ستمبر ۱۸۵۶ء صفحہ ۱۳۲ کتاب ایلیگوری صفحہ ۴۸۱

[2] رسالہ دلوریاں ص۱۱۲ کتاب ایلیگوری ص۴۸۵

Marfat.com

سے کیا تھا۔ وہ صرف اس قدر بیان کرتا ہے کہ اس کی تالیف آحمد نے کی اور وہ اس زمانے میں دہلی میں شائع ہوئی تھی۔

- " ہندوستانی لطیفے" رسالہ ژورنال ازیاتک فروری ۱۸۳۶ء صفحہ ۱۹۸ تا ۱۹۹ اور ماہ مارچ ۱۸۳۶ء صفحہ ۲۹۶ یا ۲۹۹ نیز ماہ اپریل ۱۸۳۶ء صفحہ ۴۱۱ تا ۴۱۲ میں ژناسی نے فرانسیسی ترجمہ کے ساتھ شائع کئے ہیں۔ غالباً طباعت کے وقت رسالے میں کچھ جگہ باقی رہ گئی تھی اور ان کو پُر کرنے کے لئے بغیر کسی تمہید اور تشریح کے ژناسی نے ترجمہ کر دیا ہے۔ اپریل ۱۸۳۶ء جو اقتباسات شائع ہوئے ہیں صرف اس میں بیان کرتا ہے کہ یہی لطیفے فارسی میں جامی کی بہارستان میں بھی ملتے ہیں۔

- " ضدی فاحشہ اور طلسمات" ایک قصہ جو نامعلوم مخطوطہ کی اساس پر ہندوستانی زبان سے ترجمہ کیا گیا اور ریویو اورینتال اے امریکن جلد ۱۰ ۱۸۶۵ء صفحہ ۱۴۰ تا ۱۵۷ مطبوعہ مطبع شاہی پریس میں شائع ہوا تھا۔

ژناسی اس کہانی کے نہ مؤلف کا نام دیتا ہے اور نہ اصل کتاب کا عنوان۔ کوئی دس صفحوں میں اس میں بادشاہوں، شہزادیوں کے تعیش اور وزیروں، امیروں اور دربارشاہی کی شاہانہ زندگی کا تذکرہ کرتا ہے۔ امید ہے کہ ترجمہ مطابق اصل ہوگا، چاہے وہ لفظی ترجمہ نہ ہو جیسا کہ ترجموں کے متعلق ژناسی کی عام عادت رہی ہے۔

(ب) ہندی کے ترجمے

- " لارڈ ایلن بارو گورنر ہندوستان کا اعلان سومنات کے مندر کے دروازہ کی بابت"۔ ہندی سے ترجمہ مطبوعہ ژورنال ازیاتک ۱۸۴۵ء صفحہ ۲۹۸ تا ۳۰۴۔

دسویں صدی کے دوران وسط ایشیا کے مختلف صوبوں کے گورنر اتنے طاقتور اور خود مختار ہوگئے تھے کہ بغداد کا عباسی خلیفہ جو اس کے سردار کی حیثیت رکھتا تھا سوائے اس کے کچھ نہ کرسکتا تھا کہ مختلف صوبوں میں نراج کے باعث جو تبدیلیاں ہوتی تھیں ان کو قبول کرلیا کرے بعض صوبوں میں موروثی گورنر ہونے لگے تھے۔ اس میں ایک محمود غزنوی تھا جو ۹۹۷ء میں اپنے باپ کا جانشین بنا۔ ہندوستان پر حملوں کی وجہ

Marfat.com

سے وہ تاریخ میں مشہور ہے۔ ہر سال وہ اپنے پایۂ تخت غزنی سے نکلتا اور ہندوستان کے وسیع ملک کے کسی نہ کسی علاقے پر دھاوا بولتا۔ ان حملوں میں سے ایک ۱۰۲۴ء میں ہوا اور اس نے گجرات میں سومنات کے قلعہ بند شہر کو فتح کرلیا۔ باوجودیکہ ہندوؤں نے اس شہر کی مدافعت کے لیے جو اپنے مندر کے باعث بڑی شہرت رکھتا تھا بہ کثرت فوجیں جمع کی تھیں۔ سلطان محمود غزنوی نے وہاں کے بتوں کو توڑ ڈالا، خزانے ضبط کرلیے اور مندر کے دروازوں کو مالِ غنیمت کے طور پر فاتحانہ شان سے اپنے ساتھ لے گیا۔ (اس تفصیل کیلئے ڈاکٹر محمد ناظم کی انگریزی کتاب "سلطان محمود آف غزنہ" دلچسپی سے خالی نہیں۔)

۱۸۳۱ء میں رنجیت سنگھ نے کوشش کی تھی کہ یہ مقدس دروازے ہندوستان کو واپس دلادے لیکن اسے کامیابی نہیں ہوئی۔ انگریزی فوج نے شہر غزنی پر دومرتبہ قبضہ کرنے کے بعد اس میں کامیابی حاصل کی کہ ۱۸۴۲ء میں سومنات کے مندر کے دروازے اس کو دے دیئے جائیں۔

اپنی تالیف کے آغاز میں گارسین دتاسی لکھتا ہے:

"صرف ایک فتح ہی اس میں کامیابی حاصل کرسکتی تھی کہ ان دروازوں کے قابض ان کو کسی اور کے سپرد کریں اور لارڈ ایلن بارو نے چاہا تھا کہ انگریزی انتظام کے سلسلے میں ان مشہور دروازوں کو اپنے مال غنیمت کی سب سے اہم چیز کے طور پر استعمال کرسکے۔"

چنانچہ یکم اکتوبر ۱۸۴۲ء کو لارڈ ایلن بارو نے ہندی میں حسب ذیل بیان شائع کیا:

"بھائیو اور دوستو ہماری فوج جس نے لڑائی میں کامیابی حاصل کی، افغانوں کے ملک سے فاتحانہ طور پر سومنات میں سلطان محمود کے ہاتھوں توڑے ہوئے مندر کے دروازوں کو واپس لائے۔ اب شہر غزنی کھنڈر بن گیا ہے۔ اور بالآخر آٹھ سو سال پہلے جو ہتک کی گئی تھی اس کی تلافی کی جائے۔ سومنات کے دروازے جو اتنے طویل عرصہ سے تمہاری پرانی ذلت کا نشان بنے تھے اب وہ ملک کی قوت اور فیروز مندی کی نمایاں علامت بنے رہیں گے۔"[1]

---

[1] ژورنال ازیاتک جلد ۵ ۱۸۴۳ء کا آف پرنٹ ص۳

بعد میں پتہ چلا کہ لارڈ ایلن بارو کو دھوکہ ہوا تھا اور سومنات کے اصلی دروازے کابل میں ہی رہ گئے تھے۔ اس سے ایلن بارو کی غیر ہر دلعزیزی میں اضافہ ہوگیا جو اس کی کم دانشمندانہ سیاست سے پیدا ہو گئی تھی۔ لیکن دتاسی کو جب اس نے یہ مضمون ۱۸۴۵ء ژورنال ازیاتک میں شائع کیا، ان تفصیلات کی اطلاع نہ تھی۔ وہ ان کا بالکل ذکر نہیں کرتا۔ آزادی کے بعد ۱۹۴۸ء میں ہندوستان کی حکومت نے ایک کروڑ روپے کے مصارف سے اس مندر کی دوبارہ تعمیر کی اور جمہوریۂ ہند کے راشٹرپتی نے اس کا افتتاح کیا تھا۔

مسٹر کے منشی نے جو ہندوستان کی حکومت میں وزیر تھے اور ہندو آثار قدیمہ کے ماہرین میں سے ایک تھے۔ پرانی تاریخی کتابوں کی مدد سے اس مشہور مندر کے پلان اور تعمیراتی نقشہ میں معلومات فراہم کیں تاکہ نئی تعمیر پرانی نہج پر ہی ہو۔

"شکنتلا کا قصہ" مہابھارت کے ہندی ترجمے کے مطابق۔ ایک چھوٹا سا مضمون بیس صفحوں میں۔ ریویو اورینتال ۱۸۵۲ء میں شائع ہوا پھر گارسین دتاسی کی کتاب ایلیگوری میں صفحہ ۵۱۵ تا ۵۳۵ میں بھی شامل کیا گیا ہے۔

یہ مہابھارت کا واقعہ ہے جو گوکل ناتھ کے "ہندی" متن سے لیا گیا ہے اصل متن گارسین دتاسی کی کتاب "منتخبات ہندوی برائے طلباء مدرسہ السنہ شرقیہ میں صفحہ ۱۱۲، مابعد میں ملے گا۔

شکنتلا کے متعدد ترجمے نہ صرف فرانسیسی، انگریزی، جرمن اور دیگر یورپی زبانوں میں ہوئے بلکہ مشرقی زبانوں میں بھی اب تک ہو رہے ہیں خصوصاً ہندوستان کی مختلف زبانوں میں اس کا ایک فرانسیسی ترجمہ موسیو شیزی نے La reconnaissance de Sacontanla کے نام سے کیا تھا۔ دتاسی کو یہ پسند نہ آیا۔ اس لیے اس نے مناسب خیال کیا کہ گوکل ناتھ کے متن کی اساس پر خود اس کا دوبارہ ترجمہ کرے چاہے کسی قدر اختصار کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو۔ دتاسی گوکل ناتھ کے متن کو عمدہ قرار دیتا ہے اور ساتھ ہی اعتراف کرتا ہے کہ اصل میں بعض عبارتیں اتنی مبہم ہیں کہ مترجمین اور شارحین کی کوششوں کے باوجود واضح نہیں ہو سکیں۔ ترجمے میں کچھ حاشیے بھی بڑھائے گئے ہیں۔

Marfat.com

● "کل یُگ" یعنی لوہے کے زمانے کا نقشہ۔ مؤلف وشنو داس۔ ہندی سے ترجمہ۔
اس مضمون میں ژورنال ازیاتک مئی جون ۱۸۵۲ء صفحہ ۵۵۱ تا ۵۶۱ میں شائع ہوا۔ گارسین دتاسی فرانسیسی ناظرین کو ایک ہندی نظم سے واقف کراتا ہے۔ اس نظم کا متن اس نے پہلے اپنی کتاب "انتخاب ہندوی" میں شائع کیا تھا۔ ترجمہ کے ساتھ حاشیے اور ایک تمہید بھی ہے تاکہ قاری کو اس نظم اور اس کے صوفیانہ مفہوم سے واقف کرایا جائے۔

ہندوستانی فلسفہ کے مطابق انسان کی قسمت میں متعدد ادوار سے گزرنا ہے، چنانچہ کل یُگ میں انسان کو جہالت کے باعث مصیبتیں اٹھانی پڑیں گی لوگوں کا برتاؤ افسوسناک ہوگا۔ اور خود پجاری بھی اپنے فرائض انجام نہیں دیں گے۔ مختصر یہ کہ کل یُگ میں کسی بھلائی کی توقع نہ ہوگی۔

یہ مضمون رسالہ انال دمیوزے گیمے جلد ا صفحہ ۷۷ تا ۸۴ میں دتاسی کے انتقال کے بعد شائع ہوا۔ رسالہ ژورنال ازیاتک بابت جولائی ۱۸۸۱ء صفحہ ۲۷ پر بعد ازاں چھپا۔

عربی سے تراجم:

● "پرندے اور پھول" اخلاقی تمثیلیں (کشف الاسرار عن حکم الطیور والازہار) مولفہ عزیز الدین المقدسی۔

اس تمثیل میں ۲۴۸ صفحات ہیں۔ ترجمے کے ساتھ گارسین دتاسی نے جو معلومات دی ہیں اس کے مطابق مؤلف کی وفات ۱۲ فروری ۱۲۸۰ء کو ایک حادثہ میں ہوئی۔ زیادہ معلومات نہیں ملتیں۔ بجز اس کے کہ اس کے باپ کا نام عبدالسلام تھا۔

بروکل مان نے اپنی جرمن تصنیف میں تاریخ ادبیات عربی جلد ا صفحہ ۵۸۷ میں بیان کیا کہ اس کا نام عزیز الدین عبدالسلام ابن غانم المقدسی الواعظ تھا۔ وفات کے متعلق بروکل مان نے ۱۲۷۹ھ ذکر کر کے علامت سوال لگائی ہے۔ اس مؤلف کے مطابق کتاب کا پورا نام "کشف الاسرار عن حکم الطیور والازہار" ہے۔ اور وہ بیان کرتا ہے کہ اس کے بہت سے مخطوطے ملتے ہیں اور یہ کہ وہ قاہرہ میں کئی بار چھپ چکی ہے۔ اور اس کے خیال میں دتاسی کے ترجمے کے علاوہ اس کا فارسی ترجمہ بھی ہے جس کا قلمی نسخہ استنبول میں کتب خانہ ولی الدین میں ہے

Marfat.com

ذناسی نے اپنے ایڈیشن اور ترجمہ کے لیے اس کتاب کے چار مخطوطے فراہم کئے تھے اس کا ترجمہ اصل کے مطابق تو ہے لیکن لفظی نہیں۔ ترجمہ کے آخر میں اس نے کچھ توضیحی نوٹ بھی بڑھائے ہیں یہ ظاہر ہے کہ لفظی ترجمہ کسی فرانسیسی ناظر کے لیے تقریباً ناقابل فہم ہوگا۔ کتاب کا مؤلف کبھی کسی پھول سے یا کبھی پرندے یا جانور سے کچھ کہلواتا ہے اور ایسا ہر بیان سوچ بچار کے لیے مواد مہیا کرتا ہے۔ ہماری رائے میں ترجمہ کچھ بہت اچھا نہیں ہے۔ مثال کے طور پر صفحہ ۲۲ پر نویں تمثیل میں یاسمین کا پھول کہتا ہے کہ "عاشق مجھ کو اس لیے انتخاب کرتے ہیں کہ اپنی محبوبہ کو بطور تحفہ پیش کریں"۔ لیکن اصل عربی میں اس طرح لکھا ہے۔ "والتردد الی الاحباب حیناً بعد حین" جس کے معنی "میں وقت بہ وقت دوستوں کی ملاقات کے لیے جاتا ہوں"۔ اسی طرح صفحہ ۴۸ پر سولھویں تمثیل میں باز کہتا ہے کہ "شکار کے احاطہ کے اندر سے" اصل عربی الفاظ مختلف ہیں "هوفی میدان البراز" یعنی اس وقت جبکہ وہ میدانِ جنگ میں موجود تھا۔ یہ ترجمہ ۱۸۲۱ء میں شائع ہوا۔ یعنی ذناسی کی علمی زندگی کے آغاز میں یہ متن عربی میں موجود تھا۔ اور ذناسی کو عربی زبان سے اردو کے مقابلے میں واقفیت کم تھی اس لیے ترجمہ میں غلطیاں غیر متوقع بھی نہیں۔

ذناسی نے پوری کوشش کی ہے کہ متن کی دشواریوں کو واضح کرے چنانچہ ۱۲۵ صفحے کے ترجمے کے لیے ان سے زیادہ صفحوں میں نوٹ دئیے گئے ہیں۔ متن میں قرآن کی آیت ہو تو مکمل حوالہ دیتا ہے کہ کس سورۃ اور کس آیت سے لیا گیا ہے اور بعض وقت وہ دیگر مؤلفوں کی مماثل عبارتیں بھی نقل کرتا ہے۔ وہ بعض یونانی، لاطینی اور عبرانی مؤلفوں کا بھی حوالہ دیتا ہے وغیرہ..... اور اگر کبھی پھول پودے یا کسی اور چیز کا نام دینا ہو تو وہ اس پر طویل بحث کرتا ہے۔ مثلاً صفحہ ۱۴۴ تا ۱۴۷ میں "بان" نامی عربی پودے کا ترجمہ کرنے کے لیے ۵ صفحے لیے ہیں حالانکہ Saul d'Egypt کافی ہوتا۔ اسی طرح صفحہ ۱۵۱ ترجمہ طلب عبارت کیساتھ وہ انگریزی یا لاطینی مؤلفوں کے بھی حوالے دیتا ہے۔

شیزی نے اس کتاب پر ژورنال دساواں بابت ماہ اگست ۱۸۲۱ء صفحہ ۴۹۵ تا ۵۰۲

---

[1] ژورنال دساواں اگست ۱۸۲۱ء صفحہ ۴۹۵

Marfat.com

میں ایک طویل تبصرہ کیا ہے اور اس کا عنوان "کشف الاسرار عن حکم الطیور والازہار" یعنی پرندے اور پھول رکھا۔ وہ لکھتا ہے " ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قدرت نے مشرق کے لوگوں کو ہی خاص طور پر یہ ملکہ عطا کرنے کی مسرت کہ خیال آرائی کے ختم نہ ہونے والے خزانے وافر مقدار میں دیئے ہیں"[۱]

مقدسی تیرہویں صدی عیسوی کا عرب مؤلف جس کی کتاب میں ایک دلچسپ دیباچہ بھی ہے اور مسجع اور مقفیٰ نثر میں ۳۷ تمثیلیں دی ہیں[۲]۔ شیزی پندرہویں تمثیل عربی اور فرانسیسی میں نقل کرکے کہتا ہے " تاکہ ناظر کو اندازہ ہو کہ کتاب میں کیا چیزیں ہیں اور دتاسی کا کیا اسلوب ہے؛ ہماری رائے میں اس اسلوب میں روانی بھی ہے اور حسن بھی پایا جاتا ہے[۳]۔ حاشیے جو کوّے کی تمثیل کے متعلق ہیں...... پھر یہی پہلو ملتا ہے اور میں یہ مسرت حاصل کرنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ اس کو نقل کروں ..... یہ ایک ایسا سوال ہے جو بزرگ تمہر نے دیا ہے ...... جو نوشیروان کا ممتاز وزیر تھا لیکن جو حد سے زیادہ بھولا بھالا ہے ...... کسی شخص نے اس ممتاز شخص سے دریافت کیا تھا کہ وہ اپنے اس بلند درجے پر کس طرح پہونچا؛ وہ کہتا ہے کہ کوّے کی محنت کی طرح محنت کرتے ہوئے۔ سور کے حرص کی طرح حرص رکھتے ہوئے اور کتّے کی خوشامد کی طرح خوشامد کرتے ہوئے۔ اس فرانسیسی عبارت کا اصل عربی متن ہے[۴] بکبور کبکور الغراب وحرص کحرص الخنزیر و تملق کتملق الکلب۔ یہ ترجمہ جزوًا صحیح ہے کیونکہ جس عربی لفظ کا ترجمہ محنت پسندی دیا گیا ہے اس کے معنی صبح خیزی کے ہیں اور وزیر کہنا چاہتا ہے کہ میں سویرے اٹھتا ہوں جیسے کوّا بیدار ہوتا ہے اور اس نصیحت کی دانش مندی کسی سے مخفی نہیں۔

شیزی مزید برآں لکھتا ہے " بان .... کے متعلق اب تک خیال کیا جاتا رہا کہ وہ میرو بالینے ہے۔ لیکن ایسا نہیں وہ 'مصری سول' ہے اور دتاسی نے اپنی رائے کی

---

[۱] ژورنال دساواں اگست ۱۸۲۱ء صفحہ ۴۹۵
[۲] " " " ۴۹۷
[۳] " " " ۴۹۸
[۴] " " " ۵۰۲

Marfat.com

تائید میں جو دلیلیں دی ہیں وہ برحق نظر آتی ہیں[1]۔ اسی طرح "ضب" (یعنی گوہ) کا لفظ عربی میں یونانی سے نہیں آیا بلکہ برعکس ہے۔ چنانچہ شیزی لکھتا ہے "اس سے زیادہ قرین قیاس ہے کہ یونانیوں نے یہ نام کسی سامی زبان سے مستعار لیا ہو[2]۔"

آخر میں شیزی لکھتا ہے "ہم یہ اضافہ کریں گے کہ دساسی نے اپنی علمی کوششوں کے اس اولین ثمر کو بھی ممتاز سلوستر دساسی کے نام معنون کیا اور اس کو اس بات کا شرف بخشا گیا کہ اسے فرانس کے بادشاہ کے حضور میں پیش کیا جائے۔ جو ازراہ کرم اس بات سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں کہ ان کی نظر عنایت ساری رعایا پر ہو چاہے وہ علم کے کسی شعبے ہی میں کیوں نہ مشغول ہوں، اور کامیابی حاصل کریں[3]۔"

۱۔ "مقامہ مراعہ" عربی کتاب۔ مقامات حریری سے ترجمہ۔ ژورنال ازیاتک ۱۸۲۲ء جلد اوّل صفحہ ۲۹۲ تا ۲۹۹

۲۔ "سونے کا سکہ" عربی کتاب۔ مقامات حریری سے ترجمہ۔ ژورنال ازیاتک جلد ۳ ۱۸۲۳ء صفحہ ۲۰۵ تا ۲۰۸۔

۳۔ "کارواں" مقاماتِ حریری سے ترجمہ۔ ژورنال ازیاتک جلد ۵ ۱۸۲۴ء صفحہ ۹۸ تا ۱۰۵۔

حریری کی کتاب جس کا نام مقامات ہے عربی زبان کی مشہور ترین تصانیف میں سے ہے اس کی مسجع اور مقفیٰ عبارت، ترجمہ کرنے والوں کے لیے مشکل ترین امر تھا۔ اس کتاب میں ۵۰ علیحدہ علیحدہ مضمون ہیں۔ اور اس کتاب میں ایک بڑے فاضل مگر مفلس شخص کی کہانی ہے جو تلاش معاش میں ایشیا اور افریقہ کے مختلف شہروں میں بھیس بدل کر جاتا ہے تاکہ کوئی اسے پہچان نہ سکے۔

---

[1] ژورنال دساواں اگست ۱۸۲۱ء صفحہ ۵۰۲

[2] " " صفحہ ۵۰۲ تا ۵۰۳

[3] " " صفحہ ۵۰۳

Marfat.com

یہ کتاب کئی بار طبع ہوئی ہے۔ کلکتہ میں ۱۸۱۴ء میں اسی طرح قاہرہ لکھنؤ اور پیرس وغیرہ میں بھی۔ اس کے ترجمے عبرانی فارسی اور ترکی کے علاوہ متعدد یورپی زبانوں میں بھی ہوئے ہیں۔ اس کے متعلق مزید تفصیلات بروکلمان کی تاریخ ادبیات عربی جلد اول اشاعت دوم صفحہ ۳۲۵ تا ۳۲۹ اور ضمیمہ جلد اوّل ۴۸۶ تا ۴۸۹ میں ملیں گی۔

جس زمانے میں ڈناسی نے یہ مضمون شائع کیا اس وقت تک کوئی اور فرانسیسی ترجمہ شائع نہیں ہوا تھا اور اصل عربی کتاب کا مشہور و معروف ایڈیشن سلوسٹر دساسی نے ۱۸۲۲ء میں شائع کیا مگر وہ ابھی مطبع ہی میں تھا اگرچہ کوسین دپرسوال نے اس کا ۱۸۱۹ء میں معمولی ایڈیشن شائع کر دیا تھا۔

● "مقامہ مراغہ" اصل کتاب میں چھٹا مقامہ ہے اور اسے "مقامۃ الخیفہ" کا بھی نام دیا جاتا ہے۔ اس لفظ کا ترجمہ مختلف چیزیں کیا جا سکتا ہے۔ پیرس کے مدرسہ السنۂ شرقیہ میں "مقامات" کا وہ شائع کردہ نسخہ موجود ہے، جو سلوسٹر دساسی کی اپنی ملکیت تھا اور اس پر نظر آتا ہے کہ اپنے ہاتھ سے بہت سی تصحیح کی ہیں اور اس حصے پر بھی جس کا گارسین ڈناسی نے ترجمہ شائع کیا تھا۔ اگر سلوسٹر دساسی کا مشہور و معروف ایڈیشن اس بات کا متقاضی تھا کہ اس میں تصحیح کی جائیں تو ڈناسی سے یہ توقع نہیں کی جانی چاہیئے کہ سلوسٹر دساسی کے مقابلے میں عربی کم جاننے کے باوجود وہ عربی سمجھنے میں غلطیاں نہ کرے اس کے علاوہ جیسا کہ ہم کئی بار بیان کر چکے ہیں کہ ڈناسی کی کوشش یہ ہوتی تھی کہ اس کی تالیف قابل فہم ہو محض لفظی ترجمہ نہ ہو۔ مثلاً وہ لکھتا ہے "جن لوگوں کے ہاتھ میں فصاحت کی باگ ہے وہ قدماء کے محض خادم تھے"۔ اصل عبارت کا لفظی ترجمہ یوں ہو گا "حقیقت میں زمانۂ حال کا ممتاز ترین اہل قلم بھی جو فصاحت کی باگیں حقارت کے ساتھ اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے، قدماء سے آزاد نہیں ہو سکتا، چاہے وہ صہبان وائل کی طرح فصاحت و بلاغت کا مالک ہی کیوں نہ ہو" (صہبان وائل کی فصاحت و بلاغت عربی میں ضرب المثل ہے)

لہ ژورنال از یاتک صفحے ۲۹۳ تا ۲۹۴ ۱۸۲۲ء

Marfat.com

● "سونے کا سکہ" دتاسی نے ترجمہ کرکے ۱۸۲۳ء میں شائع کیا وہ اصل عربی میں تیسرا مقامہ ہے۔ اپنے مضمون کے صفحہ ۲۰۵ پر ایک نوٹ میں وہ بیان کرتا ہے کہ اس مقامہ کا دوسرا نام "قیلہ" بھی ہے اور کئی مخطوطوں میں اس کا عنوان "سونے کے سکے کا مقامہ" بھی ہے۔ سلوستر دساسی کے عربی ایڈیشن میں اس کا نام مقامہ قیلہ ہے نیز مقامہ دیناریہ دونوں دیئے گئے ہیں اس میں دنیا کی تعریف اور تحقیر بیان ہوئی ہے۔

دتاسی اپنے مضمون کے آغاز میں ایک نوٹ میں بیان کرتا ہے کہ "مجھے یہ بیان کرنے کی ضرورت نہیں کہ اصل کتاب میں ایک لمبا خطبہ ہے۔ جس میں الفاظ سے کھیلا گیا ہے اور ایسے استعارے استعمال ہوئے ہیں جن کا ترجمہ ناممکن ہے[1]"

اس مضمون میں ہمیں یہ بھی نظر آتا ہے کہ مترجم نے متعدد عبارتوں کو حذف کر دیا ہے تاکہ ترجمہ قابلِ فہم ہو سکے۔

● "کارواں" مقاماتِ حریری میں بارہواں مقامہ ہے اور وہاں اس کا نام کاروان نہیں "مقامہ دمشقیہ" ہے۔ اوپر دو مقاموں کے متعلق ہم نے جو رائے دی ہے اس کا اس تیسرے پر بھی اطلاق ہوتا ہے اور یہاں آخر میں اضافہ کیا جا سکتا ہے کہ دتاسی نے بعض وقت کچھ متوازی نوٹ دیئے ہیں۔ جو فارسی، لاطینی وغیرہ دیگر ادبیات سے لئے گئے ہیں۔ مثلاً صفحہ ۱۰۳ پر اس نے ہوریس کی چند لاطینی بیتیں نقل کی ہیں اور ان میں بھی وہی باتیں بیان کی گئی ہیں جو اصل عربی میں ہیں۔

فارسی سے تراجم

● "صنعان کی زندگی کا ایک واقعہ" (فریدالدین عطار کی فارسی کتاب منطق الطیر سے ماخوذ)

مطبوعہ ریویو دلوریاں سلسلۂ جدید جلد دوم ۱۸۵۵ء صفحہ ۳۴۲ تا ۳۶۷

گارسین دتاسی نے منطق الطیر ۱۸۵۷ء میں ایڈٹ کرکے چھاپی۔ یہ مضمون عوام میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے بطور تمہید شائع ہوا۔ اس میں ایک صوفیانہ قصہ ہے اور عطار نے چاہا ہے کہ تصوف کے مبتدی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ قصہ کا ہیرو صنعان ایک متقی شخص اور قرآن کا

---

[1] ژورنال ازیاتک ۱۸۲۳ء صفحہ ۲۰۵

Marfat.com

حافظ تھا اور اکثر حج کے لئے مکہ جایا کرتا تھا۔ ایک دن اس نے مکہ میں خواب میں دیکھا کہ وہ رومیوں یعنی بازنطینیوں کے ملک میں گیا ہوا ہے۔ اس کے بعد وہ چار سو مریدوں کے ساتھ رومی علاقہ کو جاتا ہے۔ پہنچنے پر اسے وہاں ایک حسین عیسائی لڑکی نظر آتی ہے وہ عاشق ہو جاتا ہے اور ہر چیز جو وہ چاہے کرنے کے لئے تیار ہے۔ شراب پی کر مدہوشی کے عالم میں بتوں کے سامنے سجدہ کرتا ہے۔ قرآن مجید کے ایک نسخے کو جلا دیتا ہے اور اسلام سے انحراف اختیار کرتا ہے۔ مکہ میں اس کا ایک گہرا دوست تھا جو اس کی تلاش میں آتا ہے اور اسے اپنی غلطیوں سے توبہ کرنے پر آمادہ کر لیتا ہے۔ دوبارہ مسلمان ہونے کے بعد صنعان مکہ واپس جاتا ہے۔ اب اس نوجوان لڑکی کی باری ہے جو خواب دیکھتی ہے اور اپنے محبوب کی تلاش میں نکل جاتی ہے اور اسلام قبول کر کے اپنے شوہر کو دوبارہ پا لیتی ہے[1]۔

دتاسی نے عطار کی کتاب ایڈٹ کی جس کا مخطوطہ انڈلس پارک میں مقیم این بلان کے کتب خانے سے دستیاب ہوا تھا۔ اور اس مخطوطے میں نوجوان لڑکی کی تصویر بھی تھی۔

"منطق الطیر" فریدالدین عطار کی نیم مذہبی اور نیم فلسفیانہ نظم ہے۔ دتاسی نے اس عنوان سے ۱۸۵۷ء میں تصوف کی اس مشہور کتاب کا فارسی متن شائع کیا۔ اس میں ۱۸۴ صفحے ہیں اور ۴۶ ، ۴۷ اشعار ہیں۔ اپنا فرانسیسی ترجمہ ۱۸۶۳ء میں شائع کرنے سے پہلے دتاسی نے ایک چھوٹا سا مضمون شائع کیا "ایرانیوں کے یہاں فلسفیانہ اور مذہبی شاعری" یہ پہلے ریویو کونتا پورین جلد ۴۴ شمارہ ۹۳ ۱۸۵۶ء صفحہ ۸۶ تا ۱۱۴ میں شائع ہوا پھر ایک مستقل کتاب کی صورت میں بھی چھپا۔ اس کا تیسرا ایڈیشن ۱۸۶۰ء میں نکلا جس میں تصحیحیں اور اضافے بھی کئے گئے ہیں۔

اس مضمون میں دتاسی کتاب کا تفصیلی تجزیہ پیش کرتا ہے تاکہ لوگوں کو اس ترجمہ کا کچھ پیشگی اندازہ ہو سکے جو وہ شائع کرنا چاہتا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ پرندے ایک جمہوریت میں رہتے تھے۔ پھر ضرورت محسوس ہوئی کہ بادشاہ کا انتخاب کریں۔ ایک ہندوستانی مثل ہے کہ ملک ہو اور بادشاہ

---

[1] ژورنال ازیاتک ۱۸۲۳ء صفحہ ۲۰۵

Marfat.com

نہ ہو تو ایک رات کی طرح ہے جس میں چاند کی روشنی نہ پائی جائے یا باعفت عورت کی طرح ہے جس کا کوئی شوہر نہ ہو۔ یہودیوں اور مسلمانوں دونوں کے یہاں ہُدہُد حضرت سلیمان کا سفر سبا میں رہبر تھا۔ اور اسی لئے یہ پرندہ یہودیوں کے بادشاہ حضرت سلیمان سے عمدہ واقفیت کی بنا پر ہر دوسرے پرندے کے مقابلے میں ان صفات سے واقف تھا جو ایک اچھے بادشاہ میں ہونی چاہیئے۔ چنانچہ ہدہد نے دیگر پرندکے سامنے تجویز پیش کی کہ وہ سیمرغ کو اپنا بادشاہ بنائیں۔ یہ عجیب وغریب پرندہ کوہِ قاف میں رہتا ہے اور ہدہد اس کی قابلیت کی تعریف کرتا ہے۔ پرندے سیمرغ کو بادشاہ بنانے کے لئے تیار ہو گئے لیکن اس کے یہاں جاکر تلاش کرنے میں جو لمبا اور پُرخطر سفر درکار تھا اس سے وہ گھبرا گئے۔ چنانچہ پرندوں میں یکے بعد دیگرے اپنا اعتراض یا عذر پیش کرتے ہیں لیکن ہدہد ان سب کی تردید کرتا ہے۔ جو اسباب پرندے پیش کرتے ہیں وہی ہیں جو دنیا دار لوگ انجیل کی نصیحتوں کے خلاف پیش کرتے ہیں۔ بعض پرندے جو روحانیت سے لگاؤ رکھتے تھے وہ کوئی اعتراض نہیں کرتے اور وہ اس پر اکتفا کرتے ہیں کہ ہدہد انھیں بتائے کہ انھیں کیا کرنا چاہیئے۔ سارے پرندے بالآخر طے کرتے ہیں کہ سفر پر روانہ ہوں مگر اکثر راستے میں بھوک پیاس اور تھکن سے مرجاتے ہیں۔ آخر کو تکالیف سہتے اور سات پُراسرار وادیوں سے گزرنے کے بعد وہ سیمرغ کے پاس پہونچتے ہیں۔ اور اس وقت ان کی تعداد صرف تیس تھی۔ لفظ سیمرغ (سی مرغ) کے معانی فارسی میں تیس پرندے ہیں اس طرح پرندے جو انسانوں کی تمثیل ہیں سیمرغ یعنی خدا کی ذات میں خدا کی یاد میں نظر آتے ہیں[1]

ذناسی مزید برآں عطار کے تمثیلی قصہ کے متعلق بیان کرتا ہے کہ اس میں بڑی عمدگی کے ساتھ اس ہولناک حقیقت کا ذکر کیا ہے جو چیدہ برگزیدہ لوگوں کو پیش آئی ہیں اس قصہ میں مذکورہ حقیقت کو فصاحت و بلاغت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے[2] یہ بیان کرنے کی ضرورت نہیں کہ اس کتاب میں جو تجزیہ اور خلاصہ پیش کیا گیا وہ اس ترجمہ پر مبنی ہے جو ذناسی تیار کر رہا تھا۔

نتیجہ میں ذناسی نے اصل فارسی متن کے کسی جملے کا مفہوم صحیح نہ سمجھا اور اس غلط ترجمہ کی

---

[1] ایرانیوں کے یہاں فلسفیانہ اور مذہبی شاعری ۱۸۶۰ء صفحہ ۱۲

[2] ایضاً صفحہ ۶۸

Marfat.com

اساس پر جرأت قائم کی ، وہ بھی صحیح نہیں ہوسکتی ۔ ایسی ایک مثال دی جاتی ہے کہ دتاسی نے ص۲۵ پر اس تجزیہ کے سلسلے میں لکھا ہے کہ "حضرت علیؓ کو خدا کی ویسی ہی واقفیت تھی جیسی کہ ہونی چاہیئے میں کہہ سکتا ہوں کہ حضرت علی خدا کی ذات کا جزو ہیں" یہاں اصل میں وہ حدیث ہے جو کتاب کی اشاعت کے وقت حسب ذیل الفاظ میں بطور ترجمہ دی گئی ہے ۔ حضرت محمد کے ایک قول کے مطابق حضرت علی کو خدا کی ذات کی معرفت حاصل تھی بلکہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ اسی کا جزو تھے"

جیساکہ بیان کیا گیا پیرس میں فارسی متن ۱۸۵۷ء میں شائع ہوا لیکن وہ قلمی نسخے دستیاب نہیں ہوئے جو دتاسی کے پاس تھے ۔ جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ دتاسی کا ایڈیشن ان سے کس قدر مطابق تھا اور اس کی کیا قدر و قیمت ہے ؟ اسے اس طویل کام میں کتنی دشواریاں پیش آئیں ؟ دیباچے کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ "جو لوگ میرا ترجمہ پڑھیں گے انھیں اندازہ ہوگا مجھے اس کی تیاری میں کتنی دشواریاں پیش آئیں اس کی حالت بھی اس شخص کی طرح ہوگی جو ساحل کے کنارے خراماں خراماں چل رہا ہو اور نہیں جانتا ہو کہ کشتی میں سواروں کو کن پریشانیوں سے دو چار ہونا پڑا ہے یہ مفہوم ایک پرانی انگریزی نظم میں بھی ملتا ہے جو حافظ کے مشہور مصرعہ کا ترجمہ نظر آتا ہے یعنی کجا دانند حال ما سبکساران ساحل ہا

Little the man know

What we poor sea man undergo.

● "منطق الطیر" کا فرانسیسی ترجمہ ۳۶۴ صفحوں میں دتاسی نے پیرس میں ۱۸۶۳ء میں شائع کیا ۔ اس کو فارسی زبان سے خصوصی تعلق نہ تھا ۔ مزید برآں عطار کی تالیف دشوار ہے اور جس زمانہ میں دتاسی نے اس کتاب کے ترجمہ کی کوشش کی وہ مغرب میں مستشرقیت کے آغاز کا زمانہ ہے ۔ ان تمام وجوہ سے اس بارہ میں ہمیں اعتراض میں شدت نہیں اختیار کرنی چاہیئے ۔ پھر بھی اغلاط کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں

بیت ۱

آفریں جاں آفریں پاک ترا

آں کہ جاں بخشد ایماں خاک را

Marfat.com

ذناسی نے صفحہ ایک اس کا ترجمہ یوں کیا ہے۔ تعریف اس ذات کی جو جان کا مقدس خالق ہے اور جس نے حقیر زمین کو جان و ایمان عطا کیا۔ یہاں زمین کی جگہ خاک ترجمہ کرنا بہتر ہوگا کیونکہ عطار انسان سے بحث کر رہا ہے جو مسلمانوں کے عقائد کے مطابق مشت خاک سے پیدا کیا گیا تھا۔

بیت ۲؎ عرش را بر آب بنیاد او نہاد خاکیاں را عمر بر باد او نہاد

فرانسیسی ترجمہ صفحہ ۱ پر یوں ہے "جس نے پانیوں پر اپنے عرش کو رکھا" پھر اس نے حاشیہ دیا کہ یہاں عرش الٰہی کا ذکر ہے جو پانی کی سطح پر رکھا گیا اور جس کا ذکر بائبل کی کتاب پیدائش میں باب اول جملہ نمبر ۲ میں ہے۔ لیکن بائبل کے اس جملے میں لکھا ہے کہ "خدا پانیوں کے اوپر متحرک تھا" یہاں عرش کا ذکر نہیں۔ یہ خیال کرنا بہتر ہوگا کہ عطار نے قرآن مجید (سورہ ۱۱ آیت ۹) کی طرف اشارہ کیا ہے کہ "جبکہ اس کا عرش پانی پر تھا" عطار کے ذہن میں قرآن مجید کا بیان ہونا چاہیئے نہ کہ بائبل کا۔

بیت ۵؎ آسماں را بر زبردستی بداشت خاک را در غایت پستی بداشت

ترجمہ میں صفحہ ایک پر لکھتا ہے "اس نے آسمان کو زبردستی عطا کی اور زمین کو ماتحت بنایا" اصل میں یہاں زبردستی اور ماتحتی کا ذکر نہیں بلکہ اوپر اور نیچے ہونا بیان کیا گیا ہے یعنی آسمان اوپر ہے اور زمین نیچے ہے۔

بیت ۱۱؎ بحر را از تشنگی لب خشک کرد سنگ را یاقوت خوں را مشک کرد

اس کا ترجمہ صفحہ ایک پر یوں ہے "اس نے سمندر کو بالکل خشک کر دیا ہے حالانکہ فارسی متن میں لکھا ہے کہ "اس نے سمندر کے ہونٹوں کو پیاس کے باعث خشک کر دیا ہے"۔ غالباً مراد یہ ہے کہ سمندر کے پانی کی کثیر مقدار کے باوجود وہاں انسان پیاسا ہی رہتا ہے اور ایک قطرہ بھی پی نہیں سکتا۔

بیت ۲۴۸؎ صاحب معراج و صدر کائنات سایۂ حق خواجۂ خورشید ذات

صفحہ ۱۲ پر ترجمہ یوں ہے "خدا کا سایہ اور اس کی ذات کا سورج" اصل فارسی کا ترجمہ "حق یعنی خدا کا سایہ، ایک سردار جو اپنی ذات میں سورج کیطرح ہے" یہاں رسول اللہ کی طرف اشارہ ہے جن کو عطار نے سورج سے مشابہ قرار دیا ہے اور ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ خدا کا سایہ ہیں۔

Marfat.com

بیت ۲۴۶ مرتضیٰ و مجتبیٰ جفت بتول خواجۂ معصوم داماد رسول

ترجمہ صفحہ ۲۵ پر ہے حضرت علی کا ذکر کرتے ہوئے ذناسی نے ترجمہ ان الفاظ میں کیا ہے "کنواری کا شوہر باعفت پیغمبر کا داماد" صحیح ترجمہ یوں ہے کہ خدا کے محبوب، خدا کے برگزیدہ، بتول (یعنی حضرت فاطمہؑ) کے شوہر، سردار جو گناہوں سے معصوم ہیں اور پیغمبر کے داماد ہیں۔ ذناسی نے بتول کا جو ایک شخصی نام ہے ترجمہ کر کے کنواری لکھ دیا ہے (جو حضرت مریم کی طرف اشارہ ہو جائے گا۔ لفظ بتول کے معنی عربی میں "ہر چیز سے کٹ کر خدا کا ہو جانا" ہیں۔

بیت ۲۴۸ مقتدائے دین بہ استحقاق اوست مفتیٔ مطلق علی الاطلاق اوست

ترجمہ صفحہ ۲۵ پر یوں ہے کہ وہ ایک رہبر دین ہے جو خوبیوں سے پُر ہے اور وہ اس کا قاضیٔ مطلق ہے" اس بیت کا ترجمہ یوں ہونا چاہیئے۔ وہ دینی سردار ہے جس کا اسے کامل استحقاق حاصل ہے اور وہ بغیر کسی استثناء کے ان سب سے بڑا شخص ہے جس سے فتویٰ پوچھا جاتا ہے (کہ شریعت کا کیا حکم ہے)

بیت ۲۵۰ ہم ز افضالم علی جاں آگہ است ہم علی مخصوص فی ذات اللہ است

ترجمہ صفحہ ۲۵ پر ذناسی لکھتا ہے کہ "علی کو اللہ کی ذات سے واقفیت حاصل ہے بلکہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ اس کا جزو ہیں"

بیت ۲۵۱ ہر دو گر بر دند حق زاحق دراں منع واجب آمدی بر دیگراں

ترجمہ صفحہ ۲۶ پر ذناسی لکھتا ہے "اگر یہ دونوں بڑی شخصیتیں حق و صداقت کی شہادت قابل اعتماد لوگوں کے ذریعے دلاتے تو دوسرے لوگ اس سے روکتے" ترجمہ یوں ہونا چاہیئے اگر وہ دونوں حقدار سے حق چھین چکے تھے تو دوسروں پر واجب تھا کہ ان کو اس بات سے روکتے۔

بیت ۵۰۵ چوں اویس ایں حرف بشنود از عمر گفت تو بگذار و فارغ درگذر

ترجمہ صفحہ ۲۸ پر ہے "جب اویس نے عمر کا یہ قول سنا تو کہا خلافت مجھے دیدے اور پریشانی سے نجات پالے" اس ترجمہ میں "مجھے دیدے" غلط ہے۔ اسی طرح اس نے الف پہ زبر دے کر اویس لکھا ہے۔ صحیح تلفظ الف پر پیش ہے اور واؤ پر زیر ہے۔

Marfat.com

بیت ۴۰ ۳۷ گفت روزی فرخ و مسعود بود روز عرض لشکر محمود بود

صفحہ ۲۱ پر ترجمہ یوں دیا ہے " کہتے ہیں کہ ایک روز فرخ اور مسعود نے محمود کی فوج کے پریڈ کا معائنہ کیا" یہاں فرخ اور مسعود دو آدمیوں کے نام نہیں بلکہ دن کی صفت ہیں۔

یقیناً دتاسی سے اور بھی غلطیاں ہوئی ہیں (اور غلطی کون نہیں کرتا؟) مگر اس کے یہاں جو چیز قابل ذکر ہے اور جو اس کے بہت سے ہم عصر ساتھیوں میں موجود نہ تھی کہ اسے اپنے موضوع سے ہمدردی ہوتی تو وہ اس کو سمجھنے کی پوری کوشش کرتا۔

سوسیتے ازیاتک کی سالانہ رپورٹ میں ژورنال ازیاتک بابت جولائی ۱۸۶۳ء دتاسی کا بھی ذکر ہے چنانچہ ۸۸ تا ۸۹ پر اس کی منطق الطیر کی اشاعت اور کتاب کے خلاصہ کے بارے میں لکھا گیا ہے کہ مختلف پرندوں کی زبان سے صوفیانہ چیزیں بیان کی گئی ہیں۔ دتاسی پر نہ کوئی تنقید کی گئی ہے نہ کسی قسم کا ریمارک ہے۔

گارسین دتاسی نے ایک خط شائع کیا جو اسے ایک خاتون نے "منطق الطیر" کے متعلق لکھا تھا۔ چنانچہ ریویو دلوریاں سلسلۂ جدید جلد ۴ صفحہ ۴۰ تا ۵۱ پر ایک لیڈی (Marquise Bl de S) کا خط چھپا ہے۔

" جناب والا! میں نے منطق الطیر کا دلچسپ ترجمہ جو آپ نے شائع کیا پڑھا!
اور میں چاہتی ہوں کہ فوراً آپ سے عرض کردوں کہ مجھے کتنی دلچسپی ہوئی ......"

یہ ایک سمجھ دار عورت کا ردعمل ہے جو تعلیم یافتہ تھی اور جس نے ایک مشرقی کتاب کو پڑھ کر جو فلسفیانہ اور صوفیانہ ہے اپنے خیالات ظاہر کئے۔

رسالہ ژورنال دساداں فروری ۱۸۶۳ء صفحہ ۱۳۵ پر جدید کتابوں کے عنوان سے منطق الطیر کے اس فرانسیسی ترجمہ کا ۱۷ سطروں میں ایک گمنام تبصرہ چھپا ہے جس میں کتاب کے مندرجات کا تجزیہ کیا گیا ہے۔

" عمر خیام پر ایک نوٹ " اس میں چند رباعیوں کا ترجمہ ہے جو ۱۸۵۷ء پیرس میں شاہی مطبع سے ۱۱ صفحوں میں چھپا ہے۔

عمر خیام فلسفی و شاعر جو علم ہیئت اور ریاضیات کا بھی ماہر تھا۔ وہ تقریباً ۱۰۴۰ء

Marfat.com

میں نیشاپور میں پیدا ہوا اور صد سال کی عمر میں ۱۱۲۵ء میں فوت ہوا۔ دتاسی نے عمر خیام کے افکار کے دونوں پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے کہ "عمر خیام کے اشعار میں نہ صرف اس کے روحانی خیالات کا چربہ ملتا ہے کہ دین کی لفظی تقلید نہ کی جائے اور ظاہری عبادتوں کو انجام دیئے بغیر یہ شاعر صرف خدا سے لگاؤ رکھنا چاہتا ہے جو ہر چیز میں ہر جگہ موجود ہے۔ اس طرح وہ فلسفۂ ہمہ اوست میں ناخواستہ طور پر آجاتا ہے لیکن اگر اس کی رباعیات میں سے بعض کو لفظی معنوں میں لیا جائے تو وہ ملحد اور مادہ پرست ہے۔ اگرچہ اس کے بعض ہم مذہب اسے ولی سمجھتے ہیں لیکن دوسرے اس کو فاسق وفاجر شمار کرتے ہیں"[1]

اس چھوٹے سے مضمون کی اہمیت یہ ہے کہ دتاسی کو رباعیات عمر خیام کا ایک مخطوطہ آکسفورڈ کی بورڈلین لائبریری میں دستیاب ہوا تھا جو شیراز میں ۱۴۶۰ء میں لکھا گیا تھا اس میں کچھ ایسی رباعیات ہیں جو دیگر مخطوطوں میں نہیں ملتی ہیں۔ اس نے ایسی رباعیوں کو ترجمے کے ساتھ شامل کیا ہے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ ۱۸۵۷ء کے اس قابل ذکر مضمون کے بعد عمر خیام کی رباعیات پر بہت سی عالمانہ کتابیں فرانس میں شائع ہوئی ہیں اور بعد میں جو مخطوطے دستیاب ہوئے اس کی اساس پر اس کے متعدد ڈی لکس ایڈیشن مع ترجمہ طبع ہوئے ہیں۔

● "سعدی کی اخلاقی نظم بوستاں" تجزیہ اور منتخبات
۲۴ صفحے مطبوعہ پیرس ۱۸۵۷ء

رسالہ ریویو اورینتال امریکن میں ایک مضمون شائع کیا تاکہ علمی دنیا نیز عوام الناس کی توجہ سعدی جیسی شخصیت کی طرف منعطف ہو۔ اس نے بوستاں کے دو طویل اقتباسات ترجمہ کر کے شائع کئے (دیکھیئے رسالہ مذکور جلد اول ۱۸۵۹ء صفحہ ۲۵۹ تا ۲۷۸) سعدی تیرہویں صدی ایران کا مشہور مصنف وشاعر، عوام الناس اور اہل علم دونوں میں ہر دلعزیز ہے۔ اس کی دو کتابوں کا یورپ میں پہلی دفعہ ترجمہ ۱۸۵۰ء میں جرمن زبان میں مسٹر گراف نے دو جلدوں میں شائع کیا۔ اس کی

---

[1] عمر خیام پر ایک نوٹ مطبوعہ ۱۸۵۹ء صفحہ ۶

Marfat.com

سرپرستی جرمن انجمن مستشرقین نے کی جو ویانا میں چھپی اور جرمن ریاست زاکس کے بادشاہ کے نام معنون ہے۔

دتاسی تعارف میں لکھتا ہے کہ سعدی کی ولادت شیراز میں (جو ایران کا پرانا پایۂ تخت ہے) ۱۱۷۶ء میں ہوئی اور ۱۱۶ کی عمر میں تقریباً ۱۲۹۰ء میں وفات پائی۔ اس نے بہت سے سفر کئے۔ اس کا رجحان فلسفیانہ تھا۔ چنانچہ بوستاں کے دیباچے میں لکھتا ہے "میں نے دنیا کے بہت سے ملکوں کی سیاحت کی ہے ہر قسم کے لوگوں کے ساتھ رہا ہوں۔ دنیا کا کوئی کونہ ایسا نہیں جس سے میں نے فائدہ نہ اٹھایا ہو اور کسی فصل کی کٹائی سے کوئی خوشہ نہ لیا ہو۔"

"بوستان میں چار ہزار اشعار ہیں جو دس ابواب میں منقسم ہیں۔ شروع میں ایک دعا اور ایک دیباچہ نظم میں ہے۔ آخری باب گویا کتاب کا خاتمہ ہے۔ باقی آٹھ بابوں میں کہانیوں کا ایک سلسلہ ہے جن سے مؤلف نہ صرف اخلاقی سبق دیتا ہے بلکہ اس میں صوفیوں کے متصوفانہ فلسفے کا بھی ذکر ہے۔ اور سعدی ہی نہیں عطار، رومی اور حافظ نے بھی اس قسم کے گیت گائے ہیں۔"[1]

"نئی کتاب پند نامہ یا سعدی کی نصیحتیں"

گارسین دتاسی نے اس عنوان کے تحت مشہور سعدی شیرازی کی ایک کتاب کا فرانسیسی ترجمہ کرکے پہلی دفعہ ۱۸۲۲ء میں شائع کیا اور یہ اس کی کتاب "مذہب اسلام کا بیان" بہ شمول "پند نامہ" میں صفحہ ۱۰۵ تا ۱۲۴ ملتا ہے۔ یہ کتاب ایلیگوری میں بھی جو ۱۸۷۶ء میں شامل کی گئی ہے۔ اس میں دتاسی نے ایک انگریزی ترجمہ سے استفادہ کیا تھا۔ جیسا کہ خود اس نے بعض حاشیوں میں بیان کیا ہے۔ مثلاً میں نہیں سمجھتا کہ انگریزی ترجمہ **Who Encompasseth** مطابق اصل ہو۔"[2]

یہ آزاد ترجمہ ہے اور عام مفہوم ادا کرتا ہے۔ مثلاً دیباچے میں اصل کتاب کے الفاظ ہیں

---

[1] سعدی کی اخلاقی نظم بوستاں مطبوعہ ۱۸۵۹ء صفحہ ۷

[2] مسلمانوں کے مذہب کی تفصیل پیرس ۱۸۲۶ء صفحہ ۱۰۵ کا فٹ نوٹ۔

Marfat.com

"مجھے معاف کر" اس کا ترجمہ دتاسی نے "ہماری حالت پر رحم کر" کیا ہے۔ اسی طرح اگر اصل میں ہے "تیرے سوا کوئی نہیں جو ہماری فریاد سنے" تو دتاسی کے ترجمے میں ہے "ہم تیرے سوا کسی سے فریاد نہیں کرتے"[1] بہرحال اسے دلچسپی سے پڑھا جا سکتا ہے۔ بعض وقت وہ دیگر مؤلفوں کی متوازی عبارتوں کا حوالہ بھی دیتا ہے مثلاً صفحہ ۱۱۲ پر اس نے سترہویں صدی کے فرانسیسی مصنف لافونتین کا ذکر کیا ہے۔

پند نامہ ایران اور ہندوستان نیز ہر اس ملک میں جہاں فارسی سیکھی جاتی ہے طلبا کی درسی کتاب وہی ہے۔

"انوار سہیلی سے ماخوذ قصے"

دتاسی نے اپنی کتاب کی تفصیل کے آخر میں حسین واعظ کاشفی کی کتاب "انوار سہیلی" کے دو اقتباس دیئے ہیں۔ پہلا سات صفحوں میں ہے اور کتاب کے صفحات ۱۱۵ تا ۱۵۷ میں آیا ہے اور عنوان ہے 'باز بردار'۔ انوار سہیلی کا جو ایڈیشن کلکتہ میں شائع ہوا اس میں صفحہ ۱۷۸ اور مابعد پر ہے۔

اصل سے مقابلہ کرنے پر نظر آیا کہ ترجمہ میں آزادی سے کام لیا گیا ہے کیونکہ دتاسی نے مناسب سمجھ کر نہ صرف ایسے چند جملے حذف کر دیئے جن کی تکرار ہے اور جو پرانے ایرانی اسلوب میں رائج رہے ہیں بلکہ اس نے چند اشعار بھی حذف کر دیئے ہیں۔ جن سے کتاب بھری ہے۔ ان اختصارات کے باعث فرانسیسی ناظر کے لئے زیادہ سے زیادہ سہل الفہم ہو جاتا ہے۔ مثلاً لفظ عفت کے معنی شرم و حیا کے کیے ہیں آب حیات کا ترجمہ ابدی زندگی کا پانی کیا ہے۔ آب حیات کے معنی ہوتے ہیں وہ پانی جس سے طویل زندگی حاصل ہوتی ہے لیکن دتاسی نے اس کا ترجمہ "دریائے وجود کا پانی" کیا ہے۔ جہاں تک عبارتوں کو صاف کرنے کا تعلق ہے ۱۵۱ صفحہ پر چند بیتوں کا ترجمہ یوں کیا ہے" اس کے چہرے پر آگ کی سی چمک ہے' اس کے رخسار چاندی کی موجوں کی طرح درخشاں ہیں۔ اس کی بھنویں کمان کی طرح اور اس کے غمزے تیروں کی مانند' ان کمان اور

---

[1] مسلمانوں کے مذہب کی تفصیل پیرس ۱۸۲۳ء صفحہ ۵: کا فٹ نوٹ

Marfat.com

تیروں کی مدد سے ہزاروں دلوں کو غلام بنالیا ہے۔ اس کا لفظی ترجمہ یوں ہوگا ، اس کا چہرہ آگ کی طرح، رخسار پانی کی طرح، جو چاند سورج سے زیادہ درخشاں ہیں۔ بھنوؤں کو کمان بنا کر پلک کو تیر بنا کر جب وہ تیر چلاتی ہے تو سیکڑوں دلوں کو اسیر کرلیتی ہے۔" نشان زدہ جملہ ڈناسی نے حذف کردیا ہے۔

اختصار کی ایک دوسری مثال حسب ذیل ہے۔ ڈناسی لکھتا ہے :

"اس مرزبان (گورنر) کا ایک ملخی غلام تھا جو اس کے پاس بار برداری کا کام کرتا تھا۔ نہ اس میں کوئی اخلاق تھا اور نہ وہ کسی بات سے جھجکتا تھا اور وہ اپنے دل کے (جو مٹی سے بنا ہوا تھا) ماحول کو آزاد منشی اور فساد سے بچاتا ہے"۔ اصل کتاب میں لکھا ہے کہ اس مرزبان کے پاس ایک ملخی غلام تھا۔ جسے کسی بات سے شرم نہیں آتی تھی اور وہ حد سے زیادہ آزاد منش تھا۔ چنانچہ وہ اپنے آنکھ کے حدقہ (گولے) کو ہر چیز کے دیکھنے اور بھولنے کی اجازت دیتا تھا۔ وہ اس کی بھی کوشش نہیں کرتا تھا کہ اپنے خاکی سینے کو فحش وفساد کی ہوا سے صاف کرے۔ یہ غلام مرزبان کے یہاں باز بارداری کے کام پر مامور تھا۔ اور پرندوں کے شکار کے لئے انتخاب کیا گیا تھا۔"

صفحہ ۱۵۵ کے اختتام اور صفحہ ۱۵۶ کے آغاز پر ڈناسی نے ایک بیت حذف کر دی جو اصل میں ہے اور جس کے معنی ہیں "بلا امتیاز نقصان پہونچانے کی کوشش نہ کرتا کہ بعد میں تجھے پچھتانا نہ پڑے۔"

اس نے بیان کیا ہے کہ اصل فارسی میں مرزبان کا یہ قصہ یوں شروع ہوتا ہے کہ دمنہ نے وہ چیزیں بیان کی ہیں جو اس قصے میں ہیں۔ ڈناسی نے صرف اقتباسات دیئے ہیں اس طرح یہ قصہ اپنی جگہ مستقل چیز ہو گیا ہے تا کہ جن چیزوں کا وہ ترجمہ نہیں کرتا ان کی طرف اشارہ کرنے کی ضرورت نہ رہے۔

ڈناسی نے جو دوسرا اقتباس دیا ہے اس کا عنوان ہے ریچھ اور باغبان۔ یہ پانچ صفحوں میں اور کتاب کے صفحہ ۱۵۹ تا ۱۶۳ میں آیا ہے۔ اس پر حاشیہ ہے کہ ریچھ اور باغبانی سے دلچسپی رکھنے کی کہانی جو لافونٹین نے بھی لکھی ہے وہ اسی (فارسی) کہانی سے ماخوذ ہے۔"[1]

---

[1] ایلیگوری صفحہ ۱۵۹

Marfat.com

جب اس اقتباس کو ذناسی نے دوبارہ شائع کرنا چاہا اور اسے اپنی کتاب " ایلیگوری" کے اندر شامل کیا تو ایک نوٹ میں بتایا کہ لافونتین پر اس کا بڑا اثر پڑا تھا اور اس کا ملخص ترجمہ ہندوستانی زبان میں شکسپئر کے منتخبات میں جلد اول صفحہ ۲۰ قصہ نمبر ۳۶ میں ملتا ہے "۔

" حسین واعظ کاشفی کی کتاب اخلاق محسنی کا تعارف "۔

ایک مضمون جو ژورنال ازیاتک جولائی ۱۸۶۳ء میں صفحہ ۶۱ تا ۸۱ پر شائع ہوا ہے۔

اس مضمون کا آف پرنٹ جو ذناسی کی شخصی ملکیت میں تھا، مدرسۃ السنہ شرقیہ میں تا حال موجود ہے اور اس کا نمبر ۱۰۲۸ ہے۔ اس ذاتی نسخے میں مؤلف نے کچھ تصحیحیں کی ہیں اور کچھ اضافے بھی۔ تصحیحوں میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ مطبوعہ مضمون کے صفحہ ۶۹ پر نمبر ۱۵ " دشمنی " ہے۔ ذناسی نے لکھا ہے کہ دشمنی کی جگہ عدالت یعنی انصاف پڑھنا چاہیئے اور یہ بھی اضافہ کیا ہے کہ تصور میں بھی نہیں آتا کہ یہ طباعتی غلطی کیسے ہوئی "۔

اخلاق محسنی کے اولین مکمل ایڈیشن کی اشاعت سے بھی قبل ذناسی وہ پہلا شخص ہے جس نے اس کا مغرب سے تعارف کرایا۔ اس کے چند سال بعد ۱۸۵۰ء میں ریونڈ. ایچ. جی. کین نے اس کتاب کے پہلے پندرہ بابوں کا انگریزی ترجمہ ہرٹ فورڈ میں شائع کیا۔

ذناسی اولاً اخلاق محسنی کے بارے میں بتاتا ہے کہ یہ کتاب ۹۰۰ھ مطابق ۱۴۸۴-۸۵ء میں یعنی مصنف کی وفات سے دس سال پہلے تالیف ہوئی تھی۔ پھر ذناسی فارسی زبان کی ان چند کتابوں کا ذکر کرتا ہے جو مماثل موضوع میں اور مشرق میں اخلاق محسنی ہی کی طرح اپنے موضوع میں معروف ہیں۔ اخلاق محسنی کا ایشیا کے کئی زبانوں میں ترجمہ ہوا ہے۔ جیسے عربی، ترکی اور ہندوستانی۔ ہندوستانی زبان میں فارسی اور سنسکرت کی اہم کتابوں کا اکثر نہایت عمدہ انداز میں ترجمہ ہوا ہے[1]

جیسا کہ خود مؤلف نے بیان کیا ہے اخلاق محسنی ولی عہدوں کے لئے لکھی گئی اور ذناسی اس عظیم اختلاف کو نمایاں کرتا ہے جو اس کتاب اور مغربی ادبیات کی کتاب

---

[1] ژورنال ازیاتک ۱۸۴۳ء صفحہ ۹۴

Marfat.com

"پرنس" مولفہ کا ذکر میں پایا جاتا ہے کیوں کر حسین واعظ کاشفی کی اس کتاب کا مقصد یہ تھا کہ بادشاہوں کے کانوں میں اچھے اور شدید قسم کے اخلاق کا اثر پڑے اور انھیں مسلسل خدا اور عالم آخرت کی یاد دلائی جاتی رہے جو دو اساسی معتقدات ہیں[1]

تمہید کا ترجمہ کرنے کے بعد جس میں مؤلف نے تالیف کا مقصد اور اس شخص کا ذکر کیا ہے جس کے لئے وہ لکھی گئی ہے۔ دتاسی نے اس حصے کا ترجمہ کیا ہے جہاں مصنف نے اپنی کتاب کا خاکہ دیا ہے۔ پھر دو باب سولہواں اور سترہواں ہے۔ پہلا باب رحم پر دوسرا لطف و مہربانی پر۔ اس میں کچھ حواشی بھی ہیں۔

ترجمہ کا اصل فارسی سے مقابلہ کرنے پر کچھ غلطیاں ملیں مثلاً صفحہ ۷۰ پر فرانسیسی ترجمہ میں ہے "اس سفارش پر خود بھی عمل کرنے کے لئے حضرت پیغمبر نے فتح مکہ کے دن شہر میں داخلہ کے وقت اپنی مہربانی سے ان قریش سرداروں کو جنھوں نے آپ کے ساتھ ہر طرح کی برائیاں کی تھیں مطمئن کر دیا" "مطمئن کر دیا" صحیح ترجمہ نہیں اصل میں ہے صنادید قریش را..... آزاد کرد" جس کے معنی "قریش کے سرداروں کو چھوڑ دیا"

ترکی سے تراجم:

۱۔ آبیدوس کی فتح کا تذکرہ"۔ سعد الدین کی تاج التواریخ سے ماخوذ اور ترکی سے ترجمہ۔ مطبوعہ ژورنال ازیاتک جنوری ۱۸۲۴ء صفحہ ۳۴۱ تا ۳۵۱

۲۔ شہر قسطنطنیہ کی توصیف Description سعد الدین کی تاج التواریخ سے ماخوذ اور اس ترکی مخطوطہ سے ترجمہ جو فرانس کے کتب خانۂ شاہی میں نمبر ۶۹ پر ہے۔ مطبوعہ ژورنال ازیاتک جولائی جنوری ۱۸۲۶ء صفحہ ۳۰۶ تا ۳۱۷۔

۳۔ جنگ وارنا کا تذکرہ۔ سعد الدین کی ترکی کتاب تاج التواریخ سے ماخوذ۔ ترکی سے ترجمہ۔ مطبوعہ ژورنال ازیاتک جلد ۸ جنوری ۱۸۲۶ء صفحہ ۳۴۴ تا ۳۵۴۔

---

[1] ژورنال ازیاتک ۱۸۳۴ء صفحہ ۶۴

Marfat.com

۴۔ محمد شاہ ثانی کے ہاتھوں قسطنطنیہ کی فتح کا تذکرہ۔ سعد الدین کی تاج التواریخ سے ماخوذ ترکی سے ترجمہ۔ مطبوعہ ژورنال از یاٹک جلد ۸ جنوری ۱۸۲۶ء صفحہ ۳۴ تا ۳۵۴۔

۵۔ شہزادہ جم کے کارنامے۔ سعد الدین کی ترکی تواریخ سے ترجمہ مطبوعہ ژورنال از یاٹک جلد ۹ جولائی ۱۸۲۶ء صفحہ ۱۵۲ تا ۱۷۴۔

محمد سعد الدین حسن ترکی کے مشہور ترین مورخوں میں سے ایک ہے اور عام طور پر خواجہ آفندی کے نام سے مشہور ہے۔ یہ سلطان مراد اول کا اتالیق تھا۔ وہ استنبول میں ۱۵۵۷ء میں فوت ہوا۔ اسی نام کا ایک اور ترکی مورخ بھی ہے جو اس سے ایک صدی بعد گذرا ہے۔ سعد الدین کی تاج التواریخ کو ترکی کے باہر بھی شہرت حاصل رہی ہے چنانچہ اس کا اطالوی ترجمہ "براتوتی دراگوزے" نے کیا ہے۔

اس کے دیگر فرانسیسی ترجمے جن میں سے ایک الف لیلیٰ کے مشہور مترجم انتواں گالان کا رہین منت ہے۔ اور دو جلدوں میں ہے۔ یہ شائع نہیں ہوا اور بہت مشہور بھی نہیں ہے۔ ایک اور ترجمہ بھی شائع نہیں ہوا۔ جس میں اختصار عمل میں آیا ہے اور اس کا مترجم ژولیاں گالاں ہے۔ اور صرف چند اقتباسات پر مشتمل ہے۔ جی۔ جی۔ ڈبلیو گب نے بھی چند اقتباسات کا انگریزی ترجمہ جو فتح قسطنطنیہ کے متعلق ہے ۱۸۷۹ء میں گلاسگو سے شائع کیا۔ ڈناسی نے پانچ ابواب کا ترجمہ کیا جس کی ابھی ہم نے فہرست دی ہے۔ جنگ وارنا کے اقتباس پر جو تمہید ہے وہ ۱۸۲۶ء میں لکھی گئی اس میں ڈناسی لکھتا ہے "یہ اقتباس نیز فتح قسطنطنیہ اور شہزادہ جم کے کارنامے جو بعد میں آئیں گے ترکی مورخوں سے لئے گئے ہیں۔ اور میں نے یہ موسیو میشو کوان کی کتاب "تاریخِ حروبِ صلیبیہ" کی جلد چہارم میں داخل کرنے کے لئے مہیا کئے ہیں۔

یہ کتاب تین سال پہلے طباعت کے لئے کمپوز ہو چکی ہے اور جیسے ہی موجودہ تاریک سیاسی فضا نے جدت پسند اور فاضل مؤلف کو اجازت دی کہ اس نفیس کتاب کی طباعت میں سرعت پیدا کرے دنیائے علم اس کا بے چینی سے انتظار کر رہی ہے۔[1]

---

[1] جنگ وارنا۔ ژورنال از یاٹک ۱۸۲۶ء صفحہ ۳۰۶

Marfat.com

میشو کی کتاب بالآخر ۱۸۲۹ء میں شائع ہوئی۔ اور دتاسی کے فراہم کردہ اقتباس اس کی جلد سوم میں شامل کیے گئے ہیں اور صفحہ ۴۴۴ تا ۴۸۱ میں آئے ہیں۔

● فتح قسطنطنیہ سے متعلقہ باب کی تمہید میں جو ژورنال ازیاتک ۱۸۲۶ء میں شائع ہوا دتاسی لکھتا ہے" اس باب کا کسی قدر مختصر ترجمہ جوگالاں نے کیا اور جس کی نظرثانی موسیو آمیدے ژوبیرنے کی، موجود ہے۔ فرنچ اکیڈمی کے رکن موسیو داریو کی فرانسیسی کتاب" تاریخ ونیز" کی آٹھویں جلد کی تشکیل میں حصہ لیتا ہے اس میں ۱۹۲ صفحے ہیں جو دوسرے ایڈیشن سے متعلق ہیں [۱]"

جب ۱۸۷۶ء میں دتاسی نے ایلیگوری شائع کی تو تاج التواریخ کے مذکورہ اقتباسات بھی اس میں شامل کیے گئے۔ (صفحہ ۵۹۹ تا ۶۳۹)

اصل ترکی کتاب اب سے ایک صدی قبل استنبول میں دو ضخیم جلدوں میں شائع ہوئی۔ جلد اوّل پر ۱۲۷۹ھ بطور تاریخ طباعت درج ہے۔ جلد دوم پر کوئی تاریخ نہیں ہے۔

دتاسی کا پہلا اقتباس اصل کتاب جلد اوّل میں صفحہ ۳۲ تا ۳۴ پر ہے۔ ترجمہ کا اصل ترکی سے مقابلہ کرنے پر اندازہ ہوتا ہے کہ بعض جگہ دتاسی نے بہت سی عبارتیں چھوڑ دی ہیں۔ مثلاً چند اشعار جن میں ترکی انداز میں مترادفات کی بھرمار ہے اسی طرح دتاسی نے متن میں کچھ اضافے بھی کیے ہیں۔ مثلاً زیر ذکر اقتباس کی تمہید میں اس نے سیاق و سباق بتایا ہے تاکہ وہ ناظر بھی اس کو سمجھ سکیں جو تاج التواریخ کے سابقہ ابواب سے ناواقف ہوں۔

---

[۱] خون ہامر نے بھی یہی چھوٹی سی غلطی اس خط میں بھی کی ہے جو گارسین دتاسی کو لکھا اور جو ژورنال ازیاتک جلد ۵ ۱۸۳۴ء صفحہ ۲۳۸ تا ۲۴۰ پر شائع ہوا۔ خون ہامر بیان کرتا ہے کہ نہ صرف اس نے شہر آیدوس کے کھنڈر دیکھے ہیں جو شہر استنبول کے ایشیائی حصے سے چار گھنٹے کی مسافت پر واقع ہیں بلکہ وہ بعض جغرافیائی کتابوں کا بھی حوالہ دیتا ہے۔ مثلاً کتاب " جہاں نما" صفحہ ۶۶۳ نیز دیگر کتابیں۔ یہ امر قابل حیرت ہے کہ اس ترجمہ کو اپنی کتاب ایلیگوری میں دوبارہ شائع کرتے وقت گارسین دتاسی نے اس غلطی کی اصلاح نہیں کی۔ شاید یہ سہواً ہوا ہو۔

Marfat.com

- دتاسی نے آبیدوس کی فتح کا ذکر کرتا ہے۔ لیکن اصل ترکی میں نام آیدوس ہے۔
- دوسرے اقتباس کا نام دتاسی نے جنگ وارنا دیا ہے اور یہ اصل ترکی کتاب کی جلد اوّل صفحہ ۳۷۵ تا ۳۸۴ میں ہے۔ اس میں بھی دتاسی نے ان عبارتوں کو حذف کر دیا ہے جو اس کی رائے میں ترجمہ کے لیے غیر اہم تھیں۔ اصل ترکی میں اس کا عنوان "سلطان مراد کی وفات پر تخت شاہی میں خلا" ہے لیکن دتاسی کو وارنا سے دلچسپی ہے اس لیے اس نے باب کا عنوان بدل دیا ہے۔
- تیسرا اقتباس ترکی کتاب کی جلد اوّل میں ہے اور صفحہ ۴۱۹ تا ۴۲۹ پر ہے۔

چوتھا اقتباس اس کے بعد ہی ہے اور ترکی میں ۴۲۹ تا ۴۴۳ پر ہے۔ اس کتاب میں اسلوب کو بوجھل نہ بنانے کے لئے مترجم نے بہت سی عبارتیں حذف کر دی ہیں تاکہ فرانسیسی ناظر گھبرا نہ جائے۔

آخری یعنی پانچویں اقتباس کا تعلق شہزادہ جم کے کارناموں سے ہے۔[1] یہ اقتباس ہمیں ترکی کتاب کی جلد دوم میں صفحہ ۲ تا ۴۰ پر ملتا ہے۔ اصل کتاب میں اس کا عنوان "مبارک شاہ سلطان بایزید کی تخت نشینی" یہ باب طویل ہے۔ دتاسی نے اس کے اقتباسات ہی کا فرانسیسی ترجمہ کیا ہے۔

ترجمہ کا اسلوب تو بہت نفیس ہے لیکن ترجمہ چونکہ مکمل نہیں ہے اس لئے یہ کہنا مشکل ہے کہ ترجمہ کس حد تک مطابق اصل ہے اور دتاسی کی ترکی دانی کا کیا معیار ہے؟ کسی بڑی کتاب

---

[1] ژورنال ازیاتیک جلد ۶ ۱۸۳۵ء صفحہ ۲۵۵ تا ۲۵۶ میں گارسین دتاسی نے ایک خط شائع کیا۔ فون ہامر نے بھی شہزادہ جم کا ذکر کیا ہے۔ خاص کر اس کے پایۂ تخت سے باہر صوبجات کے قیام کے زمانے کے متعلق جو۔ اس نے فون ہامر کے مضمون میں جو غلطیاں پائی جاتی ہیں ان کی تصحیح کی ہے۔ یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ ترکی لفظ "سوید مادد کاسی" کا ترجمہ ہامر نے شابیزی کا گورنر کیا ہے۔ اور دتاسی بتاتا ہے کہ اس سے مراد "ڈیوک آف سوائے" ہے اور اس وقت جو ڈیوک تھا وہ "شارل" تھا۔ (۱۴۶۸ء میں پیدا ہوا اور ۱۴۸۹ء میں فوت ہوا) یہ فرانس کے بادشاہ لوئی یازدہم کے ماموں زاد بھائی کا بیٹا تھا۔ (دیکھئے دتاسی کے مضمون کا ۲۵۶)

Marfat.com

جیسے ترکی کی تاج التواریخ کے پورے ترجمہ کے بجائے اس نے منتخب بابوں کا ترجمہ کیا بلکہ اِدھر اُدھر سے چند اقتباسات لئے اور کسی جملے کے صرف چند الفاظ کا ترجمہ کر دیا اور شہر قسطنطنیہ کے مناظر کی تفصیل نظم و نثر سب کو ملا کر اصل کے چار صفحوں کا چار سطروں میں ترجمہ کیا ہے۔ بعض وقت تو ترجمہ کے ایک جملہ کا نصف حصہ کسی نثری عبارت سے اور نصف حصہ نظم سے لیا گیا ہے۔ قسطنطنیہ کے فتح کے تذکرے میں ترکی اصل میں ابتداً پندرہ اشعار ہیں ذناسی ان میں سے صرف چار کا خلاصہ و مفہوم دیتا ہے۔ اس طرح جو عبارتیں نثر میں ہیں ان کا بھی کامل ترجمہ نہیں کیا گیا ہے۔

جہاں تک قسطنطنیہ کے حالات کا ذکر ہے اس میں نہ صرف وہ باب ہے جو ترکی میں اس عنوان کے تحت دیا گیا ہے بلکہ اس کے بعد کا ایک اور باب بھی جس کا عنوان "اس قلعہ اور پرانی عبادت گاہ کے بانیوں کے حالات" اصل ترکی میں آیا صوفیا گرجا کا جو تذکرہ ہے وہ ۴۴۷ تک جاتا ہے لیکن ذناسی کا ترجمہ ۴۴۳ پر رک جاتا ہے۔ جو صفحے ذناسی نے چھوڑ دیئے ہیں ان میں آیا صوفیا کے متعلق قیمتی معلومات ہیں بہ ظاہر جو معلومات ترکی اصل میں اس سلسلے میں دی گئی ہیں وہ ان چشم دید ترک گواہوں کے بیانات پر مبنی ہیں جنھوں نے قسطنطنیہ کی فتح میں حصہ لیا تھا۔ کیونکہ اس میں اس کا ذکر ہے کہ آیا صوفیا گرجا کی آرائش و زیبائش میں کیا چیزیں استعمال کی گئی تھیں۔ یونانی ماخذ بھی اس سلسلے میں کافی معلومات مہیا نہیں کرتے کہ ترکوں کے فتح قسطنطنیہ کے وقت عبادت گاہ آیا صوفیا کی کیا حالت تھی؟

اس چوتھے باب کے آخر میں ذناسی نے ایک نوٹ کا اضافہ کیا۔ پیغمبر اسلام کی پیدائش کے وقت آیا صوفیا کے قبے (گنبد) کا داہنا حصہ جھک گیا تھا اور یہ کہ مسلمان مورخوں کے مطابق "میڈیا کے شہر سبا میں کھاری سمندر ہے وہ خشک ہو گیا تھا[1] لیکن یہ عراق کے "ساوہ" سے مراد ہے جیسا کہ ترکی متن کے اس جملے میں صراحت ہے۔ جس سے عین پہلے ذناسی کا ترجمہ رک گیا ہے۔ اور صبا جزیرہ نما عرب کے جنوب میں یمن کا مشہور شہر گزرا ہے۔

یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ میشو نے اپنی کتاب میں ذناسی کے فراہم کردہ جو اقتباسات

---

[1] ایلیگوری صفحہ ۶۱۵

Marfat.com

شائع کیے ہیں وہ ان عبارتوں سے طویل تر ہیں جو تاسی نے ژورنال ازیاتک میں شائع کیے۔ چنانچہ وزنا کی لڑائی کے حالات بطور تمہید اور پس منظر کے اس عبارت کے شروع میں دیے گئے ہیں جو نز کی کتاب کی جلد اوّل کے صفحہ ۴۱۶ تا ۴۱۹ کا ترجمہ ہیں۔ میشو کے یہاں جو عبارت چھپی ہے اس کے آخر میں ۴ صفحے ایسے ہیں جو ژورنال ازیاتک میں نہیں ہیں۔ یہ صفحے دتاسی کی کتاب ایلیگوری کے متعلقہ باب میں بھی نہیں ہیں۔

ایک اور بات جو قابل ذکر ہے وہ یہ کہ ژورنال ازیاتک میں جو اقتباسات شائع ہوئے ہیں وہ مستشرقوں کے لئے تھے۔ اس لئے اس میں بعض وقت الفاظ عربی خط میں بھی دیئے گئے ہیں۔ میشو کی کتاب غیر مستشرق اہل علم کے لئے تھی اس لئے ضروری خیال کیا گیا کہ عربی خط کے الفاظ حذف کر دیئے جائیں۔ خود دتاسی نے اپنی کتاب ایلیگوری میں یہ عربی الفاظ نہیں رکھے۔

جہاں تک اضافہ شدہ ٹکڑوں کا تعلق ہے جو میشو کی کتاب میں ملتے ہیں ان میں دتاسی کے اسلوب اور اصول ترجمہ میں کوئی فرق نہیں ہوا ہے اسی لئے دیگر اقتباسات کے متعلق ہماری جو رائے ہے اس کا میشو کے ایڈیشن پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔

انگریزی سے ترجمے :

"سر ولیم جونز کی فارسی گرامر"

- فرانسیسی ترجمہ کا دوسرا ایڈیشن بعد نظر ثانی، تصحیح اور اضافہ
  مطبوعہ پیرس ۱۸۴۵ء ۱۲۹ صفحات

کلکتہ کی رایل ایشیاٹک سوسائٹی کا بانی سر ولیم جونز شرقیات کی تاریخ میں مشہور شخص گزرا ہے۔ اس کی چھوٹی سی فارسی گرامر جو ۱۷۷۲ء میں لندن میں چھپی تھی۔ بعد میں کئی بار شائع ہوئی۔ اس کی خامیوں کے باوجود یہ مفید سمجھا گیا کہ اس کا فرانسیسی ترجمہ کیا جائے اور انگریزی کتاب کے ناشر" بانشزاں میں دو پرا" کی خواہش پر دتاسی نے یہ کام انجام دیا۔ ولیم جونز چونکہ علم عروض میں کمزور تھا اس لئے دتاسی نے ضروری سمجھا کہ اس سے متعلق باب کو حذف کر دے اس بارے میں رتیو کی رائے قابل ذکر ہے کہ " ولیم جونز نے ایشیائی شعری پر ایک مستقل کتاب شائع کی تھی مگر وہ اس قابل نہ تھا کہ کسی ایک بیت کو صحیح وزن کے ساتھ پڑھ سکے

Marfat.com

اس نے بعض نظموں کے اقتباسات دیئے ہیں اور ایک جدول میں ان کی بحریں بیان کی ہیں لیکن یہ جدول اس نے متعلقہ ملکوں کے شارحین کے بیان پر مبنی رکھی ہے بغیر اس کے وہ خود اس کو کچھ سمجھ سکے۔[1]

اپنے دیباچہ میں دتاسی نے قدیم فارسی تلفظ کا ذکر کیا ہے کہ "میں ناظر کو متنبہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ جو تلفظ میں نے دیا ہے وہ کلاسیکل تلفظ ہے اور متعلقہ ملک کے گرامر اور لغت نویس اسی کا استعمال کرتے ہیں۔ اگر فارسی کا سنسکرت اور ژند زبانوں سے مقابلہ کریں اور ان زبانوں میں جو الفاظ ملتے ہیں ان کے مادہ پر غور کریں تو ہمارے بیان کی صحت کا ثبوت مل جائے گا اور فارسی الفاظ کا یہی قدیم تلفظ ہندوستان میں وفادارانہ طور پر برقرار رکھا گیا ہے حالانکہ خود ایران میں عوام الناس کا تلفظ عام طور پر اُس وقت سے بدل گیا جب سے وہاں ترکی النسل خانوادے برسراقتدار آئے اور دربار کی زبان وہاں ترکی ہوگئی تھی"۔[2]

اس فرانسیسی ترجمہ پر ایک تبصرہ شائع ہوا ہے چنانچہ دلیفرے مری نے ان پر ایک تنقید ژورنال ازیاتک نومبر ۱۸۴۵ء صفحہ ۴۱۴ تا ۴۲۲ میں شائع کی ہے جس میں ولیم جونز کی چند غلطیوں کا ذکر کر کے کہتا ہے کہ بے قاعدہ (irregular) افعال میں کچھ اضافوں کی ضرورت ہے۔ اس تنقید کا دتاسی نے جواب بطور خط کے ژورنال ازیاتک جنوری ۱۸۴۶ء صفحہ ۹۳ تا ۹۶ میں چھاپا ہے۔ وہ ان تنقیدوں میں سے یکے بعد دیگرے ہر ایک سے بحث کرتا ہے کہ وہ بے بنیاد ہیں مثلاً دلیفرے مری نے بتایا تھا کہ فارسی حرف "ی" کے مختلف تلفظ ہوتے ہیں۔ دتاسی کہتا ہے کہ چھوٹی سی کتاب میں اس کی ضرورت نہیں کہ اس قسم کی دقیق چیزوں کا ذکر کیا ہی جائے جو مبتدی کو مدد دینے کی جگہ بھٹکا دیں گی اور پریشان کر دیں گی۔ جہاں تک قاعدہ

---

[1] ژورنال ازیاتک نومبر ۱۸۴۵ء صفحہ ۴۲۱ میں یہ بیان نقل ہوا ہے اور حوالے میں لکھا ہے کہ وہ کتاب سلوستر دتاسی کے متعلق تاریخی و ادبی حالات، دوسرا ایڈیشن صفحہ ۴۶ تا ۴۷

[2] ولیم جونز کی گرامر کا فرانسیسی ترجمہ، مولفہ دتاسی مطبوعہ ۱۸۴۵ء دیباچہ صفحہ ج

Marfat.com

افعال کی فہرست میں بے فائدہ اضافہ کا تعلق ہے دتاسی کا یہی ردعمل ہے۔ البتہ وہ بتاتا ہے کہ دلیفرسے مری کی چند تجویزیں بے بنیاد ہیں۔ مزید برآں وہ لکھتا ہے کہ " میں ان مزعومہ غلطیوں کی جو علم عروض کے متعلق بیان کی گئی ہیں صحت کو قبول نہیں کرتا "[1]

---

[1] گارسین دتاسی کا خط اے۔ ایم۔ تزدل کے نام جو ولیم جونز کی گرامر کے لئے ایڈیشن کے سلسلے میں شائع شدہ ایک مضمون کے متعلق ہے۔ مطبوعہ تزدرنال از یاتک سنہ ۱۸۲۶ء صفحہ ۹۵۔

Marfat.com

عمرانیات و اسلامیات

عمرانیات

گارسین دتاسی کو علم نسلیات یا علم الاقوام (Ethnography) سے بڑی دلچسپی تھی۔ وہ پیرس کی انجمن نسل نگاری کا نائب صدر تھا۔ اس کے چند مضامین سے اس دلچسپی کا اندازہ ہوتا ہے۔ ایسے سارے مضمونوں کو یہاں یکجا کیا گیا ہے جن میں ریاست سورت کے نواب کا ایک خط بھی دتاسی کے نام شامل ہے۔ اور جس میں نواب میر جعفر علی خاں کی سیر و سیاحت کا ذکر ہے۔

"مشرقی ادبیات پر ایک نظر" —— ایک خطبہ جو دتاسی نے پیرس کی انجمن حلقۂ ادب میں دیا تھا اور بیس صفحوں میں ژورنال ازیاتیک میں شائع ہوا۔ یہ مضمون فرانس میں مستشرقیت کے متعلق یادگار رہے گا کیونکہ اسی سال فرانس کے علماء کو جو مشرقی مسائل سے دلچسپی رکھتے تھے، خیال آیا کہ سوسیتے ازیاتیک کے نام سے مستشرقین کی ایک انجمن قائم کریں اور اس کو عملی جامہ پہنایا۔ یہ انجمن آج تک باقی ہے۔ اس کے بانیوں میں دتاسی شامل تھا جو اس وقت نوجوان تھا۔ وہ اس انجمن کے شریک معتمد (سکریٹری) اور کتب خانہ دار (لائبریرین) کی حیثیت سے منتخب ہوا تھا اور اسی سال یکم مارچ کو اس نے حلقۂ ادب کے شعبۂ ادبیات مشرقی کے ابتدائی اجلاس میں یہ خطبہ دیا تھا۔

اس وقت وہ ۲۸ سال کا تھا اور اس کی دیگر ابتدائی تالیفوں کی طرح اس خطبہ میں بھی وہ ایک ہونہار مستشرق نظر آتا ہے۔ خود اسے مغرب کی کلاسیکل زبانوں (یونانی اور لاطینی) کے علاوہ جدید مغربی زبانیں انگریزی اور جرمن بھی آتی تھیں۔ مزید برآں وہ اقوام مشرق کی اہمیت بتاتا ہے اور ان کی تین مشرقی زبانیں جانتا تھا چنانچہ اس مضمون میں وہ نہ صرف عبرانی جو یہودیوں اور عیسائیوں کے لئے مقدس زبان ہے۔ بلکہ عربی، فارسی اور ترکی کی بھی اہمیت بیان کرتا ہے۔ اسے معلوم ہے کہ "ایرانیوں کی شاعری نقالی نہیں مستقل چیز ہے"۔

لہ ہم Ethnology کا ترجمہ نسلیات اور Ethnography کا ترجمہ نسل نگاری کریں گے کیونکہ یہ مختلف علم ہیں۔

Marfat.com

اس مقالہ میں دتاسی زیادہ تر مشرقی اقوام اور وہاں کی شاعری کا ذکر کرتا ہے۔ غالباً حلقۂ ادب کے ماحول نے اسے اس پر مجبور کیا تھا کہ مستشرقیت کی صرف اس شاخ تک اپنے آپ کو محدود رکھے۔

اس ابتدائی زمانہ میں بھی نظر آتا ہے کہ دتاسی ایک آزاد خیال عالم ہے جسے مسلمانوں سے تعصب کے بجائے لگاؤ ہے۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے "عبرانی شاعری عربی شاعری کا بچپن سمجھی جائے گی۔ عبرانی کی جو کتابیں بائبل میں ہیں اسی کی تقلید ہے اور بعض اوقات اتنی ہی بلندی پر پہونچ جاتا ہے"[1]

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دتاسی کو ابھی اس مضمون سے واقفیت نہیں ہوئی جو بعد میں اس کی خصوصیت اور اصل موضوع بحث بن گیا۔ یعنی ہندوستانی ادبیات کیونکہ اس کے متعلق وہ ایک لفظ بھی بیان نہیں کرتا۔

● "انجمن نسل نگاری کے اجلاس ۱۸۶۷ء میں دتاسی کا خطبہ"۔ دتاسی نے پیرس کی اس انجمن کی صدارت کی اور اس کے سالانہ اجلاس مورخہ ۲۷ فروری ۱۸۶۵ء میں اس نے ایک خطبہ دیا جو ۸ صفحوں میں چھپا ہے۔ اس خطبے میں زیادہ تر ہندوستان کا ذکر ہے۔ چنانچہ وہ دہلی کے میر حسن کی مثنوی سحر البیان کے قصہ کا تجزیہ کرتا ہے۔ کیونکہ چھوٹی سی کہانی میں اسے عمرانی دلچسپی کی چیزیں ملتی ہیں۔ اس خطبہ کے آخر میں دتاسی بیان کرتا ہے کہ "برطانوی ہند کی حکومت ہندوستان کے باشندوں کی تقریباً چار سو تصویریں شائع کرے گی جو نسلوں، ذاتوں اور رسم و رواج کی نمائندگی کریں گی اور ان کے رہنے سہنے کے طریقوں اور ان کی دستکاریوں کا بھی ذکر ہوگا"[2] وہ یہ بھی بیان کرتا ہے کہ یہ کام ڈاکٹر مسٹر فوربز وٹسن اور مسٹر کیے کے سپرد کیا گیا ہے۔

● سوسیتے ازیاتیک کے سالانہ اجلاس کے وقت جو ۲۷ جون ۱۸۶۷ء کو دوپہر میں ایک بجے ہوا اس کا صدر اسی زمانہ میں فوت ہوا تھا۔ اور نائب صدر موجود نہ تھا۔ اس لیے دتاسی نے جلسۂ پر ملال کا ذکر کیا تھا اور یہ کہ وہ بتیس سال سے انجمن کا صدر تھا اور یاد دلاتا ہے کہ سوسیتے ازیاتیک

---

[1] مشرقی ادبیات پر ایک نظر۔ مؤلف دتاسی ۱۸۲۳ء صفحہ ۱۴، ۱۵۔

[2] انجمن نسل نگاری کا خطبہ ۱۸۶۳ء ص۸۔

Marfat.com

۱۸۲۲ء میں ڈیوک آف اورلیاں کی صدارت میں قایم ہوئی تھی۔ ملک کے ممتاز ترین عالم سلوسترد ساسی اور مصری ہیرو گلیفی کے خط شناس[1] شاپولیوں وغیرہ اس کے اراکین تھے۔ انجمن کی کارگزاری کا ذکر کرنے کے بعد جو اس وقت پینتالیس سال سے قایم تھی دتاسی نے بیان کیا "حضرات! اس کام کو ہمیں جاری رکھنا چاہیئے جس سے ہماری انجمن کو یورپ کی اعلیٰ علمی انجمنوں میں وہ درجہ ملا ہے جو اس وقت اسے حاصل ہے اور مجھے یقین ہے کہ اس ذوق وشوق کو دیکھنے کے باعث جو قدیم وجدید مشرق کے متعلق نئی تحقیقات کرنے کے لیے ہم میں موجود ہے اور جس سے روز افزوں اہم نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے، انجمن کا یہ درجہ برقرار رہے گا"[2]

● "ہندؤں کے تہواروں کا ذکر" ـــ ہندوستانی زبان کی کتابوں کے مطابق،
مؤلفہ دتاسی مطبوعہ ژورنال ازیاتک پیرس ۱۸۳۴ء۔

دیگر قوموں کی طرح ہندؤں کے یہاں جو عام تہوار ہیں ان کا تعلق دیو مالا، موسموں کی تبدیلی، بہادروں کے کارناموں یا مختلف تاریخی واقعات سے ہے۔ اس کے علاوہ مناظر فطرت اور دوسری رسومات بموقع چاند گرہن، سورج گرہن وغیرہ کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ دتاسی کو ہندؤں کی تہذیب سے خصوصی دلچسپی نہیں تھی اس کے باوجود زیر ذکر مضمون کی تالیف کی وجہ وہ خود تمہید میں بیان کرتا ہے "میں نے مسلمانوں کے مذہب پر جو یادداشت شائع کی ہے۔ اس میں زیادہ تر میں نے مسلمانوں کی تقریبوں کا ذکر کیا ہے اور خیال ظاہر کیا ہے کہ ان اسلامی تقریبوں میں سے متعدد میں ہندو بھی حصہ لیتے ہیں اور ہندؤں کے تہواروں میں مسلمان اکثر شریک رہتے ہیں۔ اس لیے مجھے مفید معلوم ہوا کہ آج برہمنی ہندوستان میں جو عام تہوار پائے جاتے ہیں۔ ان کے متعلق صحیح معلومات پیش کروں اور یہ نیا مضمون میرے پرانے مضمون کا گویا تکملہ سمجھا جاسکے گا۔ وہ مضمون بھی دیکھے جائیں جو میں نے بیگم حسن علی اور مسٹر ہرکولٹس کی دلچسپ تالیفوں پر لکھے

---

[1] اس خط میں ہر آواز کو کسی جانور، کسی پرندے یا کسی اور چیز کی شکل کے ذریعے لکھا جاتا ہے اور اب سے تین چار ہزار سال پہلے مصر میں رائج تھا۔ اس کا کوئی پڑھنے والا دنیا میں باقی نہیں تھا۔ شاپولیوں نے نہایت ذہانت سے اس کو پڑھ لیا تھا۔

[2] ژورنال ازیاتک ۱۸۶۷ء ص ۹

Marfat.com

تھے[۱]

ہندوستان کے مسلمان اور خود مسلمان بادشاہ ہندوؤں کے ان تہواروں میں حصہ لیتے ہیں جیسے دسہرہ دیوالی وغیرہ۔ البتہ شرکت جزوی طور پر کرتے ہیں۔ تہوار کا مذہبی حصہ یعنی پوجا جس میں بتوں کی پرستش ہوتی ہے۔ ہندوؤں کیلئے باعث دلچسپی ہے۔ مسلمان صرف جشن کے مظاہرات میں حصہ لیتے ہیں۔ روشنی دیکھنے جاتے ہیں اور دیگر تماشوں سے لطف اٹھاتے ہیں۔ ایک قابلِ ذکر بات جس کو اہمیت حاصل ہے وہ یہ کہ اس مضمون کے ماخذوں میں دتاسی کو متعدد ایسی تالیفوں سے بھی مدد ملی ہے۔ جو ہندوستان کے مسلمانوں نے لکھی تھی مثلاً بارہ ماسہ وغیرہ۔

- ہز ہائنس میر جعفر علی بہادر کا خط جو رسالہ ریویو دلوریاں للیجری اے دکولونی جدید جلد ۱ ۱۸۵۵ء صفحہ ۵۸ تا ۵۹ میں چھپا ہے اور دو صفحوں میں اس خط کا فوٹو بھی شائع کیا گیا ہے۔

میر جعفر علی خاں ریاست سورت کے حکمراں تھے جو مغربی ہندوستان میں واقع ہے۔ ۱۸۵۴ء کے آخری مہینوں میں پیرس آئے تھے اور چند دن مقیم رہے تھے۔ اپنی فرصت میں وہ دتاسی سے ملنے گئے جس کے ساتھ انھوں نے اپنی مادری زبان اور اردو میں طویل گفتگو کی تھی۔ پیرس سے روانہ ہونے سے پہلے حکمران سورت نے دتاسی کو خط لکھا جس کا فوٹو اور ترجمہ آخر الذکر نے شائع کیا ہے۔ اس خط پر ۱۳ر نومبر ۱۸۵۴ء کی تاریخ ہے۔ اس میں دتاسی کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔ سیاحت پیرس کے متعلق نواب صاحب نے کچھ تاثرات کا ذکر کیا ہے اور وعدہ کیا ہے کہ سفر سے واپس ہوتے ہی سفرنامہ تالیف کریں گے اور اس کا نسخہ دتاسی کو روانہ کریں گے۔

یہ سفرنامہ کبھی شائع نہیں ہوا ورنہ دتاسی اس کا ضرور ذکر کرتا۔ خط کا ترجمہ دتاسی نے چھاپا ہے وہ صرف مفہوم ادا کرتا ہے اور مطابق اصل نہیں ہے جیسے نواب صاحب نے خط کے آغاز میں لکھا ہے "مشرقی علوم کے محترم عالم کی خدمت میں" مگر ترجمہ میں دتاسی نے لکھا ہے "محترم

---

[۱] ہندوؤں کے تہواروں کا ذکر مطبوعہ پیرس ۱۸۳۴ء صـ۱

Marfat.com

علوم کے فاضل کی خدمت میں سلام" یہ مکتوب خط شکستہ میں ہے اور ممکن ہے کہ گارسین دتاسی اس کے چند الفاظ کو پڑھ نہ سکا ہو۔

اِسلامیات

گارسین دتاسی کے علمی کام میں مذہبِ اسلام سے متعلق اس کی مطبوعات کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ جس طرح دتاسی نے ہندوستانی ادبیات پر بہت سی کتب شائع کی ہیں اسی طرح مذہبِ اسلام پر اس نے طویل مقالے لکھے ہیں۔ صفحاتِ ذیل میں ہم کوشش کریں گے کہ قارئین کو اس موضوع پر دتاسی کے علمی کام سے آگاہ کریں تاکہ انیسویں صدی فرانس میں اس کے علمی کارناموں کی وجہ سے اس کے مقام کا تعین کیا جاسکے۔

- "مذہب اسلام کے عقائد اور فرائض" (عربی سے ترجمہ) جو قرآن مجید سے ماخوذ ہیں۔
  اشاعتِ دوم جس میں نظر ثانی اور اصلاحیں بھی ہوئی ہیں۔
  مطبوعہ پیرس ۱۸۴۰ء ۲۷۶ صفحات۔

اس کتاب میں اسلام سے متعلق معلومات کو قلم بند کیا گیا ہے۔ تمہید میں رسول اکرمؐ کی سوانح عمری ہے اور یہ بہت ہمدردانہ ہے۔ اگرچہ بعض جگہ اس کو غلط فہمیاں بھی ہوئیں، اور جانب داری سے کام لیا ہے مثلاً پیغمبر اسلام سے متعلق لکھتا ہے "آپ نے اچھے عیسائیوں سے تعلیم پائی اور ان کی مقدس کتابیں پڑھیں اور اس طرح اصل ماخذوں کی ابدی حقانیت سے متعلق معلومات حاصل کیں"[1]

اسی طرح قرآن مجید کی تدوین کے متعلق لکھتا ہے "تنقید اور حسنِ ذوق سے کام لینے کی جگہ اس پر اکتفا کیا گیا کہ آیتوں کے آخری لفظوں کو جو ہم قافیہ ہوں یکجا جمع کر دیا جائے۔ شروع میں وہ آیتیں ہوں جو سب سے زیادہ واضح ہیں۔ اس کے بعد نسبتاً کم واضح آیتیں اور آخر میں وہ مشکل آیتیں جن کا مفہوم مبہم ہے"[2]

---

[1] کتاب مذہب اسلام کے عقاید و فرائض ص۵

[2] " " ص ۸

Marfat.com

ذناسی نے ناظرین کی توجہ قرآن پر منعطف کرانے کے لیے اس کتاب کے مندرجات کا تجزیہ کیا ہے اور قرآن شریف سے بہت سے اقتباسات دیئے ہیں۔ یہ گمان کیا جاسکتا تھا کہ ذناسی نے خود یہ ترجمے کیے لیکن وہ وضاحت کر دیتا ہے " اگرچہ قرآن مجید پر میں نے جو لکچر دیئے ہیں ان میں بعض وقت یہ اعتراف کیا ہے کہ سوآری کا ترجمۂ قرآن اس قابل نہیں کہ ہر جگہ اس پر کامل اعتماد کیا جائے۔ لیکن میں نے شایع کئے ہوئے اقتباسات میں اس سے استفادہ کیا ہے اگرچہ جہاں ناگزیر نظر آیا اس کی تصحیحیں کی ہیں۔ میں نے ازسرنو کامل ترجمہ نہیں کیا تاکہ جو کام ہو چکا ہے اس سے اپنے کو بچاؤں اور اہم تر کاموں میں مشغول رہ سکوں"[1]

اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ذناسی کو اسلام سے ہمدردی تھی اور چاہتا تھا کہ فرانسیسی ناظرین کے سامنے اسلام کا ایک ایسا خاکہ پیش کرے جو اس کی اپنی قابلیت اور معلومات کے لحاظ سے بالکل صحیح ہو۔ شروع میں وہ بائبل کے کچھ اقتباس دیتا ہے جو مسلمان علماء کی رائے کے متعلق پیغمبر اسلام کی پیشین گوئی پر مشتمل ہیں۔ چنانچہ بائبل کی کتاب پیدائش فصل ۱۷ جملہ بیس (کتاب تثنیہ) کتاب تثنیہ فصل ۱۸ جملہ ۱۸ نیز فصل ۲۳ جملہ ۲۔ کتاب یسیعا فصل ۱۹ جملہ ۶ - ۷ - ۹ نیز فصل ۴۲ جملہ ۱-۷-۱۶ اور ۱۷ بلکہ پوری فصل نیز فصل ۶۳ جملہ ۱ اور ۶ وغیرہ۔ کتاب حبقوق فصل ۳ جملہ ۳ وغیرہ۔ انجیلوں میں سے میتھیلو (متیٰ) کی انجیل فصل ۲۰ جملہ ۹، ۱۶۔ یوحنا کی انجیل فصل ۱۴ جملہ ۱۶ فصل ۱۵ جملہ ۲۶ فصل ۱۶ جملہ ۷، ۱۳ وغیرہ۔ ان اقتباسات میں سے متعدد کے متعلق گارسین ذناسی نے اپنی طرف سے تائیدی توضیحیں شامل کی ہیں۔

ذناسی نے قرآن مجید کے اقتباسات موضوع وار جمع کئے ہیں۔ جیسے خدا، فرشتے،

---

[1] کتاب مذہب اسلام کے عقائد و فرائض صنا

Marfat.com

شیطان، انجیل اور مختلف پیغمبروں کی کتابیں۔ عبادت۔ سماجی فرائض اور قرآن کے بنائے ہوئے اصول وضوابط۔

ڈناسی نے سوآری کے ترجمے میں کچھ اصلاح ضروری ہے لیکن سوآری کے ترجمے پر حقیقت تو یہ ہے کہ اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ اب فرانسیسی میں اس سے بہتر ترجمے شائع ہو چکے ہیں۔ ڈناسی سے پہلے قرآن مجید کے جو ترجمے فرانسیسی میں ہوئے وہ حسب ذیل ہیں:

۱۔ بون آدن تورا دیبو۔ یہ ترجمہ نامکمل ہے۔ جولئش انسائیکلوپیڈیا میں لفظ قرآن کے تحت لکھا ہے کہ قرآن مجید کے سورہ نمبر ۷۰ کا ایک ترجمہ تیرہویں صدی عیسوی اسپینی زبان میں ہوا تھا اور اس سے فرانسیسی ترجمہ مرتب ہوا۔

۲۔ سیور دوریے۔ اس کا عنوان 'محمد کا قرآن' ہے۔ یہ ۶۸۶ صفحات میں ۱۶۴۷ء میں پیرس میں شائع ہوا تھا۔

۳۔ سوآری کا ترجمہ جو ماراچی کے لاطینی ترجمۂ قرآن کی بنیاد پر کیا گیا اور ۱۷۸۳ء پیرس میں شائع ہوا تھا۔ ماراچی کا لاطینی ترجمہ ۱۶۹۸ء میں شہر پادووا میں چھپا۔

۴۔ ریتو کی کتاب "مونیوما عراب" کی جلد دوم صفحات ۲۹۱۔ ۲۹۵۔ ۲۹۸۔ ۲۹۹۔ ۳۰۱۔ ۳۱۷۔ ۳۲۰۔ ۳۲۲۔ ۳۲۵۔ ۳۳۱۔ ۳۴۶ اور ۳۴۹ میں قرآن مجید کے بکثرت اقتباس دیئے ہیں۔

۵۔ کازی میرسکی کا ترجمہ پہلی بار پیرس میں ۱۸۴۰ء میں شائع ہوا اور اس زبان کے بہترین ترجموں میں شمار کیا جاتا ہے [1]

ان اقتباسات کے بعد ڈناسی اپنی کتاب میں سُنّی فرقہ کی ایک دینی کتاب کے ترجمہ کو شامل کرتا ہے جو کلکتہ میں "ہدایت الاسلام" کے نام سے عربی میں اُردو ترجمہ کے ساتھ ۱۸۰۴ء

---

[1] یہ ترجمہ جی پوتیے کی کتاب مشرق کی مقدس کتابیں۔ مطبوعہ پیرس ۱۸۴۰ء میں ص ۵۸۹ تا ص ۷۴۶ میں شامل ہے۔ اس کے بعد پوتیے اور بروسنے کی کتاب "بائبل کے سوا سارے مذاہب کی دیگر مقدس کتابیں" مطبوعہ پیرس جلد ۱ ص ۵۳۹ تا ۷۴۶ میں مکرر شائع ہوا ہے اور ان اشاعتوں میں باہم کوئی فرق نہیں ہے۔

Marfat.com

میں شائع ہوئی تھی۔ ذناسی نے اس میں متعدد دعائیں بھی بڑھائیں جو اس نے دیگر ماخذوں سے لی ہیں۔ یہ دعائیں نجی یا پبلک زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق ہیں۔ چاہے فرد کے متعلق ہوں یا اجتماعی زندگی کے متعلق۔ اس میں اس نے وہ کلمے بھی شامل کر دیئے ہیں۔ جن کی بیمار کو بستر مرگ پر تلقین کی جاتی ہے۔

غرض اس کتاب میں مختلف قسم کی معلومات جمع کر دی گئی ہیں جو مذہب اسلام کے سارے شعبوں کے متعلق ہیں۔

● " لالیجنداد ے ماحوما " اسپینی کتاب جو ذناسی کی فرانسیسی تالیف کا ترجمہ ہے۔ ۱۸۴۰ء میں بارسلونا میں ۱۸۴۰ء میں شائع ہوئی۔

اب سے ایک صدی پہلے ذناسی کے زمانے میں یہ بات آسان نہ تھی کہ اسلام پر معروضی طور گفتگو کی جا سکے اور اگر کوئی مؤلف ایسا کرتا تو فوراً اس کے متعلق شبہ کیا جانے لگتا کہ وہ مرتد ہو کر مسلمان بننا چاہتا ہے۔ اپنی کتاب ایلیگوری میں ذناسی نے ان شبہات کی پیش بینی کے طور پر لکھا ہے کہ " میرے ترجموں کی ان عبارتوں سے جو اختصارات کے ساتھ درج ہیں ممکن ہے بعض ناظرین کو صدمہ ہو اور وہ انھیں مناسب خیال نہ کریں۔ میں نے صرف اس لیے درج کیا ہے کہ مشرقی مسلمانوں کے خیالات اور اسلوب تحریر سے اپنے ناظرین کو واقف کراؤں۔ انصاف پسند ناظر کو یقیناً یہ چیز پسند آئے گی اور میرے لیے یہ ضرورت نہ ہو گی کہ اپنے نصرانیت پر برقرار رہنے کے متعلق مکرر کلمۂ شہادت پڑھوں "[1]

ہماری رائے میں مذکورہ سبب ہی سے ذناسی نے اپنی کتاب کا نام " محمد کا قصہ " (لیجند) پسند کیا ہے۔ یہ مختصر کتاب سیرۃ النبیؐ پر ہے جو ہمیں بارسلونا میں شائع شدہ اسپینی ترجمہ میں دستیاب ہوئی۔ اسپینی کتاب کا مترجم گمنام ہے۔ مؤلف کے نام کے لیے B. Y. B. دیا گیا ہے۔ یہ نسخہ پیرس مدرسہ السنہ شرقیہ میں موجود ہے۔ اور اس مترجم کا پورا نام بو فارو لا امی بروکا لکھا ہے۔

---

[1] کتاب ایلیگوری دیباچہ

Marfat.com

چھوٹی تقطیع کی اس کتاب میں جو چالیس صفحوں پر مشتمل ہے مؤلف نے پیغمبر اسلام کی مختصر سوانح عمری رقم کی ہے اور معراج اور جنت کا بالخصوص تذکرہ کیا ہے۔ آخر میں ایک چھوٹا سا نوٹ قرآن مجید کے متعلق بڑھایا گیا ہے جو بہ ظاہر اسپینی مؤلف کا اضافہ کردہ ہے دتاسی کا نہیں۔ چنانچہ کتاب کے خاتمہ میں لکھا ہے کہ اس کتاب میں کچھ نوٹ یا اضافے فاضل مؤلف سوآری سے لے کر شامل کئے ہیں[1]۔ جو پیش نظر کتاب کو سمجھنے کے لیے مفید ہیں اور محمدؐ کی شخصیت کو صحیح طور سے اجاگر کرنے کے لیے کار آمد ہیں۔"

قرآن مجید پر اس نوٹ میں جو دتاسی کے ترجمہ کے دیباچے سے لیا گیا۔ لکھا ہے کہ قرآن مجید میں ایک سو چودہ سورتیں ہیں۔ شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا جملہ ہوتا ہے اور یہ کہ قرآن شریف ایک حد تک مکہ میں اور ایک حد تک مدینہ میں ۲۳ سال کے عرصے میں نازل ہوتا رہا۔ اس کے بعد مترجم نے اضافہ کیا کہ قرآن مسلمانوں کے سارے عقائد معلوم کرنے کے لیے کافی نہیں ہے بلکہ اس کی وضاحت کے لیے دیگر دینی کتابوں کی ضرورت بھی ہے۔ مثلاً محمد بن پیر علی البرکوی کی کتاب جس کا دتاسی نے حال میں فرانسیسی ترجمہ کیا ہے۔ پیغمبر اسلام کی یہ سوانح عمری جو بظاہر اسلامی ماخذوں پر مبنی ہے کافی غیر جانب دار ہے۔ صرف اس حصے میں جو معراج کے متعلق ہیں چند تفصیلات ایسی ہیں جو بہ ظاہر عوام الناس کی زبان زد چیزوں سے لی گئی ہیں۔ ان کا تعلق راسخ العقیدہ لوگوں سے نہیں۔

• "قرآن کے مطابق مذہب اسلام"۔ عقاید و عبادات کی تفصیل۔
تیسرا ایڈیشن مطبوعہ پیرس ۱۸۷۴ء ۶۱۲ صفحات۔

---

[1] بہ ہر جے ہیں جا بہ جا حاشیے اور نوٹ ہیں جو سوآری سے لیے گئے ہیں۔ سوآری فرانسیسی زبان کا قدیم ترین ترجمۂ قرآن کا مؤلف ہے۔ اسے عربی نہیں آتی تھی اس لیے ترجمہ میں سیکڑوں غلطیاں اور من گھڑت باتیں ہیں۔ مترجم کے سات آسمان، حور اور زینب وغیرہ الفاظ سے ناظرین کو اندازہ ہو جائے گا کہ اس میں استہزاء کا پہلو ہے اور حضرت زید کا اپنی بیوی حضرت زینب بنت جحش کو طلاق دینا اور حضورؐ کا ان سے نکاح کر لینا وہ مشہور واقعہ ہے جسے معاندین بات کا بتنگڑ بناتے ہیں۔ یہاں بھی اس کا ذکر ہے۔

Marfat.com

یہ مذکورہ بالا "مذہب اسلام کے عقائد و فرائض" نامی کتاب کا جو ۱۸۴۰ء میں شائع ہوئی
ایک نیا ایڈیشن ہے اور اسی لیے مؤلف زیر نظر کتاب کو تیسرا ایڈیشن قرار دیتا ہے۔ ۴۴ سال کے
مطالعے اور غور و فکر کے بعد ذناسی کے اسلام سے متعلق معلومات میں نیز اس موضوع پر
مؤلف کی ہمدردی میں اضافہ ہی ہوا ہے۔ چنانچہ زیر نظر کتاب میں وہ اسلام اور پیغمبر اسلام
کی مدافعت بہت زور سے کرتا ہے اور والٹیر کی کتاب "فناٹزم" نیز دوسری کتاب "محمد" پر بڑی
شدت سے تنقید کرتا ہے اور واقعہ ذیل کو بیان کرتا ہے کہ " والٹیر نے پرشیا (جرمنی) کے
بادشاہ کو ۲۰ جنوری ۱۸۴۲ء میں خط لکھا۔ اس میں اعتراف ہے کہ اپنی تالیف میں اس
نے جس حزن انگیز واقعہ کا ذکر کیا ہے وہ محض غلط ہے اور میں جانتا ہوں کہ محمد نے
(نعوذ باللہ) وہ غداری بالکل نہیں کی جس کا میری اس ٹریجڈی میں ذکر ہے[1]"

اگر ذناسی نے اپنی کتاب میں مسلمانوں کی تاریخ پر کچھ تلخ اور نامناسب ریمارک نہ کیے
ہوتے تو آدمی یہ خیال کر سکتا تھا کہ اس نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ اگرچہ اس کا امکان ہے کہ حقیقی
جذبات کو اپنے ماحول سے چھپانے کیلئے اس نے عمداً یہ اعتراض اسلام پر کیے ہوں۔

چنانچہ پیش نظر کتاب کے تین اقتباس پیش کیے جا سکتے ہیں جن میں یہ اعتراض کیا
گیا ہے۔ خود رولان پر یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے کہ وہ مسلمانوں کی جانبداری کرتا ہے[2] "میں اس
سے بھی کم یہ چاہتا ہوں کہ انجیل کا ادنیٰ ترین مقابلہ قرآن سے کروں۔ ساری دیگر دلیلوں کو چھوڑ
بھی دیں تو عیسائیت کا جو ابتدائی صدیوں میں پھیلی اسلام کیساتھ مقابلہ کیا جا سکتا ہے
جو تلوار کی مدد سے مروّج ہوا ہے[3]"

"بودھ مت اور عیسائیت کے بعد اسلام وہ مذہب ہے جو سب سے زیادہ رائج ہوا اور ان
میں سے عیسائیت ہی واحد سچا مذہب ہے[4]"

---

[1] قرآن مجید کے مطابق مذہب اسلام دیباچہ ص۹ نوٹ ۱

[2] 〃 〃 〃 〃 ص۳

[3] 〃 〃 〃 〃 ص۱۱ تا ص۱۲

[4] 〃 〃 〃 〃 ص۷

Marfat.com

دتاسی اپنی تالیف کی ابتدا میں حسب ذیل توضیح کرتا ہے :

آجکل ہندوستان[1] کے مسلمانوں کے متعلق بڑا چرچا ہے۔ اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مذہب اسلام کے متعلق پرانی تالیفوں پر نظر ثانی کے بعد شائع کروں تاکہ لوگوں کو اس کے اصول سے واقفیت ہو اور (حضرت) محمدؐ کے متبعین کے اندھے پن کی شکایت کے باوجود لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اس مذہب میں خرافات نہیں۔ میں نے اس تالیف میں حسب ذیل چیزوں کو جمع کیا ہے :

۱۔ اسلامی مذہب کے عقائد و فرائض جو من وعن قرآن سے لئے گئے ہیں۔

۲۔ اسلامی عقائد کی توضیح جو سنّی فرقہ کے مطابق ہیں۔ ایک ترکی کتاب سے ترجمہ ہے۔

۳۔ مسلمانوں کی مذہبی کتاب کا عربی فارسی سے ترجمہ۔

۴۔ ہندوستان میں مذہب اسلام[2]

اسی لیے موجودہ تالیف کے آغاز میں بائبل کے وہ اقتباس ہیں جن میں پیغمبر اسلام کے آمد کی پیشین گوئی ہے اور جس کا ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں۔ اس رسالے کے بعد ایک اور رسالہ" مذہب اسلام کے عقائد اور فرائض" پر ہے اس کا بھی ہم پہلے تجزیہ کر چکے ہیں۔ یہ ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ یہ رسالہ ۴۴ سال پہلے شائع ہوا تھا۔ اور اب اشاعت جدید کے وقت تصحیحیں اور اصلاحیں عمل میں آئی تھیں۔ اس کے بعد وہ رسالہ ہے جو البرکوی کی تالیف ہے اور جس کا عنوان " مذہب اسلام کا بیان" ہے اس رسالہ کا بھی ہم نے اوپر ایک فصل میں تجزیہ کیا ہے۔

" ہندوستانی مسلمانوں کے مذہب کی خصوصیتوں پر ایک یادداشت"! اس رسالے میں سو سے زیادہ صفحے ہیں اس پر ذیل کی توضیحیں مناسب معلوم ہوتی ہیں۔

یہ دراصل ایک مضمون تھا جو ابتداً ژورنال ازیاتک ۱۸۳۱ء میں شائع ہوا۔ اس کے بعد اسے ایک اور کتاب میں شامل کر دیا گیا جو پیرس میں ۱۸۶۹ء میں شائع ہوئی تھی۔ اسی طرح پیش نظر کتاب میں بشمول اشاعت سوم متصور ہو سکتی ہے۔ یہ کہنے کی

---

[1] معلوم نہیں دتاسی کس چیز کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔

[2] رسالۂ قرآن کے مطابق اسلام۔ مطبوعہ ۱۸۷۴ء۔ دیباچہ صہ ۵

Marfat.com

ضرورت نہیں کہ ہر نئے ایڈیشن کے وقت مؤلف نے نظرثانی اور تصحیح کی ہے۔

مذکورہ بالا یادداشت میں دتاسی اولاً بیان کرتا ہے کہ "بعض ہند شناس اور سیاح سفر ہندوستان سے واپس آ کے صرف ہندوؤں کا ذکر کرتے ہیں یعنی ان ہندوستانی باشندوں کا جو برہمنی مذہب کے پیرو ہیں۔ اگر ہندوستان کی تہذیب و تاریخ کا ذکر کرنا ہو تو صرف ہندوؤں پر اکتفا نہ کی جائے کیونکہ اس مذہب کے پیرو ہندوستان کے واحد باشندے نہیں ہیں اور آجکل (دتاسی کے زمانے میں) وہاں ۲۵ ملین[1] مسلمان ہیں جو ایک زمانے میں اس وسیع بر اعظم پر صدیوں تک حکمرانی کرتے رہے۔ ان کی ایک اپنی تہذیب بھی ہے اور ان کی اپنی مخصوص روایتیں بھی ہیں۔ اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں کا خصوصی مطالعہ کیا جائے۔"

دتاسی کو خاص کر ان علاقہ اور خصوصیتوں سے دلچسپی رہی جو ہندوستانی مسلمانوں میں نظر آتی ہیں۔ اور یہ کہ وہ دیگر ملکوں کے مسلمانوں سے کس طرح اور کس حد تک مختلف ہیں۔ ان پر ہمسایہ ہندوؤں کے کیا اثرات پڑے ہیں۔ ان میں کون سے غیر اسلامی رسم و رواج جڑ پکڑ چکے ہیں اور غیر مسلم ہندوستان کس حد تک مسلمانوں کے عیدوں، تہواروں اور تقریبوں میں شریک ہوتے ہیں اسی لئے دتاسی اپنی کتاب کو دو بڑے حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ پہلے میں عام تقریبوں کا ذکر ہے اور دوسرے میں ہندوستانی مسلمانوں کے اولیاء کا ذکر ہے۔ اس کے مطابق ہندوستان میں اسلام ترقی کر رہا ہے اور اس سے مراد نہ صرف وہ علاقہ ہے جو برطانوی کہلاتا ہے بلکہ وہاں کی دیسی ریاستیں بھی۔ دوسرے الفاظ میں آجکل کی جمہوریۂ ہند اور جمہوریۂ پاکستان دونوں کے علاقوں سے بحث کی ہے۔ دتاسی ان ماخذوں کا ذکر کرتا ہے جس پر اس کی کتاب مبنی ہے جو بیشتر قصے کہانیوں اور منظوم داستانوں پر مشتمل ہے۔ کہ اس زمانے تک ہندوستان میں عمرانیات پر کتابیں لکھنے کا رواج عام نہیں ہوا تھا۔

---

[1] ۱۹۶۲ء میں پاکستان کو چھوڑ کر خود ہندوستان میں ۴۰ ملین مسلمان ہیں اور ۱۹۶۳ء میں ایک سو ملین سے زیادہ مسلمان ہیں۔

Marfat.com

دتاسی کو ان چند تحریکوں کا بھی علم ہے جو ہندوستانی مسلمانوں کی سماجی اصلاح کے لیے شروع ہوئی تھیں مثلاً سید احمد بریلوی کی وہابی تحریک کا ذکر اس نے اپنے خطبات میں کیا ہے۔ دتاسی نے اس پر بھی توجہ کی کہ ہندوستان میں نہ صرف سنی مسلمان بلکہ شیعہ بھی ہیں اور اسی لیے " ان کی تقریبوں میں بھی قدرے اختلاف پایا جاتا ہے۔ دلیسی ریاستوں میں بھی بعض کے حکمران شیعہ ہیں اور بعض کے سنی۔ اس لیے جشنوں میں فرق پیدا ہوگیا ہے۔
دتاسی نے اپنی کتاب میں مذہبی اختلاف سے متعلق جو حالات لکھے یا واقعات بیان کئے وہ اگر صحیح بھی ہوں تو وہ اب ہمارے زمانے میں باقی نہیں۔ اس طرح ان عادتوں کو جو بعض گروہوں اور بعض طبقوں میں پائی جاتی ہیں۔ انھیں ہندوستانی مسلمانوں سے متعلق کر دینا کہاں تک صحیح ہوگا۔ چنانچہ اولاً ہم دتاسی کے مندرجہ ذیل رائے نقل کرتے ہیں۔

"ہندوستانی مسلمانوں کی مذہبی عبادتوں میں سے جو چیز سب سے زیادہ متوجہ کرتی ہے وہ مقامی رنگ میں رنگ گئی ہے اور یہ ذیلی تقریبیں اور عادتیں جو یا تو قرآن سے بہت کم مطابقت رکھتی ہیں یا قرآن کے روح کے بالکل مخالف ہیں لیکن جو ہندؤں سے میل جول کی بنا پر غیر محسوس طور پر مسلمانوں میں رائج ہو گئی ہیں۔ ان کے علاوہ قبروں اور ایسے اولیاء کے مزاروں جن میں بعض مسلمان بھی نہیں بہ کثرت زائرین جاتے رہے ہیں اور غیر مسلم اولیاء کے اعزاز کے لیے نیم مشرکانہ (جاہلانہ) رسمیں انجام دی جاتی ہیں"[1] یہاں دتاسی نے غلطی کی ہے کیونکہ غیر مسلم اولیاء کے مزار نہیں ہوتے سادھی ہوسکتی ہے[2]

بعض اوقات دتاسی کچھ تقریبوں کے اثر کے متعلق مبالغہ آرائی کرتا ہے کہ " میں ذیل میں ان تقریبوں کا ذکر کروں گا جن سے اکثر کو پہچان لیا جائیگا کہ وہ ہندؤں کی تقریبیں ہیں مثلاً امام حسین کی شہادت منانے کے لیے تعزیئے کی رسم قائم ہوئی ہے وہ درگا دیوی کی پوجا سے جو

---

[1] قرآن کے مطابق مذہب ص ۲۹۶

[2] ہندوستانیوں کی سادھیوں پر مسلمان نہیں جاتے نہ عیسائیوں کی قبروں پر۔ دتاسی نے میلوں اور مزاروں پر ہندؤں کی کثرت کے متعلق معلوم کرتے ہوئے یہ سوچا ہوگا کہ غیر مسلم اولیاء کے مزاروں پر بھی مسلمان جاتے ہوں گے۔

Marfat.com

ہندو کاتک (اکتوبر، نومبر) کے مہینے میں مناتے ہیں۔ ماخوذ نظر آتی ہے۔ درگا موت کی دیوی اور شیو یا مہادیو کی بیوی ہے۔ تعزیہ بھی درگا پوجا کی طرح دس دن جاری رہتا ہے۔ دسویں دن ہندو بھاگتے ہوئے جاکر درگا کو جم غفیر کی موجودگی میں دریا میں پھینکتے ہیں اور اس وقت ایک بڑا جشن ہوتا ہے۔ اور موسیقی کے بہت سے آلات پر گانا بجانا ہوتا ہے۔ یہی چیز امام حسین کے مزار پر کی جانے والی چیزوں میں نظر آتی ہے۔ تعزیہ کو عام طور پر جشن کے ساتھ دریا برد کر دیا جاتا ہے۔ اسی طرح اور دیگر تقریبوں کا جو مسلمانوں نے اختیار کرلی ہیں یہاں تذکرہ کیا جائے گا۔ مسلمانوں نے مذہبی تقریبوں میں ہندؤں کے رسم ورواج کو اختیار کرلیا ہے چنانچہ پرشور جلوس نکلتے ہیں۔ اس سے جگنا تھ کے جلوس اور دیگر بگوڈاؤن پر کیے جانے والے جشنوں کی یاد دلاتے ہیں۔ یہ جلوس کم ہی مہذب کہے جاسکتے ہیں لیکن ناگزیر ہیں اور ہندؤں کی مقدس رسموں سے ماخوذ ہیں۔ اور ان کے ساتھ راسخ العقیدہ لوگوں کا جلوس رہتا ہے۔ مسلمان اپنے اولیاء کے مزاروں پر نذرانہ پیش کرتے ہیں۔ وہ بھی ہندؤں کی یاد دلاتے ہیں۔ ان نذرانوں میں چاول گھی اور پھول ہوتے ہیں[1]

دتاسی نے جن تقریبوں کا ذکر کیا ہے ان میں سے صرف چند ہندوستان سے مخصوص ہیں باقی تو ساری دنیائے اسلام میں پائی جاتی ہیں یہ ممکن ہے کہ بعض اسلامی تقریبات کے منانے میں ہندوستان میں کچھ خصوصیات مشترک ہوں۔ ہندوستانی مسلمانوں کی عیدوں کا ذکر کرنے سے پہلے دتاسی کی تمہید کے چند جملے کا عنوان ہے "ابتدائی ریمارک" یہاں نقل کیے جاتے ہیں۔ جیسا کہ ہم نے "اسلام کے عقاید و فرائض" کے سلسلے میں بیان کیا ہے کہ دتاسی کی کتابوں کو پڑھتے وقت کبھی کبھی یہ تاثر ہوتا ہے کہ وہ اسلام کا بے حد مداح تھا۔ چنانچہ زیر بحث کتاب میں بھی ایسی چیزیں ملتی ہیں۔ سیاق وسباق میں کوئی ضرورت نہ ہونے کے باوجود اس نے یہ جملہ لکھا ہے، گویا دتاسی نے اپنے آپ کو کسی دوسرے کے پیچھے چھپا کر یہ چند چیزیں نقل کرنے کی اجازت چاہی جو مسلمان خود بیان کرتے ہیں "جب حضرت عیسیٰ کے

---

[1] قرآن کے مطابق مذہب اسلام ص۲۹۹ تا ص۳۰۰

Marfat.com

پیرو خود صحیح راستے سے بھٹک گئے اور جہالت و کفر میں غرق ہو کر یہ کہنے لگے کہ حضرت عیسیٰ خدا کے بیٹے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے عیسائیوں کے دین کو رد کر دیا اور عربوں میں ایک بڑا نبی پیدا کیا اس کے دائیں ہاتھ میں عصائے حکومت اور بائیں میں قرآن مجید دیا تاکہ روئے زمین کے لوگوں کو واحد صحیح دین پر جمع کر لیں اس پیغمبر کا نام محمدؐ تھا۔ جو حمد و ستائش کا مستحق ہو اس پیغمبر نے پوری کوشش کی کہ شرک اور کفر کو ختم کریں وہ قول و فعل دونوں میں یکساں قوت رکھتے تھے۔ چنانچہ وعظ و نصیحت بھی کی اور معجزے بھی دکھائے اور ان کا دین روز افزوں پھیلتا گیا اور ہمیں توقع ہے کہ آئندہ زمانے میں ایسا واحد دین ہو جائے گا جس کے ذریعہ انسان نجات حاصل کر سکے گا۔[1]

تقریبات کا ذکر کرتے ہوئے دتاسی نے ان کو دو مختلف قسموں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے میں قمری تقریبوں کا نام دیتا ہے۔ (کیونکہ قمری مہینے کے لحاظ سے منائی جاتی ہیں) دوسری شمسی تقریبیں (جو شمسی مہینوں کے اعتبار سے منائی جاتی ہیں)

پہلا قمری مہینہ امام حسینؑ کی شہادت کی یاد دلاتا ہے چنانچہ دتاسی ۶۸۰ء کے اس تاریخی واقعہ کا پس منظر بیان کرتا ہے۔ اس کے بعد وہ بتاتا ہے کہ ہندوستان کے مختلف حصوں میں محرم کس طرح منایا جاتا ہے۔ اس کے بیان کردہ واقعات یورپی سیاحوں کے تذکروں پر مبنی ہیں)۔

دوسرے قمری مہینوں کے متعلق اولاً پیغمبر اسلام کی بیماری سے شفا پانے کا واقعہ ہے لیکن اس پر صرف چند سطریں دی گئی ہیں۔ اس کے بعد دوسرا واقعہ اس مہینے میں آخری چہارشنبہ ہے جس کے متعلق دتاسی یہ عجیب و غریب بیان دیتا ہے کہ ماہ صفر کا آخری چہارشنبہ شیعوں کے یہاں بدشگونی اور سنی اس دن خوشیاں مناتے ہیں۔[2]

تیسرے قمری مہینہ میں پیغمبر اسلام کی ولادت کا جشن منایا جاتا ہے۔ عام طور پر اولیاءاللہ سے متعلق ان کی تاریخ وفات پر کوئی نذر و نیاز ہوتی ہے۔ لیکن پیغمبر اسلام کا جشن تاریخ ولادت پر

---

[1] قرآن کے مطابق مذہب اسلام صفحہ ۲۹ تا صفحہ ۲۹۱

[2] 〃 〃 〃 〃 صفحہ ۳۴۵

Marfat.com

منایا جاتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اس تقریب کو "بارہ وفات" کہتے ہیں لیکن یہ اصطلاح سارے ہندوستان میں عام نہیں۔ معلوم نہیں کہ "بارہ وفات" کی اصطلاح کا آغاز کس طرح ہوا ممکن ہے یہ "گیارہ وفات" کی اصطلاح کے باعث مروّج ہوئی ہو۔ سنیّوں کے یہاں ربیع الثانی کی گیارہویں کو عبدالقادر جیلانی کی نذر دی جاتی ہے مگر وہ کہتا ہے اس کی اصلیت کا ہمیں علم نہیں۔ اسی چوتھے مہینے کو اور مختلف ناموں سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ چند کا دتاسی نے ذکر کیا ہے۔

پانچویں مہینے میں شاہ مدار کا عرس ہوتا ہے جو خالص ہندوستانی ہے۔ دتاسی کے بیان کے مطابق شاہ مدار کی ولادت حلب میں ۱۰۵۰ء اور ان کا مزار ضلع قنوج مقام مکن پور واقع ہے۔ چھٹے مہینے میں دتاسی ایک نفل روزہ رکھنے کا ذکر کرتا ہے جو کسی جلال بخاری نامی بزرگ کے احترام میں ہے۔ ساتواں مہینہ رجب کا ہے جس کی ۱۳ر تاریخ کو حضرت علی کی پیدائش ہے اور ۲۲ر رجب کو امام جعفر صادق کے کونڈے ہوتے ہیں۔ آٹھویں مہینے میں شب برات کا تہوار منایا جاتا ہے۔ یعنی مردوں کی یاد میں قبرستان کی زیارت کی جاتی ہے۔ اس سلسلے میں کیتھولک عیسائیوں کے یہاں کی یکم نومبر کو منائی جانے والی "آل سینٹس" مماثل تقریب کا ذکر کیا جا سکتا ہے۔ نواں مہینہ رمضان کا ہے جس میں مسلمان روزہ رکھتے ہیں اس کی ۲۱ر تاریخ کو حضرت علی کی شہادت کی یاد میں جلسہ ہوتا ہے۔ دسویں مہینے کے آغاز پر روزوں کے اختتام کی بڑی عید منائی جاتی ہے۔ گیارہویں مہینے میں کوئی تقریب نہیں۔ اسی لیے خالی کا مہینہ کہا جاتا ہے۔ آخری یعنی بارہویں مہینے میں عید الاضحٰی کی قربانی ہوتی ہے اور حج بھی ہوتا ہے۔ ان کے علاوہ اسی مہینے کی ۱۸ تاریخ کو اہل التشیع عید تجدید مناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اس دن پیغمبر اسلام نے حضرت علی کو اپنا جانشین نامزد کیا تھا۔

شمسی مہینوں کے لحاظ سے جو تقریبیں منائی جاتی ہیں ان کی تاریخیں ہندو تقویم پر مبنی ہیں۔ دتاسی تین کا ذکر کرتا ہے۔ ایک سالار مسعود غازی کا عرس بہرائچ میں ہے۔ یہ میلہ جیٹھ کے مہینے جو عموماً مئی جون میں پڑتا ہے۔ اسی طرح خضر علیہ السلام کی عید ماہ بھادوں میں آتی ہے اور آخری تقریب گوگا سے متعلق ہے جن کو "ظاہر پیر" بھی کہا جاتا ہے۔ اور یہ بھی بھادوں میں ہوتی ہے۔ دتاسی کے مطابق آخر الذکر تقریب راجپوتانہ میں منائی جاتی ہے۔

Marfat.com

اور وہ بتاتا ہے کہ یہ شخص غیر مسلم اور سلطان محمود غزنوی کے حملے کے زمانے میں جنگ کرتے ہوئے مارا گیا تھا۔

زیر تبصرہ کتاب کے حصہ دوم میں دتاسی ۱۲ مسلمان ولیوں کی مختصر سوانح عمریاں دیتا ہے جن میں بعض ہندوستانی نہیں ہیں۔ جیسے بغداد کے شاہ عبدالقادر جیلانی۔

دتاسی کے زمانے کے بعد سے ہندوستان میں بہت سی چیزیں بدل گئی ہیں اور اس کی کتاب میں جو حالات بیان ہوئے ہیں۔ ان میں سے بہت سی کو اب سماجی کے بجائے صرف تاریخی اہمیت حاصل ہے۔

● "قرآن مجید کی غیر معروف سورت" جو پہلی بار علم میں آئی اور ژورنال ازیاتک مئی ۱۸۴۲ء صفحہ ۴۳۱ تا ۴۳۹ پر شائع کی جارہی ہے۔

اس مضمون میں صرف عربی عبارت اور اس کا فرانسیسی ترجمہ شامل ہے اور کوئی تفسیر نہیں ہے۔ شروع میں مختصر تمہید میں شیعہ روایت کا ذکر ہے کہ مروجہ قرآن میں کچھ اور سورتیں تھیں جو اب ضائع ہو گئی ہیں۔ دتاسی نے اس سلسلہ میں "دبستان مذاہب" صفحہ ۲۴۷ اور مابعد کا حوالہ دیا ہے۔ یہ مشہور فارسی کتاب سترہویں صدی عیسوی کے وسط میں ایک کشمیری مسلمان محسن فانی نے لکھی تھی۔ اس بارے میں مضمون ذیل بھی دیکھا جائے۔

● "قرآن مجید کی ایک غیر معروف سورت" جسے مرزا لیگز نڈر کاظم بیگ نے اپنے مختصر تعارف کیساتھ ترجمہ کر کے شائع کیا تھا۔ یہ شخص قازان (روس) کی یونیورسٹی میں السنہ مشرقیہ کا پروفیسر تھا۔ دتاسی کا یہ مضمون ژورنال ازیاتک پیرس دسمبر ۱۸۴۳ء صفحہ ۳۷۳ تا ۴۲۹ پر شائع ہوا ہے۔

کاظم بیگ کے نوٹ[1] ۵۵ صفحوں پر پھیلے ہیں۔ جن کے بعد خود دتاسی کا نوٹ دو صفحوں میں ہے۔

---

[1] کاظم بیگ نے اسلام ترک کر کے عیسائیت قبول کر لی تھی۔ اس کی وفات پر دتاسی نے اپنے ۱۸۷۰ء کے خطبہ میں صفحہ ۱۵۲ تا صفحہ ۱۵۸ پر ایک طویل وفات نامہ دیا ہے اور اس بارے میں کاظم بیگ کے بیٹے کی مہیا کردہ معلومات سے دتاسی نے فائدہ اٹھایا ہے۔ کاظم بیگ اور دتاسی کی خط و کتابت اور دوستی عرصہ تک رہی وہ وفات نامہ میں اس تعلق خاطر کا ذکر کرتا ہے۔

Marfat.com

کاظم بیگ کی تحریر میں یہ بتایا گیا ہے کہ پیغمبر اسلام اور ان کے ابتدائی خلفاء کے زمانے میں قرآن مجید کی تدوین کس طرح عمل میں آئی۔ دیگر معلومات کیساتھ وہ مشہور شیعہ عالم ابو جعفر قمی کی رائے نقل کرتا ہے کہ ”سنیوں کے یہاں جو قرآن مروّج ہے اس میں اور شیعوں کے یہاں کے قرآن میں کوئی فرق نہیں لیکن بعض غالی شیعہ فرقوں میں ایک روایت پائی جاتی ہے کہ قرآن کی چند سورتوں کو جن میں حضرت علی کا ذکر تھا۔ خلیفہ ابوبکر یا عثمان نے قرآن کی تدوین کے وقت حذف کر دیا۔ مگر اس روایت میں بیان نہیں کیا جاتا کہ جب حضرت علی خلیفہ ہوئے تو انھوں نے ان حذف شدہ سورتوں کو کیوں بحال نہیں کیا۔ کاظم بیگ کے خیال میں قرآن مجید کے ایک جزو کا مخطوطہ ملا ہے جس کا عنوان سورۃ النورین یعنی دو نوروں کا سورۃ۔ اس میں بیالیس آیتیں ہیں۔ اس مضمون کو اسی ترجمے کے ساتھ شائع کیا جاتا ہے۔ اس کا کم امکان ہے کہ وہ قرآن مجید کا ایک حقیقی جزو ہوں۔ واقعہ یہ ہے کہ اس میں قرآن مجید کی مختلف سورتوں سے آیتیں چنی گئی ہیں اور انھیں یکجا کر دیا گیا ہے۔ اس قلمی نسخہ کو دتاسی نے دریافت کیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ جدید دستیاب شدہ دستاویز میں حضرت علی کی تعریف میں چند جملے ضرور ہیں لیکن اس سورت کا اسلام کے ابتدائی زمانے میں کوئی وجود نہیں ملتا۔ مزید برآں اس مضمون کی اشاعت پر ایک سو سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے اور اس میں شیعہ حضرات کو کوئی دلچسپی پیدا نہیں ہوئی۔ اسی ”سورۃ النورین“ کے متعلق نولڈیکے اور شوالی کی جرمن کتاب تاریخ قرآن میں حسب ذیل ذکر ہے:

”تاریخ قرآن“ از تھیوڈر نولڈیکے اور فریدرس شوالی
مطبوعہ لاسنگ ۱۹۱۹ء جلد دوم ص۱۰۱۔

یہ جرمن مصنفین اولاً دتاسی اور کاظم بیگ کے مضمون کا حوالہ دیتے ہیں۔ مذکورہ سورۃ النورین کا متن ”دبستان مذاہب“ نامی فارسی کتاب میں ملا ہے۔ یہ سترہویں صدی عیسوی کے محسن فانی کی تالیف ہے۔ یہ جرمن مؤلف اس تضاد کو نمایاں کرتا ہے جو دتاسی اور کاظم بیگ کی شہادتوں میں پایا جاتا ہے۔ یعنی کاظم بیگ کا بیان ہے کہ اس کو (دتاسی کی) فرانسیسی تالیف سے اس سورۃ کا علم ہوا۔ اس کے برخلاف دتاسی کا یہ بیان ہے کہ ۱۸ سال کی تلاش کے بعد کاظم بیگ کو قرآن مجید کی اس سورۃ النورین کے کامل متن کا پتہ چل سکا۔ نولڈیکے یہ بھی بیان کرتا ہے کہ

Marfat.com

کہ اس تضاد کے متعلق یہ بیان کرنا مشکل ہے کہ آیا اس میں کوئی غلط فہمی ہے یا وہ ایک نجی خط ہے جسے اس مضمون میں بطور تمہید شامل کر دیا ہے۔ اگر آخر الذکر بات صحیح ہے تو اس سورۃ کی دستیابی کے متعلق بیان کردہ تفصیل پر بہت کم اعتماد کیا جا سکے گا۔ کیونکہ کاظم بیگ نے یہ بیان نہیں کیا کہ اسے یہ متن کہاں سے دستیاب ہوا۔

پہلے تو کاظم بیگ کا دیا ہوا عربی متن نقل ہوا ہے پھر جرمن ترجمہ دینے کے بعد اشارہ ہے کہ اس سورۃ کو پڑھیں تو اندازہ ہوتا ہے کہ وہ پرانے اسلوب میں ہی ہے کیونکہ اکثر جملے یا جملوں کے حصے وہی ہیں جو قرآن کی مختلف سورتوں میں استعمال ہوئے ہیں۔ کاظم بیگ کا خیال ہے کہ یہ مماثلت اس دستیاب شدہ سورۃ کی عدم صحت کی دلیل ہے۔ لیکن نولڈیکے کی رائے میں یہ کوئی فیصلہ کن بات نہیں۔ بلکہ ضرورت ہے کہ اس سورۃ کا لغوی اسلوبیاتی اور دیگر نقطہ ہائے نظر سے سارے قرآن مجید کے ساتھ مقابلہ کیا جائے۔ طویل بحث کے بعد نولڈیکے اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ جدید دستیاب شدہ سورۃ النورین کے متعلق تاثر پیدا ہوتا ہے کہ وہ غالباً شیعوں کا لکھا ہوا ہے۔ رہا اس کی تدوین کا زمانہ اسے متعین کرنا مشکل ہے۔ قرآن مجید کے قدیم ترین شیعہ مفسر القمی (چوتھی صدی ہجری کے ہیں) ابن مرتضیٰ (جن کی وفات ۹۱۱ھ میں ہوئی) سورۃ النورین سے ناواقف نظر آتے ہیں، ورنہ وہ اس کا ذکر کرتے۔

- "مذہب اسلام کا بیان" جو محمد بن پیر علی البرکوی کی ترکی تالیف کا ترجمہ۔ مطبوعہ پیرس ۱۸۲۸ء ہے۔

اس کتاب میں سعدی کی فارسی کتاب "پند نامہ" کا فارسی ترجمہ بھی شامل ہے جو دتاسی ہی نے کیا ہے۔ نیز "قصیدہ بردہ" کا ترجمہ جو سلوستر دناسی نے کیا تھا۔

ہم یہاں ان میں سے صرف کتاب اول کا ذکر کریں گے۔ دتاسی نے یہ کتاب کاؤنٹ پوزنالیس کے نام معنون کی ہے اور دیباچہ میں اس علمی کام کے آغاز کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ "مذہب اسلام" شاید سارے مذہبوں سے زیادہ پھیلا ہوا ہے۔۔۔۔ لیکن اس بات میں لوگوں کی معلومات غلط خیالات پر مبنی ہیں۔ صدیوں تک (یورپ میں) مسلمانوں کو بت پرست کا نام دیا جاتا رہا ہے اور بوتاسن نامی شاعر نے اپنی نظم میں مسلمانوں کو اسی نام سے یاد کیا ہے وہ بیان کرتا ہے کہ

Marfat.com

کبھی دنیا کی کوئی قوم بت پرستی سے اتنی دور نہ تھی اور خدا کے ساتھ شرک کرنے سے اتنی بیزار نہ تھی جیسے مسلمان۔ برکوی کا چھوٹا سا رسالہ "مذہب اسلام کا بیان" سے موسوم ہے اور جس کا میں آج ترجمہ شائع کر رہا ہوں وہ ترکی میں مسلمانوں کو مذہب کی ابتدائی بنیادی تعلیم دینے کے لیے مستعمل ہے یہ کتاب ترکوں میں بڑی عزت کی نظر سے دیکھی جاتی ہے اور بہت رائج ہے۔۔۔۔ واقعہ یہ ہے کہ اس میں برکوی نے عقاید کا بیان تفصیل سے کیا ہے اور اپنی کتاب کے ابتدائی چھ باب اس سے مختص کیے ہیں۔ لیکن اس رسالہ میں عبادتوں کا مشکل سے کوئی ذکر ہے جس کا میں نے ایک نوٹ میں کسی قدر تفصیل سے ذکر کرنا ضروری خیال کیا ہے یہ صحیح ہے کہ وضو اور نماز کے متعلق مؤلف نے بڑی تفصیل دی ہے۔ لیکن یہ اس کی تالیف کے ضمیمے میں ہیں۔ میں نے ساتویں باب کا صرف آخری حصہ باقی رکھا ہے اور باقی کا ترجمہ نہیں کیا ہے۔ اپنے رسالہ کے آخر میں محمد برکوی نے موت کے وقت جو چیزیں ملحوظ رہنی چاہیئے ان کا بھی تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ میں نے ان کو بھی حذف کر دیا ہے کہ ناظرین کو ان سے دلچسپی نہ ہوگی۔

اس کتاب کی طباعت اس وقت ہو چکی تھی جب مجھے ایک فرانسیسی تالیف کا علم ہوا جس کا عنوان ہے "ترکوں کا مذھب یا ان کی دینیات کے متعلق رسالہ" مطبوعہ بروسلز ۱۷۰۴ء۔ اس کتاب کے آخر میں محمد برکوی کے رسالہ کا ترجمہ بھی شامل ہے لیکن یہ ترجمہ میری تالیف سے ہٹا ہوا ہے اس میں مترجم نے ان چھوٹی چھوٹی باتوں کا تفصیل سے ذکر کیا ہے جو میں نے عمداً حذف کر دی تھیں اور جن سے ناظرین کو کوئی دلچسپی نہیں ہو سکتی۔ مزید برآں وہ ترجمہ ہر جگہ صحیح نہیں۔ بعض وقت تو فاش غلطیاں کی گئیں اور مفہوم الٹ دیا ہے[1]۔"

اولاً اسی کتاب کے اس دوسرے ترجمے کا چند الفاظ میں ذکر کیا جانا چاہیئے۔ واقعہ یہ ہے کہ بلجیم کے ایک مستشرق نے جس نے گمنامی میں رہنا پسند کیا ہے دو کتابوں کا فرانسیسی ترجمہ کر کے ان کو حسب ذیل عنوان سے شائع کیا "ترکوں کا مذہب یا ان کی دینیات" مؤلفہ البشال مفتی نیز محمد بن پیر علی کی کتاب "عقائد دینی" پہلی کتاب دو جلدوں میں ہے اور ۲۲۸ + ۱۰۹ صفحوں

---

[1] "مذہب اسلام کا بیان" مطبوعہ پیرس ۱۸۲۸ء دیباچہ ص۱۔

Marfat.com

میں ہے ہمیں اسی دوسری کتاب سے براہ راست تعلق ہے ۔ یہ چھوٹی تقطیع ۱۹۶ صفحوں میں ہے ۔ دونوں کتابوں میں سے ہر ایک میں ایک فرضی تصویر ہے ۔ پہلی تصویر پر لکھا ہے " مکہ کا باشندہ مفتی اعظم اشکیال " اور دوسری تصویر میں سات آدمیوں کا گروپ ہے اور اس پر لکھا گیا ہے " فلاڈلفیا کا باشندہ فقیہ محمد بن یسیر علی " اس زمانہ میں واقعہ تو یہ ہے کہ مغرب میں قبول اسلام آسان بات نہیں تھی ۔ چنانچہ کتاب کے مترجم نے نہ صرف اپنے نام کو مخفی رکھا ہے لیکن بہ طور عذر اپنے عیسائی ہونے کا اطمینان دلایا ہے اور مزید برآں اسلام پر کچھ لغو اعتراض بھی کئے گئے ہیں (خوش قسمتی سے دتاسی کی کتاب ان باتوں سے مبرا ہے) ۔ لفظ "ایشال" یا "اشکیال" " الخیال " سے بگڑا ہوا ہے ۔ بلجیم اور فرانسیسی مصنفین کے ترجموں کا ایک ایک اقتباس درج ذیل ہے تاکہ دونوں کے اسالیب کا فرق نمایاں ہو سکے :

گارسین دتاسی کا ترجمہ

باب اوّل ۔ خدا سے متعلق ۔

اولاً اس بات کا اعتراف کرنا چاہیئے کہ صرف خدائے تعالیٰ ہی کی عبادت کی جانی چاہیئے ۔ اس کا نہ کوئی شریک ہے اور نہ کوئی اس کے برابر ۔ اس میں انسانوں کی خامیوں میں سے کوئی بھی نہیں پائی جاتی ۔ اس کی ولادت نہیں ہوئی اور نہ اس سے کوئی اولاد ہوئی ۔ اس کی نہ بیوی ہے نہ بیٹا نہ بیٹی ۔ اس میں یہ حوادث نہیں پائے جاتے ہیں اور نہ پائے جا سکتے ہیں ۔ وہ نہ آسمان میں ہے اور نہ زمین میں ۔ اس کا کوئی مسکن نہیں ۔ نہ دائیں جانب ہے نہ بائیں جانب ... وغیرہ ۔

بلجیم کے مستشرق کا ترجمہ

باب اوّل ۔ خدا کی صفات کا بیان جو سلبی ہیں اور جن کا کوئی جواب نہیں ہے ۔ میری اصلی اور واحد وصیت جو میں اپنے عزیز بھائیوں اور سچے مسلمانوں کو کرتا ہوں وہ صرف یہ ہے کہ اللہ صرف ایک ہے کہ اور وہی ہماری عبادتوں کا مستحق ہے اور اسی سے دعائیں کی جانی چاہیئے ۔ اس کا کوئی شریک نہیں ۔ نہ کوئی اس کا مماثل ۔ اسے نہ کھانے کی ضرورت ہے اور نہ پینے کی ۔ اسے نیند کی بھی حاجت نہیں ۔ نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس سے کوئی پیدا ہوا ۔ اس کی نہ بیوی ہے نہ بیٹا نہ بیٹی اور یہ ہو بھی نہیں سکتے ۔ وہ نہ آسمان میں ہے نہ زمین میں نہ آگے ہے نہ پیچھے ۔ نہ اوپر نہ نیچے اور نہ بازو پر ..... وغیرہ ۔

Marfat.com

دتاسی نے اس کتاب میں اتنے ہی کثیر نوٹ دیئے ہیں جتنا اصل کتاب کا ترجمہ ہے۔ ان حواشی کا مقصد اصطلاحات، تلمیحات اور دیگر مبہم چیزیں جو متن میں آئی ہیں ان کی توضیح کرنا ہے۔ یہ چیزیں مسلمان ناظر کے لیے واضح ہوتی ہیں۔ لیکن غیر مسلم کیلئے نہیں۔ اپنے معلومات کے لیے کئی بار بطور حوالہ مراجعہ دوسوں کی فرانسیسی کتابیں سلطنت عثمانیہ کی جدولوں کا ذکر کیا ہے دیگر مقامات پر زیر تبصرہ کتاب کی ترکی شرحوں کا یا کسی اور کتاب کا حوالہ دیا ہے۔ یہ نوٹ عام طور پر بہت غیر جانبدارانہ ہیں۔ اور ان میں مذہبی مباحثوں سے اجتناب کیا گیا ہے۔ بعض وقت دتاسی مسلمانوں کے ان عقائد کا نمایاں طور پر ذکر کرتا ہے جن سے اہل مغرب واقف نہیں ہیں۔ مثلاً کنواری مریم کے بطن سے حضرت عیسیٰ کی ولادت۔ اسی طرح صـ۱۷ پر کہتا ہے:

"یہ حضرت محمد کی قبر نہیں ہے جس کی مکہ میں زیارت کی جاتی ہے جیساکہ بہت لوگ (مغرب میں) اب بھی خیال کرتے ہیں بلکہ اس قدیم عبادت گاہ یعنی کعبہ کی زیارت جو ہمیشہ سے عربوں کے نزدیک قابل احترام رہی ہے۔ حضرت محمد کی قبر مدینہ میں ہے۔ یہ صحیح ہے کہ بہت سے حاجی مکہ سے فارغ ہونے کے بعد مدینہ کی زیارت کے لیے جاتے ہیں لیکن یہ مذہبی فریضہ نہیں بلکہ ایک قابل ثواب چیز سمجھی جاتی ہے۔ یہ قبر فضا میں معلق نہیں جو مقناطیس کی مدد سے کھڑی کی گئی ہو۔ یہ ایک افسانہ ہے جس کو رولاں اور نودیرتینی نے بڑی سنجیدگی کے ساتھ بیان کرنے کی زحمت اٹھائی ہے"!

ایک اور مقام (صـ۴۲) پر لکھتا ہے: "ہم ہر روز یہ سنتے آئے ہیں کہ حضرت محمد کے بیان کے مطابق عورتیں جنت میں نہیں جائیں گی۔ میں نے اس لغو بیانی کی تردید عزالدین کی کتاب ترجمہ میں صـ۲۲۴ پر شدت سے کی ہے"۔ بعض جگہ اصطلاحی الفاظ آئے ہیں جن کا مفہوم دتاسی ٹھیک طور پر نہیں سمجھتا اس کی وجہ یہ ہے کہ یا تو دتاسی کے زمانے میں ان کی غلط تعبیر کو بطور عادت قبول کر لیا گیا تھا یا لفظوں کی ظاہری مناسبت کی وجہ سے خود اس نے غلط مفہوم لے لیا ہے۔ مثال کے طور پر صـ۸۳ پر زکوٰۃ کا ترجمہ "دیم" کرتا ہے اس فرانسیسی لفظ کے معنی ۱/۱۰ یعنی عُشر کے ہیں اور یہ معلوم ہے کہ زکوٰۃ شرح ہمیشہ ۱/۱۰ نہیں ہوتی بلکہ قابل زکوٰۃ اشیاء کی قسموں کے لحاظ سے اس کی شرح بدلتی رہتی ہے۔ مزید برآں زکوٰۃ کوئی خیرات نہیں بلکہ ایک سرکاری محصول ہے جس کی مقدار اور جس کا زمانۂ ادا معین ہیں اور اگر کوئی اس کی ادائیگی سے انکار کرے تو حکومت

Marfat.com

اس کو بزور مجبور کرتی ہے۔ خیرات میں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

ترجمہ عام طور پر اچھا ہے۔ جہاں تک ممکن ہوسکا فرانسیسی ناظرین کے لیے قابل فہم ہے۔ ظاہر ہے کہ بہت زیادہ لفظی ترجمہ اس مقصد کو پورا نہیں کرسکتا۔

اس کتاب کے متعدد ایڈیشن نکلے ہیں اور اس ترکی کتاب کا ایک عربی ترجمہ بھی ملتا ہے۔ اس کے ایڈیشن ترکی کے باہر بھی ملتے ہیں مثلاً ایک ایڈیشن روس کے شہر قازان میں بھی شائع ہوا ہے۔ اس سلسلے میں ایک اقتباس کا اضافہ کیا جاسکتا ہے جو دتاسی نے اپنے ترجموں کو دوبارہ ۱۸۷۴ء میں اپنی بڑی کتاب "قرآن کے مطابق مذہب اسلام" میں شامل کرتے وقت لکھا تھا۔ اس کے کئی ایڈیشن سقوطری (البانیہ) میں نکلے۔ ایک اور ترجمہ ۱۸۰۶ء میں قازان (روس) میں شائع ہوا۔ ایک اور شخص نے منظوم ترکی ایڈیشن شائع کیا قاضی زادہ اسلامبولی احمد بن محمد امین نے اس کی ایک شرح لکھی جو چوصفحی تقطیع کے ۳۵۲ صفحوں پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب ترکی میں ہے اور دینیات کا مختصر رسالہ بھی سقوطری میں دوبارہ شائع ہوئی۔ اس کا نام "احمد کا گوہر بیش قیمت" (جو برکوی کی چھوٹی کتاب کی شرح کا نام) ہے۔ میں نے اس سے بہت استفادہ کیا ہے کیونکہ اصل کتاب میں بہت سے مقامات پر مفہوم واضح نہیں۔ برکوی کی نسبت شہر برگی کی طرف سے جو برگی نامی پہاڑ کے قریب اناطولیا میں واقع ہے۔ اسے قدیم زمانے میں (فون ہامر کی جرمن کتاب ادبیات کے سالنامے ۱۸۲۷ء کی چوتھی سہ ماہی ص۳ کے مطابق) "ہائی پے پا" کہا جاتا تھا۔

اور یہ کہ اس کتاب کے مؤلف کی وفات پچپن سال کی عمر میں ۹۸۱ھ مطابق ۱۵۷۳ء میں ایک وبا میں ہوگئی تھی۔ اس نے لسانیات اور دینیات پر بکثرت کتابیں لکھی ہیں۔ اس کی تفصیل ہمیں عطائی کی کتاب "طاش کوپری زادہ کی تالیف "علمائے سلطنت عثمانیہ کی سوانح عمریوں" کے تکملہ میں ملے گی اور وہیں ہمارے مؤلف کی زندگی کے متعلق تفصیل دستیاب ہوتی ہے۔"

اس دیباچہ کے ص۱۵ پر ایک نوٹ میں بیان ہوا ہے کہ دتاسی کے فرانسیسی ترجمے کا ہولمبو نے ناروے کی زبان میں ترجمہ کرکے ۱۸۲۹ء میں شہر کرستیانا (اوسلو) سے طبع کیا ہے۔ اور عنوان TYRKISK KATEKISMUS رکھا۔ یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ ژورنال ازیاتک کی جلد اول بابت جولائی ۱۸۲۲ء ص۱۰۹ تا ص۱۱۵ میں جے سیں مارٹین نے دتاسی کی کتاب پر تبصرہ

Marfat.com

کیا ہے اس میں کتاب کے مندرجات کا تجزیہ اور تنقید اور غلطیوں کی تصیح بھی دی گئی ہے۔

فون ہامر نے اپنی کتاب ادبیات کے سالنامے کی ۱۸۲۵ء کے ایڈیشن میں دتاسی کی کتاب پر ایک تبصرہ[1] شائع کیا ۔اس کو جو اعتراض تھے، ان میں اہم ترین یہ نظر آتا ہے کہ ترکی مؤلف کا نام البرکوی غلط ہے۔ اسے البرگوی لکھنا چاہیئے یا ترکی زبان کے مطابق "برگی لی"

دتاسی نے اس کے جواب میں خط لکھا جو ژورنال ازیاتک کے سلسلہ دوم جلد دوم جولائی ۱۸۲۸ء صفحہ ۱۵۱ تا ۱۶۰ میں شائع ہوا اور اس میں واضح کرتا ہے کہ یہ دونوں نام شہر برگی کی نسبت ہیں اور عربی صرف ونحو کے لحاظ سے یہ نسبت برگوی ہوگئی اور ترکی زبان کے متعلق برگی لو یا برگی لی ہوگی لہذا ان دونوں میں کوئی تضاد نہیں۔

"مسلمانوں کے یہاں آدمیوں کے ناموں اور لقبوں پر ایک یادداشت"
مطبوعہ پیرس ژورنال ازیاتک ۱۸۵۴ء، ۹۳ صفحات۔
اشاعت دوم ۱۸۷۸ صفحات ۱۲۸۔

اسلامی ادبیات میں ہمیشہ سے یہ قابل ذکر خصوصیات پائی جاتی ہیں کہ ایک ہی آدمی کا ذکر کئی ناموں سے ہوتا ہے۔ اگر کسی کو ان مختلف ناموں کا علم نہ ہو تو غلطی سے ایک ہی شخص دو مختلف اشخاص خیال کئے جاسکتے ہیں۔ مثلاً حضرت علی کا نام ابوالحسن بھی ہے۔ دتاسی کہتا ہے کہ یہ دشواری صرف اسلامی ادبیات سے متعلق نہیں مثلاً انگلستان میں ہر سال ان لوگوں کو جنھوں نے قوم کی بڑی خدمت کی ہو اعزازی القاب دیئے جاتے ہیں اور وہاں بھی وہی پیچیدگی پیدا ہو جاتی ہے مثلاً لارڈ برکن ہڈ نے قانون بین الممالک پر ایک کتاب شائع کی ہے۔ اس کے ابتدائی ایڈیشنوں میں مؤلف کا نام صرف فریڈرک اسمتھ اور بعد کے ایڈیشن کا مؤلف لارڈ برکن ہڈ کو نہ صرف دو مختلف اشخاص خیال کرے گا بلکہ یہ بھی کہ لارڈ برکن ہڈ نے فریڈرک اسمتھ کی کتاب سے بہت سی باتیں چرائی ہیں۔

زمانۂ جاہلیت سے عربوں میں یہ رواج رہا ہے کہ کسی شخص کو مخاطب کرنے کے لیے کبھی تو فلاں کا بیٹا اور کبھی فلاں کا باپ (اسی طرح فلاں کی بیٹی یا فلاں کی ماں) اور اسی طرح محض کسی لقب کا بھی استعمال کیا جاتا تھا۔ اسلامی دور میں خلفاء کے زمانے سے خاص کر عباسی دور میں حکومت کی طرف سے ممتاز اشخاص کو اعزازی خطاب دیئے جاتے تھے۔ اسی طرح کسی شخص کو اس کے جان

Marfat.com

پہچان کے لوگ بھی کسی نہ کسی نام یا لقب سے یاد کرتے ہیں۔ یہ عادتیں صرف عربوں کی نہیں ہیں۔ ناموں اور القاب کے متعلق کتاب دو طریقے پر تالیف کی جاسکتی ہے۔ ایک یہ کہ ایسے سارے یا بہ کثرت ناموں کو جمع کر کے انھیں حروف تہجی پر مرتب کیا جائے۔ اور ایک ہی شخص کے جو مختلف نام ہیں ان کا حوالہ دیا جائے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ ایک ایسی کتاب لکھی جائے جو ناموں میں پیدا ہونے والی تبدیلیوں اور اختلافوں پر مجرد انداز Abstract میں بحث کرے۔ دناسی نے اس دوسری قسم کو اختیار کیا ہے اور اس کی تالیف اول الذکر طرز کی کتاب کی اچھی تمہید بن سکتی ہے[1]

دناسی نے کوشش کی ہے کہ اس کے زمانے میں مسلمانوں میں جو نام رائج ہیں ان کے اشتقاق کا پتہ چلائے اور یہ دیکھے کہ وہ ابتدائے اسلام میں بھی پائے جاتے تھے یا نہیں۔ وہ یہ بھی بتاتا ہے کہ بعض نام ایسے ہیں جو مسلمانوں میں بھی مروج ہیں اور عیسائیوں اور یہودیوں میں بھی۔ اس کی وجہ سادہ ہے اسلام میں ان پیغمبروں کو بھی مانا جاتا ہے۔ جن کے نام بائبل میں ہیں اور قرآن نے ایسے درجنوں نام نقل کئے ہیں۔ دناسی نے ناموں کے اشتقاق کا پتہ چلانے کی بھی کوشش کی ہے۔ جہاں تک عربی زبان کا تعلق ہے اس موضوع پر ابن دُرَید کی مشہور کتاب "کتاب الاشتقاق" موجود ہے۔

یہ ظاہر ہے کہ دناسی کے یہاں اس موضوع پر کچھ عام معلومات ملتی ہیں مگر وہ بھی کوئی ایسی کتاب نہیں جس میں اسلامی ادبیات میں پیش آنے والی دشواریوں کو حل کرنے کے لیے حوالے کی کتاب کے طور پر استعمال کی جاسکے۔

دناسی نے بیان کیا ہے کہ بعض وقت ہندوستانی مسلمان اپنے بچّوں کو ہندوانہ نام بھی دیتے ہیں اور بعض ہندو بھی بچّوں کا عربی یا فارسی نام رکھتے ہیں۔ مثلاً ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم کا نام جواہر لعل نہرو عربی ہے۔ جواہر کے معنی قیمتی پتھر۔ لعل کے یاقوت اور نہرو کے معنی نہر پر رہنے والا۔

دناسی کی کتاب کا ایک حصہ نظم و نسق کی اصطلاحوں سے متعلق ہے۔ اسی طرح ایک حصہ میں قلمی ناموں کا ذکر ہے

---

[1] یہ بات بعد میں کی بھی گئی۔ دیکھئے ژورنال ازیاتیک ۱۹۰۷ء جہاں اے۔ سی۔ باربی۔ اے دو میینار کی فرانسیسی کتاب "عربی ادبیات میں لقب اور کنیتیں" جو حروف تہجی پر مرتب ہیں۔

Marfat.com

● "لباس پر عربی فارسی یا ہندوستانی الفاظ کاڑھے جاتے ہیں۔ اس پر ایک یادداشت"
پیرس ۱۸۳۸ء ۲۲ صفحات۔ مطبوعہ ژورنال ازیاتک۔

ہندوستان سے آئے ہوئے بعض کپڑوں پر جو الفاظ کڑھے ہوئے نظر آتے ہیں۔ دتاسی نے اس مضمون میں ان کو پڑھنے کی کوشش کی ہے۔ معلوم نہیں کہ کپڑے پیرس کس طرح پہونچے اور یہ کہ وہ اب کہاں ہیں؟ اس بارے میں دتاسی نے صرف یہ بیان کیا کہ "ہمارے معزز رفیق کار موسیو ڈلیشی نے ہندوستان کو دوبارہ روانہ ہونے سے پہلے مجھے کچھ کپڑے سپرد کئے جو بہت عجیب ہیں وہ اسے کلکتہ میں قیام کے دوران دستیاب ہوئے تھے[1]"

ان کی اہمیت یہ ہے کہ "یہ کپڑے مشہور مصلح سید احمد (شہید) کے تھے۔ اور ان پر جو چیزیں کاڑھی گئی تھیں وہ خود ان کی دستکاری یا ان کا ڈیزائن انھوں نے بنایا ہے۔ بہرحال ان پر جو عربی جملے ہیں۔ ان کا انتخاب انھیں نے کیا تھا اور غالباً ان کپڑوں پر جو فارسی الفاظ اور خصوصاً ہندوستانی اشعار ہیں۔ اس حصے کے مؤلف بھی وہی ہیں[2]"

شروع میں دتاسی نے انیسویں صدی عیسوی کے ہندوستان کی اس مشہور شخصیت کی سوانح عمری دی ہے۔ پھر سید احمد بریلوی کے متعلق ایک اہم انکشاف کرتا ہے کہ وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے مصر اور ترکی سے بھی پہلے یہ سوچا تھا کہ مسلمانوں میں قرآن کو پھیلانے کے لیے طباعت اور ترجمہ سے کام لیا جائے۔ چنانچہ سید احمد نے ہگلی کلکتہ میں مطبع احمدی کے نام سے ایک پریس قائم کیا تھا جس میں انھوں نے مختلف رسالے ہندوستانی یا فارسی میں چھاپے ہیں اور ان سب کا مقصد یہ تھا کہ جو اصلاح چاہتے ہیں اُس کا پرچار کریں، وہیں قرآن مجید کا ہندوستانی ترجمہ بھی شائع ہوا اور سید احمد شہید نے اس کام کیلئے اپنے ایک مرید کو آمادہ کیا تھا۔ اشاعت کے اس کام میں یورپیوں کو کوئی دخل نہیں رہا۔ چنانچہ دتاسی لکھتا ہے کہ:

"اس ترجمہ کا مؤلف بھی ایک مسلمان ہے مطبع میں کام کرنے والے لوگ بھی مسلمان

---

[1] کپڑوں پر یادداشت ص۳

[2] " " " ص۳ تا ص۴

Marfat.com

تھے۔ ناشر بھی مسلمان تھا اور اس کے جو اشتہار تقسیم ہوئے وہ صرف مسلمانوں کو بھیجے گئے[1]

آگے لکھا ہے کہ ہمیں معلوم ہے کہ سید احمد کو ۱۸۳۱ء میں ایک لڑائی میں سکھوں کے ہاتھ شہادت حاصل ہوئی۔ کپڑوں پر عبارتیں پڑھنے سے نظر آتا ہے کہ وہ فوجی لباس ہیں اور ان میں خدا سے جنگ میں فتح اور مدد کی دعا کی گئی ہے۔

دناسی کا بیان ہے کہ ان میں چند عربی الفاظ کا املا غلط دیا گیا ہے۔ اگر ایسا ہے تو یقین کرنا پڑتا ہے کہ ان کے مؤلف سید احمد شہید نہیں کیونکہ وہ بڑے عالم تھے۔

جن چیزوں پر یہ عبارتیں کاڑھی گئی ہیں ان کی تعداد آٹھ ہے ایک شال، دو کمر بند، ایک صدری آستینوں دار، ایک صدری بلا آستین اور تین ٹوپیاں۔ دناسی نے چھوٹے سائز پر ان کی تصویریں بھی شائع کی ہیں۔ مسلم بادشاہ اور مجاہدین اکثر جامۂ قرآن پہن کر محاذ جنگ پر جاتے تھے۔ حافظ رحمت خاں اور ٹیپو سلطان کے جامہ ہائے قرآن ابھی عجائب خانوں میں محفوظ ہیں۔ ممکن ہے دناسی نے اسی نوع کا کوئی جامہ دیکھا ہو جو بالاکوٹ کی لڑائی کے بعد انگریزوں کے ہاتھ پڑا ہو۔

---

[1] کپڑوں پر یادداشت ص۵ تا ص۶

Marfat.com

متفرق مطبوعات

اُردو کے چند نادر خطوط

"محبت کی مجلس کے چراغ"

۱۸۳۳ء میں گارسین دتاسی نے بڑی تقطیع کے ۴۸ صفحوں میں بعنوان ضمیمہ ہندوستانی
Appendice aux Rudiments de la langue Hindoustanie
کی مبادیات
شائع کی۔ اس کتابؔ میں اس نے اُردو کے ۸ خطوط شامل کئے۔ سرورق پر مندرجہ ذیل اُردو جملہ مع فرانسیسی ترجمے کے درج کیا گیا "نحو کلام میں جیسی نمک طعام میں" چونکہ اس وقت یائے مجہول کا رواج نہیں ہوا تھا اس لئے "جیسے" کو "جیسی" لکھا گیا۔ یہ عربی کہاوت "النحو فی الکلام کالملح فی الطعام" کا ترجمہ تھا۔

بدقسمتی سے ان خطوط میں مرسل اور مرسل الیہ کا نام اور مقام موجود نہیں۔ اپنے مختصر دیباچہ میں دتاسی لکھتا ہے کہ یہ خطوط اسے حسب ذیل دوستوں کے ذریعے حاصل ہوئے۔ مگر یہ تفصیل نہیں لکھی کہ کون سا خط کس نے بھیجا۔

لہ ناشر کا نام اور پتہ: De Buze rrere Librarie de la Bibliotheque du roi, Rue no. 7 Serpente,

پیرس میں یہ گلی تو اب تک باقی ہے مگر ڈیڑھ سو برس پرانی دوکان غائب ہو چکی ہے۔

Marfat.com

۱۔ میجر اینٹنی ٹروئیر[1]۔ کلکتہ

۲۔ کیپٹن جیمز مائیکل[2] ہیلی بری کالج (انگلستان)

۳۔ ڈنکن فوربز[3] اورینٹل انسٹی ٹیوٹ لندن

۴۔ موسیو ایڈمنڈ بلن۔ پانڈی چری۔

۵۔ ڈاکٹر یوزیب دسال۔ مدراس

۶۔ ڈاکٹر جی۔ اے۔ ہرکولٹس[4]۔ مدراس۔

یہ خطوط جو ابتک اردو قارئین کے لیے منظر عام پر نہ آسکے تھے اور پہلی مرتبہ شائع کئے جارہے ہیں، تاریخی اور ادبی اعتبار سے بے حد اہم ہیں۔ یہ اس حقیقت کا اظہار کرتے ہیں کہ اُردو

---

[1] میجر اینٹنی ٹروئیر کلکتہ ہندو کالج کے معتمد اور سنسکرت اور فارسی کے عالم تھے۔ ہندوستان سے واپسی پر پیرس میں سکونت اختیار کی اور وہیں بعد میں ۹۳ سال کی عمر میں ۱۸۶۹ء میں انتقال کیا۔ دتاسی کے لئے انھوں نے متعدد قدیم مخطوطے نقل کروائے تھے۔ ٹروئیر نے "دبستانِ مذاہب" اور "راج ترنگنی" کے انگریزی ترجمے کی تکمیل کر کے شائع کئے۔ ان کے مضامین پیرس کے ژورنال ازیاتک میں چھپتے رہتے تھے۔

[2] کیپٹن جیمز مائیکل اردو داں ہیلی بری کالج سے متعلق تھا اس نے "انتخاب اخوان الصفا" (اردو از اکرام علی) کو لندن سے ۱۸۲۹ء میں ایڈٹ کیا۔

[3] ڈنکن فوربز گلکرسٹ کے شاگرد اور لندن کے ادارۂ شرقیہ کے بانیوں میں تھے۔ ۱۸۳۷ء میں کنگز کالج لندن میں السنۂ شرقیہ کے پروفیسر بنائے گئے۔ دتاسی کے گہرے دوست تھے۔ فوربز نے باغ و بہار کو مرتب کر کے پہلے رومن اسکرپٹ میں شائع کیا اور ۱۸۶۲ء میں فارسی رسم الخط میں چھپا۔ لندن میں اس کی وفات ۱۸۶۸ء میں ہوئی۔

[4] ڈاکٹر جی۔ اے۔ ہرکولٹس نے "قانون اسلام یا ہندوستان کے مسلمانوں کے رسم و رواج" (از جعفر شریف) کا ترجمہ لندن سے ۱۸۳۲ء میں شائع کیا۔

Marfat.com

زبان میں عام خط وکتابت اُردو کے روایتی مراکز سے بہت دور مدراس اور پانڈیچری میں بھی کی جارہی تھی۔ خواص وعوام بے تکلفی سے اُردو میں خط لکھتے تھے۔ ان کا اسٹائل اس فارسی آمیز طرز قدیم سے مختلف تھا جو اردو مکاتیب کے اولین مجموعے انشاء خرد افروز، مکتوبات احمدی و محمدی اور رقعات عنایت علی انشاء میں شامل ہیں۔ والاجاہ نواب محمد علی خاں والیٔ ارکاٹ کے اخلاف کی اپنے خانگی اور جائداد کے معاملات کے متعلق فارسی خط وکتابت جو نقوش (لاہور) خطوط نمبر (شمارہ ۱۰۹۔ اپریل مئی ۱۹۶۸ء) میں شائع کئے گئے ہیں اور ۳۵-۱۸۳۳ء کے عرصہ میں لکھے گئے تھے۔ اس مجموعہ میں چند رقعات پرانی اردو کے بھی موجود ہیں مثلاً سپریم کورٹ مدراس کا ایک سمن "اہل کورٹ سے شریف کو یہ حکم ہے کہ وہ قیام الدولہ اور قمر الدولہ فرزندان ممتاز بیگم زوجہ جو وارثاں ہیں نواب سیف الدولہ بہادر مرحوم کے اور عمدہ مسلمان باشندے ہیں مدراس کے۔ سوان کو سمن کرے حاضر ہونے چہارشنبہ کو روز تیسری تاریخ کو جون کے ....." وغیرہ وغیرہ۔ دکھنی اردو میں لکھا ہوا ایک شادی کا دعوت نامہ اور تین چار عرضیاں اور چٹھیاں بھی اس مجموعے میں شامل ہیں۔

مرزا غالب نے شاید ۱۸۵۰ء کے لگ بھگ اُردو میں خط وکتابت شروع کی اور عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ سب سے پہلے انھوں نے فارسی کے پُرتکلف القاب و آداب ترک کر کے بے تکلف اور غیر رسمی اندازِ تحریر اپنایا اور مراسلے کو مکالمہ بنا دیا۔ لیکن گارسین دتاسی نے جو خطوط اپنے مجموعے میں پیش کئے ہیں وہ مرزا غالب سے بہت پہلے لکھے گئے تھے۔ دتاسی کے مکتوب نگار کسی ایک خطے، طبقے یا فرقے سے تعلق نہیں رکھتے بلکہ یہ اٹھارہ خطوط ہندوستان کے مختلف دور افتادہ علاقوں میں لکھے گئے۔ کلکتہ، مدراس، پانڈیچری، دکھن اور شمالی ہند اور مکتوب نگار اوائل انیسویں صدی کے معاشرہ کے Cross Section کے نمائندہ ہیں۔ جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اُردو زبان اس وقت ہندوستان کے طول وعرض میں نہ صرف بولی اور سمجھی جارہی تھی بلکہ اس میں نجی اور کاروباری خط وکتابت بھی رائج ہوچکی تھی اور روزمرّہ کی زبان میں خط لکھے جارہے تھے۔ اس مجموعے میں راجہ موہن رائے کا مراسلہ موجود ہے اور انگلش ایسٹ انڈیا کمپنی اور فرنچ ایسٹ انڈیا کمپنی میں

Marfat.com

ملازمت کرنے والے یا ملازمت کے خواہاں عام ہندوستانیوں کے خطوط بھی ملتے ہیں۔ مکتوب الیہ فرنگی افسر ہیں۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انگریز اور فرانسیسی افسر بھی اُردو میں خط و کتابت کرتے تھے۔ تیسری اہم بات دتاسی کے اس مجموعے سے یہ ثابت ہوتی ہے کہ جس طرح ملک محمد جائسی کی پدماوت فارسی رسم الخط میں لکھی گئی تھی اسی طرح اوائل انیسویں صدی تک اودھی اور بھوجپوری بولیاں بھی اردو رسم الخط میں قلم بند کی جاتی تھیں یہ دستور بعد کو ہوا کہ جن لوگوں کی مادری زبان پنجابی، اودھی یا بھوجپوری ہے وہ خط و کتابت اردو یا ہندی میں کرنے لگے۔ دتاسی نے اپنے اس مجموعے میں ایک خط ایک مارواڑی بنیے کا بھی پیش کیا ہے وہ اردو میں لفظ "میں" کے بجائے مارواڑی "مانڈ" استعمال کرتا ہے۔

ان خطوط سے اس زمانے کے سیاسی و سماجی حالات پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

نوٹ: قارئین کی سہولت کی خاطر ضرورت کے مطابق یای معروف کی جگہ یائے مجہول بریکیٹ میں لکھ دی گئی ہے۔

Marfat.com

کتاب میں "ہندوستانی خط اصلی" کے عنوان سے پہلا خط جو کسی نے اپنے دوست کو لکھا ہے۔ رسمی القاب و آداب کے بجائے دلاویز بے تکلفی سے شروع ہوتا ہے۔ یہ خط غالباً مدراس سے پانڈیچری بھیجا گیا ہے۔
اس خط سے پانڈیچری کے تامل باشندے اور ڈناسی کے عزیز شاگرد ای بیسے کے اس بیان کی تصدیق ہوتی ہے کہ ۱۸۴۲ء میں کرومنڈل سے مالابار تک بارہ سو میل کے دوران سفر اس نے ہر جگہ اردو میں بات چیت کی تھی اور جنوبی ہند میں یہ ایک رابطہ کی زبان کا درجہ اختیار کر چکی تھی۔

ہندوستانی خط اصلی

(۱)

محبت کی مجلس کے چراغ، خدا تم کو ہمیشہ روشن رکھے

مدت ہوئی کہ نہ کوئی خط تمہارا مجھے پہنچا نہ کچھ خبر تمہاری خیریت کی کسی کی زبانی سننے میں آئی نہ اس طرف کے آنے والوں سے کسی کے ساتھ ملاقات کا اتفاق ہوا، جو احوال تمہارا پوچھتا۔ اس لیے خاطر میری نہایت متفکر ہے۔ چاہیے کہ اس خط کے پہنچتے ہی دو چار سطریں اپنی خیر و عافیت کی لکھ کر بھیجیے کہ میرے دل کو اطمینان حاصل ہووے اور مجھے تھوڑا سا گلاب درکار ہے۔ اگر ہو سکے تو دو تین قرابے گلاب کی کسی بیوپاری کی کشتی میں بھیج دیجیے اور قیمت اس کی جو کچھ ہو سو لکھ کر ارسال کیجیے کہ یہاں سے بطریق ہنڈوی تمہاری خدمت میں بھیجا جائے۔ زیادہ کیا تصدیع دینے میں آوے۔

اقبال کا گل ہمیشہ شگفتہ رہے۔ ••

Marfat.com

خط نمبر ۲ اور ۳ کے راقم رضا علی خاں فرانسیسی ہند کے شہری تھے۔ انہوں نے یہ خط غالباً کسی فرانسیسی مربی یا افسر کو اس کے اردو میں لکھے ہوئے خط کے جواب میں تحریر کیے۔ ان کے فرانسیسی ترجمے میں دتاسی لکھتا ہے کہ یہ خط ۱۸۲۷ء میں شہر "یاناوں" میں لکھے گئے۔ اسی لئے انگریزی کی جگہ فرانسیسی الفاظ ملتے ہیں مثلاً ماہ جون اور جولائی کے بجائے "ژوئن" اور "ژ ییت" ہے۔

مکتوب نگار اس شہر سے نالاں نظر آتا ہے اور لکھتا ہے کہ "اردی" کے سوا وہاں کوئی اور زبان سننے میں نہیں آئی۔ دتاسی کے مطابق اس سے اڑلیسہ کی زبان مراد ہے لیکن اس کا یہ خیال صحیح نہیں کیونکہ اڑلیسہ کی زبان کو "اڑیا" کہتے ہیں۔ بقول ڈاکٹر گریرسن دکن اور شمالی ہند کے مسلمان تامل کو "اروا" کہتے تھے، جو مدراس اور پانڈیچری وغیرہ میں بولی جاتی تھی اور اب بھی بولی جاتی ہے۔ مکتوب نگار نے اسے "اردی" لکھا ہے۔ جس شخص کو فرانسیسی نہ آتی ہو اسے اس خط کے چند الفاظ سمجھنے میں دقت ہوگی۔ مثلاً انگریزی کے لیفٹیننٹ کو رضا علی خاں فرنچ لوتنیاں لکھتا ہے کماںڈانٹ کو کماندان وغیرہ۔ وہ مکتوب الیہ کو یہ بھی لکھتا ہے اردو لکھنے کی مشق جاری رکھیں اس کی دکنی اردو سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ حیدرآباد، کرناٹک یا مدراس کا باشندہ ہے اور فرنچ ایسٹ انڈیا کمپنی کی کسی رجمنٹ میں اُردو پڑھانے پر مامور ہے۔

(۲)

صاحب مشفق مہربان فیض بخشنے والے اور غریبوں کو پرورش کرنیہارے، سلامت رکھے اللہ تعالےٰ تمہارے تئیں اور تمہارے عیال و اطفال کو۔

Marfat.com

بعد از عرض کرنے سلام نیاز کے اور آرزو ملاقات کی نہ اس قدر ہے کہ قلم سے لکھا جاوے اور تمنا ہمکلامی کی نہ اس قدر ہے کہ زبان سے کہا جاوے۔ اس واسطے ملاقات کے اشتیاق کو یک دو لفظ میں آخر کر کر آپ کی خدمت عالی میں احوال اپنا ظاہر کرتا ہوں۔ الحمدللہ، اللہ تعالیٰ کے فضل سے اور آپ کی مہربانی سے میں اور میرے اقربا ژیت کے مہینے کی دسویں تاریخ تک خیریت سے ہیں۔ آپ کی خیر و عافیت کے واسطے شب و روز بلکہ ہر ہر دم حق سبحانہ و تعالیٰ کی جناب میں دعا کرتے ہیں۔

مہربان سلامت آپ کا عنایت نامہ جو ژیئین کی دوسری تاریخ کا لکھا ہوا ژیت کی چوتھی کو پہنچا۔ اس کے مضمون سے یہ فدوی بہت خوش و خرم اور مسرور ہوا اور تمہاری خوش عبارت نے میرے دل کے گلشن کو طراوت بخشی اور تمہارے دست مبارک سے لکھے ہوئے خط کو میں آنکھوں کو لگا کر ہزار با بوسے دیکر میں اپنے دل کی گلی کے پہنے کر رکھا ہوں۔ محسن میرے اگرچہ ظاہر میں میں تمہاری خدمت سے دور ہوں لیکن دل میرا ہمیشہ تمہارے حضور میں رہتا ہے۔ خدا آگاہ ہے، میں ہمیشہ اپنے چشم دل سے تمہاری ملاقات فیض آیات سے مفتخر ہوں۔ آپ اپنے خط میں لکھتے تھے کہ موسیٰ دوازی صاحب کو اور دورون صاحب کو سلام بولو کر کر آپ کے حکم اشرف کے موافق ان صاحبوں کو کہدیا۔ عبداللہ خاں کے واسطے میں آپ سے کچھ سفارش کرنا ضرور نہیں کس واسطے کہ آپ اس پر ماں باپ سے زیادہ الطاف رکھتے ہیں۔ بڑے صاحب کو عبداللہ خاں یوسف بیگ اور شیخ حسین کو وہاں بلا بھیجنے کا سبب کچھ معلوم نہیں ہوا۔ شیخ بڑے میرے دوست ہیں۔ آپ کی فرمایش کے موافق اور تھوڑے دنوں میں یک بہتر کتاب میں اپنے ہاتھ سے لکھ کر بھیجتا ہوں۔ شیخ فرید خوب ہیں۔ اپنی امانت پہنچا دیا۔ میرے استاد حضرت قادر حسین صاحب کی جناب فیض مآب میں اس فدوی کی طرف سے آداب قدم بوس عرض

Marfat.com

کرنا۔ الطاف فرمانے والے میرے، اگر صاحب کو یہاں کی اشیا کچھ مطلوب ہو تو منجھ پر توجہ فرماکر فرمائش کیجے تو میں اپنی سرفرازی سمجھ کر حتی المقدور بخوشی تمام ارسال رکھوں گا۔ مجھے امید ہے کہ صاحب کے اور صاحب زادے کے مزاج مبارک کی خوشخبری سے خوشحالی بخشتے رہیں گے۔ کمندان دلارش صاحب اور کپتان لمبر صاحب کو میرا سلام بولنا۔ صاحب میرے آپ کی فرصت کے وقت مشق کرتے رہنا بہتر ہے۔ اے جوہر شناس، یہ عجب ملک ہے کہ اس کی چوحدی میں مسلمان مرد آدمی کی صورت اروپ ہے۔ رات دن گلی کوچے میں اور ہاٹ بازار میں سوائے اروی زبان کی آواز کسی دوسری زبان اب تک نہیں سنا۔ پس میں اپنے دل میں یقین کر چکا کہ یہ بستی یک قید خانہ ہے، جو گناہگاروں کو تازیر (تعذیر) دینے کے لیے خدائے تعالیٰ بسایا ہے۔ اگر اسی طرح تھوڑے روز یہاں رہوں تو میں اپنی ذات کی زبان مطلق بھول جاؤں گا۔ اس بات میں آپ ہرگز شک نہ لائیے لیکن یہاں کے رئیس تمام سوداگر ہیں۔ اور تجارت کے سبب سے مرفع (مرفہ) الحال ہیں اور شہر بھی ان کے پسند آیا ہے۔ غرض آپ بھی تو اس بستی کے رونق افزا ہو کر تھوڑے روز یہاں تشریف رکھے تھے۔ پس اس بستی کا ڈول آپ سے بیان کرنا زیادہ سمجھ کر خاموش ہوا۔ صاحب میرے، یہاں کی نوکری کی کیفیت یہ ہے کہ جس جگہ یک کپتان یک لوتنان یک سو لوتنان یک سوبیدار (صوبہ دار) اور ایک جمعدار رہتے تھے اس جائے پر یک کپتان اور یک صوبیدار رہتے ہیں سوتم کو تو خوب عیاں ہے۔ پس لکھنا کیا حاجت۔

بندہ پرور سلامت، یہ فرماں بردار دور ہی کر کر آپ کے الطاف اور مہربانی میں کچھ کم نا کرنا مجھے آپ کے حضور میں ہمیشہ حاضر سمجھ کر قدیم مہربانیاں فرماتے رہنا۔ میں تمہارا خیر خواہ ہمیشہ تمہاری حیات کی درازی کے واسطے اور دولت کی ترقی کے لیے جناب باری میں ہاتھ اچایا ہوا رات دن

Marfat.com

دعا کرتا ہوں ۔ پھولپری میں میری سفارش اور حامی اور پشتیبان تمہارے
سوائے کوئی نہیں ہے یہ آپ خوب جانتے ہیں ۔
زیادہ سوائے سلام شوق اور اشتیاق ملاقات کے کیا عرض کروں ۔
تمہارا احسان مند اور فرمانبردار
رضا علی خاں

Marfat.com

خط نمبر ۳ کا مخاطب بھی کوئی فرانسیسی افسر ہے جس نے رضا علی خاں سے کچھ اُردو کتابیں منگائی تھیں۔ وہ جواب دیتا ہے کہ بڑی تلاش کے بعد چہار درویش دستیاب ہوئی ہے۔

اس خط میں بھی رضا علی خاں بہت سے فرانسیسی الفاظ استعمال کرتا ہے مثلاً " لویتنا کو مندان کروزک صاحب یہاں تشریف لائے جب سے نوکری کمپنی کی بہت درستگی سے چلتی ہے اور کومیسر دمرین ادمنستراتر موسیو دکلیر۔ یہ فرانسیسی میں یوں ہوگا :

Lieutenant Commandant Kerusec Commissaire de Marine administrateur monsieur Ducler

مغربی ساحل کے باشندے عموماً جہاز راں ہوتے ہیں اور ان کے یہاں یہ نام **Duclerque** ملتا ہے۔

اسی خط میں رضا علی خاں کہتا ہے کہ " موسیٰ دکلیر سری پر سے گر کر بہت ہلاک ہوئے" اس کا ترجمہ گارسین دتاسی نے فرنچ میں اس طرح کیا کہ " موسیو دکلیر سری SRI نامی درخت سے گر کر سخت مجروح ہوئے" اور لفظ "سری" پر ایک عالمانہ نوٹ دیا ہے کہ اسے **Crataeva Marmelos** یا **AEGLE** کہتے ہیں۔ یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک عالی مرتبت بحری افسر کو درخت پر چڑھنے کی ضرورت بلا وجہ کیوں پیش آئی۔ علاوہ ازیں ہلاک کا ترجمہ " سخت مجروح" بھی غلط ہے۔ رضا علی خاں اردو کی اچھی استعداد نہیں رکھتا تھا جب ہی تو وہ لکھتا ہے کہ موسیو دکلیر نے " بہت ہلاک ہونے کے بعد اللہ کے فضل سے شفا پائی"۔ اس نے ہلاک زخمی ہونے کے معنی میں استعمال کیا اور اسی لئے

Marfat.com

دناسی نے اس کا ترجمہ مجروح کیا۔ البتہ سری کو سیڑھی سمجھنا زیادہ مناسب ہوگا کیونکہ جہازوں پر سیڑھیاں ہوتی ہیں اور عمارتوں میں بھی جن پر سے ایک اعلیٰ بحری افسر گر کر یقیناً مجروح ہوسکتا ہے۔

اپنے فرانسیسی نوٹ میں دناسی لکھتا ہے کہ "مذکورہ لیفٹننٹ کمانڈر دکلیر فرانسیسی بستی کاریگال میں تھا۔ ابھی ابھی فرانس آیا ہے اور اپنے ساتھ وہاں سے بہت سی تصویریں، سنسکرت اور تامل زبان کے مخطوطے لایا ہے جس پر اس نے فرانسیسی انجمن سوسیتے ازیاتک میں ایک لیکچر بھی دیا (دیکھو رسالہ جدید ژورنال ازیاتک جلد ۱۰ صفحہ ۸۴)۔

(۳)

صاحب والاقدر، غریب پرور مشفق مہربان فیض بخش فیض رسان دام الطافہ

بعد از عرض کرنے سلام شوق کے آپ کی خدمت عالی میں عرض یہ ہے کہ الحمدللہ، اللہ تعالیٰ کے فضل سے اور آپ کی مہربانی جو ہمیشہ اس فدوی کے سر پر چھتر ہے رمضان شریف کی چوبیسویں تاریخ اور اپریل کے مہینے کی دسویں تک میں اور میرے قبایل سب خیریت سے ہیں اور صاحب کی خیریت اور بی بی صاحب (صاحبہ) اور صاحبزادے کی خیر وخوبی کے لیے دن رات حق سبحانہ تعالیٰ کی درگاہ عالی میں کوئی خط لکھا نہیں بلکہ آپ کے خط کا جواب بھی نہ لکھا یہ نشانی میری کم نصیبی اور نالائقی کے سوائے اور کچھ نہ کہا چاہیے لیکن انصاف سے پوچھیے تو جہان میں کوئی شخص بھی اپنے نقصان کا روادار نہ ہوگا باوجود اس کے میں اپنے اوپر اس واسطے روا رکھا کہ میری بیماری نے میرے ہاتھوں کی زنجیر ہوئی تھی۔ اب میں ہزار ہزار شکر کرتا ہوں کہ اس خدائے رحیم اور کریم کی جناب فیض مآب میں کہ جو آپ نے فضل وکرم سے مجھے شفا بخشا اور میرے ہاتھوں کی زنجیر کو کافور سا اڑا دیا اور میں آپ کی خدمت میں خط لکھنے کی خوش نصیبی حاصل کیا۔ خدا اس کا گواہ ہے۔ غریب پرور سلامت آپ کی خدمت میں یہی عرض کرتا ہوں کہ اس باب میں آپ کی خاطر مبارک پر کسی نوع کی

Marfat.com

کدورت نہ رہے کس واسطے کہ ہمیشہ چھوٹوں سے خطا ہوتی ہے اس کو بزرگان اپنی بزرگی کے ناتے سے معاف فرماتے رہتے ہیں۔ پس مجھے خوب امید اور یقین کامل ہے کہ میری تقصیر بھی معاف فرمائیں گے۔ غرض اللہ تعالیٰ آپ کو سب چیز سے سرفراز فرما کر عاقل کیا ہے اس واسطے میں اپنی تقصیر کا عذر اور مجاز کی شکایت زیادہ لکھنا حاجت نہیں اور مجھے وہی قدیم فرمانبردار سمجھ کر آپ کی خیریت کی خوشخبری کے خطوط سے سرفراز فرماتے رہنا۔ مشفق میرے، آپ کی فرمائش میرے دل پر نقش کالحجر یعنی پتھر کی لکیر کی سر بکھا ہے۔ کیا کروں یہ شہر ایسا ہے کہ سوائے سپاہی پیشے کے دوسرا کوئی گھر مسلمان مرد آدمی کا نہیں اور یہاں کے مسلمانان بھی حولیوں کی صحبت سے آدھے تیتر آدھے بٹیر بن رہے ہیں یہاں کوئی کتاب ایسی نہیں ملتی ہے جو اس کی نقل صاحب کے مطالعے کے کام آوے۔ موسیو یکی صاحب بھی آپ کی فرمائش کی تالاکش میں ہیں اور میں بھی اس کام کے لیے ناگور شریف اور ناگ پٹن تک ڈھونڈھا پن کوئی کتاب ہاتھ نہ لاگی مگر یک بات ہے۔ چہار درویش کی کتاب حضرت قادر حسین صاحب قبلہ کے پاس یا حضرت غلام مصطفےٰ خاں صاحب کے مکان میں ہے۔ حضرت قادر حسین صاحب سے بول کر مستعار لے کر منار نایک سپاہی پندرا روز کی رضا لے کر وہاں آیا ہے اس کے ہاتھ بھیجی تو انشاء اللہ تعالےٰ یک مہینے کے عرصے میں اس کی نقل لکھ کر دونو کتاب بھیج دیتا ہوں اور کیفیت یہاں کی لوئیتا کو مندان کروزک صاحب یہاں تشریف لائے جب سے نوکری کمپنی کی بہت درستگی سے چلتی ہے اور کو میسر دمرین ادمنستراتر موسیو دکلیر صاحب سری پر سے گر کر بہت ہلاک ہوئے لیکن بہت نیک سردار ہونے کے سبب سے ان کی نیکی اور ان کے (اوروں کے) آگے آئی جو اللہ تعالےٰ کے فضل سے شفا پائی اور یہاں دیوار گر کر یک بیلدار مرگیا اور یک دو برس کا لڑکا گنٹھ میں (۱) پڑ کر مرگیا اور وہاں کی خبر کچھ مفصل معلوم نہیں ہوتی۔ لوگ عوام الناس کہتے ہیں کہ کمپنی بدلتی ہے

Marfat.com

کر کر مگر کو منداں سے پوچھا تو کہنے لگے کہ کچھ معلوم نہیں۔ زیادہ سوائے شوق ملاقات اور سلام شوق کے کیا لکھوں مگر عذر تقصیر کا حضرت قادر حسین صاحب قبلہ کی خدمت میں آداب و بندگی عرض کرنا اور آپ کی بی بی صاحب کی خدمت میں بہت سلام فرما دینا۔ کمنداں صاحب کی خدمت میں بھی بہت سلام و نیاز رکھ دینا۔

تمہارا فرمانبردار

رضا علی خاں

شیخ فرید آپ کو بہت سلام بولے ہیں۔

Marfat.com

خط نمبر ۴ کسی نواب صاحب کو گھوڑوں کی خریداری کے سلسلے میں لکھا گیا ہے۔

(۴)

نواب نامدار سلامت

آپ کا خط گھوڑوں کی طلب میں پہنچا اور اس حقیر کو سرفراز فرمایا۔ فدوی نے خط کے پہنچتے ہی ہرکارے تلاش کے لیے، جابجا بھیجے چنانچہ چار گھوڑے بہت خاصے اصیل بے عیب ہزار رُپے کو ایک جگہ سے ہاتھ آئے اور ان کو حضور عالی میں ارسال کیا اور چار سئیس اور دو سپاہی ان کے ساتھ کر دیے۔ امید کہ جس وقت وے حضور میں پہنچیں اس وقت سرکار کے منشیوں کو حکم ہووے کہ ان کی رسید فدوی کو لکھیں۔ زیادہ حد ادب ••

Marfat.com

خط نمبر ۵ غالباً کسی اردو پڑھانے والے منشی کا ہے جو احاطہ مدراس کے کسی انگریز کو لکھا گیا ہے۔ خط میں " کڑپہ " کی عدالت کا ذکر ہے۔ کڑپہ کے متعلق دتاسی نے نوٹ دیا ہے کہ اس شہر کی تاریخ اور حالات ہیملٹن کی الیسٹ انڈیا گزیٹیر میں ملتے ہیں۔ اُردو کے " گرفت صاحب " کو دتاسی نے فرانسیسی ترجمہ میں GREAVES کر دیا ہے۔

(۵)

غریب کو پالنے ہارے اور غریبوں کے سرفراز کرنے ہارے سلامت رکھے اللہ تعالیٰ۔

آداب کورنشات بجالاکر عرض جناب میں رکھتا ہے، فدوی آپ کے رونق افزا ہونے کی۔ پیش از جیساکہ صفت اور ثنا سنیا تھا اس سے زیادہ غریبوں کے حق میں دیکھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی ذات کتیں (کے تئیں) ہمارے سر پر سلامت رکھے اور آپ کی ذات کے سوائے ہمارے تئیں دوسرا وسیلہ نہیں اور فدوی کو بردن صاحب نوازش فرمانے آٹھ سال سے مقرر کر رکھے ہیں دو شاگردان میرے تیار ہو کر ایک شاگرد مدراس کے کالج میں نوکر ہے اور ایک شاگرد کرپکی کورٹ میں نوکر ہے اور میرے فرزند کتیئں بردن صاحب نے سفارش کرکر گرفت صاحب کے نزدیک نوکر رکھائے تھے اس واسطے فدوی حضور میں عرض کرتا ہے۔ رحمان بیگ (کی) تئیں عنایت اور سرفرازی سے اپنے صاحبان بہادر ان سے سفارش فرمائے ہیں۔ اسی قدر سے سرفراز کرنا نام اور اوصاف صاحب کا بڑا ہوتا ہے۔ زیادہ حد ادب

Marfat.com

خط نمبر۶ مکتوب نگار کے لب و لہجہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ انگلش ایسٹ انڈیا کمپنی کی فوج کا کوئی پوربی ملازم ہے۔ " اچانک کی چھاؤنی " کو فرانسیسی ترجمہ میں بارک پور کی چھاؤنی لکھا گیا ہے۔ مکتوب نگار یہ بھی بتاتا ہے کہ " پرسوں دو کمپنیاں گوروں کی دانا پور چھاؤنی کو گئی ہیں۔

(۶)

کل ہم اچانک کی چھاونی میں کھیٹی کو تمام روز ڈھونڈھتے پھرے لیکن کہیں اس کا ٹھکانا نہ پایا۔ معلوم نہیں کیا اس کے دل میں آئی کہ ہمارا ساتھ چھوڑ کے چلا گیا۔ ہمارے دل میں رہ رہ کے یہ خیال آتا ہے کہ جب ہم اپنے وطن کو جائیں گے اور اس کی ما آن کے اپنے بیٹے کا حال پوچھے گی اس کو ہم کیا جواب دیں گے۔ بڑی مصیبت میں ہم پڑے۔ خدا ہم کو اپنے فضل و کرم سے اس بلا سے نجات دے اور نہیں تو ان سوچوں میں ہم کو جینا دشوار ہوگا اور آج ہم نے یہ سنا ہے کہاں سے حوالدار کی زبانی کہ پرسوں دو کمپنیاں گوروں کی دانا پور کی چھاونی کو گئی ہیں۔ ایسا نہ ہوا ہو کہ وہ بھی افغین میں کسی کے ساتھ نوکری کر کے چلا گیا ہو۔ اس واسطے ہم تم کو لکھتے ہیں کہ تم اپنے بھائی پر کاس کو جو اجینٹ صاحب کے ساتھ ہیں لکھ بھیجو کہ کھیٹی کو وہاں ڈھونڈھیں۔ اگر ملے تو اس کو سمجھا کے ایک آدمی معتبر ہمراہ کر کے ہمارے پاس بھجوا دیں کہ ہمارے جی کو اطمینان ہو۔ ••

Marfat.com

خط نمبر ۷ کا فوٹو دتاسی کی اس کتاب کے شروع میں دیا گیا ہے وہ فٹ نوٹ میں لکھتا ہے کہ "یہ خط ہندوستانی اردو کے بجائے برج بھاشا میں ہے اور نامانوس الفاظ کو واوین میں دے دیا گیا ہے"

یہ خط برج بھاشا میں نہیں بلکہ بھوج پوری میں ہے ۔خط نویس پتہ نہیں چلتا کہ مسلمان ہے یا ہندو لیکن اوپر "اللہ" لکھا ہے اور خط بہت بے ساختگی سے تحریر ہوا ہے۔

(۷)

اللہ

سدھیٔ تورے (تیرے) پوت کا (کو) ہم لاکھن (لاکھوں) بیر سمجھاوا کہ ہمرے (ہمارے) پیچھے دوکان پر للوا کے تیر نہ بیٹھا کر اُبکے (اس کے) ماتا پتا دیکھیں تو غصہ ہوئیں اور مار پہنہیں (پہنیں) تورا (تیرا) کیا، پھر پن پروہ اوت ہمری بات کان دھر نہیں سنت (سنتا) ہے اور جب ہم رسوئی کھائے گھرجات (جاتے) ہمرے پیچھے دوکان پر آوت (آتا) ہے اور اُبکے (اس کے) سنگ چوپڑ باجی (بازی) کرت (کرتا) ہے ۔ تمکا (تم کو) چاہیے کہ اوہکا (اس کو) گھر میں بلائی کے اس (اسے) نیک طرح بوجھائی (بجھائی) دو کہ اگے اوہکا سنگ چھانڑ (چھوڑ) دے اور نہیں تو ایک دن اُہکا (اس کو) بڑا ٹنٹا بکھیڑا ہوئی اور ہم سے تہسے (تم سے) اہمان (اس میں) کچھ بن نہ پڑی ۔ اہکے (اس کے) ماتا پتا کا حال تورا (تیرا) جانا ہے کہ جہکے (جس کے) پیچھے پڑت (پڑتے) ہیں اوہکا (اس کو) بیچھت کے بنا نہیں چھوڑت (چھوڑتے) ہیں اور تورے (تیرے) بھائی کے سنگ بہوار کر کے ہم اس جنجال میں پڑے ہیں کہ کچھ کہے (کہیں) نہیں بنت (بنتا) ہے ۔ جو روپیہ تورے (تیرے) ہاتھن (ہاتھوں) لیس (لیا) تھا۔

Marfat.com

ابھین تک ایک کوڑی (کوڑی) اُنہاں سے (اُس میں سے) نہیں دئیس (دیا) ہے۔
جب ہمرا جا کر تکادا (تقاضہ) کرے اُنکے دوارے پر جات (جاتا) ہے تو گھر
ماں (میں) لُک رہت (رہتا) ہے اور جو کبھون راہ باٹ میں بھیٹ ہوت (ہوتی)
ہے تو ٹال مٹولا کرت (کرتا) ہے۔ ان باتن (باتوں) سے اس (اسے) جانا جات
(جاتا) ہے کہ اُنکی نیت روپیہ دینے کی ناہیں (نہیں) ہے اور بنا نالش کے کبھون
نہ دیئی۔

Marfat.com

خط نمبر ۸ کسی انگریز افسر کے نام فدوی جیون خاں کا عریضہ ہے جس میں اطلاع دی گئی ہے کہ حکم کے مطابق چھبیس لاکھ روپے چھکڑوں پہ لاد کے سپاہیوں کے ہمراہ مہینے کی چار تاریخ کو روانہ کیا گیا۔ نوکروں کے "سنگ" سے اندازہ ہوتا ہے کہ مکتوب نگار غالبًا پورب یا اودھ کا باشندہ ہے۔

(۸)

غریبوں کے پالنے والے دام اقبالہ

فدوی جیون خاں آداب تسلیمات بجا لا کر عرض کرتا ہے کہ حضور کا فرمان عالیشان جو خزانے کے مقدمے میں اس حقیر کے نام صادر ہوا تھا، بندے نے اس کے پہنچتے ہی چھبیس لاکھ روپے چھکڑوں پر لاد کر کے سپاہی پیادے چوکی پہرے کے لیے اس کے ساتھ کر بعضی معتمد نوکروں کے سنگ اس مہینے کی چوتھی تاریخ حضور عالی میں ارسال کیا۔

ستارہ اقبال کا نت چمکتا رہے۔ ●●

Marfat.com

خط نمبر ۹ کسی میر صاحب کے نام زمینداری کے معاملات سے متعلق ہے۔
" انعام دار" اور " ایما کیا ہوں" سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بھی دکھن میں لکھا گیا ہے۔

(۹)

میر صاحب بدل مہربان زیادہ ہو الطاف آپ کا

بعد سلام کے واضح ہووے ہمارے گانو میں اکے سال رمنا اچھا ہوا ہے۔ اگر آپ کے پاگا کے گھوڑے چرائی کی خاطر یہاں بھجواؤ تو اولا ہے۔ میں اس واسطے یہ کام چاہتا ہوں کہ پاگا کے ڈر سے زمیندار کا ظلم مجھ پر اور میری دیہہ پر نہ ہوگا۔ ہر طرح سکھ آنند سے بے کھٹکے رنگ رلیاں مناؤں گا۔ ضرور اس بات میں توجہ فرمایئے۔ دو بچھرے (بچھیرے) میرے یہاں بکاؤ ہیں۔ ایک سمند ناکند دوسرا کمیت تین سال کا ہر یک کی قیمت واجبی اڑھائی سو رُپے ہیں۔ اگر سرکار میں نواب صاحب کی مطلوب ہوں تو منگوا بھیجیے۔ نواز خاں لودی انعامدار چھ بیگھے زمین اپنے انعام کی بیچنا چاہتا ہے۔ اس کا اس جائے میں تیس درخت آم اور پانچ املی دو جامن کے ہیں۔ دو پختہ باولیاں تالاب کا نالا اس میں سے ہوکر گزرتا ہے یعنی دو فصلہ ہوتی ہے۔ از راہ یگانگت کے ایما کیا ہوں۔ خریدنے میں اس کے جیسی مرضی مبارک۔ زیادہ مہربانی ہو۔ ••

Marfat.com

خط نمبر ۱۰ شمالی ہند کے کسی زمیندار نے اپنے بیٹے کو مالگزاری کے معاملات کے متعلق لکھا ہے۔ بھکاری داس تیواری بہاری داس کالیستھ اور بھجو قوال کے تذکرے سے اسوقت کے ماحول کا نقشہ کھنچ جاتا ہے۔
دو مین کھال شیر کی اپنی گھوڑی کو ڈھبیٹ کرنے کے لئے کسی "خان دوراں" خاں صاحب نے طلب کی ہیں۔
ڈناسی نے ایک نوٹ میں اس خوش عقیدگی کا مضحکہ اڑایا ہے۔

(۱۰)

فرزند سعادت مند میرے، خدا تعالیٰ تمہیں توفیق نیک دیوے
بعد دعا کے معلوم کرو یہاں سب خرد و بزرگ چنگے بھلے ہیں اور لیل و نہار تمہاری خیر و خوبی چاہتے ہیں۔ بھکاری داس تیواری تمہارے پاس آتا ہے اسے ایک ہزار پینسٹھ رُپے سوا آنہ آمدنی سے محصول محل در پیے بلدی کے ایک مہینے کے عرصے میں بلا عذر دے کر رسید لو۔ آئندہ بموجب اسی دستاویز کے یہ رقم حساب میں محل مذکور کے وضع محسوب و مجرا ہووے گی۔ بھجو قوال کو مطابق سند حضور کے عوض سے تحصیل موضع شکار پور کی ایک رُپیا یومیہ سابق سے جاری تھا۔ شاید عمل میں بہاری داس کایتھ کے وہ روزینہ موقوف ہوا۔ اب تم برس کو نو مہینے کے لیکھے سے شروع سال سن بارہ سے چھتیس فصل سے اسے اجرا کر دو۔ مدت ہوئی کہ تم نے جمع خرچ پرگنی گودل امرآباد اور سرکار سری نگر کا نہیں بھجوایا۔ چاہیے کہ یہ خط دیکھتے ہی حساب کتاب دونوں کا صاف کر کے سانڈنی سوار کے ساتھ روانہ کرو اور اسباب میں توقف جائز نہ سمجھو۔ خان صاحب والاشان خاندوران خان بہادر دو مین کھال

Marfat.com

شیر کی اپنے گھوڑی ڈھیٹھ کرنے کو طلب کی ہیں۔ تم اپنی تعلقی کے زمینداروں پر حکم کرو تا وے بے شتاب پیدا کر دیں۔ جب بہ دست ہوں تب بھجوا دو۔

زیادہ عمر دراز ہووے۔

Marfat.com

خط نمبر ۱۱ شمالی ہند کے ہندو بیوپاری کا مراسلہ ہے جو اس نے کسی سیٹھ جی کے نام لکھا ہے۔ زبان اور لب و لہجہ بھی کاروباری اور صرافہ بازار کا ہے۔

مکتوب نگار نے لفظ "میں" کو مارواڑی لہجہ میں "مانڈ" لکھا ہے جس کے لیے ذناسی فٹ نوٹ میں بتاتا ہے کہ یہ لفظ "مانڈ" سنسکرت کے "مدھیہ" سے لیا گیا ہے۔

"بتاستا" کے لئے دتاسی لکھتا ہے کہ ہندوستانی عموماً اپنے الفاظ میں ایک اور ہموزن لفظ لگانا پسند کرتے ہیں۔

(۱۱)

سیٹھ صاحب شفیق، زیادہ ہو عنایت آپ کی

بعد رام رام کے گزارش کرتا ہوں ہنڈوی باسٹھ ہزار رُپے کی جو تم نے معرفت سے سکھا رام کی بھجوائی تھی سو ہم نے دوکان سے بندرابن داس کی، بھر پائی۔ اُن رُپوں میں سے چھیالیس ہزار تزپن رُپے پونے پندارہ آنے میا رام اگروال کو دے کر تمام آٹھ برس کا لیکھا چکا دیا۔ بیاج بٹی سے اس کی خاطر جمع کر دی۔ آگے اس سے آپ نے جو سترہ ہزار رُپے نقد چاندوڑی سکّے کے، بابتہ سے لیکھ راج گماشتی بھیم سین کے بھجوائے تھے سو اس دیوالیئے نے سب کے سب اڑائے۔ ایک کانی کوڑی بھی نہ دی۔ اس لیے رقم لیکھ راج مذکور نے کھِل نکال ہے۔ جب میں تقاضا کرتا ہوں تو اپنی ناداری دکھلاتا ہے۔ تدان مانگتے مانگتے ناک میں دم آیا اور تھک گیا۔ اب صلاح بھی نظر پڑتی ہے کہ اس کے سیٹھ سے کسو ڈھب رقم پٹوا لیجیے۔ یہاں اور کچھ بیپار اچھا نہیں تھا۔

Marfat.com

اس جہت سے ۵ ہزار روپیے کے عوض سے صرافی کی دو کان مانڈ بتّا سٹّا کرتا اسامیوں کو بنیجیت ہوں۔ اطلاعاً لکھا۔ زیادہ کیا تصدیع دوں۔ ••

Marfat.com

خط نمبر ۱۲ کسی انگریز کے نام ایک کارندہ کا زمینداری اور فصل کے معاملات کے بارے میں ہے۔ غالباً یہ خط بھی دکن یا گجرات میں لکھا گیا ہے۔

(۱۲)

جناب عالی مرتبہ ہمیشہ زیادہ رہے اقبال ان کا

کیفیت غلام کی یہ ہے پاپڑو پٹیل کلیگور کی موازی پندرہ کھنڈی غلّہ از روئے شرارت کے زراعت میری سے چوری کر کے منصرف ہوا۔ غلام نے جا کر نزدیک عامل موضع مذکور کے فریادی ہوا۔ پاپڑو پٹیل نے یہ بات سن کر بھاگ گیا۔ بعد کتنے دن کے عمل لشکر جنگ کا ہوا۔ انھوتین (انھوں نے) پاپڑو پٹیل کو نزدیک اپنے بلا کر پندرہ کھنڈی غلّہ ذمہ اس کے لگا کر تمسک بیچ بات بھجائی۔ روپیوں غلّہ کے سات وعدہ چار مہینے کے اس کے ہاتھ سے لکھوا کر غلام کو دلوایا۔ اب وعدہ پر غلام نے جو روپے طلب کیے، نہیں دیتا ہے اور حیلے حوالے بتلاتا ہے۔ صاحب بہادر مالک اور منصف ہیں۔ اس واسطے امید رکھتا ہے کہ روپے غلام کے کہ حق واجبی نکلتے ہیں اس پر تقید کر کے دلوا دیویں۔

زیادہ کیا عرض کرے۔

Marfat.com

خط نمبر ۱۳ مکتوب نگار نے اپنے دوست کو شادی کی مبارک باد بھیجی ہے۔ زبان ادبی ہے لیکن وہ مقفیٰ اور مسجع اردو نہیں جو ہم تک فورٹ ولیم کالج کی داستانوں کے ذریعے پہنچی ہے بلکہ روزمرّہ کی زبان ہے۔

(۱۴)

میرے دوست جانی پر واضح ہو جیو کہ تمہارا نامۂ عنبریں شمامہ ساعت نیک میں پہنچا اور اس کے مضمون بہجت مشحون کی نکہت سے مشام جاں کا معطّر ہوا۔ خدا شاہد ہے کہ تمہارے بیاہ کی خبر سننے سے نہایت مسرت حاصل ہوئی اور اس شادمانی کے گل کے کھلنے کے نوید سے دل باغ باغ خوش ہوا۔ حق تعالیٰ مبارک کرے۔ ایک انگوٹھی سونے کی جس میں پنّا جڑا ہے، میں نے برسم ارمغان کے ایک سوداگر کے ہاتھ تمہارے لیے بھیجی ہے۔ بے تکلف قبول کیا چاہیے۔ زیادہ کیا نگارش کرے۔

ساغر شادمانی کا مدام لبریز رہے۔

Marfat.com

خط نمبر ۱۴ اس لحاظ سے مجموعہ کا اہم ترین خط ہے کہ یہ راجہ رام موہن رائے کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے اور انہوں نے اسے پر تکلف اور روایتی انداز کی اردو میں تحریر کیا ہے۔ یہ خط انہوں نے ۱۸۳۱ء میں لندن سے ڈنکن فوربز کے ذریعے دتاسی کو پیرس بھیجا تھا۔ اس زمانہ میں راجہ رام موہن رائے اکبر شاہ ثانی کے سفیر خاص کی حیثیت سے انگلستان میں مقیم تھے۔

(۱۴)

جناب فضیلت مآب زاد مجدہم و شرفہم

رقعۂ مبارک پہنچا و بندہ کو مسرور و معزز کیا۔ قادر علی الاطلاق آپ کو اس یادآوری کے ساتھ سلامت رکھے۔ تین مہینے سے زیادہ بندہ انگلینڈ میں مقیم ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب پارس میں مشرف خدمت ہوگا اور آپ کی توجہ سے جناب شیزی صاحب کی ملاقات حاصل کرے گا۔ آپ کے وعدۂ مراعات سے بندۂ کمتر ممنون ہوا و ادائے شکر تہِ دل سے کرتا ہے۔

زیادہ حد ادب   خادمکم و ممنونکم

رام موہن

حرر فی التاریخ یکم اگست ۱۸۳۱ء (عیسوی)

جناب شفقت فرمائے گرامی قدر فاربس صاحب کے حوالہ کیا گیا۔

سرنامہ خط کا:

جناب فضیلت مآب جامع علوم عربی و ہندی مولوی گارسین دتاسی زاد مجدہم و شرفہم دار السلطنہ پارس فرانس۔

Marfat.com

خط نمبر ۱۵ ، مسٹر فیلم لوئیں کے نام کسی شاہ میر کا ہے جس نے کھانے کی دعوت کا شکریہ ادا کیا ہے اور معذرت چاہی ہے ۔ اس خط سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ غدر سے پہلے انگریزوں اور ہندوستانیوں میں سوشل میل جول ایک عام چیز تھی جو حصول سلطنت کے بعد منقطع ہو گئی ۔ شاید یہ خط کلکتہ میں لکھا گیا ہو ۔

(۱۵)

صاحب لطف فرمانے والے دوستوں کے مسٹر فیلم لوئیس صاحب بہادر کو سلامت ۔

آپ نے مجھے آج شام کے وقت جو کھانا کھانے کو نیوتا ہے ، میں بسر و چشم حاضر ہوں لیکن اس مصیبت زدہ کا دل کہیں جانے کو نہیں چاہتا اور کہتا ہے کہ اس مصیبت کی حالت میں ایسی باتیں کیا ضرور ۔ پس میں ہاتھ جوڑ کے بصد انکسار التماس کرتا ہوں کہ اگر اس عاصی کو اپنی خوشی سے معاف اور معذور رکھیے تو آپ کی کمال مہربانی ہے ۔ اِلّا آپ کے لطف اور مہربانی سے اس عاصی کو انکار نہیں ۔ یہ عاصی بہرحال اپنے وعدہ کے بجائے اور آپ کے پاس خاطر سے لاچار ہے ۔ کچھ عذر نہیں کر سکتا ۔ مگر آپ کی خوشی کے ساتھ یہ چاہتا ہوں ۔ زیادہ کیا تصدیع دوئیں ۔

شاہ میر

Marfat.com

خط نمبر ۱۶ کسی انگریز کے نام ہے جس میں مکتوب نگار کا کسی وکیل سے "ساؤتھ سی ہاؤس" میں ملاقات کا ذکر ہے۔ ممکن ہے یہ خط بھی کلکتہ میں لکھا گیا ہو

(۱۶)

صاحب بہادر والا قدر کو سلامت

آج پیر کے دن میں بارہ بجے اس اُلاسوتھ سے ھوس میں آیا تھا اور وکیل صاحب سے بھی ملاقات ہوئی لیکن آپ کے نہ ہونے سے نہ میں کچھ کہہ سکا اور نہ وکیل صاحب۔ ایک بجے میں آپ کی راہ دیکھ دیکھ کر گھر پھر گیا۔ اب جس دن اور جس وقت آپ کو یہاں یعنی الاسی سوتھ ھوس میں آنا ہو، مجھے لکھ بھیجیے۔ میں اس دن اور اس وقت یہاں پہوچوں گا (پہنچوں گا)۔ ••

Marfat.com

خط نمبر ۱۷ سنہ ۱۲۳۴ھ مطابق سنہ ۱۸۱۸ء شیخ غلام محی الدین نے منشی غلام حیدر کو لکھا ہے۔ خط میں مکتوب الیہ کا نہایت فصیح و بلیغ روایتی انداز میں شکریہ ادا کیا گیا ہے۔ اغلباً یہ خط شمالی ہند میں لکھا گیا ہے۔

(۱۷)

جناب فیض مآب منشی صاحب، مشفق قدر دان کرم فرمائے مخلصان دام الطافہٗ

اس نیاز مند مخلص مشتاق کی جانب سے حضور کو اور بی بی صاحبہ مشفقہ مکرمہ کی خدمت میں بعد سلام و بعد نیاز تمام کے اظہار یہ ہے کہ آپ کا عنایت نامہ نوازش کا بھرا ہوا اور مرحمت نامہ اشفاق میں ڈوبا ہوا اچھی ساعت اور مبارک گھڑی میں پرتو افگن ہو کر اس عاجز کا رتبہ کم یہاں تک بڑھایا کہ قلم کا مقدور نہیں جو وصف اس کا بیان کرے اور زبان کی کیا قدرت کہ تعریف ادا کرے۔ اسی سبب آپ کے روشن ضمیر پر موقوف رکھ کر مدعا اظہار کرتا ہے کہ سینچر کے دن جو آپ تشریف لا کر اس خانۂ تاریک کو اپنے قدوم کی برکت سے منور کریں گے تو عین سرفرازی اور بندہ نوازی ہے کہ یہ نیاز مند معہ آدمان ہمراہی آپ ہی کا ہے۔ بقول فارسی بیت:

رواق و منظر من چشم آشیانۂ تست
کرم نما و فرود آ کہ خانہ خانۂ تست [1]

اور بندے کے لے جانے کے واسطے آپ لکھے ہیں۔ گستاخی معاف، آپ نے اپنی زبان مبارک سے فرمایا تھا کہ جب سب کام اس خیر اندیش کا فیصلہ ہو اور روانگی کے چند روز آگے میرے یہاں آ کے رہنا۔ اسی وعدہ پر یہ عاجز امیدوار تھا کہ عنقریب روانگی کے چند روز خدمت عالی میں رہ کر مستفیض ہوں اور خصوص دوستی کے باب میں جو حضور کا ارشاد ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ

---

[1] یہ شعر بحر مجتث میں ہے اور اس کے ارکان مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلاتن۔

Marfat.com

بندہ پہلے دولت خانے میں حاضر ہوکر چند روز رہا کرے۔ آپ کا شفقت بی بی صاحبہ کی
الفت صاحبزادوں کی خدمت نوکروں کی اس حد تک ہوئی اور ظہور میں آئی کہ اگر
تمام ہر بُن مو اس کے مشکور ہوں تو بھی ادا نہ ہو سکے اور آپ کی خوبیاں تا لب
زندگی اس حقیر کے دل سے فراموش نہ ہونگیں، مصرع

پتھر کا نقش ہے یہ مٹایا نہ جائے گا

اور یہ نیازمند جب تک آپ کی خدمت میں تھا، تمام فکر و انکار جو اس عاجز
کے دل بیکل میں تھے سب کے سب کافور ہوگئے اور یک لخت دور ہوئے اور
اب بھی باعث فراق یہاں تک بیقراری ہے کہ خدا ہی جانتا ہے اور جو کچھ احوال
کام کاج کا آپ پر بخوبی روشن ہے مصرع: حاجت مشاطہ نیست روئے دلارام را (۱)
لاکن بھر تسلی خاطر غمگین وحزیں یہ شعر میرزا رفیع السودا مرحوم کا وردِ زبان ہے ؎

خواہی رہ صد سالہ ہو خواہی تو یہیں ہو
نزدیک بدل ہوا ہے مری جاں کہیں ہو (۲)

اور دو لستی سوغات کی جو آپ نے مرحمت فرمایا تھا سو پہنچی۔ غرض یہ تکلیف اور یہ
تصدیع کیا ضرور تھی آپ کا الطاف بس ہے۔ خانۂ احسان آباد زیادہ بجز عنایات و
کرم کے کیا لکھے۔ والسلام والاکرام

عریضۂ مخلصی اخلاص امین شیخ غلام محی الدین

مری طرف سے صاحبزادوں کو دعا و دیدہ بوسی پہنچے۔

بشرف مطالعۂ جناب منشی غلام حیدر مشرف باد ۶ ذی الحجہ ۱۲۳۴ سنہ اور کمترین
عقیدت مندی میر افضل علی کی جانب سے خدمت شریف میں آپ اور بی بی صاحبہ
کی بندگی و نیاز قبول ہو اور برخورداران سعادت مندوں کو دعائے فراواں مقبول ۰۰

---

(۱) یہ مصرع گلستان سعدی سے ہے۔

(۲) یہ بحر ہزج میں ہے جس کے ارکان مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

Marfat.com

خط نمبر ۱۸ فورٹ ولیم کالج کے اسٹائل کی اردو میں ہے مکتوب نگار مرزا کاظم علی جواں کی طرف سے بھی مکتوب الیہ کو سلام پہنچاتا ہے۔ مکتوب نگار کا نام افتخار الدین علی خاں ہے اور پتہ "کولوٹولہ حویلی نواب واثق علی خاں صاحب۔ کلکتہ" ہے۔ یہ خط جنوری ۱۸۱۵ئہ میں لکھا گیا ہے اور اس میں مکتوب الیہ مولوی صاحب سے درخواست کی گئی ہے کہ ان کے جو شاگرد انگریز اِدھر آئیں ان سے مراسلہ نگار کی سفارش کردیں۔ افتخار الدین علی خاں بھی بحیثیت منشی فورٹ ولیم کالج میں ملازم تھا۔ کیونکہ وہ یہ بھی لکھتا ہے کہ ہنٹر صاحب بدستور کالج کے مالک و سردار ہیں۔ لِڈن صاحب ہندی اور متھولمسڈن فارسی کے مدرس ہیں۔ البتہ فورٹ ولیم کالج کے کسی تذکرہ میں ان کا نام یا حالات نہیں ملتے "ارباب نثر اردو" مولفہ سید محمد میں اس مشاعرہ کا ذکر ہے جو ہر سال فورٹ ولیم کالج میں ۲۵ر جولائی کو منعقد ہوتا تھا۔ بقول مولف برٹش میوزیم میں ایک گلدستہ غالباً ۲۵ر جولائی ۱۸۱۵ئہ کے مشاعرہ کا محفوظ ہے جس میں حصہ لینے والے آٹھ شعرا میں مرزا کاظم علی جواں۔ حیدر بخش حیدری۔ مظہر علی ولا کے علاوہ ایک نام افتخار الدین علی خاں شہرت کا بھی شامل ہے۔

(۱۸)

مولوی صاحب مشفق مہربان فراموشگار دورافتدگان زاد لطفہ

ذوق مواصلت کا اور شوق معانقت کا اتنا نہیں ہے کہ تحریر و تقریر میں گنجائش پائے یا زبان و بیان میں آئے۔ اگر شب رنگ قلم کو اس میدانِ بے پایاں میں چھیڑنے کا قصد کیجیے اور باگ ادہم کلک کی اس صحرائے بے انتہا میں چھوڑ دیجیے تو دور نہیں ہے کہ دوڑتے دوڑتے مت کھڑا ہو کاندھے دینے لگے اور

Marfat.com

اڑ جائے بلکہ نزدیک ہے کہ شرم سے عرق عرق ہو کر زمین میں گڑ جائے۔ اس واسطے ہم اس میدان سنسان لق و دق سے اس گھوڑے کی باگ موڑ کر اور اس طرف سے اسے توڑ کر مدعا کے صحن میں کداتے ہیں اور راستے کے راستے پر بٹھاتے ہیں۔

جس دن سے آپ یہاں سے تشریف لے گئے ہیں اور دوستوں کے دل کو داغ جدائی کا دے گئے ہیں، ایک خط بھی نہ لکھا اس بے پروائی کو کیا کہتے ہیں۔ اگرچہ ہم لوگوں سے آپ منھ پھیر بیٹھے ہیں اور جانتے ہیں کہ اس گروہ سے کیا کام، کیا غرض ہے کہ ناحق ایک گھڑی اوقات ضائع کر کے کاغذ خراب کیجیے اور کچھ لکھ بھیجیے لیکن اسے بھی سمجھیے کہ زمانہ ایک رنگ پر نہیں رہتا۔ اگر کبھی احیاناً ملاقات ہو تو کیا عذر کیجیے گا۔ بہت صاحب لوگ یہاں کے وہاں، وہاں کے یہاں آتے جاتے ہیں۔ اگر گاہے ایک رقعہ سے بھی ممنون فرمائیے تو بعید نہیں۔ ہاں کیا خوب ہم نے سنا ہے کہ آپنے وہاں شادی کی ہے۔ اگر یہ بات سچ ہے تو ہماری ضیافت باقی ہے، اس کو ادا کرنا ضرور جانیے اور ہماری ضیافت یہی بہت ہے کہ صاحب لوگوں میں سے آپ کا شاگرد جو ادھر تشریف لاوے اس کی خدمت میں ہماری سفارش کر دیجیے اور افتخار الدین علی خاں نام لکھوا دیجیے کہ یہاں تشریف لا کر ہماری تلاش کرے اور ہمارے بہرے پر دھیان دھرے اور اگر مہربانی نامہ آپ لکھیں تو ضرور ہے کہ بعضے عجائب و غرائب مراسم و اخبار بھی وہاں کے مندرج کریں کہ ہمیں علم حاصل ہووے اور دو گھڑی اوقات خوش گذرے۔ افسوس ہے کہ میر شبیر علی کا واقعہ ہوا۔ حق تعالیٰ اس متقی پرہیزگار کو بہشت نصیب کرے اور اس کے گناہوں سے درگزر کرے۔ ہنٹر صاحب بدستور کالج کے مالک و سردار ہیں اور لڈن صاحب ہندی کے اور منشی لمسدین صاحب فارسی کے مدرس ہیں۔ بڑے صاحب نے اب تک کلکتے میں مراجعت نہیں کی ہے لیکن خبر آمد آمد کی ہے۔ دیکھیے کب آتے ہیں۔ قاضی القضات محمد نجم الدین خاں صاحب، مولوی سراج الدین علی خاں صاحب، مولوی راشد صاحب،

Marfat.com

گارسین دتاسی کے نام فورٹ ولیم کالج کے منشی افتخار الدین شہرت کے خط کا آخری حصہ

(سنہ ١٨١٠ء)

Marfat.com

مولوی معین اللہ صاحب وغیرہ سب بخیر و عافیت ہیں اور آپ کا ذکر اکثر درمیان آجاتا ہے۔ اطلاعاً التماس کا زیادہ صداع کا موجب جان کر نہ لکھا۔

والسلام والاکرام

تحریراً فی التاریخ دہم ماہ جنوری سنہ ۱۸۰۱ مسیحی سنہ ۱۲۱۶ بنگلہ

یہ خط نیاز نامہ ہم نے بہت جلد لکھا ہے۔ اگر عبارت میں کچھ قصور ہوا ہو تو معاف کیجیے گا:

اگر کبھی خط لکھیے تو مقام کو تو ٹولہ حویلی نواب واثق علی خاں صاحب کی، لفافے پر لکھیے گا۔ البتہ ہمیں پہنچے گا۔

میرزا کاظم علی جوان کی طرف سے سلام نیاز پہنچے۔ ••

Marfat.com

اپریل ۱۸۳۴ء کے ژورنال ازیاتک میں اس کتاب پر ایک مختصر تبصرہ چھپا۔ ناقد لکھتا ہے کہ "درسی کتاب ہندوستانی مبادیات ۱۹۲۸ء میں چھپی تھی اور اس پر ژورنال ازیاتک جلد۹، ص ۲۴۷ پر ایک تبصرہ چھپ چکا ہے۔ اب اس کا ضمیمہ نکلا ہے جس میں ہندوستانی زبان میں لکھے ہوئے چند خط جمع کر کے یکجا چھاپے گئے ہیں، جو بڑی اچھی چیز ہے۔ یہ مبتدیوں کے لیے ہندوستان میں مستعمل نستعلیق اور خط شکستہ کو پڑھنے کی مشق کے لئے بھی مفید ہیں کیونکہ سارے تو نہیں چند اصل خطوط کو فوٹو سے چھاپا گیا ہے۔ حروف کو نئے سرے سے کمپوز کیا ہے"۔ یہ اکیس[۲۱] خط ہیں جو مختلف مقامات ہند سے آئے ہیں۔ ان کے موضوع بھی مختلف ہیں۔ اس لیے ہندوستان کے اسلوبِ خطوط نویسی کا اچھا نمونہ ہیں۔ اس کتاب کے دیباچہ میں مولف اس بات پر زور دیتا ہے کہ ہندوستانی زبان متموّل ہے اور اہم بھی اور ثبوت کے لیے بتاتا ہے کہ اس میں دیگر فنون کی کتابوں کے علاوہ تاریخی نظمیں بھی ہیں۔ مثلاً چند اور بھگت مال نیز قصص چھتر سلی (چھتر سال راجہ بندیل کھنڈ) قصص پرت وی راجہ (پرتھوی راج) وغیرہ اس کتاب میں ساری مطلوبہ چیزیں خواہشمندوں کو نہیں ملیں گی لیکن جو بھی ملتی ہیں غنیمت ہیں۔ خود گارسین دتاسی نے ژورنال ازیاتک بابت ۱۸۴۷ء میں صفحہ ۳۵۳ تا ۳۵۶ پر ایک مختصر نوٹ شائع کیا جس میں لکھتا ہے کہ "۱۸۳۳ء میں اردو خطوط کا مجموعہ چھپا۔ اس کے بعد سے میرے پاس بکثرت دیگر خطوط بھی اس زبان میں جمع ہو گئے ہیں۔ فارسی اور ناگری دونوں رسم الخط میں۔ بعض لندن کی ایشیاٹک سوسائٹی نے مجھے تحفتاً دیئے ہیں۔ اور کچھ مختلف لوگوں سے مستعار ملے ہیں جیسے پیٹرکن، ایف بتروس، کے بلاں وغیرہ۔ میں ان کو انگریزی ترجمے کے ساتھ مستقبل قریب میں چھاپنا چاہتا ہوں اور اس کام میں میرا شاگرد پادری برتراں بھی مجھے مدد دینے والا ہے"[۱]

---

[۱] بظاہر گارسین دتاسی کی یہ خواہش عملی جامہ نہ پہن سکی۔

Marfat.com

ان میں سے صرف ایک کو میں یہاں ترجمے کے ساتھ نقل کر رہا ہوں۔

یہ خط فوٹو سے نہیں بلکہ حروف کو کمپوز کر کے ژورنال ازیاتک میں شائع کیا گیا ہے۔ ڈیڑھ سو سال گذرنے کے باوجود ہنوز روز اول ہے کیونکہ ہولی اور محرم کے موقع پر ہندو مسلم فساد آج تک اسی طرح ہو رہے ہیں۔ یہ عبرتناک خط حسب ذیل ہے۔ ژورنال ازیاتک میں دتاسی نے اس کا فرانسیسی ترجمہ مقابل کے صفحہ پر شائع کیا۔

ل ۂ

دوست میری سلامت

سلام شوق کی بعد یہہ مبرھن ھووی کہ بعضی اشخاص کی زبانی سنی (سنے) مین آیا ھی (ہے) کہ ہندو اور مسلمان آپسمین مستعد جنگ کی ھو رھین (رہے) ھین کیونکہ اس سال ھولی اور محرم ملکی اتی (مل کے آتے) ھیں۔ اسلئی آپکو لکھا جاتا ھی (ہے) کہ آپ کبہی مصلحت اور مشورت سی شریک جنگ وجھاد کی نودین کیا واسطی کہ جو کوئی ویسی (ویسے) کامون مین شرکت کرتا ھی (ہے) آخر پشیمان و خجل ہوتا ھی (ہے) بلکہ اندیشہ آبرو ریزی کا ھی (ہے)۔ چنانچہ قبل تھوڑی سال کی اسیطورسی ھولی اور محرم ملکی آتی تھی (مل کے آتے تھے) سوار کاٹ کی ہندوؤن نی جمع ہو کی موافق دستور اپنی دیو کو مسجد کی روبرو سی لیجانیکا ارادہ کیٔ اس وقت آدمی مین دس پانچ سی زیادہ نتھی جب وی ہندو لوگ نزدیک پھنہچی مسجد والی باہر آکی مزاحم ہوئی اور کہنی لگی کہ خلاف معمول اپنی دیوٗ کو مسجد پرسی لیجانا مناسب نہیں ہی لازم کہ ہمارا کہا مان کی اپنی دیو کو معمولی راستی سی لیجا دیں تو خیر ھی (ہے) نہیں تو اپنا کیا پاویںگی غرض انھوں نی اپنی توانگری اور کثیر الجمعات کی اوپر غرور کر کی زبردستی سی لیجانیکا ارادہ کیا تو مسلمان جو دس پانچ حاضر تھی سو باتون مین لاٹھین لیکر اپنی دوڑی اور دیوٗ پر مارنے لگی ہندوؤن نی جو یہہ حال دیکھا تو دیوٗ کو نیچی ٹپاٹ دی اور بھاگ گئی

Marfat.com

مسلمانون نی دیو کو معہ لباس وزر وزیور پھونک دیا بعد اس کی اس ارکات کی پٹیل اور
تحصیل دار ہندو تھی اپنی علاقی کی تمام مواضع اور دیہات سی ہندوؤں کو جمع
کر کی مستعد بجنگ ہوئی یہ خبر سرکار مین پہنچتی ہی کلکٹر صاحب شہر کو چڑھ دوڑی
اور نی مابین انھون کی صلح کروا دیا اور دوسری روز ان دونون قوم کی روبکاری
کر کی جن مسلمانون نی دیو کو جلایا تھا اور جن ہندوؤن نی زبردستی کی بانی مبانی
تھی صاحب موصوف نی ان دونون کو قید کر لیا اور بی عزت کیا اسلئی آپ کو
بھی لکھا جاتا ھی کہ اگر آپ کو کچھ پاس عزت وحرمت کا ہو تو ان کی شریک نہ
ہوجئیگا آیندہ مختار ہو زیادہ کیا۔ ●●

Marfat.com

MANUEL DE L'AUDITEUR

COURS D'HINDOUSTANI

OU THÈMES GRADUÉS

POUR S'EXERCER À LA CONVERSATION ET AU STYLE ÉPISTOLAIRE

ACCOMPAGNÉS

D'UN VOCABULAIRE FRANÇAIS-HINDOUSTANI

پارسی شکر است هندی نمک است

Le Persan a la douceur du sucre, l'Hindoustani l'énergie du sel.

PROVERBE INDIEN

PARIS.

IMPRIMÉ PAR AUTORISATION DE M. LE GARDE DES SCEAUX,

A L'IMPRIMERIE ROYALE.

M DCCC XXXVI

2465

”ہندوستانی زبان کے مبتدیوں کے لیے درسی کتاب“ کا سرورق

(بزبان فرنچ) پیرس، سنہ ۱۸۳۶ء

Marfat.com

ہندوستانی ترجمہ
ان سبقون کا کہ جنکو منشی گارسین دتاسی نے
فرانسیس زبان مین ترتیب کیا
فرانس کی بہازون کی
دیوان خانے مین چھپے
سنہ ۱۸۳۷ عیسوی مطابق
سنہ ۱۲۵۳ ہجری
چھاپا گیا

"ہندوستانی زبان کے مبتدیوں کے لیے درسی کتاب" کے چوتھے حصے کا سرورق جو سال بھر بعد ۱۸۳۷ء میں طبع کیا۔

Marfat.com

"ہندوستانی زبان کے مبتدیوں کے لئے ایک درسی کتاب جس میں بات چیت اور خط وکتابت سکھانے کے لئے مشقیں تدریجی طور پر دی گئی ہیں۔" پیرس ۱۸۳۶ء

اس کتاب کی طباعت کے لئے نستعلیق کا وہی ٹائپ ڈھالا گیا جو ہم کو فورٹ ولیم کالج کلکتہ کی شائع کردہ کتابوں میں نظر آتا ہے۔ یہ حیرت انگیز بات ہے کہ آج سے ڈیڑھ پونے دوسو سال قبل انگریزوں اور فرانسیسیوں نے اردو نستعلیق کا ٹائپ ایجاد کر لیا تھا اور اسے استعمال کر رہے تھے لیکن ہم آج تک انتہائی سست رفتار اور صبر آزما کتابت کے محتاج ہیں۔

مذکورہ کتاب کی ساری مشقیں فرانسیسی میں ہیں اور ان کا ترجمہ اردو میں دیا گیا ہے۔ دتاسی نے اردو کے مکالمے اس لحاظ سے وضع کئے ہیں کہ ان سے روزمرہ بول چال کی مشق ہو سکے اور اردو گرامر یعنی اسماء، صفات اور افعال کا بھی طالب علموں کو اندازہ ہو جائے۔ ان مکالموں کی زبان آج ہمیں غیر مانوس معلوم ہوتی ہے کیونکہ دتاسی نے انیسویں صدی کے نصف اول میں بولی جانے والی اردو کے ساتھ ساتھ مغربی طرز بیان کا لفظی ترجمہ بھی کر دیا ہے مثلاً

۱. ہم نے دیکھا بڑا گروہ آدمیوں کا **We saw a big crowd of men**

۲. کون ہے مصنف اس کتاب کا **Who is the author of this book**

لیکن ہم کو یہ نہ بھولنا چاہیئے کہ انگریزوں نے اپنے گورے فوجیوں کو سکھانے کے لئے جو رومن اردو کی مشقیں شائع کیں ان میں بھی اکثر اسی قسم کی زبان ملتی ہے جسے عوام نے گوراشاہی اردو کہا۔ دتاسی کی تصنیف کردہ ان مشقوں میں اس دور کے بنگال کی یورپین مرکنٹایل سوسائٹی کی جھلک موجود ہے۔ دتاسی کے مدنظر فرنچ ایسٹ انڈیا کمپنی کے تجارت پیشہ کارکن تھے جن کی سہولت کے لئے یہ کتاب لکھی گئی تھی اس لیے مکالمے ساٹھ صفحوں پر مشتمل ہیں ان میں سے چند بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں اور ایک بار پھر تعجب ہوتا ہے کہ پانڈیچری، چندرنگر اور کلکتہ میں قیام کئے بغیر دتاسی نے اس ماحول کو کس طرح اپنے اندر جذب کیا اور اس بے تکلفی اور روانی سے یہ مشقیں لکھیں گویا وہ ان نوآبادیات کا باشندہ ہو۔

Marfat.com

کل خبر کے کاغذ میں ہم نے وہ اشتہار دیکھا

ہم نے دس روپے بیعانہ دیا

سپاہی فجر کے وقت اپنا اسباب لیکر کوچ کر گیا

ہم نے القطر ان کے تیس پیپے بیچے

ہم کو تین برس ہوئے بنگالے میں

تم نے اس کا کتب خانہ دیکھا

اس بی بی کے ہاتھ میں کڑے ہیں

ہم فلانے صاحب کے دفتر میں جاتے ہیں

انھوں نے وہاں کے نزدیک چھاونی کی

اور مصالحوں کے ساتھ دارچینی ملاؤ

آج اس کے مقدمے کا فتوا کریں گے

اس نے کمرے میں گھستے ٹوپی اتار لی

دو شمعدان میرے لئے مول لو

وہ کوئلے کھریئے وغیرہ سے تصویر کھینچتی ہے

روئی کا گٹھر کھولو

ولایت کی آب و ہوا یہاں کی آب و ہوا سے بہت اچھی ہے

وہ بادشاہی چھاپے خانے میں حرف جمانے والا ہے

رکھو ان سب چیزوں کو ٹوکرے میں

ہمارا رسل اور رسائل موقوف ہوا

اس ملک میں بہت روئی پیدا ہوتی ہے

اس دلال سے پوچھو اس کی دلالی کتنی ہوگی

اس کا کاروبار بگڑ گیا ہے۔ اس واسطے اس نے اپنے قرض خواہوں کو بلایا ہے

ہم نے ایک مگر گنگا میں دیکھا۔

Marfat.com

ہم صاحب اور منشی کے مکالمے کی کتاب پڑھتے ہیں
کیا ان دونوں چھاپے میں فرق ہے
یہ فوج قواعد نہیں جانتی
شہر حیدرآن نگر کلکتے سے کتنی دور ہے
وہ بڑے زور سے کام کرتا ہے
تم کیا کام کرتے ہو
سارے لوگ اس کی تعریف کرتے ہیں
تم گئے چبوتری میں
ہم کو اس کپڑے کا ایک نمونہ دکھاؤ
اس خبر کے کاغذ کا مؤلف کون ہے
کال نیلام میں جاؤ نگا۔
اس تمسک پر تمہارے صحیح مزدور ہے
وے طرح بر طرح کا مصالح بیچتے ہیں
یہ بڑی دل گیری کا اتفاق ہے
تم اس فقرے کی شرح بتاؤ
پہلے یہاں نیل کے کاروبار کی جگہ تھی
تم جانتے ہو زمین کی ہیئت کیسی ہے
اس نے علم ارض میں کتاب تصنیف کی ہے
وہ ابھی پھولچری کا حاکم ہے
مُہرکَن کو بلاؤ
وے فقط ترکاری کھا کر جیتے ہیں
تم نے فرانسیس کے ملک کی تاریخ پڑھی ہے
ایک دارالشفا وہاں بنے گا۔

Marfat.com

وہ اپنی آزادی رکھتا ہے
اس پتھر پر جو کتابہ لکھا ہے پڑھو
ہندوستان کا تمہارا ارادہ ہے
اگر تم یہاں کی بات نہیں جانتے تو مترجم سے مکالمہ کرو
ضعیفوں کے لیے پارلیس میں ایک مکان ہے
اس گھر کا کرایہ پچاس روپے ہے
انکا گودم بہت بڑا ہے
اس کو اس تقصیر کے لئے قاضی صاحب کے پاس لے گئے
جب تم کلکتے جاؤ تو ہمارے لئے ایک آئینہ لینا
تم نے ہماچل پہاڑ دیکھا ہے
تمہاری گھڑی اچھی چلتی ہے
راگ تمہیں بھاتا ہے
وے رقم رقم کے زیورات پہنتیاں ہیں
کنگھی لو اور اس لڑکے کا سر جھاڑو
طوطیاں سکھانے سے پڑھ سکتی ہیں
اس مرچ کو ہاون دستے میں کوٹو
اپنی اور اپنے بیٹے کی تصویر کھنچوائی
ہم کو چاہیئے کہ تعصب چھوڑ دیں
کیا تمہارے خیال میں ہمارا تلفظ درست ہے
کیا اس کپڑے کی قسم خوب پاتے ہو
بغیر ڈانڈ کے ملاح کیونکر ناؤ کھیو سکتا ہے
کیا انگریزی زبان سے ہندی زبان میں ترجمے اکثر خوب ہیں
مندراس بڑا شہر ہے۔

Marfat.com

ہماری چچی ہمیں بڑی پیاریاں ہیں
ہم نے سنا تمھاری شادی ہو گئی
تم غلط کرتے ہو جو ہندوستانی زبان مشکل جانتے ہو
وے کوشش والے شاگرد ہیں
یہاں کے سیدھے راہ سے عظیم آباد کو جاتے ہیں
نواب اپنی سپاہ کو غیر مغلوب تصور کرتا ہے
بنگال میں لڑکے لڑکیاں برہنہ رہنے دیتے ہیں اور برخلاف فرانس میں ان کو زیادہ اوڑھنی ہیں۔
فارسی لوگ بہت حیلہ باز ہیں۔
تم اس جہاز کے بیما کرنے کا ارادہ کرتے ہو
ہم نے بہت آدمیوں کو گنگا میں غسل کرتے دیکھا
ہمارے بعض سپاہی زخمی ہوئے
اس نے سارے ملک کو فتح کیا
ان دونوں رومالوں کو باہم سیونے دو
ہم نے ملک اودھ بیچ میں سیر کیا
اس ہنڈی پر صحیح کرنا تم کو ضرور تھا
آج اس کے باپ کو گاڑنے گئے ہیں
وہ لڑکا کابن ایمن کو بھیجو
تم ایک مہر فارسی خط میں کھود دو
اس نے نماز کے بعد وعظ کیا۔ ●●

Marfat.com

کتاب کے صفحہ ۶۱ سے ۱۰۸ تک ۱۳ مراسلات ہیں جو باپ بیٹے، دو بھائیوں، دوستوں، ایک متصدی اور اس کے غیر ملکی آقا، ایک سوداگر اور اس کے گاہک کے مابین خط و کتابت پر مشتمل ہیں، ان خطوں کی زبان اکثر مقامات پر غیر مانوس ہے مثلاً "تمہارا سرفراز نامہ مہربانی سے بھرا ہوا سعادت سے پہونچا your letter full of kindness

ان خطوط میں ڈناسی نے اردو مکتوب نویسی کے وہ پر تکلف لمبے چوڑے القاب اور آداب استعمال نہیں کئے ہیں جو اس زمانے میں مستعمل تھے۔ عموماً وہ اس طرح شروع ہوتے ہیں:

خط ایک باپ کا اپنے بیٹے کو

"اے میرے برخوردار" مگر آگے چل کر انداز روایتی ہو جاتا ہے "یہاں ہم سب خدا کے فضل سے عافیت سے ہیں اور عافیت و خیریت اس برخوردار کی رات دن خدا کے درگاہ سے چاہتے ہیں مدت اس مایۂ جاں کی خبروں سے آگاہ نہیں۔ اس واسطے بہت تردد میں ہوئے"۔ آخر میں سلام، عمر اور دولت زیادہ ہونے کے بعد "محبت سے تمہارا معانقہ کرتے ہیں" پھر یہ جملہ یورپین ہو گیا ہے:

چھوٹے بھائی کے جواب میں بڑا بھائی لکھتا ہے "اے پیارے بھائیصاحب۔ جو خط تم نے لکھا ہے سو پہنچا اور جو کچھ میرے نفع میں تم نے کہا سو معلوم ہوا۔ پچھلے میرے داخل ہونے سے باپ کے گھر میں والدہ صاحب کو بیماری اور تپ ہوئی تھی اور قریب تین مہینے کے ہوا کہ ازبسکہ بہت بڑھی ہے۔ باہر نہیں جاتے اس واسطے میرے پھر جانے کو عادت کا شغل بجا لانے کے واسطے توقف ہوا۔ اگر خدا چاہے بعد کمال صحت کے خداوند کے خدمت میں شتاب حاضر ہوں گا اور عرضی حضور کو لکھی ہوئی میرے اس خط میں دھرتا ہوں تم مہربانی کر کے گذراہ دیجیو۔ تمہاری خوشی و خرمی کے واسطے میری دعا و نیاز تصدق جانو۔

ایک نویسندی یا متصدی کی طرف سے اپنے خداوند کو

محترم خداوند نعمت۔ بندہ عرض کرتا ہے آپ سے رخصت ہو کر خیریت سے اپنے گھر کو چلا قسمت کی برائی سے پہنچنے کے پہلے بندے کی ماں آزاری تھیں اور اب تک بیماری نہیں گئی ازبس کہ بغیر بندے کی خبرگیری دارو وغیرہ کی کسی اور سے ہو نہیں سکتی۔ اس واسطے ممکن

Marfat.com

نہ ہوا کہ اس کو چھوڑ دے کرو عدے کے موافق پہنچی۔ بعد اچھی ہونے والدہ صاحب کے حضور میں حاضر ہو کر کاروبار بجا لاوے اور جب تک کہ بندہ نہ آوے گا بھائی صاحب حضور میں حاضر ہو کر کام سرانجام کر سکے گا وغیرہ وغیرہ۔

جواب خداوند کا

میرا پیارا دوست تمہارا خط کال انتظاری میں پہنچا اور ہم اسی خورسند ہوئے لیکن تمہارے والدہ کی بیماری کے سبب بہت فکرمند ہوئے اور دعا کرتے ہیں کہ عن قریب اچھے ہووے جب اس کو چھوڑ سکو گے تب ادھر کا قصد کرو" وغیرہ

ایک سوداگر سے

صاحب جو ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے علاقہ دار مہاجنوں کا شمار بڑھ جائے سو کوئی ایک ہمارے یاروں سے پوچھا کہ ہم کو منبائی کی کوٹھیوں کو بتادیں جن کے ساتھ ہم اس میں تجارت کر سکیں۔ ازبس کہ ان نے آپ کی راستی کی تعریف کی ہے اور ہم سے کہا ہے کہ آپ بُنے ہوئے ریشمی کپڑوں کے فروخت کی نئی اور اپنی ملک کی لایق اقسام کی اجناس مول لینے کی واسطے بڑی فرمائشیں اسی شہر میں دیتے ہو اب ہم التجا کرتے ہیں کہ آپ مہربانی کرکے ہماری خدمت گذاریوں کی قبول کیجیو۔ ہماری خاص تجارت دوستوں کے واسطے ہر جنس کی ریشمی وغیرہ قماشوں کا بیع و شرا کرنا سب لوگ ہمارے گھر کو اس تجارت میں اچھی طرح سے جانتے ہیں۔ جس کو چاہیو تس کو ہماری کوٹھی کی خبر پوچھیو ہم کو یقین ہے کہ کوئی ہماری مخالف بول نہ سکے۔ اضافہ کرنا لاحاصل ہے کہ گر تجویز کرو کہ ہم کو آپ کی فرمائشیں سونپو۔ سو ہم ساری ہوشیاری و آگاہی جس سے قابل ہیں بجا لادیں۔

جواب: صاحب تمہارا خط جو تم نے مہربانی کرکے ہم کو ارقام کیا سو ہمیں پہنچا۔ اور ہم خوشی سے جلدی جواب لکھتے ہیں ہم کفایۃً جانتے ہیں کہ تمہاری کوٹھی سب مہاجنوں کے یہاں زیادہ نامور اور محترم ہے سو ضرور نہیں کہ ہم نئی اور تلاش کریں جب فرصت ہوئے گا تمہاری خدمت کی تقدمیوں سے فائدہ اٹھادیں گے۔ لیکن آج تم سے تقریر کرتے ہیں کہ اب ہماری فرمائشیں بہت سی چھوٹی ہیں کیوں کہ ایک مدت سے تجارت بہت سست ہے اور کسی کو معاملہ باندھنے کی جرأت نہیں پر ازبس

Marfat.com

کہ چاہتے ہیں کہ آپس میں ایک مکاتبت ابتدا ہو کہ جو آیندہ ہمارے تمہارے گھر کو سودمند ہو سکے سو تم مہربانی کر کے بہتر ریشمی کپڑوں کے نرخ نامہ ہم کو بھیجو اور ہم اگر کچھ فائدہ پاویں تو تمہارے دوستوں کے ہونے کی خواہش معلوم کروانے کے واسطے تم کو دو تین گٹھ بیٹھاویں اور تم اکرام کر کے ہم کو تمہاری مرادیں لکھ بھیجو سو ہم جلدی بجا لاویں۔

آخر کے تین خطوط دتاسی نے ایک فرضی ہندوستانی سیاح کی طرف سے لکھے ہیں۔ یہ ہندوستانی چھ مہینے کے سفر کے بعد فرانس پہنچتا ہے۔ بندرگاہ نانت اور کے لے ہوتا ہوا براہ ڈوور انگلستان جاتا ہے۔

انگلستان اور اسکاٹ لینڈ کا یہ تذکرہ مرزا ابو طالب اصفہانی کے سفرنامے سے زیادہ مختلف نہیں ہے اور غالباً یہ خود گارسین دتاسی کے اپنے سفر انگلستان کی روداد ہے جو ان خطوط کے روپ میں گویا "ایک ہندی صاحب" کی زبانی پیش کی گئی ہے۔

یہ مکتوب بیحد دلچسپ اور معلومات افزا ہیں۔ مکتوب نگار لکھتا ہے کہ "انگلینڈ اگرچہ غریب ملک ہے اس میں لوگ چوبی جوتیاں نہیں پہنتے"۔ زبان پھر نامانوس ہے "بادشاہی لوگ نے ہم پر تلاش کیا" یعنی کسٹم کے سرکاری افسروں نے تلاشی لی۔ اکثر مقامات پر ولایتی محاورات کا لفظی ترجمہ ملتا ہے مثلاً under ths sun یعنی "سورج کے تلے ایسا کوئی شہر نہیں"۔ ساتھ ہی ساتھ مکالموں کی طرح خطوط میں بھی رائج الوقت اردو استعمال کی ہے جسے آج ہم پرانی اردو کہتے ہیں۔

Marfat.com

ہندی صاحب سے ولایت میں سفر کرتے

تم جانتے ہو کہ ہم نانتز[1] کے فرانسیس جہاز پر سوار ہوئے تری کے تھوڑے بڑے سفر کے بعد اس نگر میں پہنچے ہم نے لنگر دیا اور ایک توپ چھوڑا۔ اس کے بعد ایک بجرا جہاز کے پاس آیا اور ہم کو گھاٹ پر لے گیا۔ وہاں چھوٹے بیچنے والوں نے میوہ روٹی تازہ مکھن مول کے واسطے لائے۔ ان چیزوں کا منھ ہم نے چھ مہینے سے نہیں دیکھا۔ جہازی نے وطن دیکھنے سے نہایت خوشی کی۔ ہم بھی بہت شاد ہوئے۔ ازبسکہ مدت سے سوائے پانی اور آسمان کے کچھ نظر نہیں آیا اور صرف جہاز کے تختوں پر چلے گئے جس سے بہت دلگیر اور اداس ہوئے تھے ہم نے عجب کیا ازبسکہ دیکھا کہ بہت سے فرانسیس لوگ لکڑی کی جوتیاں پہنتے ہیں۔ ہم سے کہا گیا کہ انگلینڈ کے ملک میں اگرچہ غریب لوگ ہوتے ہیں لیکن ایسی جوتیاں نہ پہنتے۔ جب ہم کوٹھی میں پہنچے تب بادشاہی لوگ نے ہم پر تلاش کیا کیونکہ فرانسیس کے بادشاہ کا یہ حکم ہے کہ کوئی شخص کئی اجناس نہ لادے اگر لادے تو ضبط ہوگا اور اس کے سوا جرمانہ دینا ہے اس صورت میں دو مسافر جو بنگالی کپڑے لائے تھے مجبور ہوئے کہ چوروں کی سریکھی[2] جیب اور گریبان اور کمر میں لپیٹ کر چھپ ڈالیں۔ ہم سولہ روز نانتز میں رہے بعد ازاں کیلس کے شہر کو روانہ ہوئے اور دو ہفتے تک وہاں رہے اور اس جہت سے ہمیں شہر اور اس کے گرد و پیش دیکھنے کی فرصت ہوئی۔ رعیت لوگ گھر کی دیوار پتھر سے تیار اس پر گلاوا[3] کرتے ہیں اور گھر کا چھت لکڑی سے تیار کر کے مٹی کی کھپریل[4] اس پر چڑھاتے ہیں۔ ولایت میں بانس نہیں اس واسطے لکڑی کام آتی ہے۔ کہتے ہیں فرانسیس انگلینڈ کے لوگ سے علم موسیقی

---

[1] ن ان ت ز
[2] طرح
[3] مٹی سے لیپنا
[4] کھپریل

Marfat.com

ناچ اور سب من بھاتی[1] ہنروں میں زیادہ مہارت رکھتے ہیں۔ چنانچہ بہت سے انگیزی[2] صاحب اپنے لڑکے لڑکیوں کے تیئں فرانس کے ملک میں تادیب کے واسطے بھیجتے ہیں۔ اور فرانسیس بھی اپنی نشان نمود کرنے کے واسطے انگیزی سے زیادہ قابلیت رکھتے ہیں۔ اس لئے پردیس میں عزت و حرمت اکثر پاتے ہیں۔

ہم کیلس سے دوور کو پہنچے۔ شہر کے چھوٹوں بڑوں نے قدیم آشنا سریکھا ہمارے ساتھ مہربانی کی۔ ناچ کے ایک گھر میں ہمیں اپنے ساتھ لے گئے وہاں ہمارا پردیسی لباس نظروں کو کھینچا۔ ہم تماشے کو گئے تھے اور آپ دوسروں کا تماشا ہو گئے۔ لندن کے رہنے والوں نے ایسی ہی مہربانی کی۔ سچ ہے تمام خوبی اہل ولایت کی غیر ملک کے باشندوں کے لیے ایسی ہے کہ ہم اس کی تعریف بول نہیں سکتے کیونکہ ہم اپنے ہم وطنوں سے ہماری خاطر داری اور دوستی اظہار ہونے میں زیادہ کوشش کرتے ہیں۔ بہت وقت جامہ پہن کر اور پگڑی سر پر رکھ کر اور پیش قبض کمر میں لگا کر بطور ہندوستانی لوگ کے ہم لندن کے رستوں اور رمنوں[3] میں سیر کو جاتے تھے اور بچے کہ ہمارے رنگ کے اور اسی طرح اوڑھے ہوئے آدمی کبھی نہیں دیکھتے تھے نہایت ڈر سے نزدیک نہیں آتے۔

---

[1] دل پسند [2] انگریزی [3] گھاس کا میدان

Marfat.com

اسی ہندی صاحب کا ایک اور خط

ہم یاد نہیں جانتے ہیں کہ سورج کے تلے ایسا کوئی شہر بڑا وخوب ہو جیسا لندن۔ شہر کے بیچ ایک ندی جاری ہے اور اس ندی پر ایک قلعہ ہے جو کالے پتھر سے بنا ہے اور نہایت مضبوط۔ اس کو تور بولتے ہیں۔ اس میں سلاح بہت سے رکھتے ہیں۔ عمارتیں اینٹ کی بہت ہیں لیکن گرجے نئے پرانے اکثر پتھر کے دیکھنے آتے ہیں۔ ان سب سے گرجہ سینٹ پال کا بلندی وخوبی میں مشہور ہے۔ ہم عمارت کے باہر کی سیڑھی چڑھ کر اوپر کے گنبد کے پہنچے اور وہاں سے ہم نے نہیں صرف تمام شہر دیکھا۔ پھر بھی دس بارہ کوس کے میدان پر ہماری نظر پڑی۔ پتھر کی عمارت اس مضبوطی اور بلندی اور کلائی[1] سے ہندوستان کے ملک میں سوائے تھوڑے گنبد بیجا پور کے نہیں۔ گرجہ ولیسٹ مین ستر ابی کا بہت پرانا ہے لیکن ایسا محفوظ ہوا کہ اب تک نیا دستا[2] ہے اس میں تصویریں ہوتی ہیں نقاشوں کے ہاتھ سے جو اپنے فن میں پکے تھے ان کی نظر نے ہمیں لبھایا۔

اکثر لندن کے گھر تین درجے ہیں پر یہ درجے ایسے بلند نہیں جیسے بنگال میں کیونکہ بنگال میں گرمی کے لئے درجے بہت بلند بناتے ہیں لیکن ولایت میں از بسکہ ہوا سردی برنی ہے ضرور ہے کہ درجے پست ہوویں اور درجے میں تختے بندی کرتے ہیں سقف کو سفید کرتے ہیں اور دیوار کو رنگین کاغذ لگاتے ہیں۔ سب گھر شہر کے، ایک وضع پر ہیں۔ غلطی نہ ہونے کے لئے پیتل کی تختی پر گھر کے مالک یا کرایہ دار نے اپنا نام لکھ کر حویلی کے دروازہ کے اوپر لٹکاتا ہے۔ ہر ایک ہنر اور کسب والا بھی تصویریں اپنے ہنر کی لکھ کر دروازے پر لگاتے ہیں جیسا اگر موچی ہو تو صورت جوتی کی اگر مدلی

---

[1] اونچائی

[2] نظر آتا ہے

Marfat.com

بنانے والا ہو تو تصویر روٹی کی۔ اگر میوہ فروش ہو تو تصویر طرح طرح کے میوے کی وغیرہ۔

شہر کے رستے درست ہیں اور ان میں پتھر بچھائے ہیں اور چوڑائے[1] ان کے اتنے ہیں کہ تین گاڑی قطار سے چل سکتی ہیں۔ اس کے سوا پیدل لوگ کے واسطے راستے کے دونوں طرف چوڑا راہ گذار ہے اور پیدل مردوں کے سوا وہاں چلنا جائز نہیں۔ ●●

---

[1] چوڑا ہے

Marfat.com

اور خط اسی کا

تین مہینے لندن کے شہر میں رہنے کے بعد اوکسفرڈ[1] کو پہنچے اور وہ شہر لندن سے تین منزل پر ہے۔ خوبی اور لطافت وہاں کی معاینہ کرنے کے باعث ہم کو تعجب ہوا۔ وہاں عمارات مدرسے کی اور پرانے گرچہ ہزار برس بلکہ اس سے زیادہ کے بنے ہوئے اور اب تلک نقصان نہیں پائے ہوئے ہم نے دیکھا چھت کے اوپر سیسے کے تختے لگائے گئے کہ مینھ کا پانی نہیں دخل کر سکتا ہے۔ اکثر دیوار کالے پتھر سے ہیں باغات موجود ہیں کہ جن میں درختوں کے جھنڈ اور پھولوں کے خیابان ہیں۔ پھر کتب خانہ دیکھنے میں آیا اور بھی رصد کی عمارت کہ وہ نہایت بلند ہے اور نو دُرجے رکھتی ہے۔ ہم نے دیکھا اس میں بہت سی کتابیں علم نجوم کی رکھتے ہیں۔ اوپر چڑھ کر بڑی دوربین کے وسیلے سے آسمان کے بارہ برجوں کو اور ثوابت و سیار ستاروں کو دیکھتے ہیں۔ دوسرا مدرسہ علم طب کا ہے وہاں دالان ہوتے ہیں کہ جن میں آدمی کی سرتی[2] ہڈیاں سر سے پاؤں تلک لوہے کے تاروں سے بند ہو کر ٹھٹھریاں بن جاتی ہیں۔ جب اوکسفرڈ سے نکلے اسکاٹ لنڈ کی طرف روانہ ہوئے اس وقت موسم سرما کا تھا ہم نے دیکھا کہ لوگ جلد جلد یخ پر پھسل کے سفر کرتے تھے اور تیر سریکھا چلتے تھے۔ ہم سے کہا ہے کہ عورتیں اور مرد ولندیز کی قوم کے اس فن میں کمال قدرت رکھتے ہیں کیونکہ ندیاں نالی ان کے ملک میں بہت سی ہیں اور ٹھنڈے دنوں میں یخ ہوتی ہیں۔ دودھ والیاں دودھ گھڑوں بھر کر سر پر لے کر شہر کو لاتی ہیں اور اس سے ایک بوند بھی نہیں گر پڑتی ہے۔

اسکاٹ لنڈ کا ملک نے کوہستان اور نیچان کی تقسیم پائی۔ اسی ملک میں اکثر پہاڑ و جنگل ہیں شہران انگلینڈ سے کم ہیں لیکن کسب و ہنر کے وسیلے سے اسکاٹ لنڈ کے رہنے والے بہت مالدار ہیں۔ اسکاٹ لنڈ کے لوگ کم خوار اور شجاع ہیں کوہستان میں مگر سرتے[3] برس میں برف

---

[1] آکسفورڈ   [2] ساری   [3] سارے (پورے)

Marfat.com

پڑتا ہے۔ اور اس ملک کے مردوں کو خصوصاً غریب قوم کو اس سے کچھ دکھ نہیں چنانچہ گڈریے اپنی کملی اوڑھ کر برف کے بیچ سو جاتے ہیں جب برف چادر پر جم جاتا ہے تب اٹھ کر کملی جھٹکاتے ہیں اور پھر برف پر پڑے رہتے ہیں۔

بھیڑوں کے بال رضائی کا سریکھا پچ رکھتے ہیں اس واسطے ان کے بدن پر سردی کا اثر نہیں ہوتا اور بارہ مہینے بھیڑوں کی منڈی باہر جنگل اور چرائی میں رہتے ہیں جب برف کے دنوں میں سبزہ گھاس نہیں ہوتا ہے تب سوکھا گھاس ان کو کھلاتے ہیں۔ ولایت کا گھاس خوشبو دار جانوروں کے لئے مقوی ہے۔ کوہستان کے لوگ گول ٹوپی اور کرتا پہنتے ہیں لیکن ازار اور موزہ پانوں میں نہیں رکھتے۔ کرتا گرآگی تک پہنچتا ہے کرتا گا نگاہی اور کچھ ننگری کی رنگین روئی کی جراب چپراس دار جوتیاں پانوں میں اور کمر میں سیف رکھتے ہیں۔ انگلند اور اسکاٹ لند کے عمدہ لوگوں کے بچوں کی تربیت ہندوستان کی سریکھا نہیں۔ اکثر عمدہ[1] اپنے بچوں کے تئیں صرف مدرسے کو جیسے ہندی لوگ بھیجنے کے عوض ان کو دور دور تعلیم خانوں کو پٹھاتے ہیں چار برس کی عمر سے لڑکے لکھتے پڑھتے طرح طرح کے علم و ہنر سیکھتے ہیں بیکار کبھی نہیں ہوتے ہیں۔ اگر کوئی علم موسیقی اور ناچ اور سواری کا ہنر نہیں جانتا ہے تو اس کو پاجی یا غریب زادہ بولتے ہیں اور جو بیبیاں رقص و سرود نہیں جانتی ہیں تو ان کا نکاح مشکل ہوتا ہے۔ غریبوں کی قوم خصوص اسکاٹ لند پڑھنے لکھنے سے واقف ہیں۔ وہ ہنر و پیشہ جو چاہتے ہیں سو سیکھتے ہیں اور مجبور نہیں کر اپنے باپ دادا کی کسب کو اٹھاویں۔

یہاں دولت مند و عمدہ کیا رات کیا دن میں چوب ہاتھ میں لے کر اور سادہ لباس پہن کر پیادہ پا چلتے ہیں اور اس بات کا کچھ عیب نہیں سمجھتے اور ان صاحبوں کے لئے جو گاڑی نہیں رکھتے بازاری گاڑیاں کرایہ کے واسطے موجود ہیں، وہ بہت صاف ہیں اور جلدی چلتی ہیں۔

---

[1] افسران، اہل ثروت وجاہ

Marfat.com

تنقید اور تبصرے

دٔتاسی کی مطبوعات میں بڑی تعداد ایسی تحریروں کی ہے جن میں مختلف زبانوں میں شائع شدہ مضامین پر تبصرہ کیا گیا ہے۔ ان سب کو اس فصل میں زبان وار یکجا کیا گیا ہے۔

" ہندی اور ہندوستانی منتخبات"۔ شروع میں ہندوستانی اور برج بھاشا کی گرامر پر کچھ ابتدائی معلومات بھی ہیں۔ مطبوعہ کلکتہ ۱۸۲۷ء دو جلدیں۔ تبصرہ۔ ژورنال دساواں ۱۸۳۲ء صفحات ۴۲۸ تا ۴۳۷ اور ۴۷۰ تا ۴۸۷ میں ہوا ہے۔

دٔتاسی لکھتا ہے کہ " یہ کتاب دو حصوں یا دو جلدوں میں تقسیم ہے۔ پہلی میں گرامر پھر ہندی یا برج بھاشا میں لکھی ہوئی کتابوں کے اقتباسات ہیں۔ حصہ دوم میں منتخبات ہیں۔ ان منتخبات میں نہ تو ترجمہ شامل ہے نہ اس پر کچھ حاشیے ہیں۔ یہ گرامر بھی کوئی نئی تالیف نہیں بلکہ کتاب کے شروع میں شیکسپیر کی مشہور تالیف کو دوبارہ نقل کر دیا ہے۔ اور وہاں برج بھاشا کے متعلق کچھ معلومات میں اضافہ ہے۔[1]

آگے چل کر وہ لکھتا ہے کہ" ایک شدید تر اعتراض جو اس پر کیا جا سکتا ہے وہ یہ کہ شمالی ہند کی قدیم یا جدید بولی کے صفحے کے ساتھ وسطی ہندوستانی یا دکنی کے صفحے شامل نہیں کئے گئے[2] جو منتخبات دئے گئے ہیں وہ بیتال پچیسی، کبیر، تلسی، بپّیا جادیو، راداس وغیرہ کی سوانح عمریوں

---

[1] ژورنال دساواں ۱۸۳۲ء ص ۴۳۰ تا ص ۴۳۱

[2] " " " ص ۴۳۳

Marfat.com

سے لئے گئے ہیں۔ اس میں کچھ عام گیت بھی ہیں۔

آخر میں دتاسی لکھتا ہے:

"یہ پہلی جلد اس فہرست پر ختم ہوتی ہے جو ہندوؤں کے مذہبی تہواروں سے متعلق ہے اور جو ۹ صفحوں میں آئی ہے ..... ایک اور مضمون میں کتاب کی جلد دوم کے مندرجات پر معلومات پیش کروں گا"[1]

جس دوسرے مضمون کا وعدہ کیا گیا تھا وہ اس سال کے بعد کے شمارے میں صفحہ ۴۷۸ تا ۴۸۷ میں شائع ہوا ہے۔ اس میں بیان کیا گیا کہ اس جلد میں باغ و بہار گل بکاولی اور آرائش محفل کے[2] دو اقتباسات دیئے گئے ہیں۔ اس آخر الذکر کتاب کے متعلق دتاسی نے اس کے مؤلف میر شیر علی افسوس کی سوانح عمری بھی دی ہے۔ اور اسے خیال ہے کہ وہ بے حد دلچسپ ہے۔ اس لئے اس کا ایک طویل اقتباس اپنے تبصرے میں ص۴۸۳ تا ص۴۸۶ پر نقل کر دیا ہے۔ اور یہ شہر کلکتہ سے متعلق ہے۔ جو ایسٹ انڈیا کمپنی کا صدر مقام تھا۔

مذکورہ بالا اقتباسات کے بعد پچاس دلچسپ کہانیاں ہیں پھر مسلمانوں کے عام پسند گیت۔ اس طرح ہندوستانی اور انگریزی مکالمے ہیں جن پر یہ جلد ختم ہوئی ہے۔ یہ مکالمے شیکسپیر کی شائع شدہ کتاب سے نقل کر کے دوبارہ چھاپے گئے ہیں[3]

دتاسی کو افسوس ہے کہ یہ قاعدہ بن گیا ہے کہ اقتباسات صرف قلمی کتابوں کے دیئے جائیں اور ان کے ساتھ منتخبات کا ترجمہ نہ دیا جائے۔ حتیٰ کہ ان کی پیچیدگیوں کو واضح کرنے کے لئے کچھ نوٹ بھی نہ دیئے جائیں۔ اور یہ لکھتا ہے کہ "میری تمنا ہے کہ مسٹر پرائس جو اس زبان سے دلچسپی لیتے ..... نظر آتے ہیں اور اس کی اہمیت سے پوری طرح واقف ہیں اس بات کا فیصلہ کریں کہ اس قسم کی ایک کتاب شائع کریں" یعنی ضمیمے کے طور پر الفاظ کی ایک لغت دی جائے خاص

---

[1] ژورنال ازیاتک دساواں سنہ ۱۸۳۲ء صفحہ ۴۴۴

[2] " " صفحہ ۴۸۱

[3] " " صفحہ ۴۸۶

Marfat.com

ایسے الفاظ کی جواب استعمال نہیں ہوتے۔

● " منتخبات ہندی یعنی ہندوستانی زبان کے منتخبات"
جن کے ساتھ لفظی ترجمہ بھی ہے۔ یا الفاظ کے معنی دیے گئے ہیں اور چند حصّوں کے متعلق اس زبان کے طالب علموں کے لیے گرامر بھی دی جائے۔ مولفہ جان شیکسپیر جو آنریبل ایسٹ انڈیا کمپنی کے فوجی مدرسے میں شرقیات کے پروفیسر ہیں۔ اشاعت ثانی لندن ۱۸۲۴ء اور ۱۸۲۵ء دو جلدیں آٹھ صفحی تقطیع پر اس کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جلد آٹھ (۸) جنوری ۱۸۲۶ء صفحہ ۲۳۰ تا صفحہ ۲۳۵ پر ہے۔

دتاسی لکھتا ہے کہ ہندوستانی زبانوں میں " سب سے زیادہ متنول زبان ہندوستانی ہے جو ایک عظیم الشان سمندر کی طرح ہے جس میں بڑے بڑے دریا گرتے ہیں جس سے اصل کا دھارا وسیع تر ہو جاتا ہے[1] باوجودیکہ اس زبان کو بکثرت لوگ بدلتے ہیں۔" اس کی ادبیات بہت متمول ہے اور یہ کہ اسے عظیم تجارتی اور سیاسی اہمیت حاصل ہے۔ اسے گزشتہ صدی (یعنی ۱۸ ویں صدی) میں محض ایک حقیر بولی سمجھا جاتا تھا اور فاضل جونز نے اپنی فارسی گرامر (دیباچہ صفحہ ۱۲ ریونڈ سیموئیل کی نگرانی میں شائع شدہ آٹھویں ایڈیشن) میں بھی یہ رائے ظاہر کی ہے[2]

دتاسی نے اولاً اس بات کی تاریخ دی ہے کہ اس زبان کا مطالعہ یورپ خاص کر انگلستان میں کب اور کیسے شروع ہوا۔ اس کے بعد اس نے اسکاٹ لینڈ کے ڈاکٹر گلکرسٹ کا طویل ذکر کیا ہے۔ جس نے نوجوانی ہی سے اس زبان سے دلچسپی لی اور اس بارے میں کئی کتابیں شائع کیں۔ رفتہ رفتہ فاتحین نے اس زبان کی اہمیت تسلیم کی اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازمین سے چاہا کہ وہ تمام لوگ جو اس کمپنی میں بڑی کشوری (سول) یا لشکری خدمات اختیار کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے ضروری ہے کہ ہندوستانی زبان سیکھیں۔ "گورنر جنرل کا حکم تھا

---

[1] منتخبات ہندی کا تبصرہ ۱۸۲۶ء ص ۲۳۱

[2] منتخبات ہندی پر ژورنال ازیاتک ص ۲۳۲

Marfat.com

کی مجلس انتظامی میں بہ مقام فورٹ ولیم مورخہ ۲ر دسمبر ۱۷۹۸ء اور الیسٹ انڈیا کمپنی نے نہ صرف اس بات کی حوصلہ افزائی کی کہ برسر موقعہ یہ زبان سیکھی جائے بلکہ خود یورپ میں اس کی جو تعلیم گاہیں تھیں ان میں بھی اس زبان کے سکھانے کے لئے استاد مقرر کئے[1] ان استادوں میں سے ایک جان شیکسپیر تھا۔ جو ۱۸۰۵ء میں فوجی مدرسہ میں جو کراڈن کے قریب تھا ہندوستانی زبان کی تدریس کے لئے مامور کیا گیا۔ اور اسی نے مذکورہ بالا کتاب شائع کی۔

شیکسپیر کی کتاب کے کئی ایڈیشن نکلے۔ دتاسی نے اس کے دوسرے ایڈیشن پر تبصرہ کیا ہے اور اعتراض کیا ہے کہ نئے ایڈیشن میں شیکسپیر نے بعض مفید چیزوں کو حذف کر دیا ہے۔ اس سے مراد چند مختصر کہانیاں اور اقتباسات تھے، جن کے ساتھ ان کا انگریزی ترجمہ بھی شامل تھا۔ اور یہ اس زبان کے مبتدیوں کے لیے مفید تھا۔

شیکسپیر کی کتاب میں اچھی گرامر شامل ہے اور ضمیموں میں کچھ منتخبات ہیں، لغت ہے اور کچھ معلومات دیوناگری خط کے متعلق دی گئی ہیں۔ جو عربی خط کے ساتھ ساتھ اس زبان کے لئے برتا جاتا ہے۔ ان منتخبات میں نہ صرف دیسی مؤلفوں کی چیزیں ہیں بلکہ بعض اقتباسات کا ترجمہ دیا گیا یعنی " ہندوستانی زبان میں گولڈ اسمتھ کی مشہور کتاب " دکار آف ویک فیلڈ " کے تیسرے باب کا ہندوستانی زبان میں ترجمہ ہے اور یہ اس بات کا نمونہ ہے کہ انگریزی عبارتوں کا جدید ہندوستانی زبان میں جو انگریزی سے بے حد مختلف چیز ہے کس طرح ترجمہ کیا جائے۔ ترجمہ میر حسن علی[2] نے کیا تھا اور اسے انگلستان میں قیام کے باعث اس کا موقع ملا تھا کہ اصل عبارت کی زبان (یعنی انگریزی) سے ٹھوس واقفیت حاصل کرے۔ یہ ترجمہ ہمیں فصیح اور مطابق اصل نظر آیا[3]

---

[1] منتخبات ہندی پر ژورنال ازیاتیک ص ۲۳۴

[2] اس بارے میں دیکھو ژورنال ازیاتیک جنوری ۱۸۳۲ء ص ۵۴۴ نیز ہمارا نوٹ اس کی بیوی میر حسن علی بیگم کی انگریزی کتاب کے متعلق " ہندوستان کے مسلمانوں پر چند ملاحظات "

[3] منتخبات ہندی پر دتاسی کا تبصرہ مطبوعہ ۱۸۲۶ء ص ۱۳۱ تا ص ۱۴۲

Marfat.com

عربی تحریر میں عام طور پر اعراب نہیں لگایا جاتا ہے اسی لیے اس کے صحیح تلفظ میں شبہات کا امکان رہتا ہے۔ مبتدیوں کے لیے ہندوستانی زبان کے جو اقتباسات دئے جائیں ان میں جہاں تک ممکن ہو اعراب ناگزیر ہے اور طباعت میں غلطیاں نہیں ہونی چاہیئے۔

شیکسپیئر کی کتاب اس بات کی مستحق تھی کہ اس کی قدر کی جائے اس میں جو اقتباسات شامل کئے گئے ہیں وہ آج کل کی روزمرہ سے بہت قریب زبان میں ہے۔ دتاسی نے " دکار آف ویک فیلڈ " کے ترجمہ کے متعلق جو رائے دی ہے وہ بالکل ٹھیک ہے۔ مزید برآں جو اقتباسات چنے گئے ہیں وہ بہت متنوع ہیں اور ہندوستان کے مسلمانوں کی تہذیب کے متعلق ایک اچھا مجموعی خاکہ پیش کرتے ہیں۔

شیکسپیئر کی کتاب میں ایک ضمیمہ ہے جس کی طرف دتاسی نے اپنے مضمون میں کوئی اشارہ نہیں کیا ہے اس میں چند ایسے نجی خطوط ہیں جو ہندوستانی زبان میں ہیں اور یہ فارسی خط والی عربی تحریر میں نہیں۔ " نون غنہ " مؤلف نے تجویز کی کہ نون پر دو نقطے لگائے جائیں۔ لیکن اس نے اپنی کتاب میں جو منتخبات شائع کئے ہیں ان میں اس تجویز پر عمل نہیں کیا۔ آج کل نون غنہ کے لئے بغیر نقطے والا نون لکھا جاتا ہے لیکن اس میں یہ دشواری ہے کہ اگر نون غنہ لفظ کے بیچ میں آئے تو اس کا حل نہیں ملتا۔ لیکن خود شیکسپیئر کی تجویز بھی کچھ اچھی نہیں کیونکہ اگر نون غنہ لفظ کے وسط میں آئے اور اس میں دو نقطے ہوں تو " ت " کا التباس پیدا ہو جائیگا۔

" نبی آفندی کے مشورے اپنے بیٹے ابوالخیر کے لئے "

مطبوعہ ژورنال دے دیبا۔ مورخہ ۳۱ مارچ ۱۸۵۷ء صفحہ ۲۔ کالم ۲ تا ۳

یہ کتاب " بی۔ دوپرا " نامی ناشر نے شائع کی تو دتاسی نے فوراً تبصرہ کیا۔ اس کتاب کو سلوستر دساسی کے نواسے پاوے دکورتیمی نے تالیف کیا تھا۔ اس میں اس بات پر توجہ منعطف کرائی گئی کہ ترکی اور اردو زبانوں میں بے حد مشابہت پائی جاتی ہے پھر وہ یہ بتاتا ہے کہ نبی نام کا شاعر سلطان مراد کے زمانے میں تقریباً ۱۶۳۲ء میں زندہ تھا۔ اس نے " موریہ " کی مہم میں جنرل مصطفیٰ پاشا کی ہمراہی میں سفر کیا تھا۔ پھر حج کو مکہ گیا بعد ازاں " حلب " میں مقیم ہوا۔ جہاں سے وہ ملازمت کے لئے قسطنطنیہ چلا آیا۔ اور یہاں وہ اپنی وفات تک جو ۱۷۱۲ء میں ہوئی

Marfat.com

کام کرتا رہا۔ کتاب کا نام ترکی زبان میں "خیر یہ" ہے۔ یہ ایک تعلیمی نظم ہے جو چیسٹر فیلڈ کی تالیف سے مشابہت رکھتی ہے لیکن حسن و جمال سے خالی نہیں ہے۔ دتاسی نے اس کا ایک اقتباس نقل کیا ہے جو شہر قسطنطنیہ کے متعلق ہے تاکہ ناظر اصل کتاب کے اسلوب کے متعلق کچھ تصور قائم کر سکے۔ علم کے متعلق اس کا بیان قابلِ ذکر ہے۔ وہ کہتا ہے "موتی سمندر کے ساحل پر نہیں ملتے اگر حاصل کرنا ہو تو سمندر کی گہرائی میں غوطہ لگانا ہوگا"۔

- "منشی امین چند پنجابی کی سیاحتِ ہند" جلد اوّل مطبوعہ دہلی ۱۸۵۴ء صفحے ۳۵۸ کتاب ایک نقشہ اور تصویریں بھی ہیں۔ دتاسی کا تبصرہ ریویو دلوریاں سلسلۂ جدید جلد ۳ ۱۸۵۶ء صفحہ ۴۲۶ تا ۴۲۷ پر چھپا ہے۔

دتاسی نے اس تبصرے میں ہندوستانی زبان کی سیاحت سے متعلق ایک کتاب کا ذکر کیا ہے۔ جلد اول میں پنجاب، سندھ، علاقہ بمبئی، صوبجات متوسط اور صوبہ شمال مغرب کا ذکر ہے۔ دتاسی کا خیال ہے کہ جلد دوم میں بنگال کا ذکر آئے گا۔ اس نے تعارف کے طور پر کتاب کے چند اقتباسات کا فرانسیسی ترجمہ دیا ہے۔

- (الف) "مشرق کے مقاماتِ جنگ کی زبانوں کو سیکھنے کے لئے فوجی افسروں کی مدد کے لئے ایک مشورہ" مؤلفہ میکس ملر، جس میں ایک لسلیاتی نقشہ بھی ہے جو آگسٹس پیٹرمان نے تیار کیا ہے۔ مطبوعہ لندن ۱۸۵۴ء ۸ صفحی تقطیع پر ۱۲+۴۸ صفحے۔
- (ب) "مشنریوں کی ضرورت کے لئے ایک تجویز جو بنزن کے مکان میں جنوری ۱۸۵۴ء میں منعقد شدہ کانفرنس میں پیش کی گئی۔ مؤلفہ میکس ملر ۸ صفحی تقطیع صفحے ۵۲۔

حروف تہجی پر ایک جدول مطبوعہ ریویو دلوریاں سلسلۂ جدید جلد اول ۱۸۵۵ء صفحے ۷۷ تا ۸۰۔

ان دونوں کتابوں پر دتاسی نے ایک مضمون میں تبصرہ کیا ہے۔ ان کا مؤلف میکس ملر آکسفورڈ میں پروفیسر تھا۔ پہلی تالیف میں مؤلف نے ان زبانوں کا ذکر کیا ہے جو ترکی اور روس کی سرحد پر بولی جاتی ہیں۔ اس زمانے میں اس علاقہ میں جنگ ہو رہی تھی۔ دتاسی نے اس کتاب کی تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس میں جرمنوں کی عقلمندی اور انگریزوں کی واضح بیانی دونوں ملتی ہیں۔ جہاں تک اس علاقے کی زبانوں کی علمی تقسیم کا تعلق ہے ان میں سے بعض ایسی ہیں جو کم معروف تھیں لیکن تقابلی

Marfat.com

لسانیات کے ذریعے سے بتایا گیا ہے کہ ان کا تعلق بعض ایسی زبانوں سے ہے جو زیادہ معروف نہیں۔ گارسین دتاسی کو میکس ملر سے اتفاق ہے کہ لاطینی اور فارسی وغیرہ زبانیں سنسکرت سے اخذ نہیں بلکہ سنسکرت کی بہنیں ہیں۔

دتاسی کے خیال میں یہ بات ممکن ہے کہ اس زبان کو دوبارہ مرتب کیا جائے جو اب ناپید ہو چکی ہے اور جو ان ساری زبانوں کا ماخذ ہے اور جس طرح "کوویے" نے چند پتھر پر بنی ہوئی ہڈیوں کی مدد سے جانوروں کی ان نسلوں کا پتہ چلایا جو طوفانِ نوح سے پہلے پائے جاتے تھے۔ اسی طرح اس مفقود زبان میں موجودہ زبانوں کی اصل کو ڈھونڈا جا سکتا ہے آخر میں ایک فہرست ان ابتدائی کتابوں کے متعلق ہے جو کتاب میں بیان کی ہوئی زبانوں کے متعلق معلومات کے لئے دیکھی جا سکتی ہیں دوسرے رسالے میں میکس ملر نے حروف تہجی کے نظام سے بحث کی ہے جن میں مشرق کی مختلف زبانیں لکھی جاتی ہیں مثلاً دیوناگری، ژند، میخی خط والی زبان، تاتاری، ہندوستانی، فارسی، عرانی، اور عربی اور ان کو لاطینی خط میں کس طرح صحت کے ساتھ لکھا جا سکتا ہے۔ دتاسی کے زمانے میں جس طرح اس بارے میں اتفاق رائے نہ تھا وہی حال آج بھی ہے اور نہ صرف مشرق کی مختلف زبانوں کے متعلق بلکہ کسی ایک زبان کو لاطینی خط میں لکھنے کے لئے فرانس، انگلستان، اسپین، جرمنی وغیرہ میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ جن لوگوں کو اصل مشرقی زبان نہ آتی ہو وہ اس کو لاطینی خط میں دیکھ کر ششدر رہ جاتے ہیں مثلاً (J) کا تلفظ انگریزی میں (ج) فرانسیسی میں (ژ) اور جرمن میں (ی) ہے ہسپانوی میں (خ) ہوتا ہے۔

• "ہندوستانی زبان کی مختصر گرامر" جس میں طلباء کے پڑھنے کے لئے منتخبات شامل ہیں۔ مؤلفہ ای۔ بی ایسٹ وک۔ ایم۔ آر۔ اے۔ ایس اشاعت دوم۔ زیر نگرانی ریورنڈ جارج اسمال، ایم بی۔ پی لندن ۱۸۵۸ء بارہ صفحوں والی بڑی تقطیع ۲۲۶ صفحے۔

دتاسی کا یہ تبصرہ ژورنال ازیاتک دسمبر ۱۸۵۸ء صفحہ ۶۰۴ تا ۶۰۵ میں چھپا ہے۔ شیکسپیئر اور فاربز کی کتابوں کے بعد ایسٹ وک کو مناسب معلوم ہوا تھا کہ اسی موضوع پر ایک مختصر کتاب شائع کرے جو مبتدیوں کی ضرورتوں کے لئے کافی ہو۔ اس کتاب میں کایتھی ناگری خط کا ذکر ہے جو دیوناگری حروف کو تیزی سے لکھ سکنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اس خط کی واقفیت بہت سی قلمی کتابوں اور

Marfat.com

نجی خطوط کو پڑھنے کے لئے ناگزیر ہے۔

- " ہندوستانی زبان کی ایک گرام" جس میں اسکاٹ لینڈ کی بحری اور بری فوج کے مدرسہ کے طلباء کے استعمال کے لئے مشقیں بھی شامل ہیں۔ مؤلفہ جیمس آر بیلن ٹائن مطبوعہ اڈنبرا ۱۸۳۸ء ۸ صفحی بڑی تقطیع ۷۰ صفحے۔

ژورنال ازیاتک اپریل ۱۸۳۹ء صفحہ ۳۸۳ تا ۳۸۴ پر دتاسی نے اس کتاب پر ایک مختصر تبصرہ شائع کیا ہے اور بتایا ہے کہ پرتگالی، فرانسیسی اور انگریزی میں ہندوستانی زبان کی گرامر پر بہت سی کتابیں پائی جاتی ہیں جن میں چند اچھی اور مکمل ہیں اس کے بعد وہ زیر تبصرہ کتاب کی خصوصیتوں کا تذکرہ کرتے ہوئے اس کے مؤلف کی تعریف کرتا ہے۔

- ہندوستانی انگریزی اور انگریزی ہندوستانی لغت" جس میں بعض بالکل نئے خطوط بھی شامل ہیں مؤلفہ جان شیکسپیر چوتھا ایڈیشن اضافوں کے ساتھ مطبوعہ لندن۔ جسے مؤلف نے اپنے ذاتی مصارف سے طبع کرایا اور جسے پیل ہیم رچرڈسن ۲۳ کارن ہل نے ۱۸۴۹ء میں طبع کیا جو چو صفحی بڑی تقطیع پر ہے۔

دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک ۱۸۴۹ء میں صفحہ ۳۴۷ تا ۳۴۸ پر شائع ہوا جس میں ذکر ہے کہ یہ لغت گلکرسٹ، ٹیلر، ہنٹر، اسمتھ، ٹامسن، ایڈم، فاربز اور ہیٹس کی لغتوں سے بہتر ہے۔ پھر کہتا ہے کہ "کتاب کے پہلے اور آخری ایڈیشن میں ۳۲ سال کا وقفہ درمیان میں ہے۔ اس اثناء میں شیکسپیر اس کتاب کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے لگاتار محنت کرتا رہا ہے۔ اور خوش قسمتی سے میں نے بھی اس کام میں اس کی کچھ مدد کی ہے[1] وہ یہ بھی بیان کرتا ہے کہ تیسرے ایڈیشن میں ۴۰۰۹۰ الفاظ و محاورات پائے جاتے تھے۔ موجودہ ایڈیشن میں ان کی تعداد ۵۳۰۰۰ تک پہونچ گئی ہے شیکسپیر کی کتاب کی ایک اور خصوصیت کہ وہ الفاظ کے اشتقاق میں سنسکرت، فارسی اور عربی وغیرہ کی اصل کا بھی ذکر کرتا ہے۔ جب ہندوستانی الفاظ سنسکرت یا عربی بگاڑنے پر مشتمل ہوں تو مؤلف نے اصل الفاظ کو بین القوسین کردیا ہے اور کسی جگہ شبہ ہو تو بھی ایسا ہی کیا ہے۔

---

[1] ژورنال ازیاتک ۱۸۴۹ء صفحہ ۳۴۷

Marfat.com

● "قانونِ اسلام" یعنی ہندوستانی مسلمانوں کے رواج جن میں ان کے مختلف حقوق کا نیز ولادت سے وفات تک انجام دی جانے والی تقریبوں کا مکمل اور صحیح تذکرہ بھی شامل ہے۔ مطبوعہ لندن ۱۸۳۲ء۔

دتاسی کا تبصرہ ژورنال دساواں کے بابت ۱۸۳۳ء کے دو شماروں میں شائع ہوا۔ صفحہ ۴۴۱ تا ۴۵۸ اور ۵۳۹ تا ۵۴۸۔ کتاب کا مؤلف جعفر شریف ہے جس نے ہرکلوٹس کی فرمائش پر اسے لکھا تھا۔ جس کا اس نے انگریزی ترجمہ کرکے لندن سے شائع کیا۔ دتاسی لکھتا ہے کہ "جس کتاب کا میں یہاں تذکرہ کر رہا ہوں وہ اہم ترین تالیفوں میں سے ایک ہے جو حضرت محمد کے مذہب پر شائع ہوئی ہیں۔ اس میں ۸ صفحی تقطیع کے ۵۹۲ صفحوں میں جو کثیر مواد جمع کر دیا گیا ہے وہ آسانی سے کئی جلدوں میں شائع ہو سکتا تھا۔ اس کا اہم ترین حصہ ہندوستان کے مسلمانوں کے مذہب سے متعلق ہے اور یہ وہ موضوع ہے جس سے مجھے بھی دلچسپی رہی ہے (دیکھو تالیف ہندوستانی مسلمانوں کے مذہب کی خصوصیتوں پر ایک یادداشت وغیرہ)" مؤلف جعفر شریف کے متعلق بیان کرتا ہے کہ اسے لالہ میاں بھی کہا جاتا تھا۔ وہ سنی مذہب کا تھا اور سلطنت گولکنڈہ کے شہر ایلورا کا رہنے والا تھا۔

دوسرے سے بارہویں باب تک مؤلف نے ان رسموں کا ذکر کیا ہے جو بچہ کی ولادت سے پہلی سالگرہ تک منائی جاتی ہیں۔ سالگرہ کے معنی 'کرس گنٹھ' یعنی سال کی گرہ کے ہوتے ہیں۔ تیرہویں، چودہویں اور پندرہویں باب میں بالترتیب ارکان اسلام، نکاح اور محرم کا ذکر ہے۔

دتاسی کے تبصرے کے حصہ دوم میں ۱۸ سے ۲۰ باب تک کا ذکر ہے جن میں تین مشہور ترین ولیوں پیر دستگیر (یعنی بغداد کے عبدالقادر جیلانی) شاہ مدار اور قادر ولی کا ذکر بھی شامل ہے۔

۲۹ویں باب میں جس کا تبصرہ دتاسی کے صفحہ ۵۴۳ تا ۵۴۶ میں ہے۔ ہندوستانی مسلمانوں کے صوفیانہ سلسلوں کا ذکر ہے اور آخر میں ۵۴۸ صفحہ پر دتاسی نے املا کی چند غلطیوں کا ذکر کیا ہے۔ جن کا انگریز مؤلف نے ارتکاب کیا ہے۔

● "موضح قرآن" یعنی قرآن کی وضاحت جو قرآن مجید کے عربی متن اور ہندوستانی زبان کے بین السطور ترجمے پر مشتمل ہے۔ بڑی تقطیع ایک سو بچاسی صفحات۔ مطبوعہ کلکتہ ۱۸۲۹ء پر دتاسی کا

Marfat.com

تبصرہ ژورنال دساواں ۱۸۳۲ء صفحہ ۴۳۵ تا ۴۴۲۔

سید احمد شہید نے کلکتہ میں مطبع احمدی کے نام سے ایک چھاپہ خانہ قائم کیا تھا تاکہ ہندوستانی مسلمانوں کی سماجی اصلاح کے لئے کوشش کی جائے اسی لئے انھوں نے مولانا محمد اسماعیل شہید ایک کتاب "تقویت الایمان" اور اپنی کتاب "ترغیب الجہاد" شائع کی تھی۔ انھوں نے موضح قرآن کے نام سے قرآن مجید کا ہندوستانی زبان میں ترجمہ کیا تھا۔ یہ ایک تاریخی نام ہے جس سے ۱۲۰۵ کا عدد نکلتا ہے۔ ۱۲۰۵ھ مطابق ۱۸۰۳ء ہے۔ یہ امر قابل فہم ہے کہ یہ تالیف جو عوام الناس کے لئے تیار کی گئی بہت سادہ اسلوب میں ہو اور اس میں لفاظی سے اجتناب کیا جائے تاکہ مفہوم کو سمجھنے میں دشواری نہ ہو۔ غرض یہ عام بول چال کی زبان میں ہے اور مرصع و مقفیٰ اسلوب سے اجتناب برتا گیا ہے۔ یہ کتاب بھی اس مطبع احمدی میں چھپی اور اس کا ناظم عبداللہ بن بہادر علی تھا۔

دتاسی نے اس ترجمہ کے کافی طویل اقتباسات دیے ہیں صفحے ۴۴۰ تا ۴۴۲ میں لکھتا ہے " جو چیزیں بیان کی گئیں وہ اس اہم کتاب کے متعلق صحیح تصور قایم کرنے کے لیے شاید ضرورت سے زیادہ ہیں جو ہندوستان اور مسلمانوں ہی کے لیے نہیں بلکہ یورپین عالموں کے لیے بھی کافی ہیں۔"

" بیتال پچیسی یا بیتال کی پچیس کہانیاں"۔ جن کا برج بھاشا سے انگریزی میں راجہ کالی کشن بہادر ایم۔ اے ایس۔ سی ایم۔ ایس وغیرہ نے ترجمہ کیا۔ مطبوعہ کلکتہ ۱۸۳۴ء آٹھ ورقی تقطیع۔ ۱۵ صفحات جس میں مؤلف کی تصویر بھی شامل ہے دل لبھانے کے لطیفوں کہانیوں اور قصوں کی انگریزی اور فارسی سے ماخوذ اردو میں ترجمہ اور اب اس سے انگریزی میں ترجمہ ہوا: مترجم کی تصویر بھی ہے۔ ۱۲ صفحوں والی تقطیع کے ۱۹۰ صفحے مطبوعہ کلکتہ ۱۸۳۵ء

دتاسی کا تبصرہ ژورنال دے ساواں جولائی ۱۸۳۶ء صفحے ۴۱۱ تا ۴۲۱۔

اس تبصرہ میں دتاسی نے کتاب کے مؤلف کالی کشن کو مشکل سے ۲۸ سال کا بتایا ہے جو اردو سے انگریزی یا انگریزی سے اردو میں کئی ترجمے شائع کر چکا ہے یہ مشرق میں رہنے والا ایک مستغرب ہے جس طرح مغرب میں بہت سے مستشرق رہتے ہیں۔ دتاسی کے مطابق کالی کشن کا باپ بھی مشہور مؤلف گذرا ہے۔ اور لارڈ کلائیو کے سیکرٹریٹ میں ملازم تھا اور ایسٹ انڈیا کمپنی سے متعلق کلکتہ میں رہتا تھا۔ بیتال پچیسی ایک سنسکرت کتاب ہے اور اس میں پچیس کہانیاں ہیں۔ دتاسی بیان کرتا ہے کہ اس

Marfat.com

کا تامل ترجمہ بھی پایا جاتا ہے اور یہ کہ اس کتاب کی دو کہانیاں سابق میں اسی رسالہ میں ۱۸۳۲ء صفحہ ۴۳۴ پر اور ۱۸۳۴ء صفحہ ۲۴۰ پر چھپ چکی ہیں۔ اس تبصرہ میں کتاب کے مندرجات کا تجزیہ کیا گیا ہے جو صفحہ ۴۱۵ تا ۴۱۹ پر پھیلا ہوا ہے۔

- اسی تبصرہ میں گارسین دتاسی "مجمع الطائف" نامی ایک اور کتاب کا بھی ذکر کرتا ہے جس میں ساٹھ چھوٹی کہانیاں ہیں جو ہندوستانی اور انگریزی دونوں زبانوں میں ہیں اور یہ بھی اضافہ کرتا ہے کہ پچاس انگریزی سے لی گئی ہیں اور باقی "مجموعہ صنعالی" مولفہ زین العابدین کی فارسی کتاب سے ماخوذ ہیں۔ یہ اورنگ زیب کے زمانہ میں تالیف ہوئی۔ دتاسی نے ناظرین کے لیے اس کتاب سے "سکندر اعظم اور بوڑھا شخص" نامی کہانی کو فرانسیسی میں ترجمہ کر کے شائع کیا ہے۔ (دیکھیے صفحہ ۴۲۰ تا ۴۲۱)

- "گلدستۂ انگلستان"۔ سید عبداللہ مطبوعہ کلکتہ ۱۸۵۴ء آٹھ ورقی تقطیع ۴۶ صفحے۔
دتاسی کا یہ تبصرہ ریویو دلوریاں دلیجیری اے دے کولونی سلسلہ جدید جلد ۳ بابت ۱۸۵۶ء۔
صفحہ ۸۳ تا ۸۴ میں چھپا ہے۔

اس میں دتاسی نے لکھنؤ کے ایک مسلمان سید عبداللہ کے فارسی سفرنامے کا ذکر کیا ہے۔ جس نے پیرس آکر دتاسی سے ملاقات کی تھی۔ لکھتا ہے کہ اس نے اس کے ساتھ ہندوستانی میں گفتگو کی۔ سفرنامہ بیشتر انگلستان کے متعلق ہے اور مولف نے نظام عدل گستری، جہاز رانی، فوجی قوت، لارڈ ولنگٹن کی وفات و تدفین وغیرہ کا ذکر کیا ہے اس میں ایک نوجوان انگریز لڑکی پر ایک غزل بھی ہے جو بعد میں مؤلف کی بیوی بن گئی۔ دتاسی نے اس کتاب کے چند اقتباسات کا فرانسیسی ترجمہ شائع کیا۔

- "پریم ساگر"۔ جس میں کرشنا کی تاریخ ہے۔ اشاعت جدید میں لغت ہے۔ مؤلفہ ایڈورڈ ایسٹ وک۔ ایم آر۔ ایس۔ مطبوعہ ہیرٹ فورڈ ۱۸۵۱ء چو ورقی تقطیع ۲۴۰ صفحے۔
- ۲۔ "پریم ساگر" جو شری للوکب کی ہندی سے انگریزی میں ایسٹ وک نے ترجمہ کیا ہے۔ مطبوعہ ہیرٹ فورڈ ۱۸۵۰ء چو ورقی تقطیع ۱۱۲ صفحے۔

دتاسی نے ہندی کی ان دونوں کتابوں پر تبصرہ ژورنال ازیاتیک بابت اپریل و مئی ۱۸۵۱ء

صفحہ ۴۹۰ تا ۴۹۱ پر شائع کیا ہے ان میں سے اول الذکر ہندی کی مقبول عام کتاب پریم ساگر کا نیا ایڈیشن ہے طلباء کے استعمال کے لئے ہندوستان و انگلستان دونوں جگہ درسی کتاب کے طور پر اختیار کیا گیا ہے۔ دوسری کتاب اس کا نیا ترجمہ ہے۔ ذناسی نے ۱۸۴۷ء میں اپنی کتاب تاریخ ادبیات ہندوی اور ہندوستانی شائع کی تو اس کی جلد دوم میں صفحہ ۷۶ تا ۲۱۵ میں اس کتاب کے بڑے حصے کا فرانسیسی ترجمہ بھی دیا تھا اس کے سال بھر بعد ڈبلیو ہولنگس نے اس کا مکمل انگریزی ترجمہ شائع کیا۔ اس کے متعلق ذناسی لکھتا ہے کہ "ہیلی بری کے فاضل پروفیسر نے ہندی متن کا لفظی ترجمہ کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی بھی کوشش کی ہے کہ وہ قابل فہم اور فصیح زبان میں بھی ہو۔"[1]

- "وکرم اروشی" ایک ہندوستانی ناٹک کالیداس کی سنسکرت کتاب سے انگریزی نثر میں ای۔ بی۔ کاویل نے ترجمہ کر کے ہیرٹ فورڈ میں شائع کیا۔ ناشر کا نام الیس آسٹن ۱۸۵۱ء آٹھ ورقی تقطیع۔ ۱۸ صفحے ذناسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جون ۱۸۵۱ء صفحہ ۵۹۷۔

اس انگریزی ترجمہ کا ذکر کرتے ہوئے ذناسی بتاتا ہے کہ وہ نہ صرف مطابق اصل ہے بلکہ اس میں متعدد عالمانہ حاشیے ہیں۔ اور ایک جدول میں ان بحروں کا ذکر ہے جو اس ڈرامے میں استعمال ہوئی ہیں۔ جہاں تک ترجمہ کا تعلق ہے ذناسی بتاتا ہے کہ وہ کتاب کے سمجھنے کے لیے بہت موزوں ہے۔

- "سنسکرت ادبیات پر چھوٹی کتاب (ہینڈ بک)" جو جارج اسمال نے انگریزی میں لکھی اور ولیمس اینڈ نورگیٹ نامی ناشر نے لندن میں ۱۸۶۶ء میں بارہ ورقی تقطیع پر شائع کی۔ اس میں ۲۰ + ۲۸ صفحے ہیں۔ ذناسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک بابت اکتوبر نومبر ۱۸۶۶ء صفحہ ۴۳۶ تا ۴۳۷ پر ہے۔

ذناسی کا بیان ہے کہ اس میں دریا کو زے میں بند کر دیا گیا ہے۔ اس نے مؤلف کی دیگر سابقہ

---

[1] ژورنال ازیاتک۔ اپریل مئی ۱۸۵۱ء صفحہ ۴۹۱

Marfat.com

تالیفوں کا بھی ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ زیرِ تبصرہ کتاب ایسی ہے کہ آدمی کو جس موضوع کی تلاش ہو وہ اس میں آسانی سے ڈھونڈھا جا سکتا ہے۔

(۱۰) "اسلامی ہندوستان پر چند ملاحظات" مؤلفہ بیگم میر حسن علی۔ انگریزی زبان میں دو جلد آٹھ ورقی تقطیع ۱۸۳۲ء۔ لندن میں چھپی۔

دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک سلسلہ دوم جلد نو جنوری ۱۸۳۲ء صفحہ ۵۳۹ تا ۵۶ میں شائع کیا۔ بیگم حسن علی ایک انگریز خاتون تھیں۔ اس کا شوہر پڑھا لکھا مسلمان تھا جو کئی سال انگلستان میں مقیم رہ چکا ہے وہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے فوجی مدرسے میں (جو کرائڈن میں قائم کیا گیا تھا) کام کرتا تھا۔ وہیں اس نے انگریزی کتاب "کار آف ویکفیلڈ" کے ایک حصّہ کا ہندوستانی ترجمہ کیا جسے فاضل مؤلف جان شیکسپیر نے "منتخبات ہندی" میں داخل کیا تھا۔ اس مسلمان نے انگلستان میں اس عورت سے شادی کی جس نے زیرِ تبصرہ کتاب لکھی پھر شوہر کے ساتھ ہندوستان چلی گئی۔ مؤلفہ نے اپنے خسر میر حاجی شاہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ بہت فاضل اور نہایت متقی شخص ہے۔ در اصل خطوط میں بیگم حسن علی نے ہندوستانی مسلمانوں کے رسم و رواج، عادات اور مذہبی خیالات پر تبصرہ کیا ہے"[1]

دتاسی کو اس کتاب سے اتنی دلچسپی ہوئی کہ وہ اپنے ناظرین سے بیان کرتا ہے کہ اس تذکرہ کو خود اس کی "تالیف" ہندوستانی مسلمانوں کے مذہب کی خصوصیتوں پر ایک یادداشت" کا ضمیمہ تصور کریں۔

دتاسی کا بیان ہے کہ اس کتاب میں ہندوستان کے محرم کی عزاداری کا طویل بیان ہے اور یہ کربلا کی لڑائی پیغمبر اسلام کے نواسوں امام حسن و امام حسین کی شہادت سے متعلق ہے۔

بیگم حسن علی نے ہندوستانی مسلمانوں کے نجی زندگی کے حالات کا بھی ذکر کیا ہے۔ کتاب میں زیادہ تر اسلامی تہذیب کو اجاگر کیا ہے۔ دتاسی نے اس کے متعدد اقتباسات نقل کیے ہیں۔

---

[1] ژورنال ازیاتک جنوری ۱۸۳۲ء صفحہ ۵۴۰ تا ۵۴۱

Marfat.com

دیگر ابواب میں عورتوں کے اخلاق و عادات۔ نکاح و ولادت کی تقریبوں اور بچوں کی تعلیم و تربیت کا بیان ہے۔

ایک خط میں بیگم حسن علی نے اپنے سفر دہلی و قنوج وغیرہ کا حال لکھا ہے۔ آگے چل کر دتاسی لکھتا ہے کہ ہندوستانی تحریر کا املا اتنا خراب ہے کہ مشکل سے آدمی ان لفظوں کو پہچان سکتا ہے"[1]

● "ایک مسلمان شخص لطف اللہ کی خود نوشتہ سوانح عمری" اس سے ای۔ بی۔ البسٹ وک۔ ایف آر ایس ایف اے ایس نے ایڈٹ کیا۔ ۱۸۶۵ء میں دتاسی نے اس کا تبصرہ ژورنال دے دیبا میں صفحہ ۳ کالم ۱ تا ۶ میں شائع کیا ہے۔

البسٹ وک ایک مشہور مستشرق ہے جو ایک زمانہ میں ریاست سورت میں اس کے برطانوی ہند میں ضم ہونے سے پہلے نائب ریزیڈنٹ کے عہدے پر مامور تھا اور اس وقت لطف اللہ برطانوی سفارت خانہ میں اس کا منشی تھا۔ جب اس ریاست کو غیر منصفانہ طور پر برخاست کر دیا گیا تو اس کے حکمراں جعفر علی خاں نے انگلستان کے کئی سفر کئے تاکہ وہاں کے اعلیٰ حکام سے براہ راست گفت و شنید کر سکیں۔ ان سفروں میں لطف اللہ ان کے ساتھ رہا۔ میر جعفر علی خاں کے پیرس آنے اور گارسیں دتاسی سے ملاقات کرنے کا بھی ذکر ہے۔

دتاسی اس کتاب کو اپنے سالانہ خطبہ میں طلباء سے پڑھنے کی سفارش کرتا ہے اور طویل تبصرہ میں کتاب کے مندرجات کا تفصیل سے تجزیہ کرتا ہے۔ واقعی یہ کتاب اس کی مستحق بھی ہے ان میں ہندوستان اور ان ملکوں کے جن کی سابقہ حکمراں سورت نے سیاحت کی تھی بہت سی تاریخی اور سماجی معلومات ملتی ہیں۔

لطف اللہ کو انگریزی زبان اچھی آتی تھی۔ اس نے اپنی کتاب براہ راست انگریزی میں لکھی۔

اس کے ایڈیٹر البسٹ وک نے لکھا ہے کہ اس نے اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے بس چند

---

[1] ژورنال ازیاٹک جنوری ۱۸۳۳ء صفحہ ۵۵۹

Marfat.com

عبارتوں کو مختصر کر دیا۔

زناسی نے ۱۸۵۷ء کے خطبے میں اس خود نوشتہ سوانح عمری کا بیان کیا ہے۔ "شخصی روابط غلط فہمیاں اور تعصبات دور ہو جاتے ہیں اور یہ کہ ہندوستان کے لوگ خواہی نخواہی انگریز تسلط کو قبول کرلیں گے۔ یہ صحیح ہے کہ ہمارے سیاحوں نے اپنے وطن کے لوگوں اور وہاں کے نظم و نسق پر کئی بار تنقید کی ہے اور اس زمانے کے انگریزوں کی بعض چیزوں کی تعریف بھی کی ہے لیکن اس سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ لطف اللہ اپنے وطن کی آزادی پر انگریزوں کے تسلط کو ترجیح دیتا ہے" اس خود نوشتہ سوانح عمری کا فرانسیسی میں ترجمہ ہوا اور اس کا عنوان "ایک مسلمان شخص لطف اللہ کی یادداشتیں" ۱۸۵۸ء میں ایک نقشہ کے ساتھ ۳۳۶ صفحوں میں پیرس میں چھاپا گیا۔

● "بھگوت گیتا یا کرشن یا ارجن کی خدائی مسائل کے متعلق گفت و شنید" دیگر سنسکرت کی فلسفیانہ نظموں کا جز۔ کاک برن ٹامسن نے انگریزی میں ترجمہ کیا۔ یہ فرانس کی سوسیتے از یاتک کا بھی رکن تھا۔ کتاب ہرٹ فورڈ میں ۱۸۵۵ء چھوٹی چوورقی تقطیع پر ۱۱۹+۱۵۵ صفحوں پر شائع ہوئی ہے۔ اسی مؤلف کی ایک اور انگریزی تالیف کا عنوان ہے "بھگوت گیتا یا مقدس قانون" سنسکرت متن کا نیا ایڈیشن یہ ۱۲+۶۲ صفحوں میں شائع ہوئی ہے۔ زناسی کا تبصرہ اس پر زورناں ازیاتک مئی تا جون ۱۸۵۵ء میں صفحہ ۵۸۶ پر شائع ہوا ہے۔ یہ شخص زناسی کے شاگردوں میں سے تھا اور بیان کرتا ہے کہ سنسکرت متن کے نئے ایڈیشن میں سابقہ ایڈیشن کے مقابلہ میں جو جرمنی کے شہر بون میں شائع ہوا تھا زیادہ اصلاحیں نہیں ہیں لیکن ترجمہ واقعی بالکل نیا ہے جس میں بہت احتیاط برتی گئی ہے اس کا دیباچہ سو سے زیادہ صفحوں میں آیا ہے اور ہندوؤں کے فلسفہ کا بہت نفیس خلاصہ ہے۔ اس دیباچہ میں بہ کثرت فٹ نوٹ بھی ہیں اور زناسی ان کی بہت ثنا خوانی کرتا ہے۔

● "شکنتلا کا بادشاہ کی طرف سے اعتراف"

ایک سنسکرت ناٹک جو کالی داس نے سات ایکٹوں میں لکھا ہے۔ دیوناگری رسم الخط میں چھپا تھا اور اب پہلی دفعہ لفظی انگریزی ترجمہ کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے۔

Marfat.com

اسے مسٹر ولیمس نے انگریزی میں ہرٹ فورڈ میں طبع کیا۔
ناشر اسٹفن آسٹن۔ آٹھ ورقی بڑی تقطیع کے ۳۳۲ صفحے۔
دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جنوری ۱۸۵۴ء صفحے ۸۹ تا ۹۰ پر ہے۔

دتاسی کی رائے میں یہ اشاعت فن طباعت کا شاہکار ہے۔ اس مشہور ناٹک کا سنسکرت متن ترجمہ و حواشی کے ساتھ ایل دوشیزی نے ۱۸۳۰ء میں شائع کیا تھا اور وہ ایک ایسے مخطوطہ پر مبنی تھا جو بنگالی خط میں ہے۔ موجودہ اشاعت ایک قدیم تر اور بہتر متن پر مبنی ہے اور متعدد مخطوطوں نیز تین مختلف شرحوں کی مدد سے ایڈٹ کیا گیا ہے۔ دتاسی بیان کرتا ہے کہ اس کا مؤلف مسٹر ولیمس چاہتا ہے کہ جلدی ہی اس کا ایک انگریزی ترجمہ نثر اور نظم میں شائع کرے۔ یہ نفیس ڈرامہ ایسا ہے کہ جرمن شاعر گوئٹے بھی اس پر سر دھنتا تھا۔

● "پراکرت پرکاش یعنی وارا روچی کی سنسکرت گرامر اور اس پر بھامہ کی شرح۔ پہلا مکمل ایڈیشن جو میکڈانل آکسفورڈ کے ای۔ بی۔ کاویل نے ہرٹ فورڈ میں شائع کیا۔ ناشر اسٹیفن آسٹن ۱۸۵۴ء آٹھ ورقی بڑی تقطیع کے ۲۳۶ صفحے۔

اس تبصرہ میں جو ژورنال ازیاتک فروری ۱۸۵۴ء میں شائع ہوا۔ دتاسی بیان کرتا ہے کہ اس کتاب کا مؤلف وارا روچی غالباً اجین کے حکمراں بکر ماجیت کے زمانے کا گرامر نویس تھا یعنی پہلی صدی عیسوی کے تقریباً وسط کا۔ چونکہ جن بولیوں کو پراکرت کہا جاتا ہے وہ کلاسیکل سنسکرت اور جدید ہندی کے مابین ایک حلقہ ارتصال کا کام دیتی ہیں اس لیے علم لغت کے لحاظ سے ان زبانوں کا مطالعہ مفید ہے مہاراجہ اشوک کے چند کتبے اور باختری حکمرانوں کے سکے جن پر دو زبانوں میں الفاظ کندہ ہیں نیز ہندوستان کے بکثرت قدیم ناٹک سب پراکرت میں ہیں۔

● "بنگالی کتابوں کی ایک توضیحی فہرست" جس میں ۱۴۰۰ کتابوں اور رسالوں کی باب وار تفصیل ہے جو گذشتہ ساٹھ سالوں میں چھپ کر شائع ہوئے ہیں۔ مؤلفہ جے۔ لونگ کلکتہ بارہ صفحی تقطیع پر ۱۱۴ صفحوں میں دتاسی کا تبصرہ۔ ژورنال ازیاتک اکتوبر تا نومبر ۱۸۵۵ء صفحے ۴۶۴ تا ۴۶۷ پر ہے۔

Marfat.com

اس کیٹیلاگ سے پتہ چلتا ہے کہ بنگالی زبان میں کس طرح ترقی ہو رہی تھی اس میں نہ صرف ان کتابوں کا ذکر ہے جو انگریزی زبان کے زیر اثر لکھی گئی ہیں بلکہ وہ بھی جو قدامت پسند ہندوؤں نے تالیف کیں۔ دتاسی کا بیان ہے کہ سماجی اسباب سے وشنو اسکول کی تالیفوں کی تعداد زیادہ کثیر ہے اور وہ یہ اضافہ کرتا ہے کہ " اس کتاب کے خالص ہندو حصہ میں ویدانت پر لکھی ہوئی اہم کتابوں کی ایک فہرست بھی ہے ان میں سے اہم تر کو مشہور رام موہن رائے نے شائع کیا تھا اور مجھے (دتاسی کو) اس سے شخصی تعارف بھی رہا ہے اس میں ایسی کتابوں کا بھی ذکر ہے جن میں بحث و مباحثہ کے اختلافی مسائل بھی ہیں۔ جیسے کہ بیواؤں کی ستی یا گنگا جل پر قسم کھانا وغیرہ"[1]

اس زمانے میں بھی انگریزی یا یورپ کی دیگر کلاسیکل کتابوں میں سے متعدد کا بنگالی میں ترجمہ ہو چکا تھا۔ مثلاً رابنسن کروسو، پلگرمز پروگریس، ملٹن بلکہ شیکسپیر کی تصانیف نیز ہومر اور ورجل بھی۔ اس کیٹیلاگ میں اخباروں اور رسالوں نے کافی جگہ لی ہے۔ ۱۸۲۹ء سے خود رام موہن رائے نے کاؤمڈی اخبار شائع کرنا شروع کیا تھا جس میں عیسائی مشنریوں کے ویدوں پر اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے ہندوؤں کی فضول رسموں پر بھی حملے کئے تھے۔

راسخ العقیدہ لوگوں نے بنگالی میں اس کے جواب میں ایک اور اخبار چندریکا شائع کرنا شروع کیا جس میں سالہا سال تک بت پرستی اور ستی کی تائید کی جاتی رہی۔

● " زبانوں کی تقسیم "۔ ایم۔ ایچ دشا ترانسے کے فرانسیسی مضمون۔ زبانوں کی تقسیم اور جرمنی کے مکاتب لسانیات " پر ملاحظات مطبوعہ ریویو اورینتال اے امریکن جلد دو ۱۸۵۹ء صفحہ ۲۹۴ تا ۲۹۶۔ اس چھوٹے سے مضمون میں زبانوں کی مختلف قسموں کا ذکر ہے اور سب لسانیات کے متعلق اہل علم کے خیالات

---

[1] ژورنال ازیاتک اکتوبر ۱۸۵۵ء صفحہ ۳۶۵ تا ۳۶۱

Marfat.com

کی ترقی ہے اور جس کا اشٹائن ٹال نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے اس بارے میں ذناسی نے اس جرمن مؤلف کے خیالات سے اپنے اختلاف رائے کا اظہار کیا ہے۔

وہ ہندوستان کی جدید بولیوں کے متعلق کہتا ہے کہ ان کا سنسکرت سے مقابلہ کیا جائے جو ان زبانوں کی ماں ہے تو جرمن مؤلف کے نظریے کے مطابق سنسکرت ایک الگ شعبے میں رہے گی اور اس سے نکلی ہوئی زبان ایک دوسرے شعبے میں۔ ذناسی بطور نتیجہ بیان کرتا ہے کہ" میری کتاب ہندوی زبان کے مبادیات میں جو گردانیں دی گئی ہیں ان میں اس علاحدگی پسند املا کی متعدد مثالیں ہیں جو انہیں ملا دیتی ہیں"[1]

ذیل کی چار انگریزی کتابوں کے تبصرے قابل ذکر ہیں:

۱۔ "پشتو گرامر" مولفہ، کیپٹن ایچ۔ جی۔ ریورٹی۔ اشاعت دوم لندن ہرٹ فورڈ کے ایس آسٹن کی مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ء چو ورقی تقطیع ۱۶ + ۲۰۴ صفحہ۔

۲۔ "پشتو لغت" مولفہ ایچ۔ جی۔ ریورٹی۔ لندن سنہ ۱۸۶۰ء چو ورقی تقطیع ۵ صفحے۔

۳۔ "گلشن روہ پشتو منتخبات" (نظم و نثر) مولفہ ریورٹی۔ لندن سنہ ۱۸۶۱ء چو ورقی تقطیع ۶ + ۳۸۶ صفحات۔

۴۔ "پشتو شاعری کے منتخبات" مؤلفہ ریورٹی۔ لندن۔ سنہ ۱۸۶۲ء چو ورقی چھوٹی تقطیع ۳۲ + ۳۴۸ صفحے۔

ذناسی نے زدرنال ازیاتک بابت فروری مارچ سنہ ۱۸۶۲ء میں صفحہ ۹۱ تا ۹۳ پر ان کی تنقید کرتے ہوئے لکھا ہے "مسٹر ریورٹی کی یہ تالیفیں جو پشتو زبان سے متعلق ہیں اپنی جگہ مکمل ہیں اور ان کی مدد سے آدمی اس زبان کو سیکھ سکتا ہے اور اسے کسی دوسری کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔ اپنی گرامر کے شروع میں مسٹر ریورٹی نے پینتیس صفحوں کا ایک دیباچہ دیا ہے جس میں افغانوں کی مختصر تاریخ دی گئی ہے اور یہ بیان کیا ہے کہ زبان زد کہانی کے متعلق یہ بنی اسرائیل کہ گم شدہ قبائل پر مشتمل ہیں۔ اگرچہ اب انہوں نے اسلام قبول کر لیا ہے اور

---

[1] ریویو اور ینتال اے امریکن۔ جلد ۲ سنہ ۱۸۵۹ء صفحہ ۲۹۵

Marfat.com

راسخ العقیدہ سُنّی ہیں[1]

اس کے بعد دتاسی بیان کرتا ہے کہ پشتو زبان کا تعلق ایرانی شاخ سے ہے لیکن کئی نقطۂ نظر سے وہ اردو سے مشابہ ہے (علاوہ اور چیزوں کے افعال کی ساخت میں) اور اردو کی طرح پشتو میں بھی مذکر مونث دو ہی صیغے ملتے ہیں اور یہ کہ پشتو میں بھی اردو ہی کی طرح بے شمار فارسی عربی الفاظ رائج ہو گئے ہیں ظاہر ہے کہ وہ عربی خط میں لکھی جاتی ہے جیساکہ متعدد دیگر زبانیں، لیکن پشتو میں پانچ ایسے حروف ہیں جو ہندوستانی میں نہیں پائے جاتے ہیں۔

لغت کے متعلق گارسین دتاسی کا بیان ہے کہ وہ قابلِ اطمینان ہے۔ آخرالذکر کتاب میں جو منتخبات دیئے گئے ہیں اس کا نام روحہ دیا گیا ہے یہ عربی لفظ روح نہیں بلکہ یہ لفظ 'روھیلہ' یعنی افغان سے ماخوذ ہے۔ منتخبات میں بہترین افغان مؤلفوں کی کثیر تعداد میں نمائندگی ہوئی ہے۔

● "ہندوستانی سیکھنے کا آسان طریقہ" جس میں اس زبان کو انگریزی رسم الخط میں لکھا گیا ہے اور مکمل صرف و نحو دی گئی ہے۔ مولف مونیر ولیمس پروفیسر آکسفورڈ یونیورسٹی اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے ہیلی بری کالج کا سابق استاد تھا۔ اس میں منتخبات بھی ہیں لغت بھی اور مکالمے بھی جو کاٹن ماتھر نے لکھے ہیں۔ اور جو ایڈسکومب کالج لندن میں ہندوستانی کا مددگار پروفیسر تھا۔ مطبوعہ لندن ۱۸۵۶ء۔ بارہ ورقی تقطیع ۲۳۸ صفحے۔

دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک دسمبر ۱۸۵۶ء ۶۰۵ پر چھپا ہے جس میں بیان کرتا ہے کہ ہندوستانی زبان کو لاطینی خط میں لکھنا علمی نقطۂ نظر سے صحیح نہیں۔ تبصرہ میں مؤلف کی سوانح عمری کا ذکر ہے کتاب کی خوبیوں کا نہیں۔

● "ایک انگریزی کتاب کریمیا (قریم) کی مختصر تاریخ۔ ابتدائی زمانہ سے موجودہ روسی قبضے تک مولف برک ہارٹ بارکر۔ لندن ۱۸۵۵ء۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک مئی ۱۸۵۵ء صفحہ ۶۸۶۔ اشاعت کے وقت کریمیا کے علاقہ کے متعلق ترکی اور روس

---

[1] ژورنال ازیاتک فروری مارچ ۱۸۶۲ء صفحہ ۲۵۲

Marfat.com

یں جنگ ہو رہی تھی اس طرح گویا یہ ایک برووقت کتاب تھی جس میں نہ صرف تاریخی بلکہ جغرافیائی ۔لسلیاتی اور ادبی تفصیلات بھی ہیں ۔ کتاب میں کچھ تفسیریں بھی ہیں۔ حسب عادت دتاسی نے اس کتاب کی تعریف کی ہے ۔

- " ایک انگریزی کتاب۔ اس امر کے متعلق تحقیقات کہ بہار اور صوبہ جات شمالی میں کون سا نظام تعلیم سب سے زیادہ مقبول و مفید ہو سکتا ہے" مولف الیف۔ بوترو پرنسپل دہلی کالج۔ مطبع سیرام پور ۱۸۴۲ء ہشت صفحی تقطیع ۳۲ صفحے ۔

دتاسی نے اس کتاب کا تبصرہ کیا ہے جس میں تین چیزوں سے بحث کی گئی ہے ۔ پہلے یہ کہ ہندوستانی مدرسوں میں عربی سنسکرت کی تعلیم ضروری ہے یا نہیں اور انگریز مولف اس کے خلاف ہے دوسرے میں انگریزوں کی تعلیمی سیاست کی تبدیلی۔ شروع میں انھوں نے حوصلہ افزائی کی کہ ہندوستانیوں کی تعلیم مشرقی زبانوں ہی میں ہو مگر جنھوں نے اب یہ فیصلہ کیا ہے کہ انگریزی واحد ذریعۂ تعلیم ہو مؤلف کو اس فیصلہ سے شکایت ہے تیسرے حصے میں مؤلف نے تجاویز پیش کی ہیں اور کہا ہے کہ اہم عربی، فارسی، سنسکرت، انگریزوں کتابوں کا جو ہندوستانی طلباء کی تعلیم کے لیے مفید ہیں اردو میں ترجمہ کیا جائے ۔

- " سلطنت اودھ کے پایۂ تخت لکھنؤ میں تعلیم کی حالت پر تبصرہ" مطبوعہ ریویو دلوریاں دللیجری اے دے کولونی سلسلہ جدید جلد اول ۱۸۵۵ء صفحہ ۳۴۵ تا ۳۴۸ ۔

اس فرانسیسی مضمون میں دتاسی نے دہلی کے اخبار قران السعدین کے اقتباس دیئے ہیں، اخبار کی تاریخ اشاعت بیان نہیں کی ہے ۔

ایک اقتباس میں شہر لکھنؤ کو مجموعۂ اضداد کہا ہے، جہاں مدرسۂ سلطانی ہے جو حکمراں ملک سعادت علی خاں کے مزار کے قریب واقع ہے۔ اس درسگاہ میں نظام تعلیم مشرق کے قدیم طریقہ پر مبنی ہے مزید برآں نصاب میں جو کتابیں شامل کی گئی ہیں وہ وہی ہیں جو کلکتہ، آگرہ یا دہلی کے مدرسوں میں ملتی ہیں۔ بجز اس فرق کے کہ شیعہ فقہ کی تعلیم ہوتی ہے مدرسہ میں عربی گرامر، منطق، بلاغت، فقہ تفسیر اور حدیث بھی پڑھائی جاتی ہے۔ فلسفہ اور طب کی تعلیم بھی خاص طور پر دی جاتی ہے لیکن تاریخ اور جبر و مقابلہ نہیں پڑھائے جاتے ہیں۔ ایک مشہور حکیم

Marfat.com

مرزا حسین علی کے پاس ذاتی کتب خانہ ہے جس میں (الجبرا) علمی کتابیں بھی ہیں۔ میر میاں نامی مجتہد جو فقہی مسائل کے مشیر اعلیٰ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ سنی ہوں یا شیعہ سب ہی اس فاضل کی قابلیت کے معترف ہیں۔ ملک میں اسلام کا بول بالا ہے اور عیسائیت کے خلاف متعدد تردیدی کتابیں شائع ہوئی ہیں ہر جگہ کتب خانوں میں انجیل کا عربی ترجمہ ملتا ہے۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ مشنریوں نے اس کو تقسیم کیا تھا۔ لوگ اس کو پڑھتے ہیں اور بعض تو ادب سے بوسہ دیتے ہیں۔ یہ بات صرف دینی کتابوں کے لیے مختص ہے۔ لکھنؤ کے کتب خانے میں پانچ چھ ہزار قلمی کتابیں ہیں۔ دو ہزار دیوان یعنی اشعار کے مجموعے، جن میں تاریخ ہند کی بھی بہت سی کتابیں ہیں وہاں ایک عربی مخطوطہ بھی ہے جو جغرافیہ پر پرانی کتاب ہے اس کا نام "اشکال البلاد" ہے مگر اس کے مولف کا پتہ نہیں چلتا۔

گلستان سعدی جو یورپ میں بھی مقبول ہے ذناسی نے اس کی تین اشاعتوں پر تبصرہ کیا ہے۔

- ۱. "شیراز کے شیخ سعدی کی گلستاں" نیا ایڈیشن جس کے لئے ہیلی بری کے ایسٹ انڈیا کالج کے مشرقی السنہ کے پروفیسر نے متعدد نسخوں کا احتیاط سے مقابلہ کیا ہے۔ ہرٹ فورڈ میں ۱۸۳۹ء میں ہشت صفحی تقطیع پر ۲۷۸ صفحات میں چھپی ہے۔
- ۲. "گلستان سعدی کے فارسی متن پر اعراب بھی لگایا گیا ہے تاکہ فورٹ ولیم کالج میں استعمال ہو سکے"۔ فورٹ ولیم کالج کے ممتحن اے اشپرنگر ایم۔ڈی۔ نے کلکتہ میں ۱۸۵۱ء میں ہشت صفحی تقطیع پر ۲۵۲ صفحوں میں چھاپا۔
- ۳. "شیراز کے شیخ مصلح الدین سعدی کی گلستاں"۔ پہلی مرتبہ اس کا ترجمہ نثر و نظم میں کیا گیا اور دیباچہ میں کتاب آتش کدہ سے ماخوذ مؤلف کے حالات دئے گئے ہیں۔ مولفہ ایڈورڈ بی۔ ایسٹ وک ایف آر ایس وغیرہ ہرٹ فورڈ میں ایس آسٹن نے ۱۸۵۲ء میں شائع کیا۔ ہشت صفحی تقطیع ۳۲ + ۳۱۲ صفحے۔

ذناسی کا پہلا مضمون ژورنال ازیاتک مئی جون ۱۸۵۱ء صفحہ ۵۹۰ تا ۵۹۹ میں چھپا۔ دوسرا مضمون اسی رسالے کی اشاعت اکتوبر نومبر ۱۸۵۲ء صفحہ ۴۳۰ تا ۴۳۵ پر شائع ہوا۔

Marfat.com

تیسرا مضمون بھی اسی رسالے میں جون ۱۸۵۳ء میں صفحہ ۵۷۴ تا ۵۷۶ پر چھپا ہے۔

پہلے تبصرہ میں جو فارسی متن کی اشاعت کے متعلق ہے دتاسی سفارش کرتا ہے کہ فارسی زبان کے طلباء اس سے استفادہ کریں کیونکہ یہ ہی واحد ایڈیشن ہے جس میں الفاظ پر اعراب لگایا گیا ہے جو مفہوم سمجھنے کے لیے ضروری ہے اسی طرح یہ واحد ایڈیشن ہے جس میں الفاظ کا مفہوم تفصیلی طور پر ایک لغت میں دیا گیا ہے۔

دتاسی اس میں چار پانچ طباعتی غلطیوں کی نشان دہی کرتا ہے لیکن اس کے ناشر الیسٹ وک کی بڑی تعریف کی ہے[1] دوسرے تبصرے میں جو اشپرنگر نے شہنشاہ اورنگ زیب کے لیے ۱۶۹۰ء میں لکھے ہوئے ایک مخطوطے پر مبنی ہے جو خود مؤلف کے نسخہ سے نقل ہوا تھا یہ مخطوطہ اب تک کلکتہ کی ایشیاٹک سوسائٹی کے ذخیرہ میں محفوظ ہے اس میں حاشیہ پر جو نوٹ ہیں اُن سے زیر تبصرہ ایڈیشن میں استفادہ کیا گیا ہے اس ایڈیشن میں بعض دیگر قلمی اور مطبوعہ نسخوں سے بھی مدد لی گئی ہے۔ اس ایڈیشن کے لیے جو اصول ملحوظ ہے ان کی کچھ مثالیں دتاسی نے دی ہیں چونکہ دتاسی ہندوستانی زبان کا پروفیسر تھا اس لیے وہ اس بات سے باز نہ رہ سکا کہ اس کتاب کا افسوس نے جو ہندوستانی ترجمہ کیا ہے اس کا بھی ذکر کرے اور لکھتا ہے کہ اصل فارسی کی بعض عبارتوں کا مفہوم ہندوستانی ترجمے کے ذریعے سے آسانی سے سمجھ میں آجاتا ہے۔

اشپرنگر کی اشاعت کے متعلق دتاسی جو تجویزیں کیں ان کا مکرّر ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ " مجھے مزید برآں آخر میں کہنا ہے کہ جس فارسی کتاب کے متعلق یہ تبصرہ ہے وہ یقیناً کتاب مذکور کے ایڈیشنوں میں سے جو بہترین ہیں ان میں سے ایک ہے "[2]

(ج) وہ اس موضوع کا ژورنال ازیاتک اکتوبر ۱۸۵۲ء صفحہ ۴۳۰ تا ۴۳۵ میں ذکر کرتا ہے کہ اشپرنگر نے گلستاں کو ایڈٹ کرنے میں کیا طریقہ اختیار کیا تھا۔ اس ایڈیشن کی

---

[1] ژورنال ازیاتک مئی جون ۱۸۵۰ء صفحہ ۵۹۷

[2] " " اکتوبر نومبر ۱۸۵۲ء صفحہ ۴۳۴ تا ۴۳۵ صفحہ ۴۳۵

Marfat.com

خصوصیت یہ ہے کہ اس میں حروف پر اعراب بھی لگایا گیا ہے اور اختلافات رائے کا بھی ذکر کر دیا گیا ہے۔ پھر وہ لکھتا ہے کہ " فاضل ایڈیٹر نے ہر لفظ کا صحیح نقط برہان قاطع یا قاموس فیروز آبادی سے معلوم کیا ہے۔ مزید برآں کتاب کے پروف آغا محمد شستری اور مولوی محمد وجیہہ جیسے فاضل علماء نے پڑھے تھے جو اس ایڈیشن کی صحت کے ذمہ دار ہیں اور بے جھجک کہا جا سکتا ہے کہ یہ ایک بہترین ایڈیشن ہے"[1]

تیسرے تبصرے میں جو مختصر ہے دتاسی گلستاں کے فارسی ترجمے کا ذکر کرتا ہے کہ اس کی نثر اور نظم کا ترجمہ جہاں تک ممکن ہو سکا مماثل بحروں کے ساتھ نظم میں کیا گیا پھر اس نے مثال کے طور پر تین فارسی بیتوں کو ان کے انگریزی ترجمے کے ساتھ نقل کیا ہے۔

- " اخلاق محسنی" مولفہ حسین واعظ کاشفی جس کے شروع میں تبدیلیوں کے لیے چند نئی حکایتیں بھی بڑھائی گئی ہیں۔ اس کو لفٹنٹ کرنل جے۔ ڈبلیو جے۔ اُوسے لیف نے ایڈٹ کر کے ہشت صفحی تقطیع کے ۱۱۰ صفحوں میں ہرٹ فورڈ سے ۱۸۵۰ء میں شائع کیا۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جون ۱۸۵۱ء میں صفحہ ۵۹۸ پر ہے۔

یہاں اخلاق محسنی کا صرف ایک جزئی ایڈیشن ہے جو کتاب کے نصف حصے پر مشتمل ہے اور طلباء کے استعمال کے لیے شائع ہوئی ہے۔ دتاسی بتاتا ہے کہ اس نے اخلاق محسنی کا تجزیہ سابق ژورنال ازیاتک بابت ۱۸۳۷ء میں چھاپا اور کتاب کے نام کا ترجمہ " احسان کرنے والے کے اخلاق نہیں کرنا چاہیے جیسا کہ انگریزی ایڈیشن کے عنوان پر دیا گیا بلکہ " محسن کے اخلاق " کرنا چاہیے یعنی خراساں کے حکمراں مرزا ابوالحسن جس کی طرف یہ کتاب منسوب ہے۔

- " گوہر ہائے ناسفتہ و غنچہ ہائے ناشگفتہ" غیر مطبوعہ دیوان سے لی ہوئی ایک صدی کی فارسی غزلیات لندن سے ڈبلیو۔ ایم۔ والٹس نے ۱۸۵۱ء میں جو صفحی تقطیع پر ۶۲ صفحوں میں شائع کیا۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک اکتوبر نومبر ۱۸۵۲ء صفحہ ۴۳۵ تا ۴۳۶ پر ہے۔ دتاسی بتاتا ہے کہ اس میں ایک سو غیر مطبوعہ نظمیں ہیں مگر ان کا ترجمہ ہے اور نہ نوٹ دیئے

---

[1] ژورنال ازیاتک اکتوبر نومبر ۱۸۵۲ء صفحہ ۴۳۵

Marfat.com

گئے ہیں۔ البتہ ان شاعروں کی سوانح عمریاں ملتی ہیں جن کی غزلیں اس کتاب میں شامل ہیں۔ پھر نمونے کے طور پر اس کتاب سے لی ہوئی ایک چھوٹی نظم کا فارسی متن اور فرانسیسی ترجمہ شامل کیا ہے۔

- "کتاب العہد الجدید" یعنی انجیل کا ترجمہ (عربی) لندن ۱۸۵۱ء آٹھ صفحی تقطیع ۳۹۶ صفحے۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جنوری ۱۸۵۲ء صفحہ ۹۴ تا ۹۵ پر ہے۔

یہ انجیل کا ایک نیا ترجمہ ہے جو ریورنڈ ڈاکٹر سیموئل لی نے مشہور لبنانی شاعر فارس شدیاق کی مدد سے یونانی سے عربی میں کیا ہے۔ سابقہ عربی ترجمہ سوقیانہ زبان میں تھا اور اب کوشش ہے کہ فصیح عربی کا ترجمہ پھیلایا جائے۔
پرانے ترجمہ میں بعض عبارتیں چھوٹ گئی تھیں اور دتاسی کے مطابق موجودہ ترجمہ مکمل ہے۔

- ۱۔ "تحفۃ المستیقظ الآنس فی نزھۃ المستنیم والناعس" شیخ المہدی کی کہانیاں جن کا عربی سے ایک مخطوطہ کی اساس پر جے مارسل نے ترجمہ کیا۔ ژورنال ازیاتک جلد ۱۰ جولائی ۱۸۳۲ء صفحہ ۳۰۳ تا ۳۰۴ پر ہے۔
- ۲۔ "شیخ المہدی کی عربی کہانی" ژورنال ازیاتک سلسلہ دوم جلد ۱۳ جنوری ۱۸۳۴ء صفحہ ۱۸۷ تا ۱۹۱۔

یہاں ایک کتاب سے بحث ہے جو بالاقساط شائع ہوئی۔ پہلے مضمون میں دتاسی کے سامنے صرف ۹۶ صفحات جو ۱۵ جولائی ۱۸۳۲ء میں شائع ہوئے تھے ۱۸۲۹ء میں مارسل نے شیخ المہدی کی کہانیوں کے حصہ اول کا ترجمہ تین جلدوں میں شائع کیا تھا وہ اتنا مقبول ہوا کہ بعد میں اس نے کامل ترجمہ شائع کیا۔ جدید ایڈیشن میں پرانے ترجمے ہی کو تصحیح اور اضافہ کے ساتھ دوبارہ چھاپا ہے۔
شیخ المہدی ایک عیسائی جس نے اسلام قبول کرلیا تھا پھر اس نے جامعۃ الازہر میں دینیات اور ادبیات کی تعلیم حاصل کرکے امتیاز حاصل کیا اسے مصری حکومت نے بطور سکریٹری مامور کیا جب فرانسیسیوں نے (نپولین کے زمانے میں) مصر پر حملہ کرکے قبضہ کیا تو انہوں

Marfat.com

نے بھی اس کو خدمت پر برقرار رکھا۔ جے۔ جے مارسل سے چونکہ اس کی بہت دوستی تھی اس لیے مؤلف نے اپنی کتاب کا مخطوطہ اسے تفویض کر دیا تھا۔

دوسرا مضمون دتاسی نے فروری ۱۸۳۳ء میں شائع کیا اور زیر تبصرہ کتاب کی دوسری جلد کی خصوصیتیں بیان کیں اس میں نپولین کے حملے کی یاد تازہ کی گئی ہے اور جنرل کلیبر اور جنرل عبداللہ ژاک منو کے حالات ہیں اور جو کہانیاں بیان کی گئی ہیں وہ قاہرہ کے دارالمجانین کے بیماروں کے طرف منسوب کی گئی ہیں وہاں کچھ سیاسی قیدی بھی رہتے تھے۔

● "گفتار در قضایائے آتابکاں وچگونگی احوال ایشاں" جس میں شام و ایران کے اتابکوں کی تاریخ محمد بن خاوند شاہ بن محمود المعروف بہ میر خوند نے دیے ہیں پہلی دفعہ سولہ مخطوطوں کا مقابلہ کر کے ڈبلیو ایچ مارلے نے شایع کیا اور اس میں اتابکاں کے سکوں کی چند تصویریں بھی شایع کی جس کو ڈبلیو ایس ایس ڈبلیو وو اسکارٹ نے بمع تشریح مرتب کر کے لندن میں آٹھ صفحی تقطیع ۱۰۴ صفحوں اور متعدد نقشوں کے ساتھ چھاپا۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جولائی سنہ ۱۸۵۰ء میں صفحہ ۹۳ تا ۹۴ پر ہے۔ دتاسی بیان کرتا ہے کہ "مارلے کا متن انتہائی صحیح ہے" اس تبصرہ کے باقی حصے اس مولف کی ستائش کی گئی ہے اور بتایا ہے کہ وہ ان دنوں کن دیگر کاموں میں مشغول ہے۔

● "دربند نامہ" جو ایک ترکی منتخب ترجمہ سے انگریزی میں ڈھالا گیا اور اصل متن اور وہاں کی تاریخ جغرافیہ اور آثار قدیمہ کے متعلق توضیحی نوٹوں کے ساتھ سینٹ پیٹرز برگ کے پروفیسر مرزا کاظم بیگ کی تالیف ہے سنہ ۱۸۵۱ء میں بڑی تقطیع کے جو صفحی ۲۴ + ۲۴۸ صفحوں پر شائع ہوا۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک ستمبر تا اکتوبر سنہ ۱۸۵۱ء صفحہ ۴۱۰ تا ۴۱۲ شائع ہوا۔

کاظم بیگ داغستان کے صدر مقام دربند کا باشندہ تھا۔ دتاسی بتاتا ہے کہ "دربند نامہ نام کی کتاب ایک سو بیس سال پہلے داغستان کی روسی فتح کے وقت زار روس پیٹر اعظم کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا۔ سنہ ۱۸۲۹ء کلاپ۔ روٹ نے ژورنال ازیاتک میں اس کتاب کے ایک حصہ کا ترجمہ شائع کیا تھا۔

اب مرزا کاظم بیگ نے پوری کتاب کو اپنے ایک مملوکہ مخطوطے کی اساس پر ایڈٹ کیا ہے۔ متن

Marfat.com

کے ساتھ ساری کتاب کا انگریزی ترجمہ بھی شامل ہے اور اس میں نوٹ اور ضمیمے بھی ہیں جن میں اقتباسات بھی ہیں۔

دتاسی نے کتاب کے ابتدائی حصے کا ترجمہ کیا ہے جس میں کاظم بیگ نے بتایا ہے کہ کن حالات میں وہ اس کام کے انجام دینے پر آمادہ ہوا۔ اس کے سوا دتاسی نے نہ کوئی تنقید کی ہے اور نہ شرح بس وعدہ کیا کہ وہ قرآن مجید کی ایک غیر معروف سورۃ کے متعلق ایک خصوصی مضمون لکھے گا اور اس وقت اس پر مزید بحث کرے گا۔

● "مقامات حریری اور اس کی شرح کا فارسی ترجمہ" مولفہ شمس الدین کے ترجمے کا ایک نمونہ۔ یہ کتاب لکھنؤ میں ۱۸۴۷ء میں لیتھو پر ۴۱۶ صفحوں میں چھپی ہے۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک فروری ۱۸۶۴ء میں صفحہ ۲۰۲ تا ۲۰۶ پر ہے۔ دتاسی کے ایک دوست لیوں بیورو نے مقامات حریری کے ہندوستانی ترجمے کی فرمائش کی تھی لیکن کتب فروش نے اسے فارسی ترجمہ روانہ کیا۔ اس مناسبت سے دتاسی نے یہ مضمون قلم بند کیا اور فارسی ترجمے کے اقتباس کو نقل کر کے اس کا فرانسیسی ترجمہ شائع کیا تاکہ اصل کے اسلوب کا ناظرین کو اندازہ ہو سکے۔ لیکن وہ یہ نہیں بیان کرتا کہ اس کی اپنی رائے میں فارسی ترجمہ اچھا ہے یا نہیں۔ وہ مقامات حریری کے اصل عربی کے چند محاورات کو نقل کر کے ان کی تشریح کرتا ہے۔

● "ایرانی شطرنج با تصویر" مولفہ این بلان اسکوائر۔ لندن ۱۸۵۰ء آٹھ صفحی تقطیع کے ۷ صفحے اور چار نقشے جو لیتھو پر چھپے ہیں۔ اس انگریزی کتاب پر تبصرہ دتاسی نے ژورنال ازیاتک مارچ اپریل ۱۸۵۱ء صفحے ۴۸۵ تا ۴۸۹ شائع کرایا۔

دتاسی نے کتاب کے مندرجات کا تجزیہ کیا ہے جو پانچ فارسی اور عربی کتابوں سے شطرنج کے متعلق معلومات پر مشتمل ہیں۔

دتاسی لکھتا ہے کہ شطرنج کھیلنے کے مختلف طریقے ہیں۔ ان میں بعض طریقے پرانے ہیں بعض جدید۔ عام طور پر تسلیم کیا جاتا ہے کہ شطرنج اصل میں ہندوستان کی ایجاد ہے اور خیال ہے کہ چھٹی صدی عیسوی میں نوشیرواں کے طبیب برزویہ نے ہندوستان سے لاکر ایران میں رائج کیا تھا۔ شطرنج کھیلنے کا ایک طریقہ وہ ہے جو تیمور لنگ کی طرف منسوب ہے۔

Marfat.com

فردوسی کے "شاہنامہ" میں اس کے کھیلنے کے ایک طریقے میں چالیس مہریں استعمال کی جاتی ہیں۔ اور تختہ پر سو خانے ہوتے ہیں۔ اس کتاب کی اشاعت سے قبل ان میں سے بہت سی چیزیں غیر معروف تھیں۔ مسٹر بلاآن نے جو عربی عبارتیں نقل کی ہیں ان کی بعض غلطیوں کی طرف دتاسی نے اشارہ کیا ہے۔ اور بتایا ہے کہ صحیح لفظ کیا ہے۔

ژورنال ازیاتک اگست ۱۸۵۱ء صفحہ ۱۶۳ پر ژرمول کا ایک مضمون ہے جس میں مسٹر بلاآن کی کتاب کی طرف اشارہ ہے اور شطرنج کھیلنے کے متعلق چند معلومات دی ہیں۔ مزید برآں ژورنال ازیاتک نومبر دسمبر ۱۸۵۱ء صفحہ ۵۸۵ میں کاظم بیگ کا ایک خط جو دتاسی کا موسومہ ہے شائع کیا گیا۔ اس میں سینٹ پیٹرز برگ کے پروفیسر کاظم بیگ نے بتایا کہ شطرنج میں شاہ مات کی جو اصطلاح برتی جاتی ہے (وہ انگریزی میں check mate ہوگیا ہے) یہ فارسی نہیں بلکہ ترکی ہوسکتی ہے اور ترکی میں "مات قالمق" کے معنی ششدر رہ جانا ہے[۱]

شطرنج کے متعلق جدید تر اور مکمل معلومات کے لیے دائرہ معارف اسلامیہ (انسائیکلوپیڈیا میں مادہ شطرنج) دیکھنا چاہیئے۔

- "فلرس کی لاطینی کتاب فارسی، سنسکرت اور ژند زبانوں کا تقابلی مطالعہ"۔ دتاسی نے اس مشہور کتاب کا جو فارسی گرامر ہے۔ اور جس کی پہلی جلد ۱۸۴۰ء میں اور دوسری ۱۸۵۰ء میں شائع ہوئی تھی۔ تبصرہ کیا۔ پہلی جلد کا تبصرہ ژورنال ازیاتک اپریل ۱۸۴۴ء میں صفحہ ۳۱۷ تا ۳۲۱ میں اور دوسری کا ژورنال ازیاتک نومبر دسمبر ۱۸۵۰ء میں صفحہ ۵۲۰ تا ۵۳۸ پر چھپا ہے۔

اس کتاب میں فلرس نے بتانے کی کوشش کی ہے کہ قدیم فارسی اور سنسکرت میں کیا روابط ہیں۔ اگر کچھ زبانیں ایک ہی خاندان کی ہوں تو ان میں بہت مشابہتیں نظر آئیں گی۔ نا سمی

---

[۱] ہماری رائے میں یہ خیال درست نہیں "شاہ مات" کے معنی عربی میں بادشاہ مر گیا۔ شطرنج کے کھیل میں کوئی اور مہرہ کٹ جائے تو کھیل پر برا اثر نہیں پڑتا لیکن جب بادشاہ حریف کے ہاتھوں کٹ جائے تو ہار ماننی پڑتی ہے اور کھیل ختم ہوجاتا ہے۔

Marfat.com

پر عربی کا بھی جو ایک سامی زبان ہے بہت اثر پڑا ہے۔ دتاسی کی رائے میں فارسی سمجھنے کے لیے ہندوستانی کا جاننا بھی مفید ہوگا۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے "ہندوستانی جملوں کی ساخت عام طور پر زیادہ صاف اور زیادہ یکساں ہوتی ہے۔ اس پر عربی کے اسلامی اثرات کم پڑے ہیں۔ ہندوستانی کے جملے میں جو اجزاء ہوتے ہیں ان میں توازن اور ہم آہنگی ہوتی ہے۔ اس کے برخلاف فارسی میں ابہام زیادہ ہوتا ہے اس لیے مفہوم کم واضح ہوتا ہے لیکن اگر کسی کو ہندوستانی آتی ہو تو وہ آسانی سے معلوم کر لیتا ہے کہ اس ابہام کے اندر کون سے ہندوستانی امور پائے جاتے ہیں اور اس طرح مفہوم زیادہ واضح ہو جاتا ہے"[1]

یہ بیان کرنے کے بعد دتاسی فلرس کی کتاب کا تجزیہ کرتے ہوئے بتاتا ہے کہ اس کتاب میں گرامر، اشتقاق، صرف و نحو، عروض وغیرہ کے مختلف پہلوؤں سے بحث کی گئی ہے۔

"سلاماں و ابصال" جو ملا جامی نے سات نظموں میں لکھ کر 'ہفت اورنگ' کے نام سے شائع کی تھی۔ اور اس میں صوفیانہ قصے ہیں۔ اب اس کو پہلی دفعہ فاربز فالکنر نے آٹھ مخطوطوں کی مدد سے ایڈٹ کیا ہے۔ اسے مشرقی کتابوں کی اشاعت کی انجمن نے چھپواکر لندن سے ۱۸۵۰ء میں چھاپا۔ چو صفحی تقطیع کے ۹۲ صفحے۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک نومبر دسمبر ۱۸۵۰ء میں ۵۳۸ تا ۵۴۱ میں چھپا ہے۔

اس مضمون کا ایک آف پرنٹ دتاسی کے اپنے استعمال میں تھا وہ اب مدرسہ السنہ مشرقیہ کے کتب خانے میں نمبر ۲۸ ۲۰ پر ہے۔ اس کے پہلے صفحے میں لفظ ہفتہ کے روبرو ایک نوٹ ہے کہ 'ہفت اورنگ' یعنی 'دب اکبر' کے سات ستارے موسیو شیزی فوں ہامر اور اٹکنسن نے اس کی نظموں کا ترجمہ کیا ہے۔

اس تبصرہ میں دتاسی اولاً سلاماں و ابصال نامی صوفیانہ نظم کا بطور خلاصہ تجزیہ کرتا ہے پھر چند اصطلاحوں کا مفہوم بیان کرتا ہے اور ایڈیٹر مسٹر فالکنر کی تعریف کرتے ہوئے اس نے لکھا ہے کہ 'جو متن شائع کیا گیا وہ انتہائی صحیح ہے۔ مسٹر فالکنر جیسے فاضل کی دقت پسندی

---

[1] ژورنال ازیاتک نومبر دسمبر ۱۸۵۰ء صفحہ ۵۲۱ تا ۵۲۲

Marfat.com

پر کامل اعتماد کیا جا سکتا ہے۔ اس نے اپنی صلاحیتوں کے دوسرے ثبوت بھی دیئے ہیں اور بلاخوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ یورپ میں فارسی جاننے والے ماہر ترین علماء میں سے وہ ایک ہے۔[1]

ژورنال ازیاٹک کے فروری ۱۸۵۷ء کے شمارہ میں صفحہ ۲۹۱ تا ۲۹۵ میں دتاسی نے ایک چھوٹا سا تبصرہ شائع کیا جس کا عنوان "سلاماں و ابصال کی صوفیانہ نظم" مؤلفہ جامی کا فارسی سے ترجمہ جو لندن ۱۸۵۶ء میں آٹھ صفحی تقطیع کے ۱۷ + ۸۴ صفحوں میں شامل ہوا۔ اس میں دتاسی ترجمہ کی خوبی کا اعتراف کرتا ہے اور اس کی خصوصیت کو پسند کرتا ہے کہ نثر کی عبارت کو نظم سے جدا کر کے لکھا گیا ہے چنانچہ نثر کا ترجمہ معمولی لاطینی خط میں ہے اور نظم اٹالکس (جیسے خط نسخ و نستعلیق) میں دیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس انگریزی ترجمہ سے بعض جگہ دتاسی کو اتفاق نہ تھا۔ مثلاً وہ لکھتا ہے "جامی بڑے عمر کے ہو چکے تھے جب انھوں نے سالامان و ابصال لکھی اور دیباچہ میں شکایت کرتے ہیں کہ" ان کی آنکھوں کی بصارت اب کام نہیں دیتی اور یہ کہ فرنگی عینکوں نے اس کو چار آنکھیں دے دیں میں کامیابی حاصل نہیں کی۔[2]

دتاسی نشان دہی کرتا ہے کہ مترجم نے اصل کو پڑھنے میں غلطی کی۔ آخر کے جملہ کا صحیح ترجمہ حسب ذیل ہوگا۔ میری دونوں آنکھیں اس وقت تک دیکھنے کے قابل نہیں ہوسکیں گی جب تک کہ فرنگی عینکیں دو کو چار نہ کردیں "

● "ایران کے منگولی لوگوں کی تاریخ" مولفہ رشید الدین جو فارسی ترجمے کے ساتھ موسیو کاترمیر نے شائع کیا یہ پیرس کی اکیڈمی شعبہ فنون لطیفہ کے رکن ہیں۔ شاہی کولیژ د فرانس اور مدرسہ السنہ شرقیہ دونوں جگہ استاد ہیں۔ پہلی جلد پیرس کے مطبع شاہی میں ۱۸۳۶ء میں بڑی تقطیع کے ۱۷۵ + ۴۵۰ صفحوں میں چھپی ہے۔

دتاسی نے اپنے تبصرہ میں (جو ژورنال دے ساواں اگست ۱۸۳۸ء میں صفحہ ۵۰۱ تا

---

[1] ژورنال ازیاٹک نومبر دسمبر ۱۸۵۸ء صفحہ ۵۴۱

[2] ایضاً فروری مارچ ۱۸۵۷ء صفحہ ۲۵۱

Marfat.com

۵۱۴ پر چھپا ہے) اس اشاعت کی قدر و قیمت کے متعلق حسب ذیل خیالات کا اظہار کرتا ہے
"اس شاندار کتاب کے شروع میں اس کے مؤلف رشید الدین کی سوانح عمری دی گئی ہے
میں نے آج تک اتنی تفصیلی اور محنت سے لکھی ہوئی کوئی مشرقی سوانح عمری نہیں دیکھی"
رشید الدین خاں یہودی النسل شخص تھا جس نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ وہ اپنے
زمانے کا سب سے بڑا مورخ سمجھا جاتا ہے۔ اس نے ساری دنیا کی ہر زمانہ کی قوموں کی تاریخ
پر ایک ضخیم کتاب لکھی۔ ظاہر ہے کہ اس میں وہی معلومات ملیں گی جو مؤلف کے زمانے کے
مسلمانوں سے مخصوص تھیں۔ اس کتاب کا نام جامع التواریخ ہے اور مؤلف نے اپنے حکمراں کی
طرف معنون کیا ہے۔ جا بجا مختلف حکمرانوں کی تصویریں بھی ہیں جس کا اس نے تذکرہ کیا ہے۔
اصل کتاب تا حال پوری نہیں چھپی ہے۔ کاترمیر اور دتاسی کے بعد سے اب تک کچھ اور اجزا شائع
تو ہوئے ہیں مگر کتاب کا بڑا حصہ تا حال غیر شائع شدہ ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ
کتاب عربی فارسی اور ترکی میں تالیف ہوئی لیکن مختلف زبانوں کے نسخوں کا مقابلہ کرنے
سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ہو بہو یکساں نہیں۔

ایک باب میں مسلمان خلفاء کا ذکر ہے۔ دوسرے میں روم کے پوپ کا تیسرے میں
بزنطینی حکمرانوں کا ذکر ہے۔ اسی طرح روم کے حکمرانوں یہودیوں، عیسائیوں، ہندوستانیوں،
چینیوں وغیرہ کے حالات شامل ہیں۔ ماہرین کا بیان ہے کہ ان بابوں میں جو چیزیں بیان ہوئی
ہیں وہ ہر طرح قابل اطمینان ہیں۔ ظاہر ہے کہ کتاب کے اس حصے کو خاص طور پر اہمیت دی
جاتی ہے جو منگولیوں کے متعلق ہے کیونکہ مؤلف انھیں کے ملک میں رہتا تھا۔

دتاسی اس کتاب کی ثنا خوانی کرتے ہوئے قابل قدر بتاتا ہے۔

- "فارسی، عربی اور انگریزی لغت" مولفہ فرانسس جانسن جو آنریبل ایسٹ
انڈیا کمپنی کی سرپرستی میں لندن کے پبلشر ڈبلیو۔ ایچ ایلن، کمپنی ۱۸۵۲ء میں
شائع کیا۔ بہت بڑی آٹھ ورقی تقطیع کے ۴+۱۴۲۰ صفحوں پر مشتمل ہے۔ تبصرہ'
ژورنال ازیاتک اپریل مئی ۱۸۵۳ء میں صفحہ ۴۷۶ تا ۴۸۴ میں چھپا ہے۔
اس تبصرہ میں دتاسی نے اولاً فارسی زبان کی لغتوں کا جو یورپی زبانوں میں ہیں:

Marfat.com

تاریخی تذکرہ کیا ہے۔ پھر جونسن کی کتاب کے متعلق بتایا ہے کہ اس کام کا آغاز کیسے ہوا۔ دتاسی نے کہا ہے کہ فارسی لغتوں کے سلسلے میں ایک ایسی گتھی پیدا ہوتی ہے جس کا حل آسان نہیں یعنی فارسی میں جو الفاظ عربی سے لئے گئے ہیں بطور قاعدہ عربی کا کوئی لفظ بھی فارسی میں استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ فارسی لغت سے وہ سارے الفاظ حذف کر دیئے جائیں جو عربی الاصل ہیں لیکن دتاسی نے یہ معقول بات کہی کہ" ایسے عربی الفاظ میں سے بہتوں نے فارسی میں ایک نیا مفہوم اختیار کرلیا ہے اس لیے یہ ناگزیر ہے کہ ایسے لفظوں کے وہ معانی بھی بتائے جائیں جو عربی میں ہوتے ہیں اور وہ بھی جو فارسی میں ہو گئے ہیں"[1]

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جانسن کو علم اشتقاق سے کم واقفیت تھی کیونکہ دتاسی نے قابل لحاظ الفاظ کی فہرست دی ہے جو جانسن کی رائے میں عربی الاصل نہیں لیکن جو حقیقت میں فارسی ہیں۔ اسی طرح بعض الفاظ اصل میں ترکی اردو وغیرہ کے ہیں۔ لیکن ہماری رائے میں دتاسی کی حسب ذیل رائے صحیح نہیں۔" ابوبکر کے نام کا دوسرا لفظ "ب" کے زیر سے بکر پڑھنا چاہیئے نہ کہ زبر سے۔ حضرت محمدؐ کے خسر ابوبکرؓ کے نام کے لفظ کے معنی باکرہ لڑکی کا باپ، اسی طرح مشہور شہر دیار بکر کو بھی جو میسوپوٹامیہ کے صدر مقام کا عربی نام ہے "ب" کو زیر سے پڑھنا چاہیئے"[2]

دیار بکر کی توجیہہ بھی غلط ہے جب عرب اس علاقہ میں بسے تو شہر ان کے قبیلے کے نام سے منسوب ہوئے۔ اس طرح دیار بکر کے معنی ہیں قبیلۂ بکر (زیر کے ساتھ) کی بستی اور شہر دیار مُضَر (م کے پیش اور ض کے زبر کے ساتھ) قبیلہ مضر کی بستی۔

لفظ ابوبکر کے معنی باکرہ لڑکی کے باپ کے نہیں بلکہ نوعمر اونٹ والے شخص کے ہیں۔ حضرت ابوبکر کو تحقیر کے لیے ابوالفصیل کا نام بھی دیا جاتا تھا۔ جس سے ہمارے بیان کی تائید

---

[1] ژورنال ازیاتک اپریل مئی ۱۸۵۳ء صفحہ ۴۸۰

[2] " " " صفحہ ۴۸۳ تا صفحہ ۴۸۴

Marfat.com

ہوتی ہے کیونکہ "فصیل" کے معنی اونٹ کے بچے کے ہیں۔ اس نام کی وجہ یہ تھی کہ ابوبکر نے زکوٰۃ نہ دینے والوں سے جنگ کی تھی۔ اور ان کے مخالف ان کو اونٹنیوں والا شخص کے نام سے یاد کرنے لگے تھے۔

● "الف لیلیٰ کی چند غیر مطبوعہ کہانیاں" عربی اصل سے فون ہامر نے منتخب کیا اور جی۔ ایس۔ تریبوتیاں نے فرانسیس میں ترجمہ کیا جو الف لیلیٰ کے سابقہ ایڈیشنوں کا تکملہ ہے۔ ہشت صفحی تقطیع کی تین جلدیں۔

الف لیلہ اتنی مشہور ہے کہ اس کے تعارف کی ضرورت نہیں۔ جب دتاسی نے اپنا تبصرہ اس اشاعت کے لیے ۱۹۲۸ء میں ژورنال ازیاتک سلسلہ دوم جلد تین جنوری ۱۸۲۸ء صفحہ ۱۶۲ تا ۱۶۸ پر شائع کیا تو اس وقت اس بات کی کوشش کی جارہی تھی کہ الف لیلیٰ کے مختلف مخطوطوں کے متعلق معلومات حاصل کی جائیں۔

گارسیں دتاسی کے مطابق جو مخطوطہ شہر مارسیلز موسیو وارسی کے پاس تھا وہ اس مخطوطہ سے زیادہ ضخیم تھا جو آسٹریا کے مستشرق فوان ہامر کے ہاں تھا اور جس کے جرمن ترجمے کی اساس پر فرانسیسی ترجمہ تین جلدوں میں پیرس میں ۱۸۲۸ء میں شائع ہوا۔ دتاسی نے واضح کیا ہے کہ:
فوں ہامر کے مخطوطہ الف لیلیٰ کا خاتمہ دیگر مخطوطوں کے خاتمہ سے مختلف ہے۔ فوں ہامر کے مخطوطے کی عبارت کے مطابق ملکہ شہرزاد کی جان اس لیے نہیں بچی کہ اس کا اخلاق بہت اچھا تھا اور نہ اس لیے کہ اس کو قصہ گوئی میں کمال حاصل تھا۔ (جس کا ثبوت اس نے ایک ہزار ایک راتوں میں دیا تھا) بلکہ ان کہانیوں کو بیان کرنے کے دوران وہ تین بچوں کی ماں بن گئی تھی اور بادشاہ نے اپنے ان بچوں کی خاطر ملکہ کی جان بخشی تھی۔"

گارسیں دتاسی نے تریبوتیاں کے فرانسیسی ترجمے کے اسلوب کی بڑی داد دی ہے اور یہ بھی بتایا ہے کہ مترجم مذکور متعدد دیگر فارسی یا عربی کتابوں کے ترجمے میں مشغول ہے۔ اس نے ایک عجیب واقعہ کا ذکر کیا ہے "آگے بڑھنے سے پہلے یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ ایک غلطی پائی جاتی ہے جس پر نہ فوں ہامر نے توجہ کی اور نہ تریبوتیاں نے اور آخر الذکر نے اس کو سرسری انداز سے کئی بار دہرایا ہے۔ فرانسیسی ترجمہ کے دیباچہ میں لکھتا ہے کہ جب ۱۸۱۰ء میں فوں ہامر پیرس آیا تو اس

Marfat.com

نے الف لیلیٰ نے اپنا فرانسیسی ترجمہ کوسین دپرسوال کے سپرد کردیا اور توقع تھی کہ کوسین دپرسوال اسے اصل مترجم کے نام سے شائع کرے گا۔ لیکن فون ہامر کا بیان ہے کہ اسے جلدی معلوم ہوگیا کہ اس کا اپنا کیا ہوا ترجمہ کسی اور کے نام سے شائع ہوگا اور اس میں ہر قسم کی من مانی تبدیلیاں کی گئی ہیں اور اصل مترجم کا نام نہیں دیا گیا[۱] لیکن دو جلدیں کوسین دپرسوال نے شائع کیں ان کا عنوان ہے الف لیلہ کا تکملہ اور وہ ۱۸۰۶ء ناشر لونورماں نے طبع کیا اور فون ہامر نے اپنے ترجمہ کا مسودہ جو غیر مطبوعہ کہانیوں کے متعلق تھا۔ اس اشاعت کے چار سال بعد کوسین دسواری کے سپرد کیا۔ ان دونوں تاریخوں کے پیش نظر اس الزام کی تردید ہو جاتی ہے جو فون ہامر نے لگایا ہے اور جسے تربیونیاں نے دہرایا ہے اور یہ اتنی واضح ناانصافی ہے کہ یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ کس بنا پر پیش آئی[۲]

- "حکایات الجلیلہ" جو الف لیلہ و لیلہ کا ترجمہ ہے۔ فورٹ سینٹ جارج کالج کے استعمال کے لیے منشی شمس الدین احمد نے ۱۲۵۲ھ مطابق ۱۸۳۶ء میں کیا یعنی اس سے مراد الف لیلہ کی مشہور کہانیوں کا ہندوستانی ترجمہ ہے جو مدارس میں آٹھ صفحی تقطیع پر شائع ہوا۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک دسمبر ۱۸۳۹ء میں صفحہ ۵۲۴ تا ۵۳۱ میں شائع ہوا۔

دتاسی بیان کرتا ہے کہ الف لیلیٰ میں ایسی کثیر تلمیحات ہیں جن کا مفہوم عام لغت کی کتابوں میں نہیں ملتا اسی لیے یورپی زبانوں میں ترجمہ کرتے وقت دشواریاں پیش آتی ہیں اور کسی مشرقی زبان میں الف لیلیٰ کا ترجمہ آسان تر ہے پھر دتاسی لکھتا ہے " اس کا ترجمہ کسی ہندوستانی مسلمان سے بہتر کوئی نہیں کرسکتا۔ ہندوستانی مادری زبان ہے مگر فارسی عربی وہاں کم و بیش اسی طرح رائج ہیں جس طرح مغرب میں یونانی ولاطینی۔ اب ایک نہایت نفیس ترجمہ ہندوستانی زبان میں ہوا ہے۔ پہلی جلد میں ایک سو راتیں آتی ہیں۔ یہ ترجمہ جو سادہ لیکن فصیح زبان میں ہے اس کی

---

[۱] ژورنال ازیاتک اپریل مئی ۱۸۲۹ء ص ۶۴ تا ص ۱۲۵

[۲] ایضاً ۱۸۲۹ء ص ۱۶۵

Marfat.com

خصوصیت یہ ہے کہ اس کا اسلوب صاف اور سہل ہے اور سمجھنے میں کوئی ابہام باقی نہیں رہتا۔[1]

- " ایک مختصر تبصرہ " ژورنال ازیاتک ۱۸۵۱ء صفحہ ۵۹۹ میں شائع ہوا جس کا کوئی عنوان بھی نہیں۔ اس میں وہ بیان کرتا ہے کہ لندن میں ایک کتاب وئی زبان میں شائع ہوئی ہے جو مغربی افریقہ کے ساحل پر علاقہ گامبیا اور سینے گال کے مابین بولی جاتی ہے۔
اس کتاب میں ایک حبشی کی زندگی کے روزمرہ کے واقعات بیان ہوئے ہیں۔ غالباً دتاسی کو یہ زبان نہیں آتی تھی کیونکہ اس نے اس کتاب کا عنوان نہیں دیا ہے۔

- " انگلستان کی رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے کتب خانے کی عربی اور فارسی زبان کے تاریخی مخطوطات کی فہرست" جو ولیم ایچ۔ مارلے۔ ایم۔ آر۔ ایس نے انجمن کی مجلس انتظامی کے حکم سے شائع کی۔ لندن ۱۸۵۴ء آٹھ صفحی رائل تقطیع ۶ + ۱۶۰ صفحے۔
دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک۔ مارچ اپریل ۱۸۵۴ء میں صفحہ ۳۶۴ تا ۳۶۹ پر شائع ہوا۔
اس کتاب میں صرف وہ مخطوطے شامل کیے گئے ہیں جو تاریخ پر ہیں اور ان کی تعداد ۱۶۳ ہے۔ اس زمانے میں اس کتاب کی اشاعت سے لندن سے باہر رہنے والے علماء میں سنسنی پھیل گئی ہوگی کیونکہ اس میں نادر قلمی نسخوں کی تفصیل ملتی ہے۔ مثلاً شہنشاہ جہانگیر کا تذکرہ، دتاسی نے اپنے ناظرین کے لیے اس فہرست کے اہم ترین مخطوطات کو مفصل طور پر متعارف کروایا ہے۔

- نارویجین زبان کی ایک تالیف جو قدیم نارویجی کے صرف و نحو کے مسائل کے متعلق ہے۔ مولفہ ایم۔ سی۔ اے۔ ہولمبو مطبوعہ شہر کرستیانا ۱۸۵۰ء ہشت صفحی تقطیع کے بارہ صفحوں میں
دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جنوری ۱۸۵۱ء صفحہ ۹۴ تا ۹۹ پر۔
گارسین دتاسی نے اس تالیف کے مندرجات کا تذکرہ کیا جس سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ انڈو یورپین خاندان کی مختلف زبانوں میں اور جن میں فطری طور پر ہندوستانی بھی شامل ہے،

---

[1] ژورنال ازیاتک اپریل مئی ۱۸۳۹ء ص ۵۲۵

Marfat.com

رشتہ داری بھی مانی جاتی ہے۔ چنانچہ مثال کے طور پر ناروے کی زبان کا ایک لفظ "الف" لیتا ہے جس کے معنی "اگر" کے ہیں۔ "اگر" یہ لفظ رشتہ دار زبانوں میں بھی کم و بیش مماثل صورت میں ملتا ہے۔ مثلاً ہندوستانی۔ بنگالی۔ اینگلو سیکس۔ گوتھک۔ انگریزی۔ اسکاٹش۔ قدیم جرمن۔ جدید جرمن۔ یونانی اور قدیم پرشیا کی زبان۔ سلاوا زبان۔ لیتونیا کی زبانوں میں۔ مؤلف نے اسی طرح دیگر حروف ربط کی گردانیں اور مختلف الفاظ پیش کئے۔ دتاسی نے اس پر اکتفا کی کہ کتاب سے ناظرین کو واقف کرادیں۔

- "ناروے کی زبان اور کیلٹک زبان کے تعلقات" مولفہ سی۔ اے۔ ہولمبو جو ناروے کی یونیورسٹی میں مشرقی زبان کے پروفیسر ہیں۔ یہ کتاب ناروے کی زبان میں ہے اور شہر کرسٹانا میں ۱۸۵۴ء میں چوصفحی تقطیع کے ۲۶ صفحوں میں چھپی ہے۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک دسمبر ۱۸۵۴ء صفحہ ۵۵۳ تا ۵۵۴ پر طبع ہوئی۔

دتاسی بیان کرتا ہے کہ ناروے زبان یعنی آئس لینڈ کی قدیم زبان اور کیلٹک زبان میں مشابہتیں پائی جاتی ہیں۔ ان دو زبانوں کے علاوہ دیگر آریائی زبانوں میں بھی یہ ہی صورت حال ہے۔ خاص کر سنسکرت زبان میں یہ مشابہتیں الفاظ میں بھی ہیں اور صرف و نحو کے قواعد میں بھی۔

- "شہر کرسٹانا کے پروفیسر ہولمبو کی یادداشت کا اقتباس" جو نمبر ۱۰۸ اور نمبر ۱۱۳ کے متعلق ہے۔ تبصرہ ژورنال ازیاتک ستمبر اکتوبر ۱۸۶۷ء صفحہ ۳۶۷ تا ۳۶۸ ہیں۔

شہر کرسٹانا کے پروفیسر ہولمبو کی نارویجین زبان میں شائع شدہ ایک یادداشت کا اقتباس جو یورپ میں شیو کی پرستش کے متعلق ہے۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک ستمبر اکتوبر ۱۸۶۷ء صفحہ نمبر ۳۶۸ تا ۳۷۰۔ دتاسی نے یہاں دو مضمونوں کا تجزیہ کیا ہے وہ اس سے واقف ہیں کہ ۱۰۸ کا ہندسہ ہندوستان کے برہمنی مت اور بودھ مت کے پیرو کے یہاں نہایت قدیم زمانے سے ساحرانہ قوت کا مالک سمجھا جاتا ہے۔ مذہبی رسموں میں اس کا بہت استعمال ہوتا ہے۔ ان کے یہاں کی تسبیحوں میں ۱۰۸ دانے ہوتے ہیں۔ اسی طرح اس ہندسہ کے دیگر استعمال پائے جاتے ہیں۔ جہاں تک تیرہ کے ہندسہ کا تعلق ہے

Marfat.com

اس کو مختلف ملکوں اور ہندوستان کے باہر بھی ایک روایتی اہمیت حاصل ہے کہ وہ منحوس سمجھا جاتا ہے۔ مؤلف نے ایسی ساری معلومات کو ایک رسالہ میں جمع کر دیا ہے۔

● "شیو مذہب سے متعلقہ تالیف" میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ناروے اور سوئیڈن میں چند لنگ ملے ہیں۔ اور مولف یہ قیاس کرتا ہے کہ ناروے کی زبان کا لفظ "روت" شاید "رودرا" سے ماخوذ ہے جو طوفان کی تمثیل ہے۔ اسکینڈینیویا (ناروے سوئڈن) کی پرانی ادبیات میں بیل بھی مقدس تھا۔ اور دتاسی کہتا ہے کہ "ان متعدد ثبوتوں کی بنا پر غالباً یہ نتیجہ اخذ کرنا معقول ہوگا کہ شیو یا رودرا کی عبادت عیسائیت سے پہلے قدیم یورپ میں پھیلی ہوئی تھی"۔[1]

● "اللب المناوی من کتب الفتاوی یعنی ہندوستان کی عدالت ہائے عالیہ کے فیصلوں کا تحلیلی خلاصہ" جو ولیم ایچ مارلے نے آٹھ صفحی بڑی تقطیع کی دو جلدوں میں لندن میں ۱۸۵۰ء میں شائع کیا۔ پہلی جلد میں ۳۲۲ + ۳۸ صفحات ہیں اور دوسری ۱۸ + ۶۸۸۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک فروری مارچ ۱۸۵۱ء میں صفحہ ۲۹۷ + ۲۹۹ پر ہے۔ اسی عنوان سے ایک اور کتاب سلسلہ جدید آٹھ صفحی بڑی تقطیع ۱۳ + ۲۶۶ صفحوں میں لندن میں ۱۸۵۲ء میں شائع ہوئی۔ اس پر متعلقہ مضمون ژورنال ازیاتک فروری مارچ ۱۸۵۳ء میں صفحہ ۲۸۴ تا ۲۸۵ پر ہے۔

برطانیہ کو ہندوستان پر ۱۸۵۷ء کی خوں ریز جنگ کے بعد اقتدار حاصل ہوا، لیکن اس سے ایک صدی قبل ۱۷۵۷ء ہی سے انگریز ہندوستان کے بعض حصوں پر حکومت کرنے لگے تھے اور ان کا دائرہ اختیار بڑھتا ہی جا رہا تھا۔ مغل بادشاہ نے انھیں پروانہ دیا تھا کہ وہ مقبوضہ علاقوں میں حکومت کریں۔ اس زمانے میں انگریز عام طور پر زیرنگیں علاقوں میں جہاں وہ مغل بادشاہ کے نام سے حکومت کرتے تھے۔ ہندوستان کے مروجہ قانون کی عزت کرتے تھے اس وقت اسلامی قانون رائج تھا لیکن کلکتہ، بمبئی اور مدراس تین بڑے

---

[1] ژورنال ازیاتک ستمبر اکتوبر ۱۸۶۷ء ص ۳۷۰

Marfat.com

شہروں میں بادشاہ انگلستان کے عطا کردہ پروانہ کی بنا پر انھوں نے ہائی کورٹ قائم کیے تھے اور ان میں قانون انگلستان پر عمل ہوتا تھا۔

سلسلہ اول کی دو جلدیں برطانوی ہند کی عدالتی تاریخ کے متعلق قیمتی معلومات کی حامل ہیں۔ سلسلہ اول کی پہلی جلد کا دتاسی نے تجزیہ حسب ذیل الفاظ میں کیا ہے:

"شروع میں ایک طویل دیباچہ، ۳۱ صفحوں پر پھیلا ہوا ہے۔ اس میں مؤلف مسٹر مارلے نے یکے بعد دیگرے ان تمام مسئلوں سے بحث کی جو برطانوی ہند کی عدالتی نظائر سے متعلق ہیں۔ شروع میں وہ بیان کرتا ہے کہ ہندوستان میں عدل گستری کے لیے کون سی مختلف عدالتیں پائی جاتی ہیں۔ وہ پھر ان کو صدر کورٹ، مفصل کورٹ، عدالت ہائے امن، ملکہ کے پاس بہ اجلاس کونسل کی جانے والی اپیل۔ آخر میں مؤلف ان قوانین کا ذکر کرتا ہے جو خاص ہندوستان سے متعلق ہیں جیسے ہندؤں کا مسلمانوں کا قانون اور ہندوستان میں رہنے والے پرتگالیوں، ارمنیوں اور پارسیوں کے قانون۔"

اسی جلد میں نہ صرف ان نظائر کا ذکر ہوا ہے جو عدالت کے فیصلہ کردہ مقدموں کے باعث پیدا ہوئے جن کو موضوع وار حروف تہجی پر مرتب کیا گیا ہے بلکہ ایک لغت بھی ہے جو کتاب میں مستعملہ مقامی الفاظ کا مفہوم بیان کرتی ہے۔

جلد دوم میں ایک ضمیمہ ہے جس میں پہلی جلد میں بیان شدہ عدالتی فیصلہ میں استعمال کیے ہوئے بعض اور الفاظ کا ذکر ہے اس طرح بمبئی کی پولس پر یادداشت ہے اور آخر میں وہ پروانہ یا چارٹ دیئے گئے ہیں جو ہندوستان میں پائی جانے والی ہائی کورٹ کے قیام کے متعلق ہیں۔

سلسلہ جدید کی پہلی جلد میں عدالتوں کے فیصلہ کردہ مقدموں کے تجزیہ کے علاوہ مؤلف ان نئی کتابوں کا ذکر کرتا ہے جو اسلامی اور ہندوستانی نظائر سے متعلق ہیں۔ اور جو مؤلف کی شائع کردہ سابق تالیف کی اشاعت کے بعد خود ہندوستان میں یا یورپ میں چھپی ہیں۔

بحیثیت مجموعی یہاں آٹھ ہزار سے زیادہ فیصلوں کا تجزیہ کیا گیا ہے جن سے واضح ہوجاتا

Marfat.com

ہے کہ مختلف مجموعے کیلئے قانون اور برطانوی ہند میں پائے جانے والے قواعد کا اطلاق کس طرح ہوا ہے۔

دتاسی نے اس تبصرہ میں ایک نوٹ دیا ہے جس کا مادے کی مذکورہ کتاب سے کوئی تعلق نہیں لیکن وہ ایک ایسی چیز کے متعلق ہے کہ جس کا مارلے نے ایک اور تالیف میں ذکر کیا ہے۔ دتاسی نے اس آخر الذکر کتاب کی کوئی تفصیل نہیں دی۔ لیکن وہ یہاں کہتا ہے کہ "لندن میں مڈل ٹمپل کے باغ میں ایک اسلامی کتبہ ملا ہے۔" یہ معلوم ہوگا کہ میڈل ٹمپل نامی عمارت ان نائٹوں کے کمانڈر کا قدیم دفتر تھا۔ اور نائیٹو کا مسئلہ پوپ کے ایک فرمان کے ذریعے ۱۳۱۲ء میں سارے یورپ سے برخواست کر دیا گیا تھا۔ یہ ایک قبر کا کتبہ ہے جو ترکی زبان میں ہے اور جس پر ۱۷۹۳ء کی تاریخ درج ہے، وہ کتبہ یہ ہے:

"بو سئون بنالیہ یاایں ستادر" دتاسی اس کا ترجمہ مماثل لاطینی جملہ سے کرتا ہے۔

hodi mihi crastibu

ہم اس کا با محاورہ زبان میں ترجمہ یوں کریں گے "آج ہم کل تمہاری باری ہے"۔

"شہر بصرہ حریری کے مقامات" جو اصل عربی سے حواشی کے ساتھ ٹرینٹی کالج کیمبرج کے فیلو تھیوڈور ٹرسٹن ایم۔ اے نے ۱۸۵۰ء میں آٹھ صفحی تقطیع پر ۵۰۴ صفحوں میں انگریزی میں شائع کی۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جولائی ۱۸۵۱ء میں صفحے ۹۴ تا ۹۸ تک ہے۔

دتاسی فرانسیسی ناظرین کو اس نئی کتاب سے واقف کراتا ہے اور اصل انگریزی کے کئی اقتباس اپنے فرانسیسی ترجمے کے ساتھ دیتا ہے۔ انگریزی ترجمہ مکمل ہے۔ دتاسی نے جو اقتباس اور ترجمہ دیا ہے اس میں نشان دہی کی ہے کہ انگریزی ترجمہ میں بہت سی خامیاں ہیں۔

(۵۱) "التذکرۃ الشہریۃ فی العلوم البشریۃ و الصنائع المدنیۃ" عربی کتاب جو صنعتوں اور دستکاریوں کے متعلق ہے۔

دتاسی نے عنوان بالا سے ایک ماہوار رسالے کا ذکر کیا ہے جو پیرس میں شائع ہونے والا تھا۔ ژورنال ازیاتک جلد ۱۰ جنوری ۱۸۲۷ء صفحہ ۶۳ تا ۶۴۔ تجویز یہ تھی کہ عربی زبان

Marfat.com

میں ایک رسالہ شائع کیا جائے جو مشرقی ممالک میں رہنے والے مسلمان پڑھ سکیں اور جس میں یہ بتایا جائے کہ یورپ میں علمی وصنعتی کیا ترقیاں ہوئی ہیں خاص کر ریاضی، جغرافیہ، معدنیات، ارضیات، طبعیات کیمیا، نیچرل سائنس، طب، جراحی، تشریح الابدان، زراعت اور وہ تمام علوم ہیں جو حالتِ امن میں مفید ہیں۔ ارادہ تھا کہ اس میں ایسی خبریں بھی دی جائیں جن سے مشرق کے علماء کو دلچسپی ہو۔ یہ رسالہ جولائی ۱۸۲۷ء میں شائع ہونے والا تھا اور سالانہ چندہ ۵۰ فرانک مقرر کیا گیا تھا۔ اس پراسپیکٹس میں دتاسی کے پیرس اور مارسیلز دونوں جگہوں کے پتے بھی دیئے گئے ہیں۔

- "حروبِ صلیبیہ کے متعلق عربی تاریخوں کے اقتباسات" جسے رینو نے آٹھ صفحی تقطیع پر ۴۸ + ۵۳۲ صفحوں میں مطبع شاہی پیرس میں چھپوا کر شائع کیا۔

دتاسی نے ژورنال ازیاتک سلسلہ دوم جلد کے جنوری ۱۸۳۱ء صفحہ ۸۱ تا ۹۰ پر حروبِ صلیبیہ کے متعلق رینو کی اس تالیف پر تبصرہ کیا۔ تنقید کا بڑا حصہ اس امر پر مرکوز ہے کہ مسلمان مورخوں کے خاص طور پر فرانسیسیوں کے متعلق تفصیلات کو نمایاں کیا جائے۔ مضمون کے آخر میں دتاسی لفظ "دیوان" کی تشریح کرتا ہے۔ نیز عز الدین بن عبدالسلام کی تالیف کا جو پرندوں، پھولوں کے متعلق ہے ذکر کرتا ہے۔ یہ کتاب اسی نے شائع کی تھی اینو نے اس عربی کتاب کا ذکر تو کیا مگر یہ نہیں بتایا کہ دتاسی نے اس کا فرانسیسی ترجمہ شائع کیا تھا۔

- "اطالوی کتاب اشاعتِ دین کے لیے کثیر زبانوں میں استعمال ہونے والا ٹائپ" مولفہ میل کیورے گالپوتی ۱۸۶۶ء مطبوعہ ٹورینٹو۔ بارہ صفحی تقطیع ۱۲ + ۱۰۶ صفحے۔

دتاسی کا تبصرہ زورنال ازیاتک اکتوبر نومبر ۱۸۶۸ء صفحہ ۴۳۷۔

یہ مضمون ایک مطبع کے متعلق ہے جس نے عیسائی مذہب کی بڑی خدمت کی اور جس نے مشرقی کتابیں بھی شائع کی ہیں۔ دتاسی کا بیان ہے کہ اس کے تبصرے کی اشاعت کے وقت اس مطبع میں عیسائی مذہب پر لاطینی کتابیں چھپ رہی تھیں۔

- "ڈیوک آف بلاکاس کے پاس کی نادر چیزوں کا تذکرہ" مولفہ رینو جو سوسیتی ازیاتک کی مجلس انتظامی کا رکن بھی ہے۔ مطبوعہ مطبع شاہی پیرس۔ دو جلد آٹھ صفحی تقطیع پیرس۔ رینو کی کتاب جو ۱۸۲۸ء میں چھپی ۱۵ + ۴۰۰ اور ۴۸۸ صفحوں کی دو جلدوں میں ہے اور

Marfat.com

کچھ نقشے بھی ہیں۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک سلسلہ دوم جلد دو جولائی ۱۸۲۸ء صفحات ۳۸۹ تا ۳۹۸ اور ۴۶۳ تا ۴۷۴۔ اس طویل مضمون میں دتاسی نے مندرجات کا تجزیہ کیا اور چند خصوصیات کو نمایاں کیا ہے۔

درحقیقت یہ تفصیلات ڈیوک آف بلاکاس کی مقبوضہ نوادر کے متعلق ہیں یہ شخص اس زمانہ میں روم میں سفیر تھا۔ رینو نے جن نوادر کا تذکرہ کیا ہے ان کا بڑا حصہ تمغوں، کندہ پتھروں، ہتھیاروں، گلدان، پیالے اور آئینے وغیرہ کے بیان پر مشتمل ہے۔

رینو کا اسلوب یہ ہے کہ جب وہ مثلاً کندہ پتھروں کا تذکرہ کرتا ہے تو اولاً پتھروں پر عبارت کندہ کرنے کی تاریخ سے بحث کرے گا۔ اسی طرح یہ بھی بتاتا ہے کہ کن ملکوں میں قیمتی پتھروں کی کانیں پائی جاتی ہیں۔ یہ بھی بتانے کی ضرورت پیش آئی کہ خطاطی اور عربی خط کو مختلف فن کارانہ انداز میں کس طرح لکھا جاتا ہے اور یہ بھی کہ متعلقہ کتبہ شیعوں کا ہے یا سنیوں کا۔ رینو نے مسلمانوں کے ان دونوں کی پرانی تاریخ دی ہے۔

آخر الذکر امر کے متعلق رینو نے لکھا ہے کہ امامیہ کا لقب سنیوں نے بطور توہین شیعہ کر دیا ہے۔ دتاسی تصحیح کرتا ہے کہ "میں یقین کرتا ہوں کہ یہ ادعا صحیح نہیں کیونکہ شیعہ خود اپنے آپ کو یہ نام دیتے ہیں۔ اس کے برخلاف یہ کہہ سکتے ہیں کہ سنیوں نے شیعوں کو یہ نام اس معنی میں دیا ہے کہ تفرقہ پسند ہیں اور شیعہ اس اصطلاح کو توہین خیال کرتے ہیں۔ غالباً رینو کا بھی یہی مدعا تھا[۱] ہم خیال کر سکتے ہیں کہ نہ لفظ امامیہ اور نہ لفظ شیعہ توہین آمیز خیال کیا جاتا ہے۔ اس فرقہ کے لوگ اپنے کو دونوں نام سے یاد کرتے ہیں۔

نوادر میں رینو ایک پتھر کی تفصیل دیتا ہے اور اپنے اسلوب کی پیروی میں مکّہ میں کعبہ کا ذکر کرتا ہے۔ مسلمانوں کے حج کے متعلق بھی بڑی تفصیل سے لکھا ہے۔ رینو یہ بھی بیان کرتا ہے کہ مشرقی عیسائی بیت المقدس کی زیارت کے لیے جاتے ہیں تو مسلمانوں کی مذہبی اصطلاح حج کو استعمال کرتے ہیں اور گارسین دتاسی مثال دیتا ہے کہ "ایک عیسائی ہے جو مارسیلز میں

---

[۱] ژورنال ازیاتک جلد دوم ۱۸۲۸ء ص ۴۶۶

Marfat.com

رہتا ہے جس کا نام الحاج لوئی ہے[1]

جہاں تک مہروں کا تعلق ہے ایسا نظر آتا ہے کہ سلاطین ترک کے پاس سے فرانس کے بادشاہوں کے نام آئے ہوئے خطوط پر جو مہریں تھیں ان کو بلاکاس کے ڈیوک نے اپنے یہاں کے کاریگروں سے خود ان کو تیار کرایا تھا۔ چنانچہ دتاسی لکھتا ہے "ڈیوک صاحب کو ان کثیر اخراجات کی کوئی پرواہ نہیں تھی جو اس کام کے انجام دینے کے لیے درکار تھے۔ اس نے تمغوں اور پتھروں کو خود کندہ کرایا تھا کیونکہ اسے یقین تھا کہ ان نوادر کو علماء کے سامنے پیش کرسکنے کے باعث اس کے ذخیرہ کی اہمیت عام طور سے مسلّم ہو جائے گی[2]

اس ذخیرہ میں جادو و طلسمات سے متعلق چیزوں کے موجود ہونے کے باعث رینو کو موقع ملا کہ علم نجوم کے متعلق مشرقیوں کے خیالات کو تفصیل سے بیان کرے۔

اگرچہ دتاسی نے صراحت نہیں کی لیکن یقیناً رینو نے اس کتاب میں چند ایسے نوادر کا بھی ذکر کیا ہے جو ڈیوک بلاکاس کے ذخیرہ میں نہیں تھے۔ دتاسی نے بھی بتایا ہے کہ اس نے نجومیوں کی بعض چیزوں کا خود بھی معائنہ کیا ہے۔ رینو نے مارکوئس آف لاگوا کے یہاں کی ایک قابل ذکر قالین کا ذکر کیا ہے جس میں جامی کے چند اشعار بنے گئے ہیں۔ (ص۴۷۱)

اپنے تبصرہ کے آخر میں دتاسی بتاتا ہے کہ رینو نے کچھ غلطیاں بھی کی ہیں مثلاً وہ 'بس' اور 'پس' میں خلط مبحث کرتا ہے۔ البتہ دتاسی کا یہ بیان صحیح نہیں معلوم ہوتا کہ رینو نے سورۂ فاتحہ کا ترجمہ جلد دوم ص۲۹۱ پر دیا اور اس میں رب العالمین کا ترجمہ عالموں کا مالک کیا ہے لیکن مسلمانوں کی کتاب مقدس کے سارے ہی مفسر بیان کرتے ہیں کہ لفظ عالمین سے مراد مخلوقات ہیں اور یہ کہ اس لفظ کو کوئی اور معنیٰ نہیں دیئے جا سکتے اور عالم کا لفظ سارے مخلوقات کے لیے استعمال ہوتا ہے[3]

---

[1] ژورنال ازیاتک جلد دوم ۱۸۲۸ء ص۴۶۷

[2] " " " ص۳۹۰

[3] " " " ص۴۷۴

Marfat.com

واقعہ یہ ہے کہ کم از کم ہندوستانی مسلمانوں کے تراجم قرآن میں رینو کی بیان کی ہوئی 'عالموں' کی اصطلاح ہی برتی جاتی ہے۔

● " مذہب اسلام اور اس کا بانی اخلاقی نقطۂ نظر سے " مولفہ ژول شال شول مطبوعہ شہر نائے شاتیل ۱۸۷۳ء آٹھ صفحی تقطیع ۱۴ + ۲۶۴ صفحے جس میں حضرت محمدؐ کا نسب نامہ بھی دیا گیا ہے۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک اکتوبر نومبر ۱۸۷۴ء صفحہ ۴۹۱ تا ۴۹۳۔

دتاسی کا بیان ہے کہ یہ پیغمبر اسلام اور مذہب اسلام کے متعلق فرانسیسی زبان میں ایک فلسفیانہ تالیف ہے اور دتاسی اس کے نوجوان مولف کو مبارک باد دیتا ہے کہ " اس نے پال گریو اور واں بیری کی من مانی افسانوی باتوں کو قبول نہیں کیا ہے "[1]

دتاسی مزید بیان کرتا ہے کہ اس کتاب کو لکھنے کے لیے مولف کو بڑی تیاری کرنی پڑی ہوگی۔ پھر وہ کتاب کا تجزیہ بالتفصیل کرتا ہے۔

● " مشرقی تصوف جس میں صوفیوں اور ایرانیوں کے وحدت الوجود کا اصل ماخذوں کی اساس پر تذکرہ " مولفہ ای۔ ایچ پامر جو کیمبرج کے سینٹ جان کالج میں اسکالر تھا اور رائل ایشیاٹک سوسائٹی لندن اور سوسیتے ازیاتک پیرس کا بھی رکن تھا۔ مطبوعہ کیمبرج ۱۸۶۷ء بارہ صفحی بڑی تقطیع کے ۱۴ + ۸۴ صفحے۔ اس انگریزی کتاب پر دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک اپریل مئی ۱۸۶۷ء صفحہ ۴۱۹ تا ۴۲۱۔

اولاً دتاسی یہ یاد دلاتا ہے کہ اس نے اس نوجوان مولف کے علم و فضل کا ایک سے زیادہ دفعہ ذکر اپنے سال تعلیمی کے آغاز کے خطبات میں کیا ہے کہ اس شخص کو ہندوستانی، فارسی اور عربی میں ملکہ حاصل تھا۔ اس کے بعد وہ پامر کی کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ " ایک موضوع جو اتنا زیادہ وسیع ہے جتنا زیادہ تصوف ہے اور جس میں خاصا ابہام پایا جاتا ہے اس کے تفاصیل کے متعلق جتنا منظم اور تشفی بخش کام ہوسکتا تھا وہ اس مصنف نے کیا ہے۔ مولف نے خاص کر

---

[1] ژورنال ازیاتک جلد دوم اکتوبر نومبر ۱۸۷۴ء ص ۴۹۱

Marfat.com

ایک کتاب سے مواد لیا جو اصل میں ترکی میں لکھی گئی مگر جس کا فارسی ترجمہ خوارزم شاہ نے کرایا۔ عنوان "المقصد الاقصیٰ" ہے۔[1]

اس کے بعد دتاسی کی کتاب کے مختلف ابواب کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ کتاب کے آخر میں تصوّف کی اصطلاحات کی ایک لغت ۱۳۲ صفحوں میں دی گئی اور کتاب میں حروف تہجی پر ایک اشاریہ بھی ہے۔

● "شرائع الاسلام فی بیان مسائل الحلال والحرام" مولفہ شیخ ابو القاسم المعروف بہ محقق کا عربی متن الیگزنڈر کاظم بیگ نے بڑی چوصفحی تقطیع پر شائع کیا جس کے پہلے فرمے میں تجارت اور رہن پر دیئے ہوئے قرض کے باب ہیں۔ مطبوعہ سینٹ پیٹرز برگ ۸۷۶ ہجری بمطابق ۱۸۶۲ء، ۶۴ صفحے۔

"اسی کتاب کا روسی ترجمہ" جس میں حاشیے بھی ہیں اور فہرست مضامین بھی بڑی چوصفحی تقطیع پر سینٹ پیٹرز برگ میں ۱۸۵۲ء میں ۲۵۴ صفحوں پر چھپا ہے۔

دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک مارچ اپریل ۱۸۵۳ء صفحہ ۲۹۵ تا ۲۹۶ میں چھپا ہے۔ شرائع الاسلام شیعہ فرقے کی مستند کتاب ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ پوری کتاب کو روسی ترجمے کے ساتھ رفتہ رفتہ اجزا کی صورت میں شائع کیا جو بعد میں ایک مستقل جلد بن گئی۔ یہ امر معنی خیز ہے کہ روسی مولف کتاب کو اس کی ابتدا سے شروع نہیں کرتا بلکہ تجارت اور رہن سہن سے آغاز کرتا ہے اور ہر شخص جانتا ہے کہ اسلامی فقہ کی کتابوں میں نماز روزہ وغیرہ عبادات سے ابتدا ہوتی ہے۔

دتاسی بیان کرتا ہے کہ "دوسرے فرمے میں نکاح کا ذکر ہوگا اور افسوس ہے کہ اتنی اہم کتاب فرانسیسی میں ترجمہ نہیں ہوئی"۔ لیکن خود اس کتاب پر کوئی تنقید نہیں کرتا۔

● "افسانۂ محمد" منظوم بارہویں صدی عیسوی کی تالیف جس کا مولف الیگزنڈر دیلوپول ہے۔ نیز ساراسیں (عربوں) کے قانون کی کتاب نثر میں چودہویں صدی عیسوی کی تالیف

---

[1] ژورنال ازیاتک اپریل مئی ۱۸۶۷ء ص ۴۱۹

ازریموں کل ۔ اس فرانسیسی کتاب کو پہلی دفعہ حواشی کے ساتھ رینو نے شائع کیا جو پیرس کے کتب خانہ شاہی کے مخطوطات کا منتظم اول ہے اور فرانس و انگلستان وغیرہ کی انجمن ہائے مستشرقین کا رکن بھی ہے ۔ کتاب کا شریک معلم فرانسیسک میشل ہے ۔ اس کو ناشر سلوستر نے آٹھ صفحی بڑی تقطیع ۲۳ + ۱۴۰ صفحوں میں شائع کیا ۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک سلسلہ دوم جلد جنوری ۱۸۳۲ء صفحہ ۲۶۸ تا ۲۷۳ ۔

آجکل فرانسیسی زبان میں پیغمبر اسلام اور قانون اسلام پر اچھی اور قابل اعتماد کتابیں ملتی ہیں ۔ دتاسی کے زمانے میں ایسا نہیں تھا اور دتاسی کا حق و صداقت کی طرف میلان تھا ۔ وہ ہر جھوٹی چیز پر جو اس کے ہم وطن چاہے ارادی یا غیر ارادی طور پر لکھتے ہیں تو وہ بپھر جاتا ہے ۔ دتاسی تبصرہ کا آغاز حسب ذیل الفاظ سے کرتا ہے :

" دنیا میں لوگوں کی اکثریت حضرت محمدؐ کے متعلق والیتر کی حزنیہ تالیف کے سوا کسی اور چیز سے کم واقف ہے ۔ والیتر کی کتاب میں (نعوذ باللہ) عرب کے پیغمبر کو انتہائی بد اخلاق کردار کا مالک بتایا گیا ہے ۔ ان کے متعلق کسی بھی اچھی چیز کا اعتراف نہیں کیا گیا ہے اور کتاب میں جو افسانہ تراشا گیا ہے وہ قطعاً بے بنیاد ہے ..... اس کے باوجود لوگ یقین کرتے ہیں کہ اس حزنیہ افسانے میں حضرت محمد کا صحیح تذکرہ ہوا ہے حتیٰ کے مسلمان ممالک کے جو سفیر وقتاً فوقتاً پیرس آتے ہیں ان کے سامنے اس ناٹک کو کھیلا جاتا ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ اس سے ان سفیروں کو مسرت ہوگی ۔ خوش قسمتی سے ان سفیروں کو فرانسیسی زبان نہیں آتی ۔ ..... ہمیں یہ بات معلوم ہے کہ والیتر کو مذہبوں سے نفرت تھی ۔ اس کی بنیاد پر اس نے حضرت محمد کو ایک ایسے شخص کے طور پر پیش کیا جسے بڑا بننے کی ہوس تھی اور جو فریبی تھا ۔"[1]

دتاسی بیان کرتا ہے کہ اس کتاب کو ایڈٹ کرنے والے فضلا نے عالمانہ نوٹ دے کر زیر تبصرہ

---

[1] ژورنال ازیاتک ۱۸۳۲ء صفحہ ۲۶۸ تا ۲۶۹

Marfat.com

کتابوں کے مندرجات کی تشریح کی ہے ۔ یہ بیان کرنے کی ضرورت نہیں کہ ان کتابوں سے پیغمبر اسلام یا مذہب اسلام کے متعلق کوئی نئی چیز معلوم نہیں ہوتی ۔ ان کی اہمیت زیادہ تر لسانیاتی نقطۂ نظر سے ہے اور پرانے فرانسیسی الفاظ ملتے ہیں ۔ دتاسی یہ بتاتا ہے کہ اس کے دو سو نسخے چھاپے گئے ۔

● " عیسائیت اور اسلام میں بحث مباحثہ کی کتابیں "۔ آنجہانی ریورنڈ آنڈری مارتین کی تالیف نیز ایران کے بعض ممتاز مولفوں کے رسالے جن کا فرانسیسی میں ترجمہ کیا گیا ہے اور جس میں ایک نیا رسالہ اسی موضوع پر بڑھایا گیا اور دیباچہ میں سابقہ زمانہ کی اسی موضوع پر ایک مذہبی بحث کا بھی ذکر ہے جس کے اقتباسات مسٹر سیمول لی نے دیئے ہیں ۔ یہ شخص پیرس کے سوسیتے ازیاتک کا بھی رکن ہے اور کیمبرج یونیورسٹی میں عربی کا پروفیسر ہے ۔ کتاب میں آنڈری مارتین کی تصویر بھی ہے ۔ کیمبرج میں ۱۸۲۴ء میں چھپی ۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جلد ۶ جنوری ۱۸۲۵ء صفحہ ۱۸۰ تا ۱۸۵ پر شائع کیا ۔

یہ کتاب اسلام اور عیسائیت سے بحث کرتی ہے ۔ تبصرہ میں دتاسی بتاتا ہے کہ مسلمان مولفوں کے رسالے بعض ایرانی عالموں کی تالیف ہیں ۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ انھیں عیسائیوں کی مذہبی کتابوں سے کافی ٹھوس واقفیت ہے اور انھوں نے پی گینز اوپئے کے استدلال اور بیانات کی تردید کی ہے جن میں سے بعض ایسے ہیں کہ ان سے (عیسائیوں کو) واقفیت حاصل کرنی چاہیئے[1]

ان میں سے ایک کتاب محمد روضہ ہمدانی کی تالیف ہے اس میں ۹۰ صفحے ہیں اور بائبل کی ان عبارتوں سے بحث ہے جن میں حضرت محمد کا ذکر نظر آتا ہے ۔ بائبل کی ایسی چند عبارتیں سابق میں بھی معلوم ہو چکی ہیں لیکن ہمارے مولف نے بعض اور عبارتوں کا بھی ذکر کیا ہے جس میں وضاحت کم پائی جاتی ہے لیکن جن کی تفسیر مولف نے اس طرح کی ہے کہ وہ اس کے خیالات کی تائید کریں ۔ اس کے علاوہ اس نے بہت تفصیل کے ساتھ ایک پیش گوئی کا ذکر کیا ہے جو یہودی بچہ ناحمان کی طرف منسوب ہے اور جس کا ذکر موسیو وولف نے اپنی کتاب بلبوتے کا

---

[1] ژورنال ازیاتک ۱۸۲۵ء ص ۱۸۲

Marfat.com

جبرائیکا کے جلد اول صفحہ ۶۷ پر کیا ہے۔ ایرانی مولف نے اپنی کتاب کے آخری باب میں ان مختلف اعتراضوں کا جواب دیا ہے۔ جو پادری انڈی مارٹین نے اسلام پر کئے ہیں۔ اور کوشش کرتا ہے کہ توریت کی چند عبارتوں کو حضرت محمد کے متعلق قرار دے اور انگریز مشنری سے دیگر عیسائیوں کی طرح حضرت عیسٰی سے متعلق قرار دیتا ہے۔ چونکہ اس ایرانی رسالہ کا کسی نے جواب نہیں دیا تھا اس لیے ریورنڈر سیمول لی نے چاہا کہ اس خلا کو پُر کریں۔[۱]

گارسین دتاسی نے اس بحث میں کوئی جانبداری برتے بغیر اس پر اکتفا کی کہ زیر تبصرہ کتاب کی اہمیت کو واضح کریں۔

● " ترکی گرامر کے مبادی" شاہی و خصوصی مدرسہ السنہ مشرقیہ پیرس کے طلباء کے استعمال کے لیے جسے امیدے ژوبیر نے فرانسیسی میں تالیف کیا ہے۔ اس پر تبصرہ ژورنال از یاتک جلد ۲، جنوری ۱۸۲۳ء صفحہ ۳۷۰ تا ۳۷۵ پر ہے۔

یہاں اس کتاب پر تبصرہ ہے جو اسی سال ۱۸۲۳ء میں ژوبیر نے شائع کی اور دوسرا اڈیشن ۱۸۳۳ء میں نکلا۔ حسب عادت دتاسی کتاب کی خصوصیتوں کا بھی ذکر کرتا ہے اور یہ بھی بتاتا ہے کہ اس کی اپنی محبوب زبان ہندوستانی سے اس کو کیا ربط ہے۔ مثال کے طور پر لکھتا ہے " اس زبان یعنی ترکی میں جو چیز سب سے زیادہ قابل ذکر ہے وہ یہ کہ اس میں جملہ کی ساخت اور الفاظ کی ترتیب ہمارے (یورپین) تصورات کے بالکل برعکس ہوتی ہے۔ کوئی جملہ ترکی زبان میں جو مختلف اجزار پر مشتمل ہوتا ہے اس کا مفہوم اسی وقت متعین ہوتا ہے جب فعل آئے اور یہ جملے کے آخر میں ہوتا ہے۔ دتاسی یہ نوٹ بڑھاتا ہے کہ "یہی ترتیب ہندوستانی، باسک زبان اور گرین لینڈ کی زبان میں بھی ہوتا ہے"[۲]

اس تبصرہ میں دتاسی نے ترکی زبان کی تعریف کرتے ہوئے اسے سفارت اور تجارت کے

---

[۱] ژورنال از یاتک ۱۸۲۵ء ص ۱۸۴

[۲] ایضاً جنوری ۱۸۲۳ء ص ۳۷۱

Marfat.com

میں بڑا اہم بتایا ہے۔ اس نے کتاب کے بعض اقتباس نقل کیے ہیں۔ جن میں ترکی ضرب المثلیں ہیں۔ اور مولف آئندہ جلدوں میں صرف ونحو اور مشقی اغراض کے لیے منتخبات شائع کرے گا۔ تاکہ زیر تبصرہ کتاب مکمل ہو لیکن حسب عادت اس نے یہ نہیں بتایا کہ کتاب میں کیا خامیاں اور غلطیاں ہیں؟

● "ابن خلدون کی مشہور کتاب فون ہامر کے نوٹ کا تکملہ" دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جلد ۴ صفحہ ۱۵۸ تا ۱۶۱۔

فون ہامر نے ژورنال ازیاتک ۱۸۲۲ء صفحہ ۲۶۷ تا ۲۷۸ ایک مضمون ابن خلدون کی تالیف پر شائع کیا تھا۔ تبصرہ میں دتاسی نے کتاب مذکور کے اس مخطوطے کے متعلق جو پیرس کے کتب خانہ قومی میں ہے اور جس کا فون ہامر کو علم نہیں ہو سکا چند نئی معلومات مہیا کی ہیں۔ چونکہ یہ عربی کتاب بعد میں چھپ گئی ہے اس لیے ان معلومات کو اب کوئی زیادہ اہمیت حاصل نہیں ہے۔

"کتاب العلم النافع فی تحصیل صرف ونحو ترکی" تھرلیلے ڈیوڈس کی ترکی صرف ونحو پر انگریزی کتاب کا ترجمہ مولف کی والدہ مادام سارا ڈیوڈس نے شائع کیا۔ لندن ۱۸۳۶ء صفحی تقطیع ۷۹ + ۲۱۴ صفحات ناشر دوی دے دوپرے پیرس۔ تبصرہ دتاسی ژورنال ازیاتک میں جولائی ۱۸۳۸ء صفحہ ۳ تا ۱۱۲ پر۔

دتاسی اولاً ترکی صرف ونحو کی کتابوں کا ذکر کرتا ہے جو یورپی زبانوں میں ہے اور اس بارے میں فرانسیسی زبان کی اہمیت کو واضح کرتا ہے اور ساتھ ہی زیر تبصرہ کتاب کے نہایت فاضل مولف کی سوانح عمری بھی دیتا ہے۔ حسب عادت دتاسی تقریباً ہر چیز کا مطالعہ اپنے خصوصی مضمون یعنی ہندوستانی زبان کے نقطۂ نظر سے کرتا ہے۔ ترکی صرف ونحو میں ایک پہلو دتاسی کی نظر سے چھپ نہیں سکتا تھا کہ ترکی زبان ہندوستانی سے بہت مشابہت رکھتی ہے۔ چنانچہ جملوں کی ساخت دونوں زبانوں میں اتنی یکساں ہے کہ اگر ایک زبان سے لفظ کے نیچے لفظ رکھ کر ترجمہ کیا جائے تو ترجمہ صحیح اور فصیح رہتا ہے اور اس کی ضرورت پیش نہیں آتی کہ ترجمہ کو صحیح کرنے کے لیے الفاظ اوپر نیچے کیے جائیں۔" دتاسی چند مثالیں دیتا ہے[1] وہ لکھتا ہے:

[1] حاشیہ صفحہ آئندہ پر دیکھیے۔

Marfat.com

"ڈیوڈلس کی صرف و نحو کو دوسری ترکی کتب گرامر پر یہ فوقیت حاصل ہے کہ اس میں مصدر اور گردانیں نہ صرف ترکی کی اصل بولی میں بلکہ اویغور اور دیگر تاتاری بولیوں میں بھی دیتا ہے..... کتاب کے آخر میں مکالمے ہیں ..... اور مختلف تاتاریوں کے اقتباسات بھی۔ جیسے اویغوری، جغتائی قپ چاق اور عثمان لی یعنی قسطنطنیہ کی ترکی"[2]

دتاسی نے اپنے تبصرہ کا اختتام ایک اقتباس پر کیا جو سلطان محمد ثانی کے انصاف سے متعلق ہے۔

"ترکی زبان کی پریکٹیکل گرامر" جس میں مکالمے اور لغت بھی ہیں۔ مولفہ ڈبلیو برک ہارٹ ایم آر" ایس لندن ۱۸۵۴ء بارہ صفحی چھوٹی تقطیع ۱۹۶ صفحے۔ ناشر کوارچ۔

"ترکی زبان کی ایک ریڈر" جس کے ساتھ صرف و نحو اور لغت بھی ہے۔ مولفہ ڈبلیو.بی. پارکر۔ لندن ۱۸۵۴ء چو صفحی چھوٹی تقطیع ۲۸۸ صفحے۔ ناشر جے میڈن۔

دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک بین اگست ستمبر ۱۸۵۴ء صفحہ ۲۴۶ میں چھپا ہے۔ اور ان انگریزی کتابوں میں سے اوّل الذکر صرف و نحو کے متعلق ہے جو انتہائی احتیاط سے لکھی گئی ہے۔ مولف ایک انگریز کا ونسل کا بیٹا تھا جو شہر حلب میں پیدا ہوا اور عرصہ تک ترکی میں رہا تھا اس لیے ترکی زبان سے بخوبی واقفیت تھی۔ اس لیے بڑی محنت سے ترکی قواعد کی صراحت کی گئی ہے۔ دتاسی کے تبصرے کے وقت ایٹن کالج میں عربی، فارسی، ترکی اور ہندوستانی کا پروفیسر تھا۔"

---

[1] اردو: ہم کو حضرت بادشاہ نے التفات دکھلا کے وافر احسان بخشا۔

ترکی: بزہ پادشاہ حضرتلری التفات گوستروب وافر احسان اتدیلر۔

اسی طرح:

اردو: ایک عورت کی ایک مرغی تھی۔

ترکی: بر عورت برطاؤنحی واریدی۔

[2] ژورنال ازیاتک جولائی ۱۸۳۸ء صفحہ ۱۰۸

Marfat.com

جہاں تک دوسری تالیف کا تعلق ہے وہ ان کی بھی بہت تعریف کرتا ہے اور کہتا ہے کہ کہتا ہے کہ اس میں صحت، وضاحت، دلکشی اور دلچسپی پائی جاتی ہے۔

- "فرانسز جہ دتد کچہ تکلم رسالہ سی۔ فرانسیسی ترکی بول چال کی گائڈ" مولفہ الیکزنڈر تی موتی پیرس ۱۸۵۴ء۔ تبصرہ دتاسی ژورنال ازیاتک دسمبر ۱۸۵۴ء صفحہ ۵۵۴۔

اس کتاب میں نہ صرف متن اور ترجمہ دیا گیا ہے بلکہ ترکی عبارتوں کا لاطینی رسم الخط میں بھی اعادہ کیا گیا ہے۔ دتاسی کے مطابق کتاب احتیاط سے لکھی گئی ہے اور ترکی جانے والے مسافروں کے لیے کافی ہو سکتی ہے۔

- "کتاب کلیلہ ودمنہ کے مصری ایڈیشن پر ایک نوٹ" ژورنال ازیاتک مئی ۱۸۳۶ء میں "کتابیات" کے عنوان سے دتاسی نے اطلاع شائع کی کہ قاہرہ کے مطبع بولاق نے کتاب کلیلہ ودمنہ شائع کی ہے اور اسے مسرت ہے کہ پیرس میں شائع شدہ متن کی چند غلطیوں کو مصری ایڈیٹر نے درست کیا ہے اور کتاب میں چند صفحے بڑھائے ہیں جو غالباً اسے کتاب کے کسی مخطوطے میں ملے تھے۔ دتاسی کہتا ہے کہ اس کتاب کو عبداللہ بن المقفع نے عربی سے ترجمہ کیا تھا۔

- دتاسی نے ژورنال ازیاتک مارچ ۱۸۴۲ء صفحہ ۲۹۲ میں ایک خط شائع کیا جس میں تذکرہ بابری کے چغتائی مخطوطے پائے جانے کے مقام کا جو غلط ذکر موسیو اے بلین نے کیا تھا اس کی تصحیح کی ہے۔

یورپی اور ہندوستانی زبانوں کا موازنہ مولفہ ایم۔ اے۔ ایف۔ جی۔ جو سوسیتے ازیاتک کا رکن ہے اور ملکہ کے کتب خانہ کا ناظم بھی۔ مطبوعہ پیرس۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک اگست ۱۸۳۶ء صفحہ ۱۸۴ تا ۱۹۱۔

حسب عادت دتاسی شروع میں کتاب کا تجزیہ کرتا ہے جس میں زبانوں کے ایک خاندان کے فلسفہ کا ذکر ہے۔ اور یہ زبان بحر ہند سے اوقیانوس (بحر ظلمات) تک پھیلی ہوئی ہے۔ پھر دتاسی دعویٰ کرتا ہے کہ "خود ہندوستان میں اکثر سنسکرت الفاظ جب جدید زبانوں میں کسی قدر تبدیلی پاکر استعمال ہوئے تو یہ تبدیلیاں اسی قسم کی ہوگئیں جس طرح اس مشترک

Marfat.com

زبان کی یورپی بولیوں میں بھی نظر آتی ہے اور ساتھ ہی یہ بھی کہ سنسکرت الفاظ کی جو تبدیلیاں سنسکرت سے ماخوذ بولیوں میں نظر آتی ہیں۔ اور جو اسی ملک میں بولی جاتی ہیں جہاں سنسکرت بولی جاتی تھی وہ ان تبدیلیوں سے کہیں زیادہ شدید ہیں جو اس مشترکہ زبان کے گہوارہ سے تین ہزار میل کے فاصلے پر یورپ کی مروّج بولیوں میں نظر آتی ہیں۔[1]

اس دوہرے دعوے کے ثبوت میں دناسی نے چند مثالیں دی ہیں۔

- " ایک ابتدائی زبان جس کا پرانے کتبوں کی مدد سے تجربتاً پتہ چلایا گیا ہے۔"

یہ کتبے حروف تہجی میں ہیں۔ اور چار براعظموں سے مفقود سلطنتوں سے متعلق ہیں۔ مولفہ ریورنڈ فاسٹر، لندن ۱۸۵۱ء حصہ اوّل جبل سنا کی چٹانوں سے اسرائیل کی آواز۔ آٹھ صفحی تقطیع ۱۲۶ صفحے۔ چند فوٹو اور نقشہ بھی ہیں۔ اس انگریزی کتاب کا تبصرہ ژورنال ازیاتک جولائی ۱۸۵۱ء میں صفحہ ۸۸ تا ۹۴ پر ہے۔

اس تبصرہ میں دناسی نے کتاب کا تجزیہ کیا اور تعریف کی۔ یہاں اس کا ایک اقتباس دیا جاتا ہے جس سے یہودیوں اور عیسائیوں کو ہی نہیں بلکہ قرآن پڑھنے والے مسلمانوں کو بھی دلچسپی ہوگی۔ ضمناً رپورٹ میں فاسٹر نے بیان کیا ہے کہ ان کتبات کی مدد سے بائبل کی مبہم اور اختلافی عبارتوں کی وضاحت ہوتی ہے۔ مثلاً بائبل " کتاب خروج " فصل ۱۵ جملہ ۱۷ میں فرعون کے جس گھوڑے کا ذکر کرتا ہے یا " کتاب خروج " فصل ۱۶ جملہ ۱۳ میں طور پر آنے والے سلویٰ نامی پرندے۔ اسی طرح پانی میں چلنے والا سانپ جس کا ذکر بائبل کی " کتاب اعداد " فصل ۲۱، جملہ ۱۶ میں ہے اور مولف خیال ظاہر کرتا ہے کہ کتبوں میں شلاوٗ نامی جو پرندہ ہے اور جسے عبرانی رسم الخط میں بھی شلاوٗ ہی لکھا جاتا ہے اس کا علمی نام (ANAS CASAREE) ہے جس کے معنی جنگلی تماز کے ہیں اور ایران میں سرخاب اور جدید ہندوستانی میں چکور اور سنسکرت میں چکرواک کہتے ہیں۔[2][3]

---

[1] ژورنال ازیاتک جولائی ۱۸۵۱ء صہ ۵۳

[2] اسے عربی میں سلویٰ کہتے ہیں۔ [3] ژورنال ازیاتک جولائی ۱۸۵۱ء صہ ۹۳

Marfat.com

"کتاب کے حصہ دوم کا عنوان مصر کی یادگار عمارتیں اور بڑے پیغمبروں کے روایات میں ان کے باقی ماندہ آثار" مطبوعہ لندن ۱۸۵۱ء ۲ + ۳۰۰ صفحہ۔

انگریزی زبان کی اس دوسری جلد پر دتاسی کا ترجمہ ژورنال ازیاتک فروری مارچ ۱۸۵۳ء صفحہ ۲۸۵ تا ۲۸۶ میں چھپا ہے اور مولف فاسٹر کے اس نظریے کا تجزیہ کرتا ہے کہ "اسے فخر ہے کہ اس نے اس ابتدائی زبان کا پتہ چلالیا ہے"[1]

اس پر کوئی تنقید کیے بغیر دتاسی صرف یہ لکھنے پر اکتفا کرتا ہے کہ "جو اہل علم خصوصیت کے ساتھ مصر کا مطالعہ کرتے ہیں یہ ان کا کام ہے کہ اس کتاب میں بحث کا جو طریقہ اختیار کیا گیا اور وہ جن نتیجوں پر پہنچا ہے اس پر حکم لگائیں۔ جہاں تک میرا اپنا تعلق ہے میرا کام صرف اس قدر ہے کہ اس نئی اور دلچسپ کتاب پر علماء کی توجہ مبذول کراؤں"[2]

"کتاب کے حصہ سوم کا عنوان اشوریہ، بابِل اور ایران کی یادگار عمارتیں اور دس غائب شدہ (یہودی) قبائل کا پتہ چلانے کے لیے ایک نئی کلید" مطبوعہ لندن ۱۸۵۴ء ۸ + ۳۵۴ صفحے۔ دتاسی کا تبصرہ ژورنال ازیاتک اگست ستمبر ۱۸۵۴ء صفحہ ۲۴۳ تا ۲۴۶ میں ہے۔

اس تیسرے مضمون میں جو فاسٹر کی تالیفوں پر لکھا گیا ہے اور جس میں پرانی زبانوں کی وحدت سے بحث ہے، گارسین دتاسی حسب عادت مندرجات کا تجزیہ کرتا ہے۔ البتہ اس نظریہ پر شبہ کرتا ہے یہ بات مشہور ہے کہ بنی اسرائیل کے ۱۲ قبیلوں میں سے کچھ اس طرح غائب ہو گئے کہ اب وہ لاپتہ ہیں۔ فاسٹر کی رائے میں ان کو افغانستان میں ڈھونڈنا چاہیے اور خیال ہے کہ لفظ کابل سامی لفظ "کوبیل" یعنی قبائل سے بگڑا ہے۔ یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ دتاسی نے اس ناقابل قبول نظریہ کو رد کیا ہے اور اس کے برخلاف شہر ستر آباد نام استریز، شہر زابلستان اور بابل کے نام "زابدان" میں جو ربط پیدا کیا ہے وہ دتاسی کو قرین قیاس نظر آتا ہے۔ فاسٹر نے افغانستان کے باشندوں کی متعدد تصویریں جمع کی ہیں جو یہودیوں سے مشابہ معلوم ہوتی ہیں۔

---

[1] ژورنال ازیاتک فروری مارچ ۱۸۵۳ء ۲۸۶

Marfat.com

" ایک چھوٹا سا نوٹ بغیر کسی عنوان کے " ژورنال ازیاتک فروری مارچ ۱۸۵۳ء صفحہ ۲۴۶ تا ۲۴۷ میں شائع کیا۔ دتاسی اطلاع دیتا ہے کہ ۱۸۴۹ء سے شہر یروشلم میں ایک انگریزی انجمن جس کا مقصد بائبل سے متعلق چیزوں کا مطالعہ کرنا ہے یہ انجمن فلسطین میں رہنے والے پروٹسٹنٹ لوگوں کے لیے محدود ہے۔ البتہ انجمن کے کتب خانہ اور میوزیم سے ہر شخص استفادہ کرسکتا ہے۔

" ہندوستان کے اوراقِ پریشاں " یہ بنارس سے نکلنے والے ایک نئے ہندوستانی رسالہ کا نام ہے۔ نوٹ مطبوعہ ژورنال دے دیبا پرس مورخہ ۱۶ جنوری ۱۸۵۱ء صفحہ التحتانی حصہ کالم ۱ تا ۵۔

اس مضمون کے شروع میں دتاسی بیان کرتا ہے کہ اردو کے لیے نستعلیق یعنی فارسی خط کے استعمال سے کیا دشواریاں پیدا ہوتی ہیں اور یہ کہ اسی لیے ٹائپ کی جگہ لیتھو کا استعمال ہونے لگا ہے اور مطالعہ کرتا ہے کہ اولین لیتھو کے چھاپے خانے کلکتہ۔ سیرام پور۔ لکھنؤ۔ مدراس بمبئی اور پونا میں قائم ہوئے تھے۔ بعد ازاں سارے ہندوستان میں پھیل گئے اور یکم جنوری ۱۸۵۰ء کو ان کی تعداد ۲۸ تک پہنچ گئی تھی اور جنھوں نے سال سابق (۱۸۴۹ء) میں ۱۴۱ مختلف کتابیں چھاپی تھیں۔

لیتھو کے نئے چھاپے خانوں میں وہ بیان کرتا ہے کہ مفاد ہند نامی ایک مطبع بنارس میں قایم ہوا جس میں سایرین ہند نامی اخبار چھپنے لگا ہے لیکن یہ ایک عربی لفظ ہے جو اردو میں رائج نہیں۔ صحیح لفظ زائرین ہے جس سے مراد بنارس کے یاتری ہیں۔

اس اخبار کا ذکر دتاسی نے اپنے چھٹے خطبہ ۱۸۵۵ء میں کیا ہے (خطبات گارسین دتاسی حصہ اول طبع ثانی صفحہ ۱۹۰)۔

Marfat.com

وفات نامے

گارسین دتاسی کے دوست احباب بکثرت تھے اور بہت سے لوگوں کے ساتھ اس کے روابط کم و بیش مخلصانہ اور قریبی تھے۔ چونکہ اس نے لمبی عمر پائی تھی اس لیے اسے اکثر بہ ضرورت پیش آئی کہ متوفی دوستوں پر تعزیتی بیان شائع کرے۔ وہ اس فریضہ سے بڑی دلدہی کے ساتھ عہدہ برآ ہوتا تھا۔ اس لیے اپنے چند احباب کے جو تعزیت نامے لکھے وہ عموماً کسی مضمون میں شامل ہوتے ہیں یا کسی کتاب میں۔ مثلاً بعض مدرسۃ السنہ شرقیہ کے سال تعلیمی کے آغاز پر دیئے جانے والے خطبات میں ہیں۔ اس کے علاوہ چند مستقل مضمون بھی ہیں جو کم و بیش طویل ہیں اور جن میں دنیا کو خیر باد کہنے والوں کا ہی ذکر کیا گیا ہے۔ موجودہ باب میں ایسی ہی چند تحریروں کا ذکر کیا جائے گا۔

"فرانسو کاستل برانکو کا وفات نامہ"۔ (ژورنال ازیاتک ۱۸۴۹ء)

تین صفحوں کے اس مضمون میں ایک پرتگالی عہدہ دار کا ذکر کرتا ہے جو جلاوطنی کی حالت میں پیرس میں ۴۴ سال کی عمر میں ۹ جنوری ۱۸۴۹ء کو فوت ہوا۔ یہ شخص سوسیتے ازیاتک کا رکن تھا۔ ایک مستشرق تھا اور عربی نیز متعدد دیگر سامی زبانوں کو بھی جانتا تھا اور فارسی اور ترکی بھی۔ اس نے عربی سے ایک کتاب خلق کائنات کے متعلق ترجمہ کر کے شائع کی۔

"موسیو آمیدے ژوبیر کی تجہیز و تکفین"۔

(مطبوعہ اکیڈمی کا رسالہ مورخہ ۳۰ جنوری ۱۸۴۷ء صفحہ ۵ تا ۶ میں چھپا)

متوفی اکیڈمی دے زنسکرپسیون اے بیل لیٹر کا رکن تھا۔ دتاسی اپنی تقریر میں بیان کرتا ہے کہ موسیو ژوبیر ۱۸ سال کی عمر میں نپولین کی فوج میں حملۂ مصر کے وقت ترجمان کے

Marfat.com

عہدے پر مامور ہوچکا تھا۔ روانی کے ساتھ فارسی، ترکی اور عربی بولتا تھا اور اویغوری اور بربر زبانوں سے بھی دلچسپی تھی۔ ژوبیر کو اس بنا پر شہرت حاصل ہے کہ اس نے الادریسی کی جغرافیہ کے بعض اجزا ترشائع کیے تھے۔ اس کتاب سے اس کی جغرافیہ دانی کا شاندار مظاہرہ ہوتا ہے۔ بعد میں ژوبیر مدرسہ السنہ شرقیہ میں پروفیسر بھی ہوگیا تھا۔

"وفات نامہ" (مطبوعہ رسالہ ریویو دلوریان جلد ۵ اصفحہ ۳۲۔

عنوان بالا کے تحت ژناسی نے جے جے مارسل کی وفات کا ذکر کیا ہے جسے فرانس کے اعزاز یافتہ لوگوں کی جمعیت میں شامل کیا گیا تھا اور وہ مصریات کی انجمن کا رکن تھا۔ مطبع شاہی کا ناظم اور سوسیتے اور ینتال کا رکن تھا۔ ۱۷۷۶ء میں پیرس میں پیدا ہوا۔ ۲۲ سال کی عمر میں وہ ماہرہ کے مطبع کا ناظم بھی بن گیا۔ اس کے بعد پیرس کے شاہی مطبع کا ناظم۔ اور اسی کی نگرانی میں اور کتابوں کے علاوہ ژناسی کی عربی گرامر اور منتخبات کی کتابیں شایع ہوئیں۔ جب اسے عمر رسیدگی کے باعث خدمت سے علاحدہ ہونا پڑا تو بھی مشرقی زبانوں سے اس کی دلچسپی برقرار رہی۔ اور چیزوں کے علاوہ اس نے ایک عربی فرانسیسی لغت بھی شایع کی۔

" ژوغ ژوارسی" فرانسیسی مستشرق۔ ایک وفات نامہ مطبوعہ ریویو اور ینتال اے امرکین جلد ۳ ۱۸۶۰ء صفحہ ۴۲۸ تا ۴۲۹۔

ژ۔ وارسی ایک عربی دان فاضل تھا جس کی مارسیلز میں ۱۵ر جولائی ۱۸۶۰ء کو وفات ہوئی۔ اور اسی شہر میں ۱۷۷۴ء کو پیدا ہوا تھا۔ اس کی ماں مشہور لیڈی مانٹیگو کی بہن تھی۔ ژوارسی نے مصر میں ۱۸ سال گذارے۔ اس نے کم چیزیں شائع کیں۔ البتہ عربی گرامر کا مسودہ اپنے بعد چھوڑا۔ نیز مشہور عربی لغت" قاموس فیروز آبادی" پر عربی مقدمہ لکھا۔ اس کے پاس عربی مخطوطات کا قیمتی ذخیرہ تھا۔ اس نے جو مضمون خلفائے عباسیہ کے وزیر جعفر برمکی پر لکھا تھا وہ اس کی وفات کے بعد ریویو اورینتال اے امریکن میں شایع ہوا۔ اسے بیش قیمت خیال کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

"موسیو پیرو ان دموتی تیتے کی وفات نامہ" ریویو اورینٹال اے امیرکین جلد ... صفحہ ...

اس وفات نامے میں دتاسی نے فرانس کی موسیقی اور تاریخ کے ایک بزرگ خط و کتابت سے تعلق رکھنے والے ... کی وفات کا ذکر کیا ہے۔ جو ... کی عمر میں ... ء کو فوت ہو گیا۔ اس شخص کی اہم ترین تالیف عثمانی ترکوں کی موسیقی ہے جس کے موضوع کی اہمیت ... میں دو ایڈیشن نکلے اور اس پر متعدد مقالے لکھے گئے۔ اس نے ... کے ... ترجمہ پر ... کی طرف سے انعامات حاصل ہوئے۔ اس کے علاوہ موسیو تیتے نے ایک اور کتاب لکھنا شروع کی جس کا عنوان ... شاعری لیکن تکمیل سے قبل اس کی وفات ہو گئی۔ اور ایک تالیف میں اس نے بیالیس شاعروں کے مختلف شعروں کا انتخاب کیا جن میں سے گیارہ ... ہیں۔ ایک اور تالیف شاعر ... کی نظم ... کا ترجمہ ہے جو ایک تعلیمی نظم ہے اور جس پر دتاسی کا ایک مستقل تبصرہ بھی ژورنال دے دیبا میں ... شائع کیا تھا۔

"ایچ ایچ ولسن کی وفات" ریویو اورینٹال اے امیرکین جلد ۶ ۱۸۶۱ء صفحہ ۱۴۵ تا ۱۵۴

ولسن کی شہرت سنسکرت زبان کی تالیفوں کے باعث ہے۔ دتاسی اس کی مطبوعہ تالیفوں کی تفصیل دیتا ہے اور ان شخصی روابط کا بھی ذکر کرتا ہے جو ولسن کے ساتھ تھے۔ ولسن لندن کے ایسٹ انڈیا ہاؤس کتب خانہ کا ناظم تھا۔ یہاں ہندوستانی مخطوطات کا اتنا بڑا ذخیرہ ہے جو دنیا میں کہیں اور نہیں۔ اسی طرح ولسن انگلستان رائل ایشیاٹک سوسائٹی کا ڈائرکٹر بھی تھا۔ اور اس طرح وہ دتاسی کی بڑی علمی خدمت کر سکتا تھا۔ ولسن کو ہندوستانی بھی آتی تھی۔ اور دتاسی لکھتا ہے کہ "اس عام بول چال کی زبان کو جو حقیقت میں ہندوستان کی اصلی زبان ہے حقیر سمجھنے کے بجائے وہ اس کو بڑی اہمیت دیتا تھا اور اپنے سامعین سے کہتا تھا کہ اس زبان سے دلچسپی لیں۔" ولسن کا انتقال ۸ مئی ۱۸۶۰ء کو ہوا۔

لہ وفات نامہ۔ ریویو اورینٹال اے امرکین جلد ۶ ۱۸۶۱ء ص ۱۵۶

Marfat.com

دتاسی کی غیر مطبوعہ تحریریں

اکثر علما کی طرح دتاسی نے بھی وفات کے وقت متعدد غیر مطبوعہ تحریریں مسودے کی صورت میں چھوڑی ہوں گی۔ چاہے وہ مکمل ہو چکی ہوں یا ہنوز زیر تالیف ہوں۔ اس بارے میں کوئی معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔ دتاسی کی جن غیر مطبوعہ تحریروں کا علم ہوا وہ صرف چند خطوط ہیں جو اس نے اپنے دوستوں کو لکھے تھے۔ اس کا حصہ پیرس کے کتب خانہ قومی میں ہے، اس ذخیرہ کا نام "لسانیات اور شرقیات کے ماہر لوگوں کے خطوط کا مجموعہ جو اٹھارہویں اور انیسویں صدی سے متعلق ہیں"۔ اس کا نمبر F 2. N. aeq 6778 ۔ ایک دوسرا مجموعہ جس کا عنوان "فان پریٹ کے نام خطوط جلد ۲۲" نمبر ہے F 2. N. aeq 846 اس کے خطوط کا کچھ حصہ فرانس کے قومی محافظ خانہ (آرکائو) میں بھی ہے۔ (دیکھیے فائیل نمبر F 17, 4054-4096)، کچھ چیزیں مدرسہ السنہ شرقیہ میں موجود ہیں (نمبر An. 17 - 1899) مارسیلز میں جو دتاسی کی پیدائش کا مقام تھا ہمیں کوئی چیز نہیں مل سکی۔

یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ دتاسی کا اپنا شخصی کتب خانہ بدقسمتی سے ایک آتش زدگی کا شکار ہوا اور اس کے ترکے کی بہت سی چیزیں تلف ہو گئیں۔ لیکن یہ بتانا ممکن نہیں کہ کون سی چیزیں ضائع ہوئیں۔

یہاں دتاسی کے غیر مطبوعہ خطوط درج کیے جاتے ہیں جس کے لیے ہمیں متعلقہ کتب خانوں کے ذمہ دار افسروں نے از راہِ عنایت اجازت دی ہے۔

Marfat.com

پیرس۔ حلقہ ششم ۵۴ روسیین اندرے دے زار

مورخہ ۹ر اگست ۱۸۷۷ء

محترم نواب (کونت) صاحب

میں آپکے دوستانہ خط مورخہ ۱۲ر جولائی کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اگر رسید دینے کے لیے مجھے آج تک کا انتظار کرنا پڑا تو اس کی وجہ یہ تھی کہ میں ساتھ ہی آپ کو مطلوبہ شمارہ بھی بھیجنا چاہتا تھا۔ لیکن میرے پبلشر نے تاخیر کی۔ اس نے ایک حد تک فرمائش کی تکمیل کی جس کا آپ نے از راہ نوازش اظہار فرمایا تھا۔ جو کام آپ چاہتے ہیں وہ کافی مشکل ہے۔ ضرورت ہوگی کہ اس میں ہندوستانیوں کے ہندوستان کو بھی شامل کیا جائے جس میں مسلمان ہندوستان بھی ہے اور برطانوی ہند بھی۔ میں آپ کا ممنون ہوں کہ اس مسئلہ پر آپ نے میری توجہ منعطف کرائی اور میں کوشش کروں گا کہ یہ کام انجام دوں۔

میری التجا ہے کہ پارسیوں کے متعلق میرا شکریہ قبول فرمائیں کہ آپ نے مجھے ان سے متعارف کرایا۔ یہ حضرات پرسوں پیرس سے گذرتے ہوئے انگلستان جانے سے قبل اپنے حسن اخلاق کی بنا پر ملاقات کرنے کے لیے میرے یہاں آئے۔

محترم نواب صاحب یقین فرمائیے کہ میں آپ کا اخلاص مند ہوں۔

دستخط گارسین دتاسی

(حوالہ یونانیات و شرقیات کے ماہرین متعلقہ ہشردہم و نوزدہم صدی کے خطوط کا مجموعہ۔ پیرس کے کتب خانہ قومی نمبر F. N Acq. ۶۲۲۸ صفحہ ۶۴)

موسیو

حامل ہذا کو یہ عزت حاصل ہوگی کہ آپ کو دست بدست آمیرا کی سریانی گرام، الادریسی کی عربی کتاب کا عربی و لاطینی متن پیش کرے۔ میرے لیے یہ ناممکن ہے کہ کتب خانہ جا سکوں جیسا کہ میری خواہش تھی تاکہ میں آپ سے استدعا کروں کہ از راہ کرم مجھے مارٹیل لوٹو کی عربی گرامر اور الماسیس کی عربی لاطینی میں تاریخ عرب۔ شائع کردہ ارپے نیوس مجھے مستعار دیں۔

Marfat.com

اگر آپ مناسب سمجھیں یہ کتابیں حامل ہذا کو عنایت فرمادیں تو میں آپ کا بے حد ممنون ہوں گا۔ کیوں کہ مجھے ان کی فوری ضرورت ہے۔

موسیو مجھے اس بات کی عزت حاصل ہے کہ میں آپ کا حقیر اور اطاعت گذار خادم ہوں۔

دستخط گارسین دتاسی

مقیم رود ساودا۔ ۶

(حوالہ کتب خانہ قومی فان پریٹ کے نام آئے ہوئے خطوط کا مجموعہ۔ جلد ۲۲ ۸۴۶ Acq ۷/ص ۳۴۴)

۳۔ موسیو

میں بعجلت ان تین کتابوں میں سے جو آپ نے کچھ عرصہ قبل انتہائی مہربانی سے مستعار دی تھیں، دو کو واپس کرتا ہوں اور آپ سے درخواست ہے کہ براہ کرم ساتھ ہی میری خادمہ کو وہ کتاب بھی سپرد فرمادیں جس کا نام "ایران کی سلطانہ اور وہاں کے وزیر" ترکی قصے مولفہ شیر زادہ فرانسیسی ترجمہ مطبوعہ پیرس ۱۷۰۷ء ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ آپ یہ نہ بھولے ہوں گے ان دو ہندوستانی کتابوں کو میرے نام سے خارج فرمادیا ہوگا۔ جو دوسری مرتبہ ہماری ملاقات کے وقت لاکر میں نے آپ کو واپس کیں۔ یہ کتابیں کئی سال سے میرے پاس تھیں۔ اور ان کتابوں میں سے آخری تھیں جو میرے بہترین دوست موسیو دمالو نے مذکورہ زبان کی کتابوں میں سے ایک زمانہ میں میرے سپرد کی تھیں۔

موسیو اس بات کی عزت حاصل ہے کہ آپ کا حقیر اور نہایت تابع دار خادم رہوں۔

دستخط گارسین دتاسی

پیرس۔ بروز دوشنبہ　　　　پروفیسر مدرسۃ السنہ شرقیہ ساکن ۳ سین آندرے دزار

(حوالہ کتب خانہ پیرس فان پریٹ کے نام آئے ہوئے خطوط کا مجموعہ جلد ۲۲۔ ۸۴۶ Acq. ۷/ص ۳۹۲

اسی جلد کے صفحہ ۳۹۳ پر لکھا ہے کہ موسیو شیوالیے فان پریٹ جو فرانس کے شاہی اکیڈمی شعبۂ فنون لطیفہ

Marfat.com

اور انسٹی ٹیوٹ کا رکن تھا، اسی طرح پیرس کے کتب خانہ شاہی کا محافظ و ناظم بھی تھا۔

۴۔ موسیو

آپ زورنال دے دیا میں اکثر جو نفیس مضمون لکھا کرتے ہیں۔ میں کبھی ان کو پڑھنے سے باز نہیں رہتا۔ چنانچہ اور چیزوں کے علاوہ میں نے آپ کے وہ تینوں مضمون بھی بڑی دلچسپی سے پڑھے ہیں جو کھٹمنڈو کے سفر کے متعلق ہیں۔ "ستی" کے لفظی معنی باعفت عورت اور بعد میں اس کے معنی اس عورت کے ہو گئے جو آخری دم تک باعصمت رہے اور اپنے شوہر کی لاش پر اپنے آپ کو بھی زندہ جلا کر زندگی کا خاتمہ کرے۔ آپ کے مضمون میں معلوم نہیں کس بنا پر کہا گیا کہ "ستی" کا لفظ نیپال کی بولی سے لیا گیا ہے۔ وہاں کی بولی ہندوستانی ہی ہے اگرچہ قدرے تبدیل شدہ ہے۔ لیکن جنگ بہادر اور ان کے ساتھی اس زبان کو پوری صحت کے ساتھ بولتے ہوں گے مجھے اس کا کامل یقین ہے۔

جہاں تک سیکسنی۔ فرانسیسی اور سلاوی زبانوں کے اشتقاق کا تعلق ہے اور m. n. dum. et a کے متعلق اپنے بیان کردہ امور بے حد دلکش ہیں۔ اگر ایسا نہیں ہے تو بھی یہ ہی صحیح معلوم ہوتا ہے اور درست نظر آتا ہے۔

ازراہ کرم میری اس اطمینان دہانی کو قبول فرمائیے کہ میں آپ کی بے حد عزت کرتا ہوں۔

دستخط گارسین دتاسی

مورخہ ۲۸۔۱۰۔ ۱۸۵۲ء

(حوالہ کتب خانہ عام میں موسیو فی لاریت شارل کے خطوط کا مجموعہ۔ یہ شخص کولیژد فرانس میں فرانسیسی ادبیات کا پروفیسر تھا۔ ولادت ۱۷۹۸ء وفات ۱۸۴۳ء۔ اس جلد میں ۵۷۴ صفحے ہیں۔ Fr NO Aeq 4824 دیکھو صفحہ ۱۶۴)

Marfat.com

۵۔ محترم صدر اور فاضل ہم مشرب (ژوزلیف رینو)

آپ نے ہز ایکسیلینسی وزیر تعلیمات عامہ کی خواہش پر مجھ سے دریافت فرمایا تھا کہ اس کام کو کتنا وقت لگے گا جو میرے سپرد کیا گیا ہے۔ یعنی ہندوستانی زبان کو پڑھ سکنا، لکھ سکنا اور زبان کے مبادیات کو سیکھ سکنا نیز ہندوستان کی تاریخ، سیاسی اور اقتصادی جغرافیہ کو بخوبی جاننا۔ اس کا جواب ذیل میں پیش ہے:

چونکہ میرے شاگرد عام طور پر خاصے تعلیم یافتہ ہوتے ہیں۔ میں ان کو ہندوستانی زبان کے مصنفوں کے اقتباسات پڑھاتا ہوں۔ ہندوستان کی موجودہ کتابوں کا ذکر کرتا ہوں۔ ہندوستانی ادبیات کی ترقی کے سلسلے میں اخباروں کا بیان کرتا ہوں جن کی تعداد روز افزوں ہے۔ تاجروں اور سیاحوں کے نقطۂ نظر سے ان معلومات کو بین الاقوامی دلچسپی کا حامل سمجھا جا سکتا ہے اور اس کی ضرورت بھی ہے۔

محترم صدر آپ کو نظر آئے گا کہ مجھے اپنے موجودہ طریقہ تعلیم میں بہت کم کسی تبدیلی کی ضرورت ہے کہ ہز ایکسیلینسی وزیر تعلیم کی خواہشوں کی تکمیل کی جائے۔ میری رائے میں محنتی اور ذہین طالب علموں کے لیے تین سال کی مدت کافی ہوگی کہ اس زبان کو پڑھ، لکھ اور سمجھ سکیں مگر یہ سہل اسلوب کی مطبوعہ اور قلمی کتابوں سے متعلق ہوگا چاہے ہندوؤں کی بولی ہو یا مسلمانوں کی۔ تحریری زبان ہو یا عام بول چال کی۔ ضمناً طلبا کو ہندوستان کی جغرافیہ اور تاریخ سے متعلق سیاسی اور تجارتی نقطۂ نظر سے جس معلومات کی ضرورت ہوگی وہ بھی دی جاتی ہے۔ ضرورت صرف اس کی ہے کہ طلبا کے پاس وہ کتابیں موجود ہوں جو اس زبان کی تعلیم کے لیے ناگزیر ہیں۔ خود میں نے اس زبان کی دونوں بولیوں کے متعلق ایک گرامر شائع کی ہے۔ ایک ریڈر خود میری تدریس کے لیے اور متعدد کتابیں جن میں مستعملہ الفاظ کی لغت بھی ہے لیکن تاحال فرانسیسی، ہندوستانی اور ہندوستانی فرانسیسی لغت موجود نہیں ہے۔ یہ ایک ایسی ضرورت ہے جس کو پورا کرنا مفید ہوگا۔

اس تین سالہ تدریس کے بعد طالب علم کے لیے یہ بات آسان ہوگی کہ سفر کر کے برسر موقع تعلیم کو جاری رکھے اور وہ چیزیں سیکھے جو اس کو ابھی معلوم نہ ہوں۔ کیونکہ جو زبانیں زندہ ہیں

Marfat.com

ان کو بولنے کی مشق عملی طور پر حاصل کرنا ناگزیر ہے۔

محترم صدر اور فاضل ہم مشرب از راہ کرم میرے نہایت ممتاز احترامات کو قبول فرمایئے۔

دستخط گارسین دتاسی

پیرس ۲۸ نومبر ۱۸۶۵ء

(حوالہ قومی محافظ خانہ فائیل الف ۱۷۔۴۰۵۴ تا ۴۰۹۶ متعلقہ مدرسہ السنہ شرقیہ پیرس 1898 .17 .An)

۶۔ پیرس ۱۸ اپریل ۱۸۹۳ء

موسیو اور بہت عزیز دوست

آپ کو یقیناً علم ہوگا کہ موجودہ سال تعلیمی کے آغاز میں (کتب خانہ کے جس حصے میں ہمارے درس ہوتے ہیں) مرمتوں کا سلسلہ جاری ہے اور جس کی وجہ سے اس قدر شور اور گرد ہوتی ہے کہ کئی مرتبہ مجھے اور میرے رفیق اساتذہ کو درس بند کرنا پڑا۔ کیا آپ محترم وزیر کے سامنے یہ تجویز پیش کرسکتے ہیں کہ مدرسہ السنہ شرقیہ کو اس چھوٹے سے مکان میں منتقل کر دیا جائے جس میں موسیو تاز رہتے تھے۔ اس طرح ہمیں سکون ملے گا اور امکان ہوگا کہ وہاں موسیو ژولیس اور اس کے خاندان کو بھی رہنے کی جگہ دی جائے۔ اور یہ آسان ہوگا کہ بڑے مصارف کے بغیر اس چھوٹے مکان میں مدرسہ کو معقول طور پر منتقل کر دیا جائے۔ اس طرح وہ حسب سابق کتب خانہ شاہی کے قریب رہے گا لیکن اس کے اندر نہیں۔ میرے کہنے کا منشا یہ ہے اور اس کا ذکر مناسب ہوگا کہ اس چھوٹے مکان کو جلد سے جلد ڈھایا جائے۔

بہر حال بہت عزیز موسیو اور دوست میری آپ سے درخواست ہے کہ میرے بہترین احساسات کی اطمینان دہی کو قبول فرمائیں۔

دستخط گارسین دتاسی

Marfat.com

۷۔ پیرس ۲۹ر دسمبر ۱۸۶۹ء

محترم وزیر صاحب

مجھے وہ خط موصول ہوا جو عالیجناب نے ۲۴ر ماہ رواں کو موسیو شارل دلا بارت کی خواہش پر روانہ کر کے میری عزت افزائی فرمائی ہے۔ اس میں موسیو دلا بارت نے درخواست کی ہے کہ انھیں اس بات کی اجازت دی جائے کہ مدرسہ علوم شرقیہ میں اعزازی طور پر مشرق بعید کے ملکوں کی سیاسی وتجارتی جغرافیہ پر لکچر دیے جا سکیں۔

۸ر نومبر ۱۸۶۹ء کو جو حکم نامہ صادر ہوا ہے اس کی پوری اجازت دیتا ہے اور موسیو دلا بارت میں اس کی صلاحیت ہے کہ اس کام کو بخوبی انجام دیں گے۔ مجھے اس قسم کی تدریس کے متعلق کوئی اعتراض نہیں ہے۔

محترم وزیر ازراہ کرم میرے عمیق احترام کی اطمینان دہانی کو قبول فرمائیں۔

دستخط گارسین دتاسی

شریک ناظم مدرسہ

۸۔ پیرس۔ ۳۰ر دسمبر ۱۸۶۹ء

محترم وزیر صاحب

اس خط کے جواب میں جو آں محترم نے ۲۸ر دسمبر ۱۸۶۹ء کو لکھ کر میری عزت افزائی فرمائی۔ میں فوراً اطلاع پیش کرتا ہوں کہ موسیو بیسنے وہ نوجوان ہے جس کا (مدرسہ میں) داخلہ درست ہے۔

مجھے جناب عالی سے یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ تدریس کے آغاز کی تاریخ سے لیکر ۱۳ر اکتوبر تک جبکہ طلبا کی شرکت کی ابتدائی توثیق عمل میں آتی ہے، محترم اساتذہ کی توجہ سے تعداد میں اضافہ ہو گیا ہے لیکن چونکہ شرکت ہائے ثانیہ کے لیے اب رجسٹر کھولا جانے والا ہے (اور یاد رہے کہ ماہ جنوری میں کوئی نیا داخلہ نہیں دیا جاتا بجز اس کے کہ وزیر اس کی خصوصی اجازت عطا فرمائے) اور اس کا سلسلہ آیندہ یکم سے ۱۵ر جنوری تک جاری رہے گا۔ ہمارے لیے یہ بات ممکن ہوگی کہ ۱۶ر جنوری کو ٹھیک طور سے بتا سکیں گے کہ طلبا کی تعداد کتنی ہے؟

Marfat.com

محترم وزیر میں آپ کی توجہ اس بات پر بھی مبذول کراؤں گا کہ جو قواعد بننے والے ہیں ان میں مدرسہ کے اندر شرکت کرنے والے طلبا کی عمر کی بھی تجدید کی جائے اور شاید مناسب ہو گا کہ شرکت اول میں ان کو لیا جائے جن کی عمر کم از کم ۱۸ سال ہو (ملاحظہ ہو ترمیم شدہ قواعد فقرہ ۲۲) مقصد یہ ہے کہ تین سال کی تعلیم کے بعد ان نوجوانوں کو جب کسی مشن پر مامور کیا جائے تو وہ قانونی طور پر بلوغ کو پہنچ چکے ہوں۔ اسی طرح اس کی بھی ضرورت ہے کہ یہ قرار پایا جائے کہ پچیس سال گذرنے کے بعد (اور اس کے لیے ایک نیا فقرہ قواعد میں بڑھانے کی ضرورت ہو گی جو موجودہ فقرہ ۲۶ کے بعد آئے گا) جو مدرسہ میں شریک ہوں انھیں ڈپلوما تو مل سکے لیکن انھیں مالی وظیفہ نہ مل سکے جس کا ذکر ۸ر نومبر ۱۸۶۹ء کو جاری شدہ حکم نامہ میں ہوا ہے۔ میں یہ مسایل آں محترم کے غور کے لیے پیش کرتا ہوں۔

محترم وزیر میری استدعا ہے کہ میرے عمیق احترام کی اطمینان دہی کو قبول فرمائیں۔

